224602

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_220602

UNIVERSAL
LIBRARY

مجلۂ عثمانیہ

طلبہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

مدیر

شیخ محمد خلیل اللہ

بی۔ اے (عثمانیہ)

شریک مدیر

میر اکبر علی ناصری

متعلم بی۔ اے (عثمانیہ)

مہتمم مدیر

کرشن دیال ستم

بی۔ یس۔ سی۔ (عثمانیہ)

مطبوعۂ اعظم اسٹیم پریس گورنمنٹ ایجوکیشنل پرنٹرز حیدرآباد دکن فون ۳۴۰۲

مجلس انتظامی

جلد (۱۴) شمارہ (۱ و ۲)

سال تعلیمی ۵۰-۱۳۴۹ف

صدر

مولوی قاضی محمد حسین صاحب.
ام اے۔ ال ال۔ بی (کنٹب)
نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ

(نگران کار حصۂ اُردو)

ڈاکٹر سید محی الدین قادری صاحب زور ام اے۔ پی ایچ۔ ڈی (لندن) ریڈر اُردو جامعہ عثمانیہ

(نگران کار حصۂ انگریزی)

وی۔ یس۔ کرشن صاحب ام۔ اے (اکسن) لکچرار انگریزی جامعہ عثمانیہ

(خازن اعزازی)

مولوی وحید الرحمٰن صاحب بی۔ یس سی پروفیسر طبعیات معہ جامعہ عثمانیہ

(معتمد)

کرشن دیال بی۔ یس سی (عثمانیہ) مہتمم مدیر و مدیر حصۂ انگریزی مجلہ عثمانیہ

(اراکین)

محمد عمر مہاجر صاحب صدر انجمن اتحاد
شیخ محمد خلیل اللہ صاحب مدیر حصۂ اُردو
حامد الرحمٰن صاحب شریک مدیر حصۂ انگریزی
میر اکبر علی ناصری صاحب شریک مدیر حصۂ اُردو

مجلۂ عثمانیہ

جلد (۱۴) شمارہ (۱ و ۲)

مجلس مشاورت

مولوی قاضی محمد حسین صاحب
ام اے۔ ال ال۔ بی (کنٹب)
نائب معین امیر جامعہ عثمانیہ

(مشیر حصۂ اُردو)

ڈاکٹر سید محی الدین قادری صاحب زور ام اے، پی ایچ۔ ڈی۔ (لندن) ریڈر اُردو جامعہ عثمانیہ

(مشیر حصۂ انگریزی)

وی۔ یس۔ کرشن صاحب ام۔ اے، (آکسن) لکچرار انگریزی جامعہ عثمانیہ

(خازن اعزازی)

مولوی وحید الرحمٰن صاحب بی۔ یس سی۔ پروفیسر طبیعیات جامعہ عثمانیہ

اطلاع

(۱) تمام مضامین نظم و نشر مدیرین متعلقہ کے نام دفتر مجلہ عثمانیہ کے پتہ پر روانہ کئے جائیں۔
(۲) خریداری اور دیگر امور کے لئے مہتمم مدیر مجلہ عثمانیہ سے مراسلت کی جائے۔
(۳) چندہ کی تمام رقمیں اعزازی خازن مجلہ عثمانیہ کے نام دفتر کے پتہ پر روانہ کی جائیں۔

چندہ

(۱) سرکار آصفیہ و برطانیہ سے	بارہ	روپیہ سالانہ پیشگی
(۲) ارباب جامعہ، اصحاب اقتدار اور اداروں سے	آٹھ	〃 〃 〃
(۳) عام خریداروں سے	چھ	〃 〃 〃
(۴) طلبار قدیم، رفاہیہ انجمنوں اور مطالعہ خانوں سے	پانچ	〃 〃 〃
(۵) طلبہ جامعہ عثمانیہ سے	چار	〃 〃 〃
(۶) ممالک بیرون ہند سے	۱۵	شلنگ 〃 〃
(۷) بلاد یورپ کے طلبار قدیم سے	۱۰	〃 〃 〃
(۸) فی رسالہ	دو	روپیہ

سالانہ اخراجات ڈاک حسب ذیل ہوں گے اور بصورت منی آرڈر اخراجات ڈاک میں کمی ہوگی۔
(۱) بذریعہ رجسٹری ایک روپیہ آٹھ آنے کلدار ۱۳ آنے سکہ عثمانیہ (۲) بذریعہ سرٹیفکیٹ آف پوسٹنگ اور پہلے نمبر کی وی پی کے اخراجات ۱۴ آنے کلدار، ۶ آنے سکہ عثمانیہ (۳) بذریعہ بک پوسٹ ۹ آنے کلدار، ۶ آنے سکہ عثمانیہ۔

فہرست مضامین مجلہ عثمانیہ

جلد (۱۴) شمارہ (۱ و ۲)

نشان نمبر	مضامین	مضمون نگار	صفحہ
	قرارداد تعزیت مادر دکن		ھ
۱	افسانۂ ما	شیخ محمد خلیل اللہ مدیر	۹
۲	غزل	عالیجناب نواب معین الدولہ بہادر معین امیر پائیگاہ	۱
۳	خطبۂ صدارت	جناب محمد عمر صاحب مہاجر ام۔اے (آخری) صدر انجمن اتحاد طلبائے جامعہ عثمانیہ	۲
۴	شاعری میری نظر میں	جناب عبدالقیوم خان صاحب باقی ام' اے عثمانیہ لکچرار۔ ادبیات اردو	۷
۵	بیسویں صدی (نظم)	〃 〃 〃 〃	۲۵
۶	علمیات یا نظریہ علم	جناب ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب ام' اے۔پی۔ایچ ڈی بار ایٹ لا پروفیسر فلسفہ جامعہ عثمانیہ	۲۷
۷	غزل	جناب سیماب اکبرآبادی	۳۸
۸	گولکنڈے کا تمدن	جناب عبدالمجید صاحب صدیقی ام۔اے۔ال ال۔بی پروفیسر تاریخ جامعہ عثمانیہ	۳۹
۹	موجودہ جنگ اور صنعتی جھگڑے	جناب مجتبیٰ ناصر علی صاحب ام۔اے (عثمانیہ) لکچرار معاشیات جامعہ عثمانیہ	۴۴

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱۰	امجد کی رباعیاں	جناب عظیم الدین صاحب محبت متعلم ام۔ اے (آخری)	۵۲
۱۱	غریب (نظم)	〃 〃	۵۴
۱۲	ایک رات (افسانہ)	جناب عبدالرشید صاحب قریشی متعلم ام۔ اے (ابتدائی)	۵۵
۱۳	سیرت محمدی کا مطالعہ	جناب رائے نارائن پرشاد صاحب سرپواستو متعلم ام۔ اے (ابتدائی)	۶۲
۱۴	غزل	جناب عبدالحفیظ صاحب قتیل متعلم ام۔ اے (ابتدائی)	۷۳
۱۵	سکون	جناب علی احمد صاحب بی۔ اے (عثمانیہ)	۷۴
۱۶	حسین گزارش (نظم)	〃 〃	۷۶
۱۷	پھول کی سرگزشت	شیخ محمد خلیل اللہ متعلم ال۔ ال بی (آخری)	۷۸
۱۸	کیٹس	جناب عزیز احمد صاحب (عثمانیہ)	۸۱
۱۹	چھٹیوں میں	جنابہ احمد النساء بیگم ثریا جبیں صاحبہ متعلم بی۔ اے (آخری)	۹۰
۲۰	ایک خط (نظم)	جناب قادر محی الدین صاحب اسیر متعلم بی۔ اے (آخری)	۹۳
۲۱	بھکارن (افسانہ)	جناب محمد علی صاحب منیر متعلم بی۔ اے (آخری)	۹۴
۲۲	غزل	جناب محمد خلیل الرحمن صاحب متعلم بی۔ اے (آخری)	۱۰۵
۲۳	محمود گاوان کے مزار پر (نظم)	جناب محمد نعیم الدین صاحب صدیقی متعلم بی۔ اے (آخری)	۱۰۶
۲۴	علم تاریخ کی ماہیت اور اہمیت	جناب محمد عبدالعزیز صاحب صدیقی متعلم بی۔ اے (آخری)	۱۰۷
۲۵	شباب (نظم)	جناب مرزا متین احمد صاحب سروش متعلم بی۔ اے (آخری)	۱۱۲
۲۶	ہمارا نصب العین	جنابہ رضیہ صاحبہ متعلم بی۔ اے (ابتدائی)	۱۱۳
۲۷	غزل	جناب امیر احمد صاحب خسرو متعلم بی۔ اے (ابتدائی)	۱۱۹
۲۸	چھتری (افسانہ)	جناب سید مبارزالدین احمد صاحب متعلم بی۔ اے (ابتدائی)	۱۲۰
۲۹	یاد ہے (نظم)	جناب عظیم (عثمانیہ) سابق طالب علم	۱۳۱

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۳۰	شام	جناب امجد علی خان صاحب یوسف زئی متعلم بی۔ اے (ابتدائی)	۱۳۲
۳۱	حقیقت غم (نظم)	جناب احمد معین الدین صاحب بزمی متعلم بی۔ اے (ابتدائی)	۱۳۹
۳۲	نامیاتی کیمیا اور اس کا ارتقار	جناب معین الدین حسن صاحب عثمانی متعلم بی۔ ایس سی (آخری)	۱۴۰
۳۳	حیدرآباد میں صنعت شکر سازی	جناب سید انوار حسین صاحب متعلم بی۔ ایس سی (آخری)	۱۴۵
۳۴	میر امقبول شاعر	جناب احمد علی صاحب متعلم سال دوم	۱۴۹
۳۵	نور و ظلمت (افسانہ)	جناب بہ رفیعہ سلطانہ صاحبہ متعلم سال دوم	۱۵۵
۳۶	ٹیگور کی شاعری اور اس کے محرکات	جناب سید احمد حسین صاحب متعلم سال اول	۱۶۱
۳۷	اُردو ڈرامہ	جناب رحیم الدین صاحب ظہیر آبادی متعلم سال اول	۱۶۵
۳۸	عجیب اتفاق (افسانہ)	جناب شیخ امیر الدین حسین صاحب متعلم سال اول	۱۰۶
۳۹	بت تراش (افسانہ)	جناب سید نعیم الدین احمد صاحب متعلم سال اول	۱۸۲
۴۰	ابھاگن (افسانہ)	لیس وائی نسیم متعلم سال اول	۱۸۵
۴۱	خطبۂ صدارت	جناب ابوالمکارم محمد فہیم الدین صاحب متعلم ال۔ ال بی (آخری) صدر بزم قانون	۱۸۹
۴۲	خطبۂ صدارت	جناب سید عبدالرزاق صاحب قادری جعفر چشتی متعلم ام۔ اے (آخری) صدر بزم نباتیات	۱۹۳
۴۳	کلیسا (نظم)	جناب منظور حسین صاحب شورؔ ام۔ اے۔ ال۔ ال بی پروفیسر مارس کالج ناگپور	۲۰۲
۴۴	ہندوستانی مصنوعات پر جنگ کے اثرات	جناب احمد خان صاحب متعلم ام۔ اے (آخری) سابق مدیر حصہ اُردو	۲۰۴
۴۵	غزل	جناب خورشید احمد صاحب جامیؔ۔	۲۲۱
۴۶	جواب (نظم)	جناب جمیل احمد فاروقی۔ بی۔ ایس سی (عثمانیہ)	۲۲۲

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۴۷	عہد نبوت میں دنیا کی اخلاقی اور مذہبی حالت	جناب شعیب اللہ خان صاحب متعلم سال اوّل	۲۲۳
۴۸	تعزیت نامہ دکن	میر اکبر علی صاحب ناصری متعلم بی۔ اے (ابتدائی) شعبۂ دینیات	۲۴۲
	کلیہ کی خبرین	〃 〃 〃 〃	۲۴۳
۴۹	غزل	جناب ڈاکٹر کرپا شنکر صاحب حشمؔ	۲۴۹

قرارداد تعزیت

علیا حضرت بڑی بیگم صاحبہ مرحومہ

ہم جمیع اساتذہ عہدہ داران و مدیران طلبہ اور ملازمین جامعہ عثمانیہ اعلیحضرت حلالت الملکت بندگانعالی مدظلہم العالی کی والدہ ماجدہ علیا حضرت بڑی بیگم صاحبہ (نور اللہ مرقدھا) کی وفات حسرت آیات پر اپنے انتہائی جذبات عقیدت و وفاداری کے ساتھ اپنے دلی حزن و ملال کا اظہار کرتے ہیں اور بارگاہ خسروی میں اپنی گہری ہمدردی اور پر خلوص تعزیت بکمال ادب پیش کرنے کی عزت حاصل کرتے ہوئے بہ صمیم قلب دست بدعا ہیں کہ باری تعالیٰ علیا " مادر دکن " مرحومہ کو بہشت برین میں جگہ عطا فرمائے اور اس ناقابل تلافی سانحہ عظیم پر (جو مدت العمر بھولا نہیں جاسکتا) ہمارے مشفق و مہربان ہر دلعزیز شاہ ذیجاہ سلطان العلوم خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ نیز معزز خانوادہ آصفی و پس ماندگان والا تبار کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین

افسانۂ ما

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

تقریباً گزشتہ دو سال سے یہ ہو رہا ہے کہ کسی نہ کسی وجہ سے مجلہ کی کابینہ کا انتخاب عین اُس وقت ہوتا ہے جبکہ تمام طلبار اپنے اپنے امتحانوں کی تیاری میں مصروف ہو جاتے ہیں میدانی کھیل بند ہو چکتے ہیں۔ خوش گپیاں ختم ہو جاتی ہیں۔ کوئی نوٹس کی تکمیل میں منہمک تو کوئی مطالعہ سرسری کی کتابوں کی فراہمی میں لگا ہوا ہوتا ہے۔ "سلام علیکم" کے ساتھ ہی "وعلیکم السلام" کہہ دیا اور اپنے کمرے کی طرف لپکے، زبردستی کسی کو روک کر کہتے بھی ہیں کہ بھیّا! نیا شمارہ بہت جلد نکلنے والا ہے اپنا کوئی مضمون عنایت کیجئے" تو فوراً جواب ملتا ہے کہ "بھائی اب کوئی نیا مضمون لکھنے کے لئے تو وقت نہیں ہے البتہ کوئی مضمون لکھا ہوا اگر موجود ہے تو فرصت سے نکال دونگا"۔

ایسی صورت میں کیونکر ممکن تھا کہ وقت پر شمارہ نکالیں۔ لیکن باوجود ان تمام مشکلات کے ہم نے کافی مضامین فراہم کئے اور یقین جانئے ہم اپنے فرائض سے سبکدوش ہو چکے ہوتے اور کئی روز پیشتر زیر نظر شمارہ آپ حضرات کے ہاتھ میں ہوتا اگر انتظامی دقتیں سدِ راہ نہ ہوتیں اور اہل مطبع ناگوار اور طویل تاخیر نہ کرتے۔

قارئین کے گوش گزار کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ ہمارا مجلہ صرف موجودہ طلبار و طالبات کے ادبی ذوق کا ترجمان ہے اس کی حیثیت کسی علمی تحقیقاتی انجمن کے ترجمان کی نہیں۔ اس لئے ہم نے

خاص طور پر اس کا لحاظ رکھا ہے اور جہاں تک ہمارا اپنا خیال ہے مضامین پر ہمارے تبصرہ اور تعارف کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ آپ کا مخصوص حق ہے جسے ہم تلف کرنا نہیں چاہتے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ نومشقوں کی تحریریں خام اور سطحی ہوتی ہیں لیکن مجلس مشاورت کی توجہ سے ان کی خامیاں دور ہو جاتی ہیں۔ اس طرح ان کا ذوق، مسلسل مشق اور ہماری حوصلہ افزائی ان نومشقوں کو ایک دن پختہ کار بنا کر رہے گی۔ جہاں ہمارا مقصد ادبی معیار کو اونچا کرنا ہے وہاں طلبا و طالبات میں ادبی شوق و ذوق بڑھانا بھی ہے۔

ہمارے بھائیوں کو مجلہ کے معیار کے متعلق شکایت ہے۔ بیشک ہم تسلیم کرتے ہیں کیونکہ یہ دور "دورِ صحافت" ہے۔ تحریر اشاعتِ علم کا نہ صرف ایک نہایت اہم ذریعہ ہے بلکہ پختہ تحریریں انسانی فضیلت میں چار چاند لگاتی ہیں۔ مگر ہم ان معترض برادران سے پوچھتے ہیں کہ خود انہوں نے اس "علمی فرض" کی طرف کبھی اپنی توجہ بھی برتی ہے؟ ..... جواب نہایت مایوس کن ہوتا ہے ایک ایسے ادارۂ علمی میں جہاں ۱۴ سو طالبِ علم اور کئی سو طالبات مختلف علوم کی اعلیٰ تعلیم پاتے ہوں اس جامعہ کے "ترجمان علمی" کے لئے ہر ۳ مہینے میں بوقت تمام مضامین فراہم ہوتے ہیں اور وہ بھی وقت پر نہیں۔ یہ بات کس قدر تعجب خیز اور افسوس ناک ہے۔ الزام سے قبل مورد الزام کا سمجھنا ضروری ہے۔ لیکن پھر بھی ہم مایوس نہیں ہیں کیونکہ اس سال چمن ادب میں بہت سی ایسی نوخیز کلیاں دکھائی دے رہی ہیں جن سے ذوقِ ادب کی بو آ رہی ہے۔

شہر جامعہ کے دو گوشوں میں اس سال دو اقامت خانوں کا اضافہ ہوا ہے۔ یہاں کے ارباب حل و عقد بہت اچھے پیمانہ پر ان کو چلا رہے ہیں لڑکے اس طرف بہت مائل نظر آ رہے ہیں۔ بعض ارباب جامعہ بھی اس شہر کے قلب و نظر کے ایک حصہ کو آباد کر رہے ہیں جس کی وجہ سے اسکی سابقہ رونق میں اضافہ ہو رہا ہے۔ خصوصاً طلبائے سال اوّل کے قیام کو لازمی کر دینے سے یہاں کی زندگی میں چہل پہل اور دلچسپیاں بہت زیادہ بڑھ گئی ہیں۔

بڑی مسرت کی بات ہے کہ اس سال ہماری جامعہ کی تمام ٹیموں نے اپنے اپنے کھیلوں اور

اسپورٹس میں شاندار کامیابیاں حاصل کیں۔ ہم سارے کپتانوں کو مبارکباد دیتے ہیں خاص کر معتمد صاحب کو بھی کہ انہیں کی کوششوں سے ٹینس ٹیم نے بھی ایک دفعہ بڑے اور شاندار کپس حاصل کئے حقیقت یہ ہے کہ صحیح قیادت ہی میں کامیابی کا راز ہے۔ فٹ بال میں مسٹر عبدالکریم، اتھلیٹک اسپورٹس اور ہاکی میں مسٹر ایوب۔ کرکٹ میں مسٹر اصغر اور مسٹر احمد حسین جیسے ہونہار کھلاڑیوں کا اضافہ محسوس کر رہے ہیں۔ ہمیں توقع ہے کہ ہم سب خودستائی اور خودنمائی سے بچتے رہیں تو جامعہ کی ٹیموں کو بہت زیادہ تقویت حاصل ہوگی۔

ہمیں افسوس ہے کہ اس سال انجمن اتحاد کے انتخابات میں غیر معمولی تاخیر ہوئی۔ جس کی وجہ سے اس کی دلچسپی صرف گھریلو کھیلوں کی حد تک رہ گئی ہے۔ البتہ ابھی ابھی قدیم وجدید طلبا میں ایک مباحثہ ترتیب دیا گیا تھا جو بہت دلچسپ رہا۔

ذیلی انجمنوں میں شعبۂ قانون کی انجمن نے تو شروع سال میں بہت زندہ دلی بتائی لیکن بعد میں بالکل مردہ بن گئی۔ ہاں۔ ایک دفعہ سر مارس گوئر کو مدعو کیا تھا۔

بزم سائنس کا تو ہم صرف نام ہی سنتے آرہے ہیں مگر یہ کہاں منعقد ہوتی ہے اب تک کسی کو نہیں معلوم۔

بزم معاشیات اور بزم تاریخ دو ایک سال پیشتر بہت زور و شور سے کام کیا کرتی تھیں لیکن اب وہ بھی خاموش ہیں۔

بزم اردو فارسی عربی کی کمرہ میں تو صرف ایک میز پڑی ہوتی ہے معلوم نہیں کس کی ملک ہے۔

فلسفی حضرات تو شاید بزم کے قائل ہی نہیں۔ اب رہی بزم دینیات تو وہ اپنے جلسے الگ ہی کرتی ہے۔

ان بزموں کو تو خیر جانے دیجئے یہاں ایک بزم موسیقی و ڈرامہ بھی قایم ہے لیکن اس کا بھی کوئی پروگرام گانے یا معاشری جلسے سے متعلق ابتک نہیں ہوا۔ حالانکہ دستور کے غیر تحریری دفعہ کی رو سے نئی وزارت منتخب ہوتے ہی ایک معاشرتی جلسہ ضرور ترتیب دیتی ہے۔


آخر میں میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ عالی جناب نائب معین امیر معزز ارکان مجلس نگرانی اور ان شفیق اساتذہ کا دلی شکریہ ادا کروں جنھوں نے فرائض کی تکمیل میں میری گرانقدر امداد فرمائی۔

امید ہے کہ ان کی یہ بزرگانہ شفقت حسب معمول جاری رہے گی۔

جناب مولوی وحید الرحمٰن صاحب پروفیسر طبیعیات خازن اعزازی اور جناب کرشن دیال صاحب مہتمم مدیر بھی شکریہ کے مستحق ہیں جنھوں نے اپنے اوقات مجلہ کے نذر کئے۔

اس شمارہ کی کاپیوں اور پروف کی تصحیح میں میرے دوست اور شریک کار جناب اکبر علی ناصری صاحب نے میرا بہت ہاتھ بٹایا۔ ان کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش کیا جاتا ہے۔

"مدیر"



شیخ محمد خلیل اللہ بی۔اے (عثمانیہ)
مدیر حصہ اردو

AZAM STEAM PRESS.

غزل

نواب معین الدولہ بہادر معین امیر پائیگاہ

جسے غم ہو فرقتِ یار سے، جسے عشق ہو رخِ یار سے
اُسے کیا خزاں سے ہے واسطہ، اُسے کیا غرض ہی بہار سے

کبھی ایسا رنگِ جنوں نہ تھا، کبھی ایسا سوزِ درون تھا
کہوں کیا میں ہائے بہار کو، یہ لگی ہے آگ بہار سے

یہ جو دل میں ایک سرور ہے، یہ جو دل کو ایک سکون ہے
ترے بھولے پن کے نثار میں، نہ چمن سے ہے نہ بہار سے

مرا آشیانہ ہی جل گیا، مرا دل ہی سب سے اُتر گیا
مجھے ضد ہے باغ کی سیر سے، مجھے چڑ ہے نام بہار سے

میں ہوں ایسے رنگ سے باغ میں، کہ کسی طرح کا بھی واسطہ
نہ تو گل سے ہے نہ تو خار سے، نہ خزاں سے ہے نہ بہار سے

ترے حسن پر ہیں نثار گل، ترے رُخ پہ غش ہیں ہزار گل
مرے حق میں تو ہی بہار ہے، مجھے کام کیا ہے بہار سے

یونہی دن خزاں کے دکھائے گی؟ یونہی سر آفتیں لائے گی؟
جو چمن میں آئے بہار پھر، تو میں اتنا پوچھوں بہار سے

نہ تو جیب جیب رہا مرا، نہ تو پیرہن رہا پیرہن
جو بہار کا یہی رنگ ہے، تو خزاں ہی اچھی بہار سے

میں خیالِ پیرِ مغاں میں ہوں معینؔ ارنگِ خود کیا کہوں
نہ خزاں سے ہے مجھے آگہی، نہ میں آشنا ہوں بہار سے

خطبۂ صدارت انجمن اتحاد

"محمد عمر صاحب مہاجر بی اے (عثمانیہ) صدر انجمن اتحاد طلبہ جامعہ عثمانیہ کا فی البدیہ خطبہ جو قابل صدر نے کرسی نشینی کے جلسہ میں سنایا تھا" "ادارہ"

آپ حضرات نے انجمن اتحاد طلبہ جامعہ عثمانیہ کی صدارت کا اعزاز بخشتے ہوئے مجھ سے اور میرے رفقاء سے جو توقعات وابستہ فرمائی ہیں ان کا میں دل سے احترام کرتا ہوں۔ اس موقعہ پر جب کہ ہمارے کام کی ابتدا ہو رہی ہو میرا یہ کہنا کہ میں اور میرے ساتھی یہ کریں گے اور وہ کریں گے زیادہ مناسب نہیں ہے۔ لیکن اس موقعہ پر میں اتنا ضرور کہہ سکتا ہوں کہ ضمیر کی پوری پاکی اور صداقت پر کامل ایقان کے ساتھ وہی کریں گے جس کو ہم انجمن کی فلاح و بہبود کے لئے ضروری سمجھیں۔

انجمن اتحاد کے اغراض و مقاصد میں اگر ایک طرف طلبہ کی تحریری، تقریری اور تنظیمی صلاحیتوں کی تربیت ہے تو دوسری طرف اس کے دائرۂ عمل میں طلبہ کی عزت نفس کی حفاظت ان کے ذہنی رجحانات کی نمایندگی اور ان کے جائز مطالبات کی ترجمانی بھی ہے۔ میں تقریر، تحریر اور تنظیم سے متعلق اپنے نظام نامہ کو آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

پہلے مجھے تحریری صلاحیتوں سے متعلق کہہ لینے دیجئے۔ گزشتہ وزارتوں نے تقریری صلاحیتوں کے اجاگر کرنے میں بڑی گرانقدر خدمات انجام دی ہیں عثمانیہ برادری ان کی ہمیشہ ممنون رہے گی لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تقریر کے مقابلہ میں عثمانین کے تحریری کارناموں سے دوسروں کو روشناس کرانے میں کوشش کم کی گئی ہے۔ میں اور میرے رفقا سب سے پہلے اس امر کی طرف توجہ کریں گے۔ ہم ایسے مضامین اور مقالے شائع کرانے کی کوشش کریں گے جو عثمانین کے تحریری جوہر کو نمایاں کر سکیں۔ میں اس موقع پر جناب معین امیر کی

توجہ ایک مرحوم ادارہ کی طرف منعطف کراؤں گا۔ میری مراد لٹریری اکاڈمی سے ہے جس کا رقمی اور علمی سرمایہ عرصہ دراز سے معطل پڑا ہوا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس اکاڈمی کا الحاق جامعہ سے اور انجمن سے ہو جانا چاہئے اب سے چار سال قبل جناب نائب معین امیر جامعہ نے بھی ایک علمی ادارہ لٹریری سرکل کی بنا ڈالی تھی۔ جس میں متعدد اچھے مقالے پڑھے گئے تھے۔ لیکن اب یہ ادارہ کچھ خاموش سا ہو گیا ہے۔ انجمن اتحاد کی مرکزیت کو ملحوظ رکھتے ہوئے اگر یہ مطالبہ کیا جائے کہ یہ ادارہ انجمن اتحاد کی نگرانی اور سرپرستی میں کام کرتا رہے تو بے جا نہ ہوگا۔

تقریر کے سلسلہ میں، میں نے اور میرے رفقاء نے طے کیا ہے کہ صرف تقریری جلسے کرنے پر اکتفا نہ کی جائے بلکہ فن خطابت کی تعلیم کا باقاعدہ انتظام ہو۔ ہم انجمن کے کتب خانہ میں ایسی کتابیں فراہم کریں گے جو اس مطلب کے لئے مفید ہوں۔ میں حضرات اساتذہ سے بھی توقع رکھتا ہوں کہ وہ اس خصوص میں اپنے معلومات سے مستفید فرماتے رہیں گے۔ عثمانین تقریری صلاحیتوں کے اعتبار سے ہندوستانی جامعات کے طالب علموں میں خاص امتیاز رکھتے ہیں۔ اس امتیاز کو برقرار رکھنا ہمارا فرض ہے۔ جہاں تک بیرونی اصحاب فکر کی تقریروں کا تعلق ہے ہم ہر مکتب خیال کے آدمی کو بلا لحاظ اس کے کہ وہ کس جماعت یا ادارہ سے تعلق رکھتا ہے، بلا کر ایک متعلم کی حیثیت سے اس کے خیالات سنیں گے۔ یہ سمجھ لینا قبل از وقت ہوگا کہ ہم عملی سیاسیات میں حصہ لینا چاہتے ہیں ہماری حیثیت بہر حال متعلمانہ رہے گی۔

مجھے جناب معین امیر سے خاص طور پر عرض کرنا ہے کہ مجلہ عثمانیہ عثمانین کا آرگن ہے۔ اس نے جو خدمات انجام دی ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ ملک کے باخبر حلقے اور صاحب ذوق حضرات ہمیشہ منتظر رہتے ہیں کہ ملک کی نوجوان نسل کے اس ترجمان کو دیکھا کریں۔ پہلے محکمہ تعلیمات میں مجلہ عثمانیہ خریدا جاتا تھا لیکن بعض نامعلوم اسباب اور مصالح کی بنا پر اس کی خریداری بند ہو گئی ہے۔ مجھے توقع ہے کہ جناب معین امیر اس کی طرف توجہ فرمائیں گے۔

انجمن اتحاد طلبہ کی انجمن ہے۔ اس کا بجٹ ان کا بجٹ ہے، وہی اس کے کاروبار اور انتظام کے ذمہ دار ہیں اگر ہم کوئی غلطی کریں تو اس پر احتساب کا حق صرف طلباء کو ہوگا۔ اگر ہم اچھا کام کریں تو انکی ستائش ہی

سب سے بڑا صلہ ہے۔ اس ادارے میں ان کا ہر عمل صرف ان کا ہی ہوگا۔ میں احترام کرتا ہوں ان مشوروں کا جو طلبہ برادری کے علاوہ ہم کو دوسری طرف سے ملتے ہیں۔ میں احترام کرتا ہوں ان بزرگوں کا جن کے مشوروں نے ہماری مدد کی ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ یہ مشورے صرف مشوروں کی حیثیت رہیں (تالیاں)

تقریری، تحریری اور تنظیمی صلاحیت کو بڑھانے کے علاوہ طلباء کی معاشرتی اور سماجی سنوار بھی اس انجمن کے فرائض میں داخل ہے۔ اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے میں آپ سے اشتراک کی درخواست کرتا ہوں۔ ہر جامعہ کا ایک معاشرتی ماحول ہوتا ہے۔ اس کا سمجھنا ان کے لئے دشوار ہے جو جامعہ سے تعلق نہیں رکھتے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس ماحول کی روایات اور اس کے وقار کو قائم رکھنے میں اپنی پوری صلاحیتیں مرکوز کردیں۔ ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ ہر مقام پر ان روایات کا پورا پورا احترام کیا جائے۔ طلبہ کی جماعت کھیل کے میدانوں میں ہو، درسی جماعتوں میں ہو یا ریل کے ڈبوں میں اس کا ایک خاص وقار ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ طرز عمل اس وقار کے شایان شان ہونا چاہئے۔ جہاں ہماری عزت نفس کا سوال ہو اور اس وقار کو ٹھیس لگنے کا اندیشہ ہو ہم مقابلہ کریں گے اور مجھے امید ہے کہ اس کوشش میں جامعہ کے ارباب اقتدار بھی ہمارے ساتھ ہوں گے۔

اس موقعہ پر میں بعض ناگوار امور اور قیود کی طرف اشارہ کئے بغیر نہیں رہ سکتا جو رفتہ رفتہ جامعہ کی زندگی پر اثر انداز اور مسلط ہو رہے ہیں اس مجبور اور محروم برادری کو یاد کئے بغیر ہم نہیں رہ سکتے جو صرف اپنی بے استطاعتی کی وجہ سے جامعہ میں نہیں شریک ہو سکتی۔ زندہ رہو اور زندہ رہنے دو کا اصول یقیناً اچھا ہے لیکن زندہ رہنا ایک حق ہے اور دوسروں کو زندہ رہنے دینا ایک فرض ہے، فرض کی ادائی سے پہلے ہر ایک کو اس کا حق ملنا ضروری ہے۔ حق سے محروم کرکے فرض کی ادائی کی توقع نرالی منطق ہے زندہ رہنے کے حق کے معنی یہی ہیں کہ ہم زندگی کی پوری توانائیوں کے ساتھ زندہ رہیں۔ ایسی مجبوریاں اور پابندیاں ملک کے نوجوانوں کو زندگی کے حق سے محروم کئے دیتی ہیں۔ میں ارباب حل و عقد سے درخواست کرتا ہوں کہ اس ادارے میں جہاں امیر و غریب کا کوئی سوال نہیں ہے اور جو ایک وسیع آغوش تربیت ہے جہاں ہر شخص کو حق حاصل ہے کہ اس سرچشمہ علم سے سیراب ہو اس قسم کی پابندیاں

کوئی معنی نہیں رکھتیں ۔ باہر سے لوگ یہاں آتے ہیں ۔ جامعہ کی عمارات اقامت خانوں کے انتظامات اور دوسری سہولتوں کے اچھے تاثرات لیکر جاتے ہیں اس کے لئے ارباب جامعہ مبارکباد و ستایش کے مستحق ضرور ہیں ۔ لیکن اس سے کہیں زیادہ اہم وہ ذہنی تربیت ہے جو طلبہ کو ملتی ہے ۔ اگر اس سے ملک کے نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد کو محروم کر دیا جائے تو یہ انتظامات یہ شان و شکوہ اور یہ کروفر سب بیکار ہو جاتے ہیں (تالیاں)

عمارتوں کا ذکر کرتے ہوئے ایک بات یاد آگئی ۔ کلیہ فنون کی شاندار عمارت میں بہت سے کمرے مختلف طور پر مختص کر دے گئے ہیں بعضوں کے لئے ایک سے زیادہ کمرے ہیں لیکن انجمن اتحاد کو جس کے ذمہ طلبہ کی ذہنی ترقی اور معاشری سنوار ہے "تہ خانوں" میں جگہ دی گئی ہے میں جناب معین امیر کوان کا وعدہ یاد دلاتا ہوں جو انہوں نے اب سے پہلے ایک ایسے ہی مطالبہ کے جواب میں فرمایا تھا ۔ مجھے توقع ہے کہ وہ توجہ فرمائیں گے (تالیاں)

میں انجمن اتحاد کے کتب خانہ کا ذکر کروں گا ۔ جامعہ کے کتب خانے کی موجودگی میں ہر چند یہ غیر ضروری سا معلوم ہوتا ہے لیکن ہر انجمن میں ایسا کتب خانہ ضرور ہوتا ہے جس میں زمانہ کی ہر جدید تحریک سے متعلق کتابیں موجود ہوں ۔ میں نے علیگڈھ میں انجمن کا کتب خانہ دیکھا ہے وہ ہمارے مستقل کتب خانہ کے اتنا وسیع ہے ۔ ہمارے انجمن کے بجٹ میں اتنی گنجایش نہیں ہے کہ وہ زیادہ کتابیں مہیا کر سکے ۔ میں ان پروفیسر صاحبان کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے انجمن کے کتب خانے کو تحفۃً کتابیں عطا فرمائیں ۔

برادران ! آج حیدرآباد کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں ہماری جو کچھ بھی سرگرمی ہوگی اس انجمن کے توسط سے ہوگی ۔ طلبہ کو تقسیم کرنیکی کوشش کی اجازت کسی عنوان سے نہیں دی جا سکتی ۔ یہ ایک وسیع آغوش تربیت ہے اس میں طبقوں اور فرقوں کا کوئی سوال نہیں ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ دیر کے لئے بعض تحریکات سے ہم متاثر ہو جائیں ۔ لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ ہم اپنے اس تاثر سے جامعہ کے عظیم تر مفاد کو نقصان پہونچائیں یہاں جو کردار ہم نے سیکھا ہے وہ بلند کردار ہے جو مسلک عثمانین کا رہا ہے وہ ایک مستقل مسلک ہے ۔

اس ذہنی تربیت کے بعد جو ہم یہاں حاصل کرتے ہیں اور ان بے شمار صلاحیتوں کا ثبوت دینے کے بعد جو عثمانین کی زندگی کا طرۂ امتیاز رہی ہیں یہ نہیں ہونا چاہئے کہ جامعہ چھوڑنے کے بعد ہم کو تنہا ٹھوکریں کھانے کے لئے چھوڑ دیا جائے ملک کے نظم و نسق میں عثمانین کو ان کے شایان شان مقام ملنا ضروری ہے۔ جامعہ کے ارباب مقتدر سے جو حکومت کے نظم و نسق میں بھی بلند ترین مقامات پر فائز ہیں میں درخواست کرتا ہوں کہ عثمانین کے لئے جامعہ کے باہر خوشگوار ماحول اور سازگار فضا پیدا کریں۔ جناب نائب امیر جامعہ نے کسی موقعہ پر فرمایا تھا کہ "حیدرآباد کو بلند ہونا ہے اور عثمانیہ کے ہاتھوں بلند ہونا ہے" برادران! ملک اور قوم کی تقدیریں بنانے والے آپ ہیں۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ حیدرآباد کے افق پر آپ کی قیادت اور سربلندگی کا مژدہ جلی حروف سے لکھا ہوا ہے (تالیاں) اور یہ قیادت ہم کو اس سایہ میں نصیب ہوگی جس کی صاحب جلالت ذات کی خدمت اور اس کے خاندان کے تحفظ اور بقا کے لئے سینہ سپر ہو جانا ہمارا نصب العین ہے۔ (تالیاں) (تالیاں)

میں اعلیحضرت جلالت الملک اور ان کے خاندان کے لئے دعا کا مقدس فریضہ ادا کرتے ہوئے آپ سے رخصت ہوتا ہوں۔

محمد عمر مہاجر بی اے (عثمانیہ)

شاعری میری نظر میں

ادب کی سلسبیل | محبی ڈاکٹر زور نے مجھ سے فرمایش کی تھی کہ میں جدید ادب سے متعلق کچھ لکھوں۔ میں نے سوچا کہ ادب کی وسیع اور مسلسل دنیا میں، لفظ جدید اور قدیم کا اصولی تصور پیدا کرنا مشکل ہے، کیونکہ ادب، شعور انسانی کی ایک لہر ہے جو ابتدا سے آج تک جاری ہے اور رہے گی۔ یہاں گارفیلڈ کا ایک قول یاد آیا وہ کہتا ہے ــــ

"جو شخص ادب کی حقیقی روح سمجھ سکتا ہے اسے چاہئے کہ وہ کسی خاص دور کے ادیبوں کو نہ چنے بلکہ ادب کے سرچشمے تک پہنچے اور اس ہلکی سی لہر کا نشان لگائے جو زمانے کے بہتے ہوئے دھارے میں ظاہر ہوتی اور خیال کے سمندر میں بتدریج وسیع اور گہری ہوتی جاتی ہے۔ جدید زمانے کے لوگ اسی قسم کی لہروں کی تلاش میں ہیں"

جب ادب اپنی فطرت میں انسانی جذبات اور شعور کی ایک سلسبیل ہے، تو پھر اس فیض جاریہ میں قدیم اور جدید کی حد بندیاں کیسی؟ تاہم میں جدید ادب کے کسی نہ کسی مفہوم کا منکر نہیں۔ میرے نزدیک جدید ادب سے مراد، بہتے ہوئے دھارے کا وہ حصّہ ہے جو وقت کے دُور اور دہندلے میدان سے ہمارے قریب آکر پھیلتا اور زیادہ روشن ہو جاتا ہے۔ اسی طرح میرا خیال یہ بھی ہوا کہ اگر میں جدید دور کا ہوں، اور میں نے اپنی تنہائیوں میں شاعری کے چند جدید تصورات کو اپنے اندر بسانے کی سعی کی ہے، تو میرے احساسات یقیناً جدید ہی ہوں گے۔

تھوڑے ہی دن ہوئے، میں نے انگریزی زبان میں دو خود نوشتہ سوانحعمریاں پڑھیں۔

اور میرا خیال ہے کہ تازہ لکھے ہوئے مغربی سوانح میں ان دو کا درجہ اس حیثیت سے بہت خاص ہے کہ یہ بڑی آزاد خیالی اور اُپج کے ساتھ لکھی گئی ہیں۔ ان میں سے ایک مشہور مصنف ایچ جی ویلز، اور دوسری مشہور خاتون "ایسا زورا ڈنکن" کی تصنیف ہے۔ ان دو حُسن کاروں کی ان باکمال آپ بیتیوں کے پڑھنے سے میرے دل پر جو اثر ہوا وہ عجیب ہے۔ وہ یہ ہے کہ وسیع اثرات اور کش مکش کی اس دنیا میں انسانی شعور کچھ نادر غیر اختیاری فضا میں پرورش پاتا ہے۔ جیسے جیسے دن گذرتے ہیں، اور انسان، علم ماحول اور تجربے کی شورش میں گھُستا ہے، اتنی ہی اسے اپنی فطرت سے بیگانگی سی ہوتی جاتی ہے۔ ویلز کو ستّر سال میں صحیح طور پر یہ محسوس ہوا کہ جب وہ اپنی سوانح عمری لکھنے بیٹھ رہا ہے تو وہ اپنے آپ کو خود سے بیگانہ اور غیر دیکھ رہا ہے۔ اسکی فطرت اور عقل یہ کہتی ہے کہ اگر زمانہ ساز گار ملتا تو اس کا ذہن کچھ اور ہی سانچوں میں ڈھلتا۔ وہ حیرت سے دیکھتا ہے کہ جس کی وہ سوانح لکھ رہا ہے وہ دنیا کا ویلز ہے، خود نہیں۔ اسی طرح ڈنکن اپنی فطرت کو دنیا کی نام نہاد تہذیب پر فتح پاتے ہوئے دیکھ کر خوش ہوتی، اور پھر تذبذب میں پڑ جاتی کہ آخر حیات انسانی کی یہ دوعملی ہے کیا چیز؟ زمانے کی دھوپ چھاؤں میں ان لوگوں کی طرح پلنے بڑھنے سے ہر انسان یہ سوال کر سکتا ہے — کیا میں، میں ہوں؟

صدائے بازگشت | یہی حال شاعری کا ہے۔ انسان جب شاعری کے متعلق اپنی زبان کھولتا ہے، تو وہ اس منزل پر رہتا ہے، جہاں زمانے کے ذوق اور اثرات نے اسے لا کھڑا کیا ہے۔ وہ اسی چٹان سے آواز دیتا ہے، اور اطراف کے پہاڑوں سے اسی کی صدائے بازگشت آتی ہے وہ سوچتا ہے کہ شاعری کے متعلق جو کچھ اس نے سوچا سمجھا آیا وہ خود اس کی غور و فکر کا نتیجہ ہے، یا عمر اور زمانے کی ملمع سازیوں کا؟ اسے یہ بھی خیال آتا ہے کہ آیا اس نے شاعری پر کچھ کہا ہے یا اُس جُز پر جس کا اسے تجربہ ہوا ہے؟ اس طرح شاعری عمل، یا عمل کا احساس بن کر سامنے آتی ہے۔

آرٹ زندگی کی طرح وسیع ہے، اور آرٹ کی محرکات اتنی ہی لچکدار اور وسیع ہو سکتی ہیں جتنی زندگی کی لیکن یہ ایک ناگزیر بدقسمتی ہے کہ آرٹ اور زندگی پر علم، زمانہ اور تجربے کی ملمع سازیاں ہوئے بغیر نہیں رہتیں۔ اب جس وقت ہم شاعری کے متعلق غور کرتے ہیں تو ہمارے دل کی آواز میں بہت کچھ زندگی کی رنگینیاں

شامل ہوتی ہیں۔ یہ ساز اپنی آوازوں کے ساتھ ساتھ، عمر رواں کی بہت سی آہٹیں بھی رکھتا ہے۔ جو کچھ بھی ہو آیئے، سنئے تو سہی کہ اس ٹوٹے ہوئے ساز کی صدا کیا ہے؟ ایک وقت شاعر نے آواز دی تھی ــــ

بینیم از گداز دل، در جگر آتشے چو سیل غالب اگر دم سخن، رہ بہ ضمیر من بری

شاعری اور مشرب | جہاں تک میرے تصورات کا تعلق ہے، میں شاعری کو سب سے پہلے ایک مشرب سمجھتا ہوں۔ وہ مشرب جو شاعر کی ذہنی، حسی، بلکہ ایک حد تک عملی زندگی کو گھیرلے۔ سورج کی روشنی ستاروں کی چمک، پھول کا رنگ و بو، دریا کی ریت، ہر ذرے کی چمک سے لیکر انسان کی مادی غذا تک اس کے اعتقادات، توہمات، ایمان، تصور سے لیکر اس کے سامنے رکھی ہوئی رکابی تک، ہر چیز شاعر کے لئے ایک وبال جان ہے۔ وہ کائنات کی ہر ظاہر اور چھپی ہوئی چیز سے ایک اثر لیتا ہے، وہ جو موجودات سے غیر موجود اور غیر موجود سے موجود کی تخلیق کرتا ہے۔ اس ٹیڑھی چال اور انوکھی طبیعت کی وجہ سے اس کی ہر سانس میں ایک زندگی نظر آتی ہے۔ جس طرح بچہ، غیر شعوری دور سے شعور کی دنیا میں داخل ہوتا ہے، اسی طرح شروع شروع میں شاعر کے دل پر زندگی کے اثرات پڑتے ہیں، اور وہ مچلنے لگتا ہے۔ یہ اس کے شعور کا دور اولیں ہے۔ جب جذبات کا تلاطم بڑھتا ہے، تو اس کا دل ہچکولے کھانے لگتا ہے، اسے درد اور غم کی تکلیفیں محسوس ہونے لگتی ہیں۔ یہ دوسرا دور ہے جسے دور احساس کہہ سکتے ہیں۔ بڑھتے بڑھتے جب اس کے جذبات کی دنیا بے قابو ہو جاتی ہے اور اس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو جاتا ہے، تو پہلے پہل اس کا خیال فریاد کرنے لگتا ہے، اور پھر یہ فریاد خیال سے نکل کر لبوں تک آتی، زبان سے ادا ہوتی اور شعر کی صورت میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ یہ تیسرا دور ہے جسے ہم دور تکمیل و ترتیب کہہ سکتے ہیں۔ چونتھا دور وہ ہوتا ہے جب اس کا درد، احساس، ضبط و اضطراب، باقاعدہ طور پر ایک مدرسہ، ایک ضبط، ایک مسلک بن جاتا ہے، اور اس کی زندگی ہر وقت اس کے احساسات کے جھولے میں جھولنے لگتی ہے۔ یہ اس کا مشرب ہے۔ اس آخری دور پر آکر شاعر کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو شاعر کے نام سے موسوم کرے اگر شاعری کے پیچیدہ نظام اور لچکدار عمل میں یہ ترتیب قائم نہ رہ سکے تب بھی شاعری کا ایک مشرب کی حیثیت اختیار کر لینا غیر یقینی ہے۔

ایقان اور اثر | شاعرانہ مشرب کی روح رواں کیا ہے؟ اس کی روح رواں دو چیزیں ہیں، ایک ایقان دوسرے اثر۔ ایک حسن کار ساری دنیا سے الگ اپنا ایک ایقان رکھتا ہے، جسے آپ اس کے مذہب، مشرب، اس کی دنیا، نقطہ، نظر، کسی لفظ سے بھی

تعبیر کرسکتے ہیں۔ وہ معدوم اور موجود، ہر چیز کے متعلق اپنی ایک دلنشیں اور جانگداز رائے رکھتا ہے۔ یہ رائے کسی خاص قانون، مذہب، تمدن، عمل، تہذیب یا علم کے تابع نہیں ہوتی، بلکہ اپنی واردات کے تحت، اور ساری زندگی کا نچوڑ ہوتی ہے۔ جب یہ نچوڑ ہوجاتی ہے تو دنیا کی کوئی قوت اسے اپنے مقام سے ہٹا نہیں سکتی۔ اس طرح اثر کی حد تک، شاعر سراسر جذبات کا پتلا ہوتا ہے۔ وہ بلا تعین دنیا کی ہر چھوٹی بڑی چیز کا اثر لیتا اور اس اثر کو دوسروں تک منتقل کرسکتا ہے۔ اس لازمی اور متعدی عمل میں اس کی نوعیت ایک جادوگر کی سی ہوتی ہے۔ اسے سحر انگیز طریقے سے اثر لینا بھی آتا ہے اور متاثر کرنا بھی آتا ہے۔ اس احساس اور رقت کی وجہ سے وہ ایک بچے کی طرح نازک مزاج ہوجاتا اور ایک عورت کی طرح پاک اور حساس طبیعت بنالیتا ہے، وہ تدبر، بیداری، منافقت، اور شعور کی دنیا میں بہت ٹھوکریں کھاتا اور اکثر و فعے ناکام ہوتا ہے۔ اقبال کہتا ہے۔

من بندۂ آزادم عشق است امام من — عشق است امام من عقل است غلام من
جاں در عدم آسودہ بے ذوق تمنا بود — مستانہ نوا ہا زد در حلقۂ دام من
اے عالم رنگ و بو ایں صحبت ما تا چند — مرگ است دوام تو عشق است دوام من
پیدا بہ خیرم او پنہاں بہ خیرم او — ایں است مقام او در باب مقام من

اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ سارے انسانوں سے ممتاز کرنے والی صفتیں شاعر میں دو ہوتی ہیں، ایک ایقان کی آزادی اور استحکام، اور دوسرے اثر کا جذب و انتقال۔ جب تک یہ دونوں باتیں کسی شخص میں موجود نہ ہوں، وہ میرے نزدیک حسن کار یا شاعر کہلانے کا مستحق نہیں ہے۔

کائنات کے قوانین | چونکہ شاعر کے ایقان اور اثر کا عالم اتنا نازک ہوتا ہے، اس لئے کائنات کے وہ قوانین وہ ممتاز قوتیں جن کا کام ایقان اور اثر کو اکسانا ہوتا ہے، اس کے مزاج کو مسخر کرلیتی ہیں۔ ان قوانین اور طاقتوں میں قابل ذکر روحانیت، جذبۂ محبت، حسن، وجدان، مستانگی، جوش، رومان وغیرہ ہیں جن کا شاعر ہمیشہ شکار رہتا ہے۔ اسے ذی روح، غیر ذی روح، مادی، غیر مادی، موجود، غیر موجود، ہر چیز سے بے انتہا اُنس ہوجاتا ہے۔ وہ ایک خیال کو بھی اتنا ہی عزیز رکھتا ہے، جتنا ایک انسان کو۔ کبھی اسے گھاس کی ایک پتی کا مرجھانا، زلزلے کی تباہ کاریوں سے زیادہ رقت انگیز معلوم ہوتا ہے، کبھی اسے ساری کائنات کی تباہی، اپنی تعمیر کی پہلی منزل نظر آتی ہے جب شاعر کی نگاہ، دل، اور خیال باقاعدہ طور پر، قضا و قدر کی ان کارفرمائیوں کی زد میں آجاتے ہیں تو شاعر کے مشرب کا جھولا اپنی پینگ بڑھاتا ہے۔ جب وہ اس طرف آتا ہے تو اُسے ازل، اور اُس طرف جاتا ہے تو ابد کی ہوا لگتی ہے۔ جھولے کی اسی پینگ پر شاعر کی عظمت اور بلندی کا انحصار ہوتا ہے۔

گذشتہ زمانے میں اُردو شاعری کی افتاد ہی ایسی پڑی کہ شاعروں کے لئے ان کا مشرب پہلے ہی سے محدود اور متعین ہوگیا' اور انہیں غزل گوئی اور معاملہ بندی کی زنجیروں میں جکڑ دیا گیا۔ لیکن اُردو شاعری کے غائر مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ قطب شاہ سے لیکر اقبال تک ہر بڑے شاعر نے اس "دیوار زندان" کو توڑنے کی کوشش کی۔ جتنی اُن کی کوشش کامیاب ہوئی' اتنی ہی ان کی بڑائی نظر آئی۔ ان دنوں یہ دیوار بہت کچھ ڈھا دی گئی ہے' اور شاعر کا مشرب کائنات اور زندگی کی طرح وسیع ہوتا جا رہا ہے۔

ہماری شاعری کا مقام | اب سوال یہ ہے' کیا مشرب کی وسعت نے ہماری موجودہ شاعری کو کسی مقام پر پہنچایا ہے؟ جواب یہ ہے کہ پہنچایا ہے۔ نظم کے شیشوں میں ہماری اندرونی دنیا کی جھلک نظر آنے لگی ہے۔ اگرچہ پورے طور پر نہیں۔ غور کرنے سے معلوم ہوسکتا ہے کہ ہمارے دل کے اندر ہمیشہ ایک بہت بڑا "مینا بازار" لگا ہوا ہوتا ہے۔ اور خیالات کی دکانیں سلیقے سے سجی ہوئی رہتی ہیں۔ ان دکانوں میں ایسا سامان ملتا ہے جو دوسروں کی پسند کا ہو' اور جس کے بنانے میں دوسروں کی نقل اتاری گئی ہو۔ جب شاعر گاہک بن کر دل سے دوسری مصنوعی اشیاء مانگتا ہے تو وہ فوراً اسے مل جاتی ہیں۔ لیکن اس "مینا بازار" کے پیچھے اس شاعر کے نام کا ایک اور کارخانہ موجود رہتا ہے جہاں صرف وہی چیزیں بنتی ہیں جو اس کی "سات سالہ اسکیم" کی شایان شان ہوتی ہیں' اور اس کے قلب و دماغ کی پیداوار ہوتی ہیں۔ مگر یہ کارخانہ اکثر سامنے والی دکانوں کی گھما گھمی کے پیچھے خاموش پڑا رہتا ہے۔ کبھی کبھار مشن کے چلنے کی نوبت آتی ہے۔ ایسی صورت میں شاعر کو چاہئے کہ وہ ہمیشہ "گھریلو صنعت" کو فروغ دے' اپنے کارخانے کو چالو رکھے' اور وہی چیزیں مانگے اور دے جو وہاں کی بنائی ہوئی ہوتی ہیں۔ اس طرز عمل کو مشرب اور ایقان کی انفرادیت کہتے ہیں۔ اس کا حاصل کرنا کوئی مشکل امر نہیں۔ زندگی کی بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں جو ہمارے دلوں میں گھر کئے ہوئے ہوتی ہیں۔ حیات اور کشمکش زیست کے بہت سے مسائل سے ہم اتفاق یا اختلاف رکھتے ہیں۔ اپنے تجربوں سے ہم بہت سی اٹل باتیں دریافت کر لیتے اور قطعی فیصلوں پر پہنچتے ہیں' اگر ہم ان پر ایقان کامل رکھ کے' خود شناسی کے ساتھ انہیں دنیا کے سامنے پیش کرنے کی عادت ڈال لیں تو چند دنوں میں ہم اپنے دل اور ایقان کی سچی تصویریں اتارنے کے قابل ہوسکیں گے۔ مگر عام طور پر ایسا نہیں ہوتا۔ لوگ اکثر و بیشتر اپنے ذاتی خیالات' رجحانات اور احساس سے درگذر کر کے مانگے تانگے کے

تاثرات اور اغیار کے خیالات پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں' یا دوسروں کی خاطر اپنے رنگ کی قربانی کرتے ہیں تاکہ انھیں مقبولیت عام حاصل ہو اور مخالفت کم کی جائے۔ اس صورت حال پر غور کرتے ہوئے بعض وقت مشاعرے کے انسٹیٹیوشن سے اختلاف کرنے کو جی چاہتا ہے' کیونکہ یہاں عموماً "مشاعرے کے رنگ" کی شاعری پسند کی جاتی ہے اور اس طرح شاعر کا ذوق متاثر ہوتا ہے۔ جو شاعری مقبولیت عام یا خوف مخالفت کی بنیاد پر قایم کی جاتی ہے وہ کبھی حقیقی نہیں ہوتی۔ جین کاکٹین نے خوب کہا ہے "There is no suoh thing as poetry and Literature for the masses." اس کے مقابل' ٹالسٹائے نے اپنے مشہور نظریہ حسن کاری" میں' اس امر پر ایک انقلابی حیثیت سے زور دیا ہے کہ ادب اور شاعری کو عام فہم ہونا چاہئے اور انسانیت کے کم سواد اور کثیر حصے کو فائدہ پہنچنا چاہئے۔ یہاں قبول عام اور عام فہم ہونے میں فرق ہے۔ شاعر اپنے اصلی مقام' اور خیالات کی حقیقی بلندی پر رہ کے' محض اپنے کمال شرح و بیان اور سادگی اظہار سے ان خیالات کو دوسروں تک پہنچا سکتا ہے۔ اس کے برعکس مقبول عام شاعری میں شاعر اپنے احساسات کی دنیا میں عوام کے تاثرات کا تابع ہو کر اپنی بلندی کھو بیٹھتا ہے۔ چارلس کیمب نے اسی لئے کہا — "Dawn the age, I write for antiquity"!

دل کی بیتن | دل کی بیتن' دنیا کی مغنیات میں شمار ہوتی ہے۔ ہم عام طور پر کہتے ہیں' جو دل پر گذرتی ہے وہ اللہ ہی جانتا ہے' لیکن جس چیز کو اللہ ہی جانتا ہے اسے اگر شعر کے لباس میں دنیا کو عطا کریں تو غور کیجئے ہم دنیا کو کیا چیز عطا کرتے ہیں؟ آسکر وائلڈ نعرہ لگاتا ہے —

I made a compact with myself, that in my person, literature should stand by itself, of itself and for itself.

اگر ڈسرائیلی کی طرح جس نے یہ کہا تھا "جب میں کوئی کتاب پڑھنا چاہتا ہوں' تو ایک کتاب لکھتا ہوں۔ ربیکا وسٹ کے اس اصول کے تحت —

"Literature and espcially Poetry must be an analysis of experience and synthesis of the findings into a unity

اگر شاعر اپنی انفرادیت کو سنبھالے ہوئے' اور اس جذبے کے ساتھ کہ دنیا کو اس کے خیالات کی ضرورت ہے'

وہ ایک ہم آہنگی اور وحدت خیال کے انداز میں اپنی دنیا کے مختلف تجربات پیش کرنے کی کوشش کرے تو معلوم ہوسکتا ہے کہ دل کی بستی میں کیا آگ اور جلن ہوتی ہے' اور اس میں کیا آتشین پیغام نظر آتا ہے ؟

ادب ایک "حادثہ" ایک "اتفاق" ہوتا ہے

جب شاعر کے دل کی کشتی' طویل اندیشوں اور خاموش فکر کے طوفان سے گذرتی ہے' تو یکایک اسے ایک روشنی نظر آتی ہے' جس کا جلوہ شعر کی صورت میں نظر آتا ہے۔ اس طرح ادب اور شاعری کے شاہکار اور انمول خیالات محض ایک "حادثہ" یا "اتفاق" بنکر سامنے آجاتے ہیں۔ اس لئے کہا گیا ہے۔

"Literature that is of lasting Value is an a accident."

میں ادب اور شعر میں خواہ وہ ایک کتاب کی صورت میں ہو یا ایک سطر کی صورت میں' ہمیشہ اسی حادثے کی تلاش میں رہتا ہوں۔ اس کو تجلی' الہام' القا' کچھ بھی کہا جاسکتا ہے' جو شاعر اپنی نغمہ سرائیوں میں یہ رنگ دکھائے کہ اس میں اندر سے ایک روشنی' ایک درد' ایک سوز' ایک اظہار کی بے چینی نظر آرہی ہے تو میں بہت بڑی حد تک اپنے آپ کو مطمئن سمجھوں گا۔

تخیل کی حیثیت

اس منزل پر یہ دیکھنا ہے کہ غریب تخیل کی حیثیت کیا رہ جاتی ہے؟ میں سمجھتا ہوں تخیل محض شاعری کی روح رواں نہیں' بلکہ شاعری کے اس "اتفاقی جز" کو جو "حادثہ" بنکر پیش ہوتا ہے روشن ضرور کرتا ہے۔ پست احساسات اور گھٹیا درجہ کے جذبات تخیل کے ہاتھوں بلند ہو جاتے ہیں۔

شاعری کی الہیت

شاعری کی تیسری اہم صفت میرے نزدیک یہ ہے کہ اس میں بعض الٰہی صفات کا رنگ نظر آتا ہے۔ اس سے میری مراد یہ ہے کہ جس طرح خالق کائنات کے ہر عمل میں بعض صفتیں ممتاز نظر آتی ہیں۔ اسی طرح شاعری کے اعمال میں ان ہی صفات کی پرچائیں دکھائی دیتی ہیں۔ افلاطون نے کہا تھا ("Art is the shndow of shadows") اور ارسطو نے کہا ("All Art is the 'Imitation' of Nature") تو ان کے دماغوں میں بھی شاعری کی الٰہیت موجود تھی۔ گوئٹے نے فاوسٹ میں ایک جگہ شاعری اور الٰہیت کو بڑی خوبی سے دکھایا ہے۔ ایک وقت فاوسٹ کی محبوبا مارگریٹ اس سے سوال کرتی ہے کہ وہ نماز وغیرہ نہیں پڑھتا۔ کلیسا نہیں جاتا۔ کیا خدا پر اس کا ایمان نہیں ہے۔ فاوسٹ جواب دیتا ہے۔

کذب کے گوش سے باتوں کو نہ سننا میری ہوش کی بزم میں رسوا ہے تمنا میری

ماورائے لبِ اقرار زبانی ہے خدا
ماسوائے دم اعجاز بیانی ہے خدا

نام لے اس کا زمانے میں ہو طاقت کس کی
اتنی بے باک ہے دنیا میں عبادت کس کی

فکر و احساس، غم و شوق کی دنیا دیکھو
ہر نفس صاعقۂ حسن کا جلوہ دیکھو

کونسی شئے ہے جہاں جلوۂ عرفان نہیں
کون کہتا ہے "خدا پر مرا ایمان نہیں"

سر پہ کیا نور نہیں عرش کی دیواروں کا
خاک پہ فرش زمرد نہیں گلزاروں کا

ہمنوائی مرے نغموں کی نہیں تاروں میں
دلربائی نہیں کیا چرخ کے سیاروں میں

کیا مری آنکھ میں جلوے ترے آباد نہیں
کیا مجھے حسن کے خالق کی ادا یاد نہیں

کیا نہیں صاعقۂ عشق سراپا میں ترے
کیا نہیں نور ازل حسن کے دریا میں ترے

برق ایمان تری زلف گرہ گیر نہیں
تجھ میں کیا خالق کونین کی تصویر نہیں

پہلے اس قوتِ جاوید کو اپنا کر لے
دل میں اس جلوۂ عرفان کو پیدا کر لے

اور جب جوش محبت تجھے گرما جائے
رکھ لے جو نام خدا کا تجھے یاد آجائے

(ترجمہ فاوسٹ منظوم۔ از باقی)

دیکھئے حسن و عشق کے مضمون میں کس خوبصورتی سے الٰہیت کا نغمہ چھیڑ دیا گیا ہے۔ پر عظمت شاعری کبھی اس نغمے کا ساتھ نہیں چھوڑتی۔

اعلیٰ شاعری کی ان صفات میں تین یا چار خاص حیثیت رکھتی ہیں۔ سب سے پہلی خصوصیت شاعری میں قوت تخلیق کی موجودگی ہے۔ اس کے بعد فکر و اندیشہ، تجلّی، سمع و بصر وغیرہ کا درجہ ہے۔ لینکاڈیو ہارن نے ہر مصنف کو یہ عمدہ مشورہ دیا ہے کہ وہ مصنف بننے سے پہلے اپنے آپ سے یہ سوالات کرے۔

(۱) کیا مجھ میں قوت تخلیق ہے (۲) کیا میرے پاس وقت اور فرصت ہے (۳) کیا میں سچا انہماک اور تنہائی کی خاموش دولتیں رکھتا ہوں۔

تخلیق سے وہ ایسا عمل مراد لیتا ہے جو اپنے ذہنی قوت تجربے اور باطنی قوت سے پیدا ہو، اور جس پر شعوری اور غیر شعوری دونوں حیثیتوں سے دوسروں کی آرا کا بہت کم اثر پڑا ہو۔

تخلیق | میں نے جہاں تک غور کیا ہے، مجھے یہ محسوس ہوا کہ مشرب کی طرح شاعر کا طرۂ امتیاز اس کی صفت تخلیق ہونی چاہیئے۔ اس کے ذریعے وہ احساس، درد، سوز، تپش، الہام، وجدان، شعور وغیرہ کے مال مصالح سے تخیل کے ہاتھوں کوئی نہ کوئی بات پیدا کرتا اور انہیں خوبصورت الفاظ کا جامہ پہناتا ہے۔ شاعری کا فطری ذوق اس وقت تک اپنا رنگ نہیں دکھا سکتا جب تک اللہ میاں کی طرح شاعر بھی اپنی دنیا آپ نہ پیدا کرے۔ شاعر کے پاس تحقیق، تجسس، انکشاف، تعلیم کا درجہ بعد ہے اور تخلیق کا پہلے۔ وہ اپنے تخیل اور جذبے کی آمیزش سے بہت سی باتیں عالم وجود میں لاتا ہے، جن کے متعلق بعد میں تحقیق و تجسس کی ضرورت پیش آتی ہے۔ شیکسپیر نے اپنی خوبصورت ترین تعریف میں کہا ہے کہ شاعر "avriy nothing کو "A local habitation and a name" عطا کرتا ہے۔ میں نے اس صنعت کا ذکر صرف ذکر کی خاطر نہیں کیا، بلکہ اس لئے کیا کہ شاعر اپنے اشعار پر خواہ دنیا میں انھیں کتنا ہی سراہا گیا ہو، ٹھنڈے دل سے غور کرے اور دیکھے کہ اُن میں کس حد تک قوت تخلیق کارفرما ہے؟ میرے نزدیک اس قوت کا پارہ جتنا اونچا ہوگا اتنی ہی شاعرانہ عظمت کا اندازہ ہوسکیگا۔

سنجیدگی اور تنہائی | قوت تخلیق کو مدد دینے والی یا اُس میں اضافہ کرنے والی دو اور صفتیں ہوتی ہیں۔ ایک سنجیدگی اور شوق جسے "Sincerity in Literature" سے تعبیر کیا جاتا ہے، دوسرے "تنہائی" میں چاہتا ہوں چلتے چلتے ان پر بھی کچھ عرض کردوں۔

ادب میں سنجیدگی اور انہماک کا تعین اگر صحیح طور پر کوئی سمجھ سکتا ہے تو وہ خود شاعر ہے۔ یہ شاعر ہی کا فریضہ ہے کہ وہ شعر کہتے وقت اپنے ضمیر کا جائزہ لے اور یہ دیکھ لے کہ اس میں کہیں کھوٹ تو نہیں ہے؟ کہیں "ادب کی خاطر ادب" "شعر کی خاطر شعر" کے علاوہ، کوئی اور "غرض" تو کام نہیں کر رہی ہے؟ یاد رہے کہ شعر کے ذریعے دوسروں کو دھوکا دیا جاسکتا ہے لیکن اپنے آپ کو دھوکا دینا بہت بڑا ادبی گناہ بلکہ کفر ہے۔ اس سے ادب ایک قسم کی منافقت کا محرک ہوتا ہے، اور حقیقت پر دروغ کے پردے پڑنے لگتے ہیں۔ یہی وہ منزل ہے جہاں شعر، ایمان، مذہب، اخلاق، تہذیب اور کردار سے ٹکراتا ہے۔ دنیا میں صحیح ادبی خدمت یہی ہے کہ شعر میں پوری ایمانداری برتی جائے۔

تنہائی | تنہائی سے ہارٹن کی مراد راہب بننا نہیں ہے۔ وہ کہتا ہے کہ شاعر کو اپنے ماحول میں ایک ولی۔ ایک صوفی ایک پادری کی طرح بے لوث، پاک، خاموش اور یکسوئی کی زندگی بسر کرنی چاہئے۔ یہ انفرادیت کی ایک قسم ہے۔ ایسی ذہنی تنہائی جس کا صحت بخش اثر شاعر کے عمیق تفکر پر پڑے ضروری ہے۔ اسے اپنے دل و دماغ کو دنیا کے ہیجان سے آشنا تو رکھنا چاہئے لیکن خاموشی کے ساتھ شعر کی مقدس خدمت انجام دینے میں اُسے کسی چیز کو مزاحم نہ ہونے دینا چاہئے۔ عین شور رش، عین انہماک میں بھی ایک قسم کی تنہائی پیدا کی جاسکتی ہے۔ شاعر کبھی لمحات ایسے گذرتے ہیں جبکہ وہ بظاہر خاموش کمرے میں کائنات کی شورشیں سن سکتا ہے، اور کبھی وہ وقت بھی آتا ہے جبکہ عین شور و غوغا میں اسے کچھ بھی سنائی نہیں دیتا۔ کسی نے خوب کہا ہے۔

سن تو سہی یہ کیا ہے، اے غل مچانے والے — اک شور ہو رہا ہے ایوانِ خامشی میں

فرصت | ادب میں فرصت اور وقت سے مراد صرف گھڑیال کے کانٹوں کا پھرنا نہیں بلکہ وہ احتیاط آمیز تاخیر اور وہ اطمینان بخش مواقع ہیں جن کی آغوش میں ادب عالم وجود میں آتا ہے۔ شاعری زندگی کے سمجھنے اور سمجھانے سے تعلق رکھتی ہے، ازل اور ابد کے میدان میں وہ شعور کے ساتھ دوڑتی ہے، اس کے لئے ضروری ہے کہ شاعر کے گھر سے زیادہ اس کے دل میں سکون اور اطمینان سے کام کرنے کا عزم، تاخیر اور احتیاط کے ارادے موجود ہوں۔ شعر عجلت نہیں چاہتا فرصت چاہتا ہے۔

تجلی | تجلی ایک الٰہی صفت ہے۔ اس کی دو حیثیتیں ہیں۔ ایک خود جلوہ بننا، دوسری جلوہ بنکر دوسروں کے سامنے چمکنا۔ غالب اس جذبے کی آگ میں جلتے ہوئے کہتا ہے۔

گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلی نہ طور پر — دیتے ہیں بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھ کر

میں جب غور کرتا ہوں تو مجھے یہ محسوس ہوتا ہے کہ خدائتعالیٰ نے شاعر کو یہ صفت بڑی فیاضی سے عطا فرمائی ہے۔ اس کا ہر خیال پر احساس ایک "تجلی" ہے۔ اگر وہ شعر بن کر چمک جائے تو کئی موسیٰ اسے دیکھ سکتے ہیں۔ اگر وہ اندر ہی اندر رہے تو آسمان میں Nebula کی طرح خیالات کے کئی نظام شمسی بنتے اور وقت پر ظاہر ہونے کے منتظر رہتے ہیں۔ ہر شاعر اپنے اندر اپنے قلب کی زمین کریدتا ہے، اور اس میں سے تجلی اُبلتی ہے۔ اگر ہمارے نام نہاد شاعری میں آفتاب کے قرص کی طرح "توانائی کے غار" موجود نہیں ہیں، تو اسے اپنے آپ کو چاند کی مانند ایک عدم آباد

یا کسی بجھے ہوئے ستارے کی طرح سمجھنا چاہیئے۔

سمع و بصر فکر و اندیشہ | یہی حال سمع و بصر، فکر و اندیشہ کا ہے۔ ممکن ہے فلسفی، نفسیات پرست، سائنس دان وغیرہ میں شاعر سے زیادہ فکر و اندیشہ کی قوت موجود ہو، ممکن ہے اس کے حواس، الٰہی قوت کے ساتھ نازک ترین سماعت اور بصارت رکھتے ہوں، لیکن جب ان کا اظہار نظم کے علاوہ کسی اور رنگ میں ہوتا ہے تو شاعر کا دل بجھ جاتا ہے۔ کیونکہ بہ قول گوئٹے ہر نازک خیال کے لئے ویسے ہی نازک قالب کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب سائنسدان خالی شیشے میں فتیلہ ڈال کر یہ ثابت کرتا ہے کہ آکسیجن گیس کی بدولت یہ فتیلہ روشن ہو جاتا ہے، تو شاعر کے دل پر سانپ لوٹ جاتا ہے۔ وہ کہتا ہے، آہ، وہ الٰہی قوت جو آکسیجن کو آکسیجن اور فتیلے کو شعلہ بناتی ہے، کیا صرف شعبدہ گری کے کام آتی ہے؟ اسی طرح جب فلسفی، اپنی عقل، اور تھوڑی سی اندرونی روشنی کی بدولت اسرار کائنات کے کسی مدہوش کرنے والے گوشے میں پہنچ جاتا، اور اپنے عرفان کو نثر کے قالب میں اس طرح سے پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ وہ استدلال، معقولیت اور منطق کے کام آئے تو شاعر پر ایک مردنی چھا جاتی ہے۔ وہ کہتا ہے، آہ، ایک فلسفی ہے کہ حسن، عشق، موت اور حیات کو سمجھاتا ہے، کبھی حسن کو آزاد کہتا ہے کبھی مقید، کبھی عشق کو ایک جنون سے تعبیر کرتا ہے، اور ایک میں ہوں جو عشق ہی کے متعلق چلاتا ہوں۔

عشق ما اندر جہاں ہنگامہ ہا تعمیر کرد ورنہ ایں شہر خموشاں ہیچ غوغائے نداشت

جب کبھی فلسفی کو اپنے شرح و بیان میں ایسی شاعرانہ قوت حاصل ہو جاتی ہے تو وہ اسے اپنے رستے سے لگا لیتا ہے۔ ہیگل نے ایک جگہ کہا کہ "خدا کبھی مندر کے اندر موجود نہیں رہتا، بلکہ ہمیشہ باہر رہتا ہے" تو شاعر کو اس میں شعر کی ایک مسحور کن جھلک نظر آتی ہے!

دل | شاعر کا فکر و اندیشہ، سمع و بصر، عقل اور حواس ظاہر سے زیادہ، دل کے ہاتھوں زندہ رہتے اور اپنا عمل کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں جس شاعر میں دل کی فکر، دل کی سماعت، دل کا اندیشہ اور دل کی بصارت نہ ہو، اسے اپنے لئے کوئی اور نام تلاش کرنا مناسب ہوگا۔ اگر شاعر کو خوش قسمتی سے یہ دولت سرمدی نصیب ہو گئی تو وہ کہہ سکتا ہے ۔

ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

خاموش تعلیم | الٰہی صفات کے سلسلے میں ایک امر یہ بھی ہے کہ شاعر، فطرت کی طرح، ایک خاموش "تعلیم" کا محرک ہوتا ہے۔ اعلیٰ شاعری میں بڑی خوبی اس کی "ایمائیت" ہے ۔ کسی اچھے شعر کا مطلب، کسی اچھی نظم کا پیام، صرف اتنا ہی نہیں ہوتا جو شاعر بیان کرنا چاہتا ہے، بلکہ اس سے زیادہ اور اس سے مختلف ہوتا ہے۔ کبھی شاعر کے خیال سے کسی اور خیال کی

رہنمائی ہوتی ہے۔ یہ ایسی ہی خاموش تعلیم ہے جیسے فطرت کی کھلی ہوئی نشانیوں مثلاً پھول، برق، سورج، شعاع، قوت کشش وغیرہ سے کسی مفکر کو حاصل ہوتی ہے۔ شعر میں بھی ایک ایسا جادو ہے کہ وہ ہر پڑھنے والے کو اس قوت کے ساتھ اپنی طرف کھینچتا ہے جتنا اُس شخص کا ظرف اور ذوق ہوتا ہے۔ بعض لوگ کسی شاعر کے ساتھ بہت زیادہ وابستہ رہنے کی وجہ سے ہمیشہ کے لئے اس کا شکار ہو جاتے ہیں اور اپنے حُسن اعتقاد سے مبالغہ آمیز باتیں بھی بیان کر جاتے ہیں۔ اہل تنقید اُن کی والہانہ رائے کو کتنا ہی بُرا کہیں، میرے نزدیک ایسی رائے دینے پر ہر وہ معقول انسان مجبور ہے جو شعر کی طلسمی دنیا کا شکار ہو جاتا ہے۔ مثلاً ڈاکٹر بجنوری نے دیوان غالب کے متعلق کہا "ہندوستان کی الہامی کتابیں دو ہیں، ایک مقدس وید، دوسرا دیوان غالب" اس آواز میں بیشک علمی تنقید کا توازن نہیں لیکن شعر کا جادو ضرور بول رہا ہے۔

سمٹا ہوا مفہوم | خاموش تعلیم کی دوسری صورت، شاعر کے کلام کا وہ مجموعی اثر، اس کے تجربات اور نظریات کا وہ سمٹا ہوا مفہوم ہے جو اس کے اشعار کے پیچھے جھلکتا ہے۔ اسے بعض لوگ "پیام" کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ الفاظ اور خیال کے پیچھے روشنی کا وہ حلقہ، جو مثلاً کسی دیوتا یا ولی کی تصویر میں سر کے اطراف ایک آفتابی کی صورت میں دکھایا جاتا ہے، کسی صاحب ذوق کو بہ آسانی نظر آتا ہے، اور جب نظر آتا ہے تو اس میں شاعر کا پیام لکھا ہوا نظر آتا ہے۔ ورڈسورتھ نے ایک پھول کے متعلق کہا کہ "وہ آنسوؤں کے لئے بہت گہرا نظر آتا ہے"۔ ممکن ہے حیاتیات کا ایک پروفیسر ایک ہاتھ میں پھول اور دوسرے ہاتھ میں نشتر لیکر اس شعر پر ہنس دے لیکن شاعر کا ایمان یہی ہے کہ جس طرح کائنات کے ہر ذرّے میں ایک "وحی" ایک معجزہ دیکھتا ہے، اسی طرح اپنے اشعار کو بھی اس وحی اور معجزے کا پیامبر بناتا ہے۔ والٹ وھٹمن اپنی ایک مشہور نظم میں کہتا ہے کہ معجزہ، صرف پیغمبروں سے ہی سرزد ہونے والے عمل کو نہیں کہتے، میرے نزدیک عالم کی ہر چیز ہر ذرّہ ایک معجزہ ہے"!

شاعری "غربال حیات" ہے | شاعرانہ مشرب اور تخلیق کے بعد میں اس مقام پر آتا ہوں جہاں شاعری مجھے "غربال حیات" نظر آتی ہے۔ شاعری زندگی کو چھانتی اور فطرت کی عظیم قوتوں کے پردے ہٹا کر انہیں لطیف اور دلکش تر بناتی ہے۔ شاعری کے غربال میں دنیا جہاں کی ہر چیز چھنتی ہے اور نظام کائنات کی عملی طاقتیں کبھی الگ الگ ہو کر اور کبھی ایک ساتھ ہو کر سامنے آتی ہیں۔ بعض حقیقت پرست یہ کہتے ہیں کہ شاعری زندگی کے مسائل کی سچی تصویریں پیش کرتی ہے۔ میں کہتا ہوں شاعری تو کیا، دنیا میں حقیقت پرستی کا وجود شاید ہی ممکن ہو۔ افلاطون جامع الفاظ میں ہر چیز "عکس کا عکس، سایے کا سایہ" ہے۔

جس طرح آفتاب کی روشنی "سماوات" کے بیشمار پردوں سے چھن کر ہم تک پہنچتی ہے، اسی طرح شاعر کے دل سے شعر کے الفاظ تک مسائل حیات چھانتے جاتے ہیں اور بہ ظاہر واقعہ کتنا ہی اصلی معلوم ہو وہ بغیر شاعر کی رنگ آمیزی کے شعر کا روپ اختیار ہی نہیں کرسکتا۔ اگر کوئی شخص ملمع کی ہوئی اور ہزاروں پردوں سے آئی ہوئی بات کو حقیقت سمجھے تو قصور کس کا؟

ہماری شاعری | آجکل ہماری اُردو شاعری طوفان زدہ درختوں کی طرح جھکولے کھا رہی ہے بعض ممتاز سخن گو میدان میں آتے اور رنگ کا ایک طوفان پیدا کرتے ہیں۔ جب یہ ہوا چلتی ہے تو چھوٹے چھوٹے درخت اور لطافت کی جھاڑیاں سب ہوا کی زد میں آجاتی اور جھومنے لگتی ہیں۔ جب زور کی بارش ہوتی ہے تو کاروان کے کاروان اس میں بہہ جاتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہماری شاعری اپنی زندگی، اپنے تجربات کی ترجمان نہیں بلکہ غیروں کے منہ کا نوالہ بنگئی ہے۔ میں شاعری میں اس امر کو ضروری سمجھتا ہوں کہ ہمارے شاعر اپنے گرد و پیش زیادہ توجہ سے دیکھنے کی عادت ڈالیں اور تا حد امکان اپنے ماحول کی ترجمانی کریں۔ یہ اسی وقت ممکن ہے کہ اُردو شاعری کو حسن و عشق ہی کے جال میں پھنسا ہوا نہ رکھا جائے، بلکہ اسے غربال بنایا جائے جس میں حسن و عشق کے علاوہ زندگی، دنیا، آسمان، اور زمین کی ہر چیز، احساس، اثر، خیال، وجدان کی ریت میں فلٹر ہو، اور قطرہ قطرہ چمن کے شفاف اور صحت بخش پانی کی طرح ٹپکنے لگے۔

بعض لوگ زندگی کی کثافتوں میں بہت زیادہ گھس جاتے ہیں۔ بعض رومانی اسکول کے شاعروں مثل شیلے کی طرح ضرورت سے زیادہ لطافتوں ہی میں پرافشانی کرتے ہیں۔ یہ افراتفری میرے نزدیک اقتضائے حال کے مطابق نہیں۔ میں ہیگل کے اس نظریے کا قائل ہوں کہ شاعری کے مجسمے کا پاؤں زمین پر اور سر آسمان میں رہنا چاہیئے۔

حقیقت پرستی کا رنگ | حقیقت پرستوں کا یہ ادعا ہے کہ واقعات کا پیش کرنا بہت بڑا کمال بھی ہے اور ضروری بھی۔ میں اس میں صرف اتنی ترمیم چاہتا ہوں کہ "واقع کا پیش کرنا" جب آرٹ کے ہاتھوں عمل میں آرہا ہے تو ضروری ہے کہ حقیقت کو نمود کے چوکھٹے میں دیکھا اور دکھایا جائے۔ نری حقیقت شعر کی دنیا میں بے معنی چیز ہوگی۔

شعر ایک تصویر ہے | میں یہاں شعر کے متعلق اپنا ایک تصور پیش کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ میرے نزدیک شعر

ایک تصویر ہے جس کے پیش کرنے میں شاعر عمل کی تین منزلوں سے گذرتا ہے۔ کوئی بھی شعر لیجئے۔ آپ دیکھیں گے کہ اس کے تین حصے ہوسکیں گے۔ پہلا حصہ "انتخاب اور تعین" کا ہوگا جس میں شاعر اپنی دنیائے فکر و خیال سے ایک بات چنتا اور ان کی حدیں مقرر کرتا ہے۔ یہ گویا تصویر کا چوکھٹا ہے۔ اس کے بعد وہ اس خیال کو پیش کرنے کا رنگین پس منظر اور ماحول بناتا ہے۔ یہ گویا تصویر کی ایک تفصیل ہے۔ پھر آخری چھینٹے ہیں جس میں اصل خیال کو پورے طور پر ابھار دیا جاتا ہے۔ ہر شعر میں کسی نہ کسی طرح یہ تین حصے موجود رہیں گے۔ فرق یہ ہوگا کہ کہیں یہ واضح ہوں گے اور کہیں مبہم اور موہوم نظر آئیں گے۔ میرے نزدیک اعلیٰ شعر کی صفت یہی ہے کہ وہ وسیع سے وسیع چوکھٹے اور رنگین ماحول میں ایک بلند اور دلفریب خیال پیش کرے۔ ہاں یہ ضروری ہے کہ تصویر کے یہ تینوں رخ، فوٹوگراف کی طرح ٹھوس اور واضح نہ ہوں بلکہ ایک رنگین روغنی تصویر کی طرح اور ایک خواب کی دنیا کی مانند موہوم اور وجدانی نقاب ڈالے ہوئے ہوں۔ اس طرح شعر کو گویا ایک گھونگھٹ نکالی ہوئی دوشیزہ ہونی چاہیے جس میں تصور، رنگینی اور حقیقت تینوں چیزیں موجود رہتی ہیں ایک شعر ہے۔

دم بدم اُٹھنے لگے میکدہ کی طرف رندوں کے ہاتھ ساقیٔ رنگین نے شاید یہ اشارا کر دیا

یہ شعر ایک تصویر ہے۔ پہلا حصہ یعنی چوکھٹا یہ ہے کہ شاعر مشرب عشق کی عقیدت اور مدہوشی کو بیان کرنا چاہتا ہے۔ دوسرا حصہ ماحول ہے اور وہ اس طرح فرض کیا جاسکتا ہے کہ ایک چمن ہے، چاندنی رات ہے۔ رندوں کا مجمع ہے جو عالم مدہوشی میں ہے، ساقیٔ رنگین بیچ میں کھڑا ہوا چاند کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ سارے رند اسے جام سمجھ کے ہاتھ بڑھا کر لینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آخری حصہ یعنی اصل خیال یہ ہے کہ ایک طرف رندوں کی تسلیم و بیخودی کا ایک عالم موجود ہے۔ دوسری طرف ساقی کی فیض و عطا میں شوخی اور بلندی کا تصور کام کر رہا ہے۔ بہ حیثیت مجموعی سارا منظر ایک دلچسپ اور رنگین خواب ہے۔

فطرت کی پوجا آیئے اب شاعر کی اس خصوصیت کی طرف جائیں جسے میں فطرت کی پوجا کے نام سے یاد کرنا چاہتا ہوں۔ غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ دنیا کی اعلیٰ ترین شاعری وہ رہی ہے جس میں یہ تین امور موجود ہوں (۱) کائنات کی وسعت (۲) عقیدت (۳) تقدس اور پاکیزگی۔ لیکن یہ وسعت، عقیدت، اور پاکیزگی، جسطرح میں نے ابتدا میں کہا ایک مکمل مشرب کی صورت میں رہتی ہے اور اجزائے ایمان کی طرح منتشر کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

صبح خوشرنگ کی ہر دھوپ نہاتا ہوں میں یا محبوب میں سراپا جھکاتا ہوں میں

فطرت کے وسیع لفظ میں ریت کنکر سے لیکر چاند، سورج، ملائکہ، عرش، کرسی، بلکہ اللہ میاں سب شامل ہیں۔ شاعر کا ایمان یہ ہونا چاہیئے کہ فطرت کی ہر چیز کا ایک خاموش پجاری ہو، اور ساری دنیا، کون و مکان کو ازلی محبت کے ہم آہنگ بنائے۔ جس طرح فطرت کے محسوس مناظر اور مشاہدات ہیں، اسی طرح بعض محسوسات اور اعتقادات بھی ہیں۔ مثلاً حسن، عشق، نیکی کے قوانین کے اٹل اثرات، ازل اور ابد کی وسعت خدائی قوتوں کے تسلط عظیم پر ایقان، نظام کائنات کی ایک باقاعدگی اور سوز پر والہانہ اضطراب، آغاز اور انجام زندگی سے عقیدت، ذوق تجسس، فنا اور بقا میں گم شدگی وغیرہ۔ یہ وہ بلند، قوی اور اٹل احساسات ہیں جن کی قوت کو دنیا کا کوئی اثر زائل نہیں کرسکتا۔ ہر شاعر ان اثرات کو محسوس اور غیر محسوس دونوں طریقوں پر قبول کرنے کے لئے زندہ رہتا ہے۔ فطرت کی پوجا کرنے کا ایک اور ٹیڑھا راستہ بھی ہے جسے ہم Scepticism. سے تعبیر کرتے ہیں اور جو وہم اور شک، شوخی اور الحاد پن کر ظاہر ہوتا ہے۔ یہ طریقہ بظاہر فطرت کی محبت کے مغائر معلوم ہوتا ہے، لیکن نفسیاتی نقطۂ نظر سے انسان کی فطرت ہے کہ وہ جس چیز سے محبت کرتا ہے، اتنی ہی دوری کے ساتھ اس کے قریب جانے کی کوشش کرتا ہے۔ غم تلاش مسرت کا دوسرا نام ہے۔ جگر کہتا ہے۔

دل میں کسی کے راہ کئے جا رہا ہوں میں کتنا حسین گناہ کئے جا رہا ہوں میں

غالب کہتا ہے۔

خوش بود گر مہ و خورشید ز بند کفر و ایمان برہند حیف کافر مردن و آوخ مسلمان زیستن

آجکل کی شاعری میں اس "ٹیڑھی چال" کی بیسیوں مثالیں ملیں گی۔

عقیدت | شاعری میں عقیدت سے میری مراد اندھا یقین یا خود ساختہ اعتماد نہیں بلکہ روح اور نظر کی وہ وجدانی کیفیت ہے جو عظمتوں کا احترام کرنا جانتی اور اُن سے محبت کرتی ہے۔ عقیدت دراصل روح کی ایک شادمانی، ایک تعلق ہے جو کائنات کی خوبیوں کو دیکھ کر پیدا ہوتا ہے۔ اسی تعلق سے خوشی اور غم دونوں کا کام لینا شاعری کا ایک پرکیف عمل ہونا چاہیئے۔ کسی شئے کا احساس تعریف یا مذمت کی صورت میں ظاہر کردینا اتنا دلکش نہیں جتنا اس احساس میں دلی تاثر اور احترام کو شامل کرنا ہے۔ فطرت ایک کھیل نہیں، مگر شاعر کے نزدیک

اگر وہ کھیل بن بھی جائے تو اس میں فطرت کی عظمت کا ہر طرح احترام کرنا ضروری ہے۔

عقیدت خواہ جذبۂ محبت سے ہو یا جذبۂ انتقام و بغاوت سے، شاعری میں قوتِ یقین، رنگ اعتماد اور اکتساب فیض کی بلند صفات پیدا کرتی ہے۔ عقیدت سے شاعر دلنشین بنتا اور محبت کی نیکیاں پھیلانے کا واسطہ ہوتا ہے اس سے سچائی کی خوشبو آتی ہے اور دروغ سے تنفر پیدا ہوتا ہے۔

تقدس | اسی کے جلو میں تقدس کو رہنا چاہیئے۔ شاعری ایک قسم کے اچھوتے پن کی محرک ہوتی ہے۔ وہ ایک روحانی غسل ہے۔ اس کے ذریعے گندہ جذبات دور ہوتے اور اُن کی جگہ فطرت کی روشنیاں پھیل جاتی ہیں۔ تقدس کے مفہوم کو مذہبی رنگ دے کر اسے صوفیانہ شاعری یا اخلاقیات میں محدود نہیں کرنا چاہیئے۔ میرے نزدیک پوری شوخی، بے باکی بلکہ الحاد کے ذریعے بھی پاک خیالی کے ایسے چھینٹے دئے جاسکتے ہیں جو دل کی گرہ افشانی کا نتیجہ ہیں۔ وہ اس طرح سے کہ تہذیب اور صاف نگاہی کا رنگ فطرت خیال سے دور نہ ہونے پائے اور مقصد یہ ہے کہ ٹیڑھے راستے سے منزل یقین کی زیادہ مستند اور محکم تلاش کی جائے۔

آزاد خیالی اور تحریکات | خوش قسمتی کہیئے یا بدقسمتی، موجودہ تہذیب نے انسانی خیال میں ایک آزادی اور شوخی کی روح پھونک دی ہے، مذہب، قانون، معاشرت، تمدن، اور اخلاق جیسی چیزوں پر ایک نئے طریقے سے غور و فکر کیا جارہا ہے۔ لیکن جہاں عہد جدید کا مفکر ان کو اپنی مرضی اور خیال کا تابع بنانے کی کوشش کرتا ہے وہاں بڑی پیچیدگیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ آرٹ کے وسیع میدان میں اس جذبے کا اثر بہت زیادہ نمایاں نظر آتا ہے اس کے زیر اثر عہد حاضر کی شاعری اپنی شوخی اور آزادی سے بہت زیادہ فائدہ اُٹھانے لگی ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ جہانتک شاعری کی عمیق اور دیرپا چارہ سازیوں کا تعلق ہے ہمارے آزاد خیال شاعروں کے تفکرات کو شاید زیادہ استقامت نصیب نہ ہوسکے کیونکہ زندگی کے بعض مسائل مثلاً خدا، مذہب، محبت وغیرہ بہت زیادہ سنجیدہ، اٹل، اور انسانی فکر و خیال کی حدوں سے باہر بھی ہوتے ہیں ان کے ساتھ انسان کچھ دنوں تک ٹھٹول کرسکتا ہے، لیکن ان کے استحکام اور تسلط کو اپنی آزاد خیالی کی رو میں بہا نہیں سکتا۔ یہی حال میرے نزدیک ایسی شاعری کا ہے جس کی بنا چند سیاسی اور تمدنی تحریکات پر ہو اور جو موجودہ زمانے میں بتدریج آگے بڑھتی جارہی ہے

معجزۂ شرح و بیان | آخری منزل پر میں شاعری کی اس ایک صفت کا ذکر بھی کردینا مناسب سمجھتا ہوں جو

"معجزہ شرح و بیان" سے موسوم کی جاسکتی ہے۔ یہ صفت تخیل، احساس، تصور وغیرہ ان سب سے الگ اپنی ایک خاص حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے ذریعے شاعر اپنے خیال کو وہ نمود و اظہار عطا کرتا ہے جس میں طلسم اور جادو کا اثر ہوتا ہے، جس کے سنتے ہی طبیعتیں منقاد ہو جاتی ہیں اور ذوق بے اختیار جھومنے لگتا ہے۔ یہ صفت بڑی متنازعہ فیہ ہے اس کے متعلق تین اہم سوالات کئے جاسکتے ہیں۔

(۱) کیا خیال اہم ہے یا معجزۂ شرح و بیان؟

(۲) کیا ہر شعر پیرایہ اظہار کا مکمل نمونہ ہوتا ہے؟

(۳) کیا اس کی حدود متعین ہوسکتی ہیں؟

پہلا سوال کرنے والے یہ کہتے ہیں کہ خیال کتنا ہی اہم ہو، جبتک اس کا اظہار درست نہ ہو۔ خیال کی نہ کوئی اہمیت باقی رہتی ہے اور نہ اس کا اثر جس طرح ایک نقاد نے کہا۔

"Form and mattersare vain words everything is style"

لیکن ایسے خیالات انتہا پسندی پر مبنی ہوتے ہیں۔ میں اس سوال کا جواب اصول سے زیادہ اس عمل کی رو سے دینا چاہتا ہوں جو ہر شاعر کو پیش آتا ہے۔ شعر گوئی کی ابتدائی منزلوں میں بیشک طرز اظہار میں بڑی دشواریاں حائل ہوتی ہیں۔ جیسے جیسے اسلوب بیان ہاتھ آتا ہے، ویسے ویسے شاعر کا اثر پھیلتا جاتا ہے، لیکن ایک زمانے کی مشق کے بعد حقیقتاً شاعر کو اظہار خیال میں اتنی دقت پیش نہیں آتی جتنی کہ خود خیال تلاش کرنے میں پیش آتی ہے؟۔ ایک زمانہ ایسا آتا ہے جبکہ شاعر کے پاس قادر الکلامی کا ساز و سامان پورا تیار رہتا ہے، لیکن بیکار کارخانہ دار کی طرح شاعر مواد کی تلاش میں ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہتا ہے۔ کپڑا بننے کی مشین تیار رہتی ہے، لیکن روئی نہیں ملتی۔ یہ بات یہیں ختم نہیں ہوتی بلکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ شاعر ایسے بے ساختہ اور بلند خیال کا آرزومند رہتا ہے جو اپنی رفعت اور خوبی کے اعتبار سے اتنا ہی رفیع اور خوب پیرایۂ اظہار اختیار کرنے پر مجبور ہو جائے۔ میرا یہ نظریہ ہے کہ اعلیٰ خیال اعلیٰ بندش کا محرک ہوتا ہے اور اپنے اظہار کا آپ سانچہ بنا لیتا ہے۔ بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ اعلیٰ بندش اعلیٰ خیال کی محرک ہوئی ہو۔ ہاں، اگر ایسا ہو کہ قادر الکلامی کی کسی منزل پر پہنچے بغیر شاعر کو شروع ہی سے عجز زبان محسوس ہو، اور گو اس کے علم اور تجربے کی بنا پر اس کے دل میں اچھے خیالات اٹھتے ہوں مگر وہ اُن کے بیان کرنے پر قادر نہ ہو،

تو ایسے شاعر کو پوری طرح کامیاب ہونے سے ناامید ہو جانا چاہیئے۔

دوسرے سوال کی حد تک میرا خیال ہے کہ شاعری اپنی جبلت اور فطرت کے اعتبار سے ایک "معجزہ شرح وبیان" ہوتی ہے۔ جس طرح فطرت بچے کو بولنے کی صلاحیت عطا کرتی ہے اسی طرح شاعر اور حسن کار اپنے کمالات کے اظہار میں معجزے دکھانا سیکھتا ہے۔ بعض وقت وہ سادہ الفاظ جو شاعر کے کانپتے ہوئے ہونٹوں سے پورے طور پر ادا نہیں ہوتے، اپنے اندر پیغمبرانہ ارشادات اور تسلیم کا اثر رکھتی ہیں۔ کبھی کبھی شاعر ٹوٹی ہوئی آوازوں میں فطرت کے بہت سے ٹوٹے ہوئے رشتے جوڑ دیتا ہے اور بہت سی ایسی باتیں کہہ جاتا ہے جو اب تک نہیں کہی گئیں۔

مگر جس طرح تیسرا سوال کیا گیا، اظہار کی حدیں متعین نہیں ہو سکتیں۔ جس طرح ہربرٹ ریڈ کا خیال ہے "آرٹ فطرت کے اطراف ایک ڈالتا اور ایک باریک خط کھینچتا ہے" یہ تو ممکن ہے کہ آرٹ ۔۔۔ خصوصاً شاعری کی حد تک شاعر کے اظہار کمال میں ایک مرکزیت، ایک تعین ہو، لیکن جس طرح زندگی متعین ہونے کے باوجود غیر محدود ہے، اسی طرح آرٹ بھی متعین ہونے کے باوجود اپنے کوئی نمایاں ساحل نہیں رکھتا۔

شعر کا نزول شاعر کے لئے بڑا نازک ہوتا ہے، ایسے وقت مناسب ہے کہ شعر کو ذوق، تخیل، اور جوش کی مرضی پر چھوڑ دیا جائے تاکہ وہ جس سانچے میں چاہیں جذبے کو ڈھال لیں۔ یہی فطری شاعری ہے۔ البتہ چند احتیاطیں ضروری ہیں جو ہر آرٹ کی ابتدائی شرطیں ہوا کرتی ہیں۔

آج سے پچاس سال پیشتر تک ہماری اردو شاعری میں "شرح وبیان" کے مدارس خیل بہت بااثر تھے۔ اب انکی گرفت بتدریج کم ہوتی جارہی ہے اور لوگ خیالات کی اہمیت پر غور کرنے لگے ہیں۔ مگر جیسا کہ اس سے قبل کہا گیا، ہماری شاعری خیالات سے زیادہ زبان کی وادی میں گھومتی ہے، اور بہت سے شاعر احتیاط زبان کے چکر میں پڑ کے اور حسین خیالات سے محروم ہو جاتے ہیں۔ کاش شاعر کی قوت "شرح وبیان" اور اسکی فطرت پر اعتماد رکھتے ہوئے جسے میں نے معجزے سے تعبیر کیا ہے، لوگ شاعری کے مسلک کی طرف توجہ فرمائیں، جب شاعری ایک مشرب، ایک تخلیق ایک اتفاق، اور ایک پوجا بن جائیگی تو وہ دن دور نہیں کہ شرح وبیان کا معجزہ ہماری زبان اور ہمارے ادب کو اس مقام پر کھڑا کر سکے گا جہاں لقمول میاتھیو آرنلڈ ہماری قوم کو آسانی کے ساتھ "یقین اور اعتماد کی جائے پناہ مل سکے گی۔

محمد عبدالقیوم خان باقی

بیسویں صدی

شوخ، چنچل، بے ادب، گستاخ، تیز
بے نیاز، آزاد اک روحِ گریز

بھاگتی ہے محفلِ اوہام سے
کھیلتی ہے اپنے صبح و شام سے

اک رعونت، اک خوشی، اک بانکپن
بزمِ رنداں، سرکشی کی انجمن

زلزلہ، طوفان، بھونچال اور آگ
رینگتا ہو جیسے اک زہریلا ناگ

خوف سے لرزاں نگاہوں سے ایاغ
پھونک سے بجھتے ہوئے دل کے چراغ

موت کو رنگین شعلوں میں چھپائے
برق کو شیشے کے سینے میں دبائے

شادماں روحِ عناصر دیکھ کر
مست، زہر آلود ساغر دیکھ کر

شعبدہ گر خونِ موجودات کی
پینے والی تلخیٔ آفات کی

ایک روشن آگ، اک کالا دھواں
ایک شورِ ہولناکِ آسماں

ایک ٹیڑھی چال، اک ٹیڑھی نگاہ
جھوٹ اور سچ کا سنہری اشتباہ

مصلحت اور غور سے ناآشنا
باادب محفل میں اونچا قہقہہ

خشک پتے، سوکھی ڈالی کی زباں
نغمۂ غم بلبلِ بے آشیاں

چیل اور کوّوں کا غم کھاتی ہوئی
رقصِ قمری سے گذر جاتی ہوئی

علم کی مشعل کھنڈر میں لے چلے
یا کبھی نورِ سحر میں لے چلے

چاند کو ٹھوکر سے شرماتی ہوئی
پستیوں کو اوج پر لاتی ہوئی

ایک بھوت آوارہ گورستان میں
ایک روحِ شوق کوہستان میں

اک گنہ، اِک بے نیازی، ایک بھول
آیتہ فی النّار کی شانِ نزول

ایک کُہرپی، ایک کمبل، اک کُدال
ذوقِ آزادی کی روحِ بے مثال

رُعبِ دولت خون کھولاتا ہوا
نازِ ہستی آگ برساتا ہوا

آنکھ کے ڈوروں میں خونِ انتقام
ہیچ نظروں میں خداؤں کے غلام

سرزمینِ آسماں سے اک ٹھٹھول
ایک حرفِ شوخ، اک گستاخ بول

لذتِ وہم و گمان کے سامنے
خالقِ کون و مکان کے سامنے

برق ہے ہر خرمنِ خاموش پر
ناز فرماتی ہے عقل و ہوش پر

کیا بتاؤں اُس کا کیا پیغام ہے
کیا بتاؤں اس کا کیا انجام ہے

باقی

علمیات
یا
نظریۂ علم

تعریف

علمیات (اپسٹمالوجی مرکب ہے دو یونانی الفاظ سے، اپسٹیم = علم، لوگاس = نظریہ یعنی نظریۂ علم) کا لفظ پہلی مرتبہ اسکاٹ لینڈ کے ایک فلسفی جی لیف فری آر (۱۸۰۸ء تا ۱۸۶۴ء) اپنی تصنیف Institutes of Metaphysics میں استعمال کیا۔ کسی حریف نے اس کی تعریف یوں کی ہے "یہ وہ علم ہے جو ہمیں یہ علم بخشتا ہے کہ کونسا علم علم ہے"۔ خود "علمیات" ہی کے لفظ سے یہ مفہوم ذہن نشین ہوتا ہے کہ یہاں بحث علم کے متعلق ہوتی ہے۔ اسی مفہوم کو زیادہ دقت نظری اور وضاحت کے ساتھ ہم اس طرح بیان کر سکتے ہیں کہ "علمیات[1] فلسفہ کا وہ شعبہ ہے جس کا دائرہ علم کی ماہیت اور اس کی ساخت کی تحقیق و تدقیق ہے؛ اس تحقیق کی غایت یہ ہوتی ہے کہ علم کے امکان کے شرائط اور اس کی قدر و قیمت و صحت کا تعین کیا جائے کیونکہ علم حقیقت کی ماہیت اور اس کے اضافات کا اظہار ہوتا ہے" (ڈاس یکس) بالفاظ[2] دیگر علمیات علم کی اصل و ابتدا، ماہیت اور اس کے حدود کے متعلق تحقیق کا نام ہے (پرنگل پاٹیسن)

علم کے لفظ پر تھوڑی دیر غور کرنے سے تمہیں دو امتیازات صاف طور پر نظر آئیں گے۔ ایک تو خود جاننے کا باطنی یا ذہنی عمل، دوسرے وہ خارجی دنیا جس کی طرف یہ عمل راجع ہے! جاننے ہی میں یہ امتیازات ایک ساتھ ایک قسم کی وحدت میں پیش ہو جاتے ہیں۔ جاننے کے اس عمل کا نتیجہ صداقت کا حصول ہوتا ہے۔ ان

---

[1] دیکھو انسیکلوپیڈیا برٹانیکا، تھیوری آف نالج [2] دیکھو ڈکشنری آف فلاسفی اینڈ سیکالوجی، اپسٹمالوجی

امتیازات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تحقیق کے تین مختلف دائرے ہیں (۱) اس ذہنی عمل کے ساخت کی تحقیق جس کو علم کہتے ہیں ـــــ یہ نفسیات کا دائرہ ہے۔

(۲) خارجی دنیا کی اشیاء کی خصوصیات کی تحقیق ـــــ یہ علوم نظریہ کا دائرہ ہے۔

(۳) صداقت کی ماہیت کی تحقیق، وہ صداقت جو ذہن اور واقعات سے جدا ہے گو ذہن اور واقعات کے "متعلق" ضرور ہے ـــــ یہ نظریہ علم و منطق کا دائرہ ہے

یہاں ہماری بحث نہ نفسیات سے ہے نہ علوم نظریہ سے بلکہ علمیات سے۔ نفسیات واقعات ذہنی سے بحث کرتی ہے۔ اس کو ان خارجی اشیاء سے دلچسپی نہیں جو مفہوم ہوتی ہیں۔ اس کے برخلاف علمیات کا اس مسئلہ سے تعلق ہے کہ ذہن کا ایک فعل ہمیں خارجی دنیا کا کس طرح علم بخش سکتا ہے اور وہ کیا شرائط ہیں جن کی پابندی کی وجہ سے یہ فعل دنیا کا صحت و صداقت کے ساتھ اظہار کر سکتا ہے۔ بالفاظ دیگر علمیات، علم اور عالم سے اسی صورت میں بحث کرتی ہے جب کہ ان کا تعلق "معلوم" سے ہوتا ہے اور وہ یہ دریافت کرنا چاہتی کہ کیا علم خارجی حقیقت (معلوم) کا صحیح بیان ہے اور کن شرائط کے تحت یہ علم صحیح علم کہلایا جا سکتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ علمیات خود خارجی حقیقت (یا معلوم) کی ماہیت دریافت نہیں کرتی جو "وجودیات" کا کام ہے جو فلسفہ کا ایک مستقل شعبہ ہے۔ یہ علم کی اصل و ابتداء اس کے ماخذ، اس کی صداقت و صحت کے معیارات سے بحث کرتی ہے۔

یوں تو یونان قدیم کے محول فلاسفہ ـــــ جیسے سوفسطائیہ، فلاطون، ارسطو، رواقیہ و ابیخوریہ ـــــ نے اُن مسائل پر ضرور اپنی توجہ مبذول کی تھی جو اب علمیاتی مسائل کہلاتے ہیں تاہم جس فلسفی نے اوّل مرتبہ ان مسائل پر تنقیدی طور پر تفصیل سے غور کیا اور ان کا حل فراہم کرنے کی کوشش کی، وہ سترہویں صدی مسیحی کا انگریز فلسفی جان لاک ہے (۱۶۳۲ء تا ۱۷۰۴ء) جس نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب "An Essay concerning human Understanding" کو بیس سال کے غور و فکر کے بعد ۱۶۹۰ء میں شائع کیا۔ لاک اس کتاب کے مقدمہ میں کہتا ہے کہ ایک روز کا اتفاق ہے کہ پانچ چھ دوست اس کے مکان پر جمع تھے اور فلسفیانہ مسائل پر بحث ہو رہی تھی۔ انہوں نے بہت جلد محسوس کر لیا کہ بحث کی ابتداء تو حیرانی سے ہوئی تھی لیکن حاصل بہی ضیق و پریشانی کے سوا کچھ نہیں، کوئی تشفی بخش نتیجہ ہاتھ نہیں لگتا اور فلسفیوں کے "نکتہ ہائے دقیق" سے "علاج ضعف یقین" حاصل نہیں ہوتا۔ لاک کے ذہن میں آیا کہ

کیا اس کی وجہ یہ تو نہیں کہ ہم نے راستہ ہی غلط اختیار کیا ہے ؟ ان سوالات پر بحث کرنے کے پہلے کیا یہ ضروری نہیں کہ "ہم اپنی قابلیتوں کا امتحان کرلیں اور دیکھیں کہ ہماری فہم کن چیزوں کے سمجھنے کے قابل اور کن چیزوں کے سمجھنے کے قابل نہیں"۔

اس روز سے بیس سال تک لاک نے غور کیا کہ کیا ذہن انسانی فلسفہ کے دقیق مسائل کو حل کرنے کے قابل بھی ہے ؟ کیا "عقل کی تقدیر میں حضور" ہے ؟ یعنی کیا انسان کوئی ایسا ملکہ علمی رکھتا ہے جو تجربہ کے واقعات سے اس کو ماورا لیجاتا ہے اور 'حقیقت' کے حضور میں پیش کردیتا ہے' اگر کوئی ایسی حقیقت کا وجود بھی ہو ؟ کیا یہ خیال صحیح ہے کہ

علم کی حد سے پرے بندۂ مومن کے لئے لذتِ شوق بھی ہے نعمتِ دیدار بھی ہے

کیا ہماری عقل جس کو زمانہ مشعل راہ سمجھا ہوا ہے حواس کے اکتشافات تک محدود نہیں اور کیا حواس سے ہمیں حقائق کا علم ہوتا ہے یا ہم محض مظاہر ہی کی حد تک محدود رہتے ہیں ؟

کیا ہمیں اس بات کا یقین ہوسکتا ہے کہ کوئی خارجی مستقل بالذات دنیا کا وجود بھی پایا جاتا ہے ؟ کیا ایسا تو نہیں کہ حواس سے جن مظاہر کا ہمیں علم ہو رہا ہے وہ محض ہمارے ہی ذہن کی بنائی ہوئی شکلیں ہوں' ہمارے ہی ذہن کے تصورات ؟

غرض لاک کی اس کتاب میں اسی قبیل کے مسائل نہایت جرأت کے ساتھ اٹھائے گئے ہیں' عالمانہ شان سے ان کا مطالعہ کیا گیا ہے' اور بالاستیعاب ان پر بحث کی گئی ہے اسی لئے ہم لاک کو علمیات کا بانی قرار دیتے ہیں گو زمانہ ماضی میں بھی ان مسائل پر کچھ نہ کچھ کسی نہ کسی نے ضرور کہا تھا۔

علمیاتی مسائل :- علمیات میں تین اہم مسائل سے بحث کیجاتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ انہیں ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جاسکتا۔ علم کا کوئی اہم مسئلہ اس کے دوسرے اہم مسائل سے علیحدہ نہیں کیا جاسکتا یہ ایک دوسرے پر مبنی اور ایک دوسرے کے محتاج ہوتے ہیں' یعنی ایک پر بحث کرنے میں دوسروں پر بھی بحث کرنی پڑتی ہے۔ اور ایک مسئلہ کے متعلق ہمارا جو نقطۂ نظر ہوگا وہی بڑی حد تک دوسرے مسائل کے متعلق بھی ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم فلسفہ میں حقیقت کے متعلق ایک ایسا تصور حاصل کرنا چاہتے ہیں جو وحدت رکھتا ہو۔ اس لئے ہمارے مختلف نظریات میں ایک قسم کا توافق ضروری ہے۔ بہرحال بحث و تمحیص کی خاطر ہم علمیات کے

ان تین مسائل میں امتیاز قائم کرسکتے ہیں۔

(۱) علم کے ماخذ کیا ہیں؟ علم اکتسابی ہے یا حضوری؟ یہیں ہمیں علم کی ماہیت بھی سمجھ میں آتی ہے۔

(۲) علم کا حقیقت سے کیا تعلق ہے؟ عالم وجود میں علم کا کیا مرتبہ ہے؟ شئے معلوم مادی ہے یا ذہنی یا دونوں، یعنی شئے معلوم شعور میں وجود رکھتی ہے یا خارج میں؟ جب ہمیں کسی شئے کا تجربہ ہوتا ہے تو کیا ہمیں اس شئے کا براہ راست علم ہوتا ہے یا اس حقیقی شئے کی محض ایک شبیہ یا نقل کا؟

(۳) علم کے معیارات کیا ہیں؟ صداقت و کذب کے امتیاز کی کسوٹی کیا ہے؟

ان ہی مسائل پر پلیس بحث ذیل میں کی جاتی ہے ع ہشدار کہ راہ خود بخود گم نکنی

ماخذ علم

علم انسانی کے ماخذ کیا ہیں؟ انسان علم کس طرح حاصل کرتا ہے؟ کیا یہ تجربہ سے حاصل ہوتا ہے، اس طرح یہ حصولی و اکتسابی ہے، یا اس کا مبدء و ماخذ تجربہ نہیں بلکہ عقل ہے، اس طرح یہ وہبی و حضوری ہے؟ یا یہ حصولی بھی ہے اور حضوری بھی؟ کیا علم بغیر ہماری کوشش کے بدیہی طور پر قابل حصول ہے یا ہمیں اس کے لئے رفتہ رفتہ جدوجہد کرنی پڑتی ہے؟ یہ ہیں وہ سوالات جو ماخذ علم کے مسئلہ کے تحت بحث میں آتے ہیں۔ اور یہ مسئلہ محض علمی دلچسپی ہی نہیں رکھتا۔ کیونکہ جب تک کہ علم انسانی کے ماخذ و مبادی کا ہمیں صریح و صاف طور پر وقوف نہیں ہوجاتا اس وقت تک یہ سوال کہ کیا مذہب کی توثیق کسی فوق الفطرت اقتدار و حکم سے ہوتی ہے یا محض خود اس کی افادیت کی وجہ سے؟ یا یہ سوال کہ آیا اخلاقی معیارات مطلق ہونے چاہئیں یا اضافی؟ یا پھر یہ سوال کہ آیا اشرافیت بہتر سیاسی نظام ہے یا جمہوریت؟ ــــ اور اسی قبیل کے دوسرے سوالات ہرگز حل نہیں ہوسکتے اور ان سوالات کے عملی ہونے میں کس کو شک ہوسکتا ہے؟ انسان کا عمل تابع ہوتا ہے اس کے یقین کا، اعمال عادت کی بنا ڈالتے ہیں، مجموعۂ عادات ہی کو سیرت کہا جاتا ہے اور انسان کی سیرت ہی اس کی تقدیر ہے! لہٰذا اگر ہمیں انسان کے اعمال، عادات و سیرت کو اچھی طرح سمجھنا ہو تو ہمیں اس کے تیقنات کی ماہیت کا اچھی طرح علم حاصل کرنا چاہئے۔ تیقنات کی ماہیت کا سوال علم کے ماخذ کا ہی سوال ہے۔

ماخذِ علم کے مسئلہ کے متعلق تاریخ فلسفہ میں ہمیں تین مختلف نظرے ملتے ہیں:

(۱) تجربیت (امپری سزم)
(۲) عقلیت (رشنلزم)
(۳) سرّیت یا تصوف (مسٹسزم)

ان ہی تین نظریوں کا ہم یہاں اختصار کے ساتھ ذکر کریں گے۔

(۱) عقلیت

ہم میں سے ہر ایک ذی علم ہے۔ بعض کا علم تھوڑا ہے بعض کا زیادہ "فوق کل ذی علم علیم"۔ علم کا ذخیرہ بے پایاں ہوسکتا ہے، عالم خارجی کا علم، اصول ریاضی کا علم، صواب و خطا کا علم، صداقت، خیر و حسن کا علم، غرض "انفس" و "آفاق" کا علم ہم میں سے ہر ایک کو کچھ نہ کچھ ضرور حاصل ہے، صحیح ہو یا غلط، اس کی اس وقت بحث نہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ ہمارے علم کا یہ ذخیرہ کس طرح حاصل ہوا؟

فہم عام تو اس کا جواب یہی دیتی ہے کہ اشیاء کے متعلق ہمارا علم تجربہ حواس سے حاصل ہوتا ہے (تجربیت) لیکن فلسفہ کا ہمیشہ یہ دعوی رہا ہے کہ وہ تجربہ کی پیداوار نہیں بلکہ فکر یا عقل کی، اور یہی عقلیت ہے۔

یونان قدیم کے تمام اکابر فلاسفہ اس خیال میں متفق ہیں۔ ہرقلیتوس حواس کو ناقابل اعتبار قرار دیتا ہے۔ "آنکھ اور کان انسان کے بُرے گواہ ہیں" اس کے نزدیک وہی لوگ حواس کی شہادت سے کچھ سیکھ سکتے ہیں جو اس کی توجیہ فکر تنقیدی کے ذریعہ کرسکتے ہیں۔ الیائیہ تو حواس کے ذریعہ حاصل شدہ علم کو محض "ظنی" چیز قرار دیتے ہیں اور ان کے نزدیک صداقت کے علم کا مبدا عقل ہی قرار پاتی ہے۔ حواس ہمیں دھوکے میں مبتلا کرتے ہیں۔ حواس کی یہ دنیا جس میں کثرت و تعدد، تجدد و تنوع، تغیر و حرکت ناقابل انکار حقائق نظر آتے ہیں محض التباس ہے، دھوکا ہے، ظہور ہے، نمود بے بود ہے۔ حقیقت کا علم محض عقل ہی سے حاصل ہوسکتا ہے، وہی "راہ حق" کی ہدایت کرسکتی ہے۔ اسی طرح ہیرقلیطس اور افلاطون دونوں کا اس امر پر اتفاق ہے کہ عقل، نہ کہ حواس، صداقت کی طرف رہبری کرتی ہے۔ حواس نہ ذرات، ہی کو دیکھ سکتے ہیں نہ تصورات، کو، عقل ہی کی آنکھ ان کا معائنہ کرسکتی ہے وہی مظاہر کے حجابات میں سے گزر کر حقیقت کے حضور میں پہنچ سکتی ہے۔ حواس کی "تقدیر میں حضور نہیں"۔

اسی طرح فلسفۂ جدید کے عظیم الشان نظامات بھی اپنی علمیات میں عقلیت پسند ہیں۔ مثال کے طور پر ڈیکارٹ، ھابس، اسپنوزا، اور لائبنٹز کو لو۔ ان کا نقطۂ آغاز ریاضیات ہے۔ وہ فلسفہ اور علوم فطریہ پر ریاضیات کے طریقے منطبق کرنا چاہتے ہیں۔ ریاضیات کا تعلق تجربہ حواس سے نہیں، تعقلات و تصورات سے ہوتا ہے جو عقل کی پیداوار ہیں۔

اس بیان سے ظاہر ہے کہ عقلیت نظریہ علم کی اولیں شکل ہے۔ زمانہ قدیم و جدید کے عظیم الشان نظامات فکر نے اس کو اپنے دعوی کی تائید میں پیش کیا۔ تجربیت بعد کی پیداوار ہے، یہ مابعد الطبیعیاتی نظامات اور ان کی علمیات کی تنقید کے طور پر پیدا ہوئی ہے۔

عقلیت کے مفہوم کی کامل توضیح کے لئے ہم فلاطون۔ ڈیکارٹ، اسپنوزا اور کانٹ کی عقلیت کا کسی قدر تفصیل کے ساتھ ذکر کریں گے۔ صرف اسی قدر تفصیل ہوگی جتنی کہ فہم مضمون کے لئے ضروری ہو۔

افلاطون کی عقلیت

پاولسن[۵] افلاطون کی عقلیت کو "مابعد الطبیعیاتی عقلیت" کہتا ہے، ہیگل کا نظام فکر بھی اسی نام سے یاد کیا گیا ہے۔

افلاطون کا ایقان تھا کہ حواس کا یہ خارجی عالم حقیقی نہیں۔ حقیقت جس کی فلسفی کو تلاش ہوتی ہے تصورات کا ایک خارجی نظام ہے جو ذہن انسانی سے مستقل و غیر محتاج طور پر پایا جاتا ہے۔ انسان کو اس کا علم کس طرح حاصل ہوتا ہے؟ حواس کو نظر انداز کرنے سے۔ کیونکہ تصورات کا علم حواس کو ہرگز نہیں ہو سکتا، ان کا علم ذہن ہی کو ہو سکتا ہے جو ابتدا ہی سے ان کا علم رکھتا ہے، وہبی طور پر اپنے ساتھ لاتا ہے۔ فلاطون صرف فلسفی ہی نہیں بلکہ شاعر بھی تھا، اس نے اپنے فلسفیانہ خیالات کو شاعرانہ لباس میں پیش کیا ہے بعض دفعہ صنمیاتی طریقہ پر اور ہمیشہ صوفیانہ انداز میں تصورات کے علم کو "حافظہ" سے تعبیر کرتا ہے جو حواس کا عطا کردہ نہیں بلکہ گزشتہ زندگی سے موجودہ زندگی میں ساتھ لائی ہوئی چیز ہے۔ قصہ یہ ہے کہ انسان کی روح اس خاکدان عالم میں جلوہ افروز ہونے کے پہلے عالم مثال میں

---

[۵] دیکھو فریڈرش پاولسن کی کتاب مقدمہ فلسفہ صفحہ ۳۸۰

تصورات کا نظارہ کر رہی تھی۔ وہ ان کے حضور میں تھی، مشاہدۂ عینی میں مصروف تھی۔ جب اس کو عالم حواس کے سیر کی خواہش پیدا ہوئی تو اس کو ایک مادی جسم کے قفس میں محبوس کر دیا گیا اور اجازتِ سفر دی گئی۔ مادی جسم میں مقید ہو کر روح کی قوت علمی میں تاریکی پیدا ہو گئی۔ مادّہ کے لوازمات حسّی خواہشات وجذبات ہیں، ان ہی کی وجہ سے تصورات کے ادراک میں ظلمت و اختلال پیدا ہوتا ہے ع حجاب چہرۂ جان میشود غبار تنم! فلاطون نے اس کیفیت کو ایک تشبیہ کے ذریعہ ظاہر کیا ہے۔ ریپلک (جمہوریت) میں وہ کہتا ہے کہ فرض کرو کچھ انسان ایک غار میں بیٹھے ہیں، اس حالت میں کہ ان کے پیر اور ان کی گردنیں زنجیر سے بندھی ہیں اور ان کی پشت روشنی کی طرف ہے، انہیں سوائے ان پرچھائیوں کے اور کچھ نظر نہیں آتا جو غار کے دہانہ کے سامنے سے گزرنے والی چیزیں ڈال رہی ہیں! یہی حالت انسان کی روح کی ہے جو جسم کے غار میں مقید ہے اور انہیں پرچھائیوں کو دیکھ سکتی ہے جو گزرنے والی چیزیں منافذ جسم (آنکھ، کان، وغیرہ) کے ذریعہ ڈال رہی ہیں[1]۔

اس طرح جسم میں رہ کر انسانی روح حواس کے ذریعہ حقائق کا ادراک نہیں کر سکتی! فلاطون کا نظریہ علم حواس کی اہمیت کا صاف انکار ہے۔ حواس سے کسی طرح حقیقی علم حاصل نہیں ہو سکتا۔ پھر ہوتا کیسے ہے؟ عقل سے۔ بغیر حواس کے مواد فراہم کرنے کے عقل کو تصورات کیسے حاصل ہوئے؟ اس طرح کہ ہماری موجودہ زندگی کی ابتدا اسی دنیا میں نہیں ہوئی ہم ایک دوسرے عالم قدس کے باشندے ہیں، وہاں ہم نے حقائق کا بالمواجہ مشاہدہ کیا تھا پھر اس سراپا ترکیب میں "تختہ بندِ تن" ہوئے۔ اس زندگی کی یاد اب بھی کچھ باقی ہے۔ علم ان ہی گذشتہ کی دیکھی ہوئی چیزوں کی یاد ہے، حافظہ ہے (Thory of Reminiscence or Anamnesis) یہ یاد کس طرح تازہ ہوتی ہے؟ عالم حواس کی چیزیں تصورات (حقائق) کے اشباح و نقول ہیں، مماثلت بعیدہ سے ہی روح میں اصل کی یاد تازہ ہو سکتی ہے، تصورات کی محبت (Eros) جاگ سکتی ہے اور اس طرح روح کو حقیقت حقہ کا علم حاصل ہوتا ہے۔

یہاں فلسفہ کتنا ہے اور شاعری کتنی، یہ کہنا مشکل ہے۔ لیکن فلاطون کے 'مکالمات' سے ہم کو "وہبی تصورات" کی صریح تعلیم ملتی ہے یعنی یہ تعلیم کہ جب ذہن دنیا میں پیدا ہوتا ہے تو اپنی ذات ہی میں علم کے

[1] دیکھو ریپلک (ایوری مین سیریس ص ۲۰۷ وغیرہ

حصول کے بعض ذرائع لے آتا ہے۔ "وہبی" کا لفظ افلاطون استعمال نہیں کرتا لیکن اس کی تعلیم ضرور دیتا ہے (وہبی تصورات کے نظریہ کے متعلق تم ڈیکارٹ، لائبنز، لاک میں بہت زیادہ پڑھو گے) اس کی مزید توضیح کے لئے ایک مثال پر غور کرو۔ ہم کسی شخص کو انصاف پسند یا ظالم اس وقت تک نہیں کہہ سکتے جب تک کہ ہم کو انصاف کا ایک تصور یا تعقل اول ہی سے حاصل نہیں ہوتا، یعنی جب تک کہ ہمیں انصاف کا علم نہیں ہوتا؟ جب ہمیں انصاف کا علم ہوتا ہے تو اسی وقت ہم حکم لگا سکتے ہیں کہ ایک شخص انصاف پسند کیوں ہے اور دوسرا ظالم کیوں۔ اب تصورات (مثلاً انصاف یا عدل وغیرہ) کا علم تجربہ سے حاصل نہیں ہوتا، یہ جزئیات یا (عدل کی جزئی مثالوں) سے ماخوذ و مستفاد نہیں۔ تصورات کا علم وہبی طور پر مخفی و پوشیدہ طور پر روح انسانی میں پہلے ہی سے موجود ہوتا ہے جس کو تجربہ کی جزئیات بیدار کرتی ہیں، ظاہر و مبرہن کرتی ہیں، جگاتی اور شعور میں لے آتی ہیں۔ جب تصور جاگ اُٹھتا ہے تو دوسرے تصورات بھی اس سے مستخرج کئے جا سکتے ہیں۔ پھر ان کے تضمنات یا معانی پیدا ہوتے ہیں اور اس طرح ہمیں نیا اور یقینی علم حاصل ہوتا ہے۔ اسی لئے کہا جا سکتا ہے کہ انسان تمام اشیاء کا معیار ہے، تمام صداقت کا معیار ہے، کیونکہ اس کی روح میں بعض کلیات یا تصورات و تعقلات ابتدا ہی سے مخفی و مستور ہیں جو اس کے تمام علم کا نقطۂ آغاز قرار پاتے ہیں۔ اسی خیال کو شاعرانہ انداز میں اوپر اس طرح ادا کیا گیا ہے کہ اس زندگی سے قبل روح نے تصورات کا بالمواجہ مشاہدہ کیا ہے، اور اسی لئے اس کو ان کا علم حاصل ہے، یہ حواس سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ ہاں جگایا جا سکتا ہے۔ اس طرح سارا علم "وہبی" قرار پاتا ہے، تجربہ حواس اس کا ماخذ و مبدء نہیں۔ کما قلنا آلان۔

ریاضیاتی عقلیت

عقلیت کی دوسری شکل سترھویں صدی مسیحی کی عقلیت ہے جس کو پاولسن "ریاضیاتی عقلیت" کہتا ہے۔ اس کے نمایندوں میں خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ڈیکارٹ، اسپنوزا اور لائبنز ہیں۔ ان عظیم المرتبت فلسفیوں کی زندگی اس دور میں گذری ہے جب کہ ریاضیات و میکانیات کی ترقی کا ستارہ اوج پر تھا۔ ان علوم کا استخراجی طریقہ ان مفکرین کو ایک کامل طریقہ نظر آتا تھا۔ چنانچہ ان کی "عقلیت" کا یہی دعوی تھا کہ تمام علوم (سائنس) اور خصوصاً علوم فطریہ کو ریاضیات کا طریقہ اختیار کرنا چاہئے۔ اقلیدس پر غور کرو۔ یہ ایک عقلی و برہانی علم ہے جس کا استخراج چند اصول مسلمہ سے ہوتا ہے۔ یہاں ہم چند اصول متعارفہ و تعریفات سے شروع کرتے ہیں اور تمام قضایا کا

ان ہی سے استخراج کرتے ہیں۔ علم اسی وقت حکمتاً یا حقیقی علم کہلاتا ہے جب اس کا انتاج چند اساسی اصول سے ہوتا ہے۔ تمام علوم کو یہی ریاضیاتی طریقہ استعمال کرنا چاہیئے۔

ڈیکارٹ اور ہابس کا اسی بنیادی مفروضہ پر اتفاق ہے؛ اسپنوزا نے اس کو اپنی اخلاقیات پر منطبق کرنے کی کوشش کی لائبنیز نے چند تنقیدات کی تحت اس کو قبول کیا۔

"ڈیکارٹ کی عقلیت"

ڈیکارٹ (۱۵۹۶ء تا ۱۶۵۰ء) نے کوئی تفصیلی نظریہ علم پیش کرنے کی کوشش نہیں کی تاہم جو فلسفیانہ پوزیشن اس نے اختیار کیا تھا اس نے بعد میں آنے والے مفکرین کو کافی متاثر کیا۔ افلاطون کی طرح اس لئے بھی حواس علم کی ضد ہیں، انہیں محض دھوکہ اور التباس سمجھ کر نظر انداز کرنا چاہیئے۔ وہ وہبی 'تصورات' کے وجود کو مانتا ہے۔ لیکن اس کے وہ معنی نہیں لیتا جو افلاطون نے لئے تھے۔ وہ افلاطون کی طرح اس چیز کا قائل نہیں کہ اس زندگی کے پہلے روح نے تصورات کا مشاہدہ کیا تھا اور ان ہی کی یاد پر حقیقی علم مشتمل ہوتا ہے۔ ڈیکارٹ نے تمام ذہنی حالات کو تین قسم کے تصورات میں تقسیم کیا ہے۔ (۱) وہبی تصورات

(۲) وہ تصورات جو خارج سے ماخوذ و مستفاد ہیں (محسوسات)

(۳) وہ تصورات جو ذہن کے آفریدہ ہیں مثلاً شاعرانہ تخیلات

علاوہ محسوسات و شاعرانہ تخیلات کے ڈیکارٹ وہبی تصورات کو مانتا ہے جو نہ خارج سے ماخوذ و مستفاد ہیں اور نہ ذہن کے آفریدہ ہیں بلکہ خود روح کی فطرت و جبلت میں ابتدا ہی سے پائے جاتے ہیں اور انہیں تجربہ کی تصدیق کی ضرورت نہیں ہوتی۔ دیکھو ریاضیات سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔ مثلاً تعریفات اور اصول متعارفہ سے اقلیدس کی ابتدا ہوتی ہے ان کی صداقت مشاہدہ اور ادراک پر مبنی نہیں ہوتی۔ یہ تعریفات ایسے تصورات پر مشتمل ہوتی ہیں جنہیں فہم انسانی غیر مشروط طریقہ پر مان لیتی ہے، تجربہ کی کسوٹی پر پرکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔ مثلاً جب ذہن دائرہ یا مماس کی تعریف کرتا ہے تو وہ ادراک حسی کے زیر ہدایت نہیں کرتا، کیونکہ خارجی دنیا میں کامل دائرہ کا وجود ہی نہیں پایا جاتا جس کا ادراک ہو سکے۔ لہٰذا اصول متعارفہ وہ قضایا ہیں جن کی تصدیق تجربہ سے نہیں کی جاتی بلکہ عقل جوں ہی ان کو سمجھ لیتی ہے ان کے بدیہی ہونے کا اقرار کرتی ہے۔

اب حقیقی علم ہمیشہ یہی صورت اختیار کرتا ہے۔ طبیعیات کے متعلق یہ بات خصوصیت کے ساتھ صحیح ہے جو بالآخر ریاضیات کی ایک شاخ ہی قرار دی جاسکتی ہے۔ ڈیکارٹ کا فلسفہ دراصل ایک ایسا نظامِ فکر ہے جو خالص ریاضیاتی طبیعیات کے امکان کو ثابت کرنا چاہتا ہے۔ چنانچہ وہ جسم کی ماہیئت امتداد قرار دیتا ہے۔ "جسم ایک ممتد شئی ہے" یہ ایک ریاضیاتی تعریف ہے جو زاویہ یا دائرہ کی تعریف کے مانند ہے۔ یہی بات ذہن کی تعریف کے متعلق صحیح ہے کہ "ذہن ذی فکر شئے ہے" ان تعریفات کے بعد ڈیکارٹ اُصول متعارفہ کا اضافہ کرتا ہے مثلاً اصول بقائے توانائی کہ حرکت کی مقدار ناقابل تغیر ہے، یا اصول بقائے جوہر کہ مادّہ کی مقدار میں نہ زیادتی ہوسکتی ہے نہ کمی۔ ایسی ہی تعریفات واصول متعارفہ کی بنیاد پر نیچرل سائنس (علوم فطری) میکانیات کے ایک عقلی نظام کے طور پر تعمیر پاتی ہے اور اس کی یہاں وہی قیمت ہے جو اقلیدس میں اس کی ہوتی ہے۔ وہ تصورات و قضایا کی تشکیل کے لئے ابتدائی تہیج کا کام دیتا ہے، لیکن عقلی برہان ہی سے حقیقی و کامل علم کی تشکیل ہوتی ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ قضایا کے ایسے نظام میں جس کا ارتقا باطنی طور پر ہوا ہے، اور حقیقت خارجیہ میں کس طرح تطابق پیدا ہوسکتا ہے؟ ڈیکارٹ اس کا جواب یہ دیتا ہے کہ یہ تعریفات ریاضیاتی تعقلات کے مانند ہیں جو بذاتِ خود صائب ہوتے ہیں اور تجربہ کی تصدیق کے محتاج نہیں۔ اپنے اسی خیال کو اس نے ایک قضیہ کلیہ کی شکل میں اس طرح ادا کیا ہے۔ "جس شئے کا میں غایت وضاحت و صفائی کے ساتھ تصور کرتا ہوں وہ صحیح ہوتی ہے"۔ ہر تصور جو واضح و غیر مشتبہ ہو صائب ہے اور اس کا قابل تصور ہونا ہی اس کے صائب ہونے کی ضمانت ہے اس قضیہ سے اس کے ریاضیاتی ماخذ کا کھلا ثبوت ملتا ہے[1]۔

اسی ریاضیاتی طریقہ کا استعمال اسپنوزا (۱۶۳۲ء تا ۱۶۷۷ء) نے اپنے فلسفیانہ نظام میں نہایت توافق کے ساتھ کیا ہے۔ اس کی مخلوط الذکر تصنیف "اخلاقیات" کہلاتی ہے جس میں ریاضیاتی طریقہ کا نہایت سختی کے ساتھ استعمال ہوا ہے۔ تمام علوم، مابعد الطبیعیات، طبیعیات، علمیات، نفسیات، اخلاقیات جس میں سیاسیات کے اساسی تصورات داخل ہیں — ان تمام پر اقلیدس کے طریقے پر بحث کی گئی ہے۔ ہر کتاب کا آغاز تعریفات واصول متعارفہ سے ہوتا ہے، پھر قضایا، ثبوت، تعریفات، حواشی آتے ہیں۔ اسپنوزا کا سارا فلسفہ ضروری قضایا کا ایک نظام ہے جو ضروری تعقلات و اصول متعارفہ سے مستخرج ہوا ہے۔ یہاں خطا و ریب کی گنجائش نہیں۔

---

[1] دیکھو فریڈرش پاولسن کی کتاب مقدمۂ فلسفہ (انگریزی) صفحہ ۳۸۲ و ۳۸۳۔ اس کتاب کا ترجمہ دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ میں ہو رہا ہے۔

چنانچہ اسپنوزا کہتا ہے ۔

"اب بھی اگر کوئی ایسا شک باقی رہ گیا ہو جو ہماری ابتدائی صداقت اور ان تمام استخراجات پر شک کرتا ہو جو ہم نے اس صداقت کو معیار قرار دے کر حاصل کئے ہیں تو یا تو اس کی حجت خلوص و ایمانداری پر مبنی نہ ہوگی یا پھر ہمیں یہ ماننا پڑے گا کہ بعض ایسے لوگ بھی پائے جاتے ہیں جو یا تو مادر زاد اندھے ہوتے ہیں یا خطاء فہمی کی وجہ نابینا ہو گئے ہیں ..... ایسے لوگوں سے ہمیں علوم کا تذکرہ ہی نہیں کرنا چاہئے.... جب وہ انکار کرتے یا تسلیم کرتے یا تردید کرتے ہیں تو انہیں معلوم تک نہیں ہوتا کہ وہ انکار کر رہے ہیں یا تسلیم کر رہے ہیں یا تردید کر رہے ہیں، انہیں خود چلنے والی کلیں سمجھنا چاہئے جو عقل و فہم سے بالکل معرا ہیں" (اخلاقیات)

اس سوال کا جواب کہ اس عقلی نظام میں اور خارجی حقیقت میں تطابق کس طرح پایا جاتا ہے اسپنوزا کی مابعد الطبیعیات دیتی ہے ۔ اس کی ابتدا جوہر کی تعریف سے ہوتی ہے جس سے مراد وہ شئی ہے " جو اپنی ذات کے قیام اور تصور میں کسی دوسرے شئی کی محتاج نہیں" وہی اول و آخر ہے، اپنی آپ علت ہے، لامحدود ہے، مطلقاً آزاد ہے، انتہائی حقیقت ہے ۔ اس کی صرف دو صفات کا ذہن انسانی کو علم ہوتا ہے گو یہ صفات دراصل نا متناہی ہیں: فکر و امتداد، ان میں متوازیت پائی جاتی ہے، یعنی وہی ایک حقیقت انتہائی یا جوہر اپنا اظہار شئون و احوال کے ایک نظام کے ذریعہ جسم مادی کی دنیا اور فکر کی دنیا میں کر رہا ہے ۔ اسی لئے جو ترتیب و نظام تصوری دنیا میں پایا جاتا ہے مادہ و جسم کی دنیا میں بھی موجود ہے (متوازیت) ثانی الذکر دنیا میں جو چیز علت و معلول کہلاتی ہے اول الذکر دنیا میں متقدم و تالی، اصل میں دونوں ایک ہیں ۔

باقی

غزل

یہ غزل جناب سیمابؔ اکبرآبادی نے جشن یوم جامعہ کے مشاعرہ میں
سنائی تھی جس کے چند منتخب اشعار شائع کئے جا رہے ہیں۔
(ادارہ)

کچھ ہاتھ اُٹھا کے مانگ نہ کچھ آنکھ اُٹھا کے دیکھ
پھر اختیار خاطرِ بے مدعا کے دیکھ

حالِ تباہِ عشق نہ یوں مسکرا کے دیکھ
تیور بدل نہ جائیں مزاجِ وفا کے دیکھ

یہ سرخوشیٔ فکر، یہ سرشاریٔ خیال
کس عالمِ خودی میں ہیں بندے خدا کے دیکھ

آ، میں دکھاؤں عرش کو چھوتے ہیں کس طرح؟
ہیں تیرے دل پہ ہاتھ میری التجا کے دیکھ

مشروط بہرِ سجدہ نہیں آستانِ غیر
اپنے ہی در پہ اپنی جبیں آزما کے دیکھ

نکلے گا وہ کبھی تو حجابِ مجاز سے
دھوکا کوئی ادا ہے تو دھوکا بھی کھا کے دیکھ

سُنتے ہیں علم و فن کی وہاں قدر ہے ابھی
سیمابؔ ایک بار دکن تو بھی جا کے دیکھ

سیمابؔ اکبرآبادی

گولکنڈہ کا تمدن

اس چھوٹے سے مضمون میں گولکنڈہ کے وسیع تمدن پر قلم اٹھانا آسان نہیں ہے گولکنڈہ کی بڑی تاریخ ہے جو دو سو سال کے وسیع زمانہ پر پھیلی ہوئی ہے اور اس میں عروج و زوال کے کئی مدوجزر ہوئے۔ اندرونی اور بیرونی اقوام کا امتزاج ہوا۔ ظاہر ہے کہ تمدن انہیں چیزوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ قطب شاہوں نے اس سرزمین میں جو تمدن پیدا کیا تھا وہ دو سو سالہ کدو کاوش کا نتیجہ تھا۔ اور اس کے بہت سے عناصر تھے اس میں تلنگی زبان کی خدمت اور مقامی روایات کی نگہداشت اور مذہبی رواداری اور رعایا پروری نیز نظم و نسق اور شہر و عمارات کی تعمیر اور انکی آبادی شامل ہے۔ اس میں ہر عنصر کافی بحث اور وضاحت کا طالب ہے۔ یہاں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ ہر عنصر پر پوری بحث کی جائے صرف ایک سرسری خاکہ پر اکتفا کی جائیگی۔

اگرچہ اس سلطنت کے بانی ایران سے آئے تھے اور ظاہر ہے کہ ان کے ساتھ ایران اور توران کے تمدنی اثرات ضرور آئے ہوں گے لیکن عجیب بات یہ ہے کہ ان لوگوں نے اپنے آپ کو اس سرزمین کے ساتھ پیوست کر دیا جہاں ان کی حکومت کا علم نصب ہوا تھا یعنی تلنگانہ کی ایسی وسیع سرزمین کے یہ مالک ہوئے جس کی قومیت اور معاشرت سے ان کو دور کا بھی واسطہ نہیں تھا لیکن ان لوگوں نے تلنگانہ کو اپنا گھر بنا لیا اور تلنگی رعایا کو اپنی رعایا سمجھنے لگے۔ اس طرح دو معاشرتوں کا امتزاج ہونے لگا۔ اگرچہ یہ امتزاج قدرتی طور پر خود بخود ہوتا ہے لیکن سلاطین گولکنڈہ نے اس امتزاج کو بہت آگے بڑھانے کی کوشش کی اور اس میں نہایت درجہ کی دلچسپی لی پہلے دو عہد میں تو یہ امتزاج بہت کم معلوم ہوتا ہے یہ صحیح ہے کہ بانی سلطنت سلطان قلی ہی کی تلنگانہ میں کافی مقبولیت ہو چکی تھی اور اس کو لوگ "بڑے ملک" کے ہر دلعزیز نام سے یاد کرنے لگے تھے۔ مسلمانوں کے ساتھ ہندو بھی

شریک سلطنت ہو رہے تھے۔ لیکن ابراہیم قطب شاہ کے زمانے سے جو اس سلطنت کا تیسرا عہد ہے گولکنڈہ کا معاشرتی امتزاج خوب محسوس ہونے لگا۔ ابراہیم گولکنڈہ سے جلاوطن ہو گیا تھا اور اس کی یہ جلاوطنی سات سال تک وجیانگر میں بسر ہوئی تھی۔ اس مدت میں اس کو مغربی تلنگھانہ اور کرناٹک کے تمدنوں کا مطالعہ کرنے کا موقع ملا تھا اور یہ اثرات اس میں ایسے جذب ہوئے تھے کہ محو نہیں ہو سکتے تھے۔ جب وہ جمشید کے بعد گولکنڈہ کے تخت پر بیٹھا تو اس نے گولکنڈہ کے معاشرہ کو دونوں تمدنوں کے امتزاج کے ساتھ از سر نو ڈھالنے کی کوشش کی خود اس نے تلنگی زبان سیکھی اور اس زبان کو فروغ دینے کی کوشش کی۔ یہ کہنا خلاف واقعہ نہیں ہے کہ اس کی سرپرستی میں تلنگی زبان کے کئی شاعر پھلے پھولے اور خوب شاعری کی۔ اور یہ بھی قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اس نے تلنگانہ کی عورتوں سے شادیاں بھی کی تھیں۔ ابراہیم کی اولادتیں کے قریب بتائی جاتی ہے منجملہ ان کے بعض تلنگی عورتوں کے بطن سے تھے۔ محمد قلی قطب شاہ جو ابراہیم کے بعد تخت نشین ہوا تلنگی معاشرت میں ڈوبا ہوا تھا یہ نہ صرف تلنگی جانتا تھا بلکہ تلنگی زبان کا شاعر بھی تھا۔ اگرچہ اس کا تلنگی دیوان اب دستیاب نہیں ہوتا لیکن اس کے وجود سے انکار نہیں ہو سکتا اس کے اُردو اور فارسی کلام سے تلنگی اثرات خوب واضح ہوتے ہیں۔ نہ صرف تلنگی الفاظ ملتے ہیں بلکہ تلنگانہ کے رسم و رواج اور معاشرتی روایات کی ہر جگہ جھلکیاں پائی جاتی ہیں اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ کو اس سرزمین کی قومیت اور معاشرت سے کس قدر شغف تھا۔

یہ امتزاج گولکنڈہ کے آخری زمانہ تک چلتا رہا۔ سلاطین گولکنڈہ نے اہل تلنگانہ کے قومی اور معاشرتی ترقی کے لئے نہایت خوشگوار مواقع بہم پہنچائے تھے۔ مذہبی رواداری سے کام لیا تھا۔ ہندوؤں کے مناد کی نہ صرف نگہداشت ہوتی تھی بلکہ اس کے مصارف کیلئے زمینیں اور جاگیریں وقف کی گئی تھیں۔ اور اب بھی یہ پرانی یادگاریں موجود ہیں اور بعض مناد اپنی ان یادگاروں کے ساتھ سلاطین گولکنڈہ کی عظمت یاد دلاتے ہیں۔ یہ دراصل قطب شاہوں کی قومی تشکیل ہے اس میں دو متضاد عنصروں کو ملا کر ایک اچھا خوشگوار مرکب تیار کیا تھا۔

قطب شاہوں کے تمدن کا دوسرا شاندار رخ ان کے بلند کردار ہیں اوائل سے ہی جبکہ اس سلطنت کی بنیاد پڑی ہے ان سلاطین نے اپنے بلند اخلاق و عادات کا ثبوت دیا اور ہر مرتبہ اس کا مظاہرہ ہوتا رہا۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ ان بلند اخلاق کا اثر اہل ملک پر بھی پڑتا رہا اور شاہی خاندان کے علاوہ خود ملک میں سے کئی شخصیتیں ایسی پیدا ہوئیں

جن کو زمانہ ہمیشہ یاد کرے گا۔ سلطان قلی قطب شاہ اس وقت سے گولکنڈہ کا حکمراں تھا جبکہ محمود شاہ بہمنی نے اس کو تلنگانہ کی صوبہ داری عطا کی تھی۔ جب بہمنیوں کی مرکزی حکومت کمزور ہوگئی تو خود محمود شاہ کے عہد حکومت میں مختلف صوبہ دار باغی ہو گئے۔ بیجاپور اور احمد نگر کے صوبہ دار خود مختار والی بن گئے مگر سلطان قلی نے محمود شاہ کی زندگی تک خود مختاری کا اعلان نہیں کیا جس کو وہ اپنے مربی کے خلاف بیوفائی سمجھتا تھا اور صوبہ داروں نے تو اس کو ترغیب دی کہ ان کی طرح سلطان قلی بھی خود مختاری کا اعلان کرے لیکن اس نے انکار کر دیا۔ اگر اس نے کبھی اعلان کیا ہے تو ۹۲۴ھ میں کیا جبکہ محمود شاہ کا انتقال ہوا تھا۔ سلطان قلی کی بنائی ہوئی مسجد صفا جو ۹۲۴ھ میں تیار ہوئی ہے اس کا بین ثبوت ہے۔ اس میں جو کتبہ لکھا گیا تھا وہ اب تک موجود ہے اور اس میں پہلے سلطان محمود شاہ بہمنی کا نام ہے تو اس کے بعد سلطان قلی کا نام پایا جاتا ہے اور یہ اس بات کا اظہار تھا کہ گولکنڈہ اور اس کا والی محمود شاہ بہمنی کا ماتحت صوبہ دار ہے اور کتبہ میں محمود شاہ کو خلد اللہ ملکہٗ وسلطانہٗ کے الفاظ میں دعا دی گئی۔ اس کے علاوہ سلطان قلی کی وفاداری کا بڑا واقعہ اس کی شاہی خدمت ہی ہے۔ آخری زمانہ میں محمود شاہ بریدیوں کے ہاتھ میں جکڑ گیا تھا اور ناحق شناس برید نے اس کو محل میں بند کر کے ضروریات سے بھی محتاج کر دیا تھا۔ سلطان قلی تنہا اس آڑے وقت میں کام آتا تھا بیان کیا جاتا ہے کہ وہ راز میں پانچ ہزار ہون محمود شاہ کی ضروریات کے لئے بھیجتا تھا تاکہ وہ اپنے مربی کی کچھ خدمت کر سکے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ تمام صوبہ داروں میں سلطان قلی تنہا آدمی تھا جس نے نمک کا پورا پاس ولحاظ رکھا تھا۔

یہ بلند اخلاق مختلف شکلوں میں پورے دو سو سالہ دور میں پائے جاتے ہیں یہاں تک کہ اس سلطنت کے آخری زمانے میں بھی بلند اخلاق وعادات کے مختلف مناظر آنکھوں کے سامنے آتے تھے اگرچہ آخری زمانہ قطب شاہوں کے انحطاط کا زمانہ تھا۔ ممکن ہے کہ اس زمانہ میں ان کی پچھلی شان وشوکت باقی نہ ہو۔ قوت مدافعت بھی کمزور ہو لیکن یہ عجیب اتفاق ہے کہ اس گرتی ہوئی حالت میں بھی قطب شاہوں نے اپنے بلند کردار کا پورا ثبوت دیا۔ ابوالحسن قطب شاہ کی اولوالعزمی سب کو معلوم ہے کہ قلعہ ختم ہونے کے بعد کس طرح اس نے ہمت واطمینان قلب کے ساتھ حملہ آوروں کا مقابلہ کیا تھا جس طرح یہ دنیا کا بڑا محاصرہ تھا اسی طرح اس کی اخلاقی مدافعت غیر معمولی تھی اور صرف اخلاقی مظاہرہ سے جو محاصرہ کے دوران میں اور اس کے بعد ظاہر ہوئے اس محاصرہ کی عظمت بہت بڑھ جاتی ہے جب رات کی تاریکی میں مغل حملہ آور قلعہ کے اندر داخل ہو گئے اور اہل قلعہ میں چوطرف پریشانی پھیل گئی تو ابوالحسن ذرا برابر متفکر اور پریشان

نہیں ہوا بلکہ اپنے محل کی تمام عورتوں کو دلاسا دیا اور جب روح اللہ خان اور اعتبار خان اس کو گرفتار کرنے کے لئے آئے تو ان سے نہایت خاطر جمعی سے گفتگو کی۔ اور سب سے زیادہ حیرت انگیز بات یہ تھی کہ اس دوران میں کھانے کا وقت آیا تو پورے اطمینان کے ساتھ کھانے میں شرکت کی گئی۔ اور اپنی تمام ضروریات سے فارغ ہو کر شہنشاہ کے پاس گیا۔ لوگوں نے پوچھا کہ آپ اس قدر خاطر جمع کیوں ہیں۔ اس نے کہا کہ پریشان ہونے کی کیا بات ہے یہ قدرت کا فیصلہ ہے۔ اس کے سامنے ہر شخص کو سر تسلیم خم کرنا چاہئے' ان اخلاق کا اثر اس سلطنت کے عمائد پر بھی تھا۔ اگرچہ محاصرہ کے دوران میں اکثر فوجی افسر باغی ہو گئے اور مغلوں سے مل گئے لیکن بعض ایسے لوگ بھی تھے جنہوں نے آخر دم تک انتہائی وفاداری کا ثبوت دیا گولکنڈہ کے محاصرہ اور قطب شاہی تاریخ کے ساتھ عبدالرزاق لاری کا نام ہمیشہ یاد رہے گا۔ اُس کو مغل فوج کی طرف سے بارہا لالچیں دی گئیں لیکن وہ کبھی دام میں نہیں آیا اور جب حملہ آور قلعہ میں گھس آئے تو اس نے دیوانہ واران کا مقابلہ کیا اور جان جوکھم میں ڈال کر جس قدر ہو سکا مدافعت کی۔ ظاہر ہے کہ ایک آدمی مغل فوج کا کیا مقابلہ کر سکتا تھا لیکن اس نے اپنا جذبہ وفاداری پورا کر کے دکھایا یہاں تک زخموں میں چور ہو کر بیہوش ہو گیا۔ جب تک اس کے ہوش و حواس برجا تھے "تا جان دارم نثار راہ ابوالحسن فیض ایم کرد" کی آواز دور دور تک سُنائی دیتی تھی صحتیاب ہونے کے بعد شہنشاہ اورنگ زیب نے اس کو مغل ملازمت میں داخل کرنا چاہا لیکن گولکنڈہ کے اس وفادار ملازم نے ہمیشہ انکار کیا۔

قطب شاہوں کے تمدن کا دوسرا پہلو ان کے بنائے ہوئے شہر و عمارات ہیں۔ اس خصوص میں قطب شاہوں کا بہت بڑا سرمایہ ہے جو اور جگہ بہت مشکل سے پایا جاتا ہے۔ قطب شاہی شہر و عمارات سے ان کی اولوالعزمی۔ بلند خیالی اور پاکیزہ ذوق کا ہر جگہ پتہ چلتا ہے۔ ۱۰۰۰ھ تک قلعہ گولکنڈہ اور اس کا حصار ان کی شہری اور تمدنی ضروریات پوری کرتا تھا لیکن محمد قلی قطب شاہ کے عہد میں جب یہ سلطنت پھیلی تو ایک علیحدہ وسیع شہر کی ضرورت محسوس ہونے لگی۔ چنانچہ قطب شاہی خاندان کے جلیل القدر حکمران محمد قلی قطب شاہ نے ۱۰۰۰ھ میں شہر بھاگ نگر یا حیدرآباد کی بنیاد رکھی جس کی عمرانی فضا سے ہم اب تک فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ جس سلیقہ سے اس شہر کی تاسیس ہوئی تھی وہ قرون وسطیٰ میں حیرت انگیز چیز تھی۔ یعنی زمانہ حال کے نمونہ کے مطابق جس طرح پیرس اور برلن کے شہر ہیں بیچ میں ایک بڑی عمارت قائم کی گئی اور اس کے چاروں طرف چار سیدھی سڑکیں بنائی گئیں۔ شہر حیدرآباد قدرتی پیداوار نہیں ہے بلکہ

اس کی خوشنما تعمیر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں ارادہ اور خاص سلیقہ مضمر تھا۔ قرون وسطیٰ میں ایسا کوئی شہر نہیں بنا تھا۔ نیز اس میں اہل شہر کی تمام عمرانی ضرورتیں بہم پہنچائی گئیں۔ مساجد اور حمام جو محمد قلی کے اعلیٰ تمدن کی یادگار ہیں تیار کی گئیں۔ بیماروں کے لئے دارالشفاء کے نام سے ایک بہت بڑا ہسپتال بنایا گیا جس کی بوسیدہ در و دیوار ابتک موجود ہیں۔ آبرسانی کے لئے نہریں بنائی گئیں تاکہ اہل شہر کو پانی کی تکلیف نہ ہو۔

شہر کے ساتھ اندر اور باہر جو عمارتیں بنائی گئی تھیں ان پر ایک جداگانہ کتاب لکھی جاسکتی ہے۔ عدل گستری کے لئے ایک عظیم الشان عمارت دادمحل کے نام سے بنائی گئی تھی جس کی تعمیری حسن کاری اور شان و شوکت کو دیکھ کر لوگ مبہوت ہو جاتے تھے اس کے پاس سات منزلہ ایک اور محل بنایا گیا تھا جس کا نام خداداد محل تھا اس کی عظمت اور محلوں سے کہیں زیادہ تھی۔ ندی کے کنارے بھی خوش وضع محل بنائے گئے تھے۔ ان کے علاوہ کئی باغ جن کے نام "باغ دلکشا" اور "باغ محمد شاہی" ہیں اور ان کے آثار ابتک پائے جاتے ہیں۔ سلطان محمد قطب شاہ کے عہد میں اور عمارتیں نہیں۔ اگرچہ اس کے عہد کی یادگار۔ مکہ مسجد کی سی قوی ہیکل عمارت ہے لیکن اس کے علاوہ سروزگر اور اس کے آثار بھی موجود تھے۔ نیز اس کے عہد میں اور عمارتیں اور محلات بنے تھے جن کی مورخ بڑی تعریف کرتے ہیں۔ اور باہر کے سیاحوں نے ان کی خوب داد دی۔ ان عمارتوں کی وجہ سے شہر حیدرآباد کی رونق بہت بڑھ گئی تھی اور وہ اپنے ابتدائی زمانہ میں بھی دنیا کے بارونق شہروں میں تھا۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود ہندوستان کے شہنشاہی شہر اس کے سامنے بے رونق ہو گئے۔ حضرت مومن استرابادی نے جو محمد قلی قطب شاہ اور سلطان محمد قطب شاہ کے عہد کے وزیر اعظم تھے اس شہر کی تعریف میں کہا تھا۔

؎ چوں صفاہان تو شد از شاہجہاں عباس شاہ حیدرآباد از تو شد شاہا صفاہانِ نوے

لیکن حیدرآباد کی تعریف گھر والوں سے زیادہ بیرونی مورخوں کی زبان سے اچھی معلوم ہوتی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ حیدرآباد کی تعریف باہر کے لوگوں نے اور خاص طور پر مغل مورخوں نے زیادہ کی ہے۔ حیدرآباد کا شہر مورخ فرشتہ کے عہد میں بنا تھا اور وہ آگرہ اور لاہور جیسے شہنشاہی شہروں سے بھی واقف تھا اس واقفیت کے باوجود فرشتہ یہ کہتا ہے کہ ایسا شہر "در تمامی ہندوستان یافت نمی شود" مغل مورخوں نے اس سے زیادہ تعریف کی ہے محمد ساقی جو اورنگ زیب کا خاص مورخ تھا اس شہر کو "راحت جسم و آرام جان" کے الفاظ سے یاد کیا ہے۔ کسی شہر کی اس سے زیادہ تعریف نہیں ہو سکتی اور یہ ان لوگوں کی تعریف تھی جو اس کے فتح کرنے کیلئے آئے تھے

عبدالمجید صدیقی ایم۔ اے۔ ال۔ ال بی ریڈر شعبۂ تاریخ

موجودہ جنگ اور صنعتی جھگڑے[1]

قیمتوں کی گرانی | اعلان جنگ کے ساتھ ہی اکثر اجناس اور مصنوعات کی قیمتوں میں بہ سرعت اضافہ شروع ہوا اور بحیثیت مجموعی مختلف مقامات میں تھوک قیمتوں کے اشاری اعداد بڑھنے لگے۔ اگست ۴۰-۱۹۳۹ء میں کلکتہ کی تھوک قیمتوں کا اشاری عدد ۱۰۰ تھا ستمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۱۱۴ ہوگیا۔ اکتوبر اور نومبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں علی الترتیب ۱۱۸، ۱۳۱ اور ۱۳۷ رہا۔ گویا اگست ۴۰-۱۹۳۹ء کے مقابل ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں کوئی ۳۷ درجوں کی زیادتی ہوئی۔

اگست ۴۰-۱۹۳۹ء میں بمبئی کی تھوک قیمتوں کا اشاری عدد ۱۰۳ تھا۔ ستمبر، اکتوبر، نومبر اور ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں بڑھتے ہوئے علی الترتیب ۱۲۰، ۱۲۱، ۱۳۳ اور ۱۳۵ ہوگیا۔ اس طرح اگست ۴۰-۱۹۳۹ء کے مقابل ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۳۲ درجوں کا اضافہ ہوا۔

کراچی کی تھوک قیمتوں کا اشاری عدد، اگست ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۱۰۴ تھا ستمبر میں ۱۰۹ ہوا، اکتوبر میں ۱۱۱، نومبر میں ۱۱۲ اور ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۱۲۱ ہوگیا۔ یعنی اگست ۴۰-۱۹۳۹ء کے مقابل ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۱۷ درجوں کی زیادتی ہوئی۔

بحیثیت مجموعی کل ہند تھوک قیمتوں کے اشاری اعداد[2] میں بھی زیادتی رہی۔ اگست ۴۰-۱۹۳۹ء میں کل ہند تھوک قیمتوں کی سطح ۱۳۵ تھی۔ ستمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۱۴۲ ہوگئی۔ اکتوبر میں ۱۵۲ نومبر میں ۱۶۲ اور ڈسمبر میں ۱۸۱ رہی اس طرح اگست ۴۰-۱۹۳۹ء کے مقابل ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۴۶ درجوں کا اضافہ ہوا[3]۔

---

[1] اس مضمون کی تیاری میں انڈین ٹریڈ جرنل (ہفتہ وار) اور بزنس کنڈیشنس ان انڈیا کے مختلف پرچوں سے مدد لی گئی ہے۔

[2] کلکتہ، بمبئی اور کراچی کی تھوک قیمتوں کے اشاری اعداد جولائی ۱۴-۱۹۱۳ء کی بنیادی سطح = ۱۰۰ پر مبنی ہیں اور کل ہند تھوک قیمتوں کے اشاری اعداد کی مطابقت ۱۸۷۳ء کی بنیادی سطح = ۱۰۰ سے ہے۔

[3] ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء کے بعد سے قیمتیں گرنا شروع ہوئی ہیں۔

مصارف رہایش کی زیادتی | قیمتوں کی گرانی کی وجہ سے مصارف رہایش[1] میں بھی اضافہ ہوگیا۔ جنگ سے قبل یعنی اگسٹ ۴۰-۱۹۳۹ء میں بمبئی کے مزدور طبقہ کے مصارف رہایش کا اشاری عدد ۱۰۵ تھا۔ ستمبر میں ۱۰۶، اکٹوبر میں ۱۰۸ نومبر میں ۱۰۹ اور ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۱۱۳ ہوگیا۔

اگسٹ ۴۰-۱۹۳۹ء میں احمدآباد کے مزدور طبقہ کے مصارف رہایش کا اشاری عدد ۷۳ تھا۔ ستمبر، اکٹوبر اور نومبر میں علی الترتیب ۷۶، ۷۵ اور ۸۱ سے گذرتے ہوئے ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۸۴ ہوگیا۔

شولاپور کا اشاری عدد بھی اگسٹ ۴۰-۱۹۳۹ء ۷۳ تھا۔ ستمبر میں اسی طرح برقرار رہا۔ اکٹوبر میں بڑھکر ۷۵ ہوگیا۔ نومبر میں ۷۹ اور ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۸۳ ہوگیا۔

ناگپور کے اشاری عدد میں، اگسٹ ۴۰-۱۹۳۹ء کے مقابل ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں کوئی دس درجوں کا اضافہ ہوا۔ اگسٹ ۴۰-۱۹۳۹ء میں یہ عدد ۶۴ تھا ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۷۴ ہوگیا۔ ستمبر، اکٹوبر اور نومبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں اس کی سطح بالترتیب ۶۴، ۶۳ اور ۶۷ رہی۔

جبلپور کا اشاری عدد اگسٹ ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۵۸ تھا۔ بعد کے مہینوں یعنی ستمبر، اکٹوبر اور نومبر میں علی الترتیب ۶۲، ۶۱ اور ۶۲ سے ہوتے ہوئے ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء میں ۶۹ ہوگیا۔ بعض دیگر مقامات کے اعداد حسب ذیل ہیں:-

مزدوروں کے مصارف رہایش کے اشاری اعداد

مقام	اگسٹ ۴۰-۱۹۳۹ء	ستمبر ۴۰-۱۹۳۹ء	اکٹوبر ۴۰-۱۹۳۹ء	نومبر ۴۰-۱۹۳۹ء	ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء
پٹنہ[2]	۱۰۹	۱۰۹	۱۱۲	۱۱۶	۱۲۴
مظفرپور	۱۰۵	۱۰۶	۱۱۰	۱۰۹	۱۰۹
مونگھیر	۱۱۴	۱۱۶	۱۱۷	۱۱۸	۱۱۲
جمشید پور	۱۰۸	۱۱۱	۱۱۵	۱۱۶	۱۱۷

[1] یہاں پر صرف مزدور طبقہ کے مصارف رہایش کے اعداد پیش کئے گئے ہیں ۱۲ [2] واضح رہے کہ بمبئی کے اشاری اعداد جون ۱۹۳۹ء، احمدآباد کے جولائی ۱۹۲۶ء شولاپور کے جنوری ۱۹۲۸ء، جبلپور اور ناگپور کے جنوری ۱۹۲۶ء کی بنیادی سطح = ۱۰۰ پر مبنی ہیں۔ پٹنہ، مظفرپور، مونگھیر، جمشید پور، جہاریا، کٹک اور رانچی کے اعداد ۱۹۱۴ء کے پچھلے پانچ سالوں کے اوسط مصارف کی سطح = ۱۰۰ پر مبنی ہیں۔ مدراس کے اعداد جون ۱۹۳۶ء اور لاہور کے ۳۵-۱۹۳۱ء کی سطح = ۱۰۰ پر مبنی ہیں۔

مقام	اگست ۴۰-۱۹۳۹ء	ستمبر ۴۰-۱۹۳۹ء	اکتوبر ۴۰-۱۹۳۹ء	نومبر ۴۰-۱۹۳۹ء	ڈسمبر ۴۰-۱۹۳۹ء
جہاریا	۱۲۱	۱۲۹	۱۲۷	۱۲۳	۱۲۰
کٹک	۱۰۳	۱۱۲	۱۱۲	۱۱۷	۱۱۷
رانچی	۱۰۷	۱۱۱	۱۱۱	۹۹	۹۷
مدراس	۹۸	۱۰۳	۱۰۴	۱۰۵	۱۰۸
لاہور	۱۲۰	۱۲۳	۱۲۵	۱۴۷	۱۴۷

جھگڑوں کی بنیاد مذکورہ اعداد سے واضح ہے کہ قیمتوں کی زیادتی کے ساتھ مختلف مقامات میں مصارف رہایش بھی بڑھنے لگے۔ ان حالات کے تحت مزدوروں کی جانب سے اضافہ اجرت کے مطالبات کا پیش ہونا لازمی تھا۔ ہر طرف سے زائد اجرتوں کی آوازیں بلند ہوئیں۔ آجر اپنے عذرات پیش کئے کشمکش شروع ہوئی اور جھگڑے عام ہو گئے۔ آجروں اور مزدوروں کے خیالات کا تضاد اور کسی معقول سمجھوتے پر نہ پہنچنا ہی درحقیقت جھگڑوں اور ہڑتالوں کی بنیاد ہے۔

جھگڑوں کی وسعت ۳۱ مارچ ۱۹۳۹ء پر ختم ہونے والے پہلے ربع سال میں جملہ جھگڑوں کی تعداد ۱۰۵ رہی۔ ۸۸ ہزار سے زائد مزدور شریک تھے اور آٹھ لاکھ سے زائد دن خراب ہوئے۔

۳۰ جون ۱۹۳۹ء پر ختم ہونے والے دوسرے ربع سال میں دو ہڑتالیں زیادہ اہمیت رکھتی ہیں۔ ایک آسام آئیل کمپنی (آسام) اور دوسرے وکٹوریہ ملز (کانپور) کے مزدوروں کی۔ پہلی ہڑتال میں ۱۰ ہزار مزدوروں نے حصہ لیا اور ۷ لاکھ سے زائد دن ضائع گئے۔ دوسری میں ۴ ہزار سے زائد مزدور شریک رہے اور ایک لاکھ سے زائد دن خراب ہوئے۔ اس ربع کے جملہ جھگڑوں کی تعداد ۱۰۹ رہی۔ ۹۴ ہزار سے زائد مزدور شریک تھے اور ۱۵ لاکھ سے زائد دن ضایع ہوئے۔

۳۰ ستمبر ۱۹۳۹ء پر ختم ہونے والے تیسرے ربع سال میں جملہ جھگڑوں کی تعداد ۱۱۲ تھی۔ ۹۸ ہزار سے زائد مزدور شریک تھے اور ۱۷ لاکھ سے زائد دن خراب ہوئے۔ اس ربع کی اہم ہڑتالوں میں (۱) آسام آئیل کمپنی، آسام (۲) موہنی مل بنگال (۳) ہندو وکٹوریہ ملز، صوبہ جات متحدہ اور

(۴) فیروزآباد (صوبہ جات متحدہ) کے ۲۳ چوڑی کے کارخانوں کی ہڑتالوں کے نام قابل ذکر ہیں۔ پہلی میں ۱۰ ہزار سے زائد مزدور حصہ لئے اور ۵ لاکھ سے زائد دن خراب ہوئے دوسری میں ۲ ہزار سے زائد مزدوروں نے حصہ لیا اور ۱۴ لاکھ سے زائد دن ضایع گئے۔ تیسری میں تین ہزار سے زاید مزدور شریک تھے اور ۱۸ لاکھ سے زائد دن تلف ہوئے۔ چوتھی میں ۸ ہزار مزدور شریک تھے اور ۲۶ لاکھ سے زائد دن خراب ہوئے۔

۳۱ سر ڈسمبر ۱۹۳۹ء پر ختم ہونے والے چوتھے ربع سال میں جملہ جھگڑوں کی تعداد ۱۱۰ تھی۔ ۱۶ لاکھ سے زائد مزدور شریک تھے اور ۸ لاکھ سے زائد دن تلف ہوئے۔ اس ربع کی ہڑتالوں میں صرف کانپور ملز کی عام ہڑتال قابل ذکر ہے۔ اس میں ۲۹ ہزار سے زائد مزدور شریک تھے اور دو لاکھ سے زائد دن خراب ہوئے۔

اگر ہم گذشتہ سالوں کی ہڑتالوں سے سال ۴۰-۱۹۳۹ء کی ہڑتالوں کا مقابلہ کریں تو زیر بحث سال میں ہڑتالوں کی تعداد زیادہ نظر آئیگی۔ ۱۹۳۲ء میں جملہ ۱۲۹ ہڑتالیں ہوئی تھیں ۱۹۳۳ء میں ۱۵۹، ۱۹۳۴ء میں ۱۷۴، ۱۹۳۵ء میں ۱۵۳ اور ۱۹۳۶ء میں ۱۸۳ ہوئیں۔ کاروباری سرگرمی کے ساتھ ساتھ ہڑتالوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے چنانچہ سالہائے ماسبق کے مقابل ۱۹۳۹ء میں جملہ جھگڑوں کی تعداد ۴۳۶ رہی۔ ۱۹۳۹ء سے قبل والے سات سالوں میں جھگڑوں کا اوسط ۲۳۷ رہا ہے۔ اس اوسط سے سال زیر بحث کے جھگڑوں کی تعداد تقریباً ۸۴ فی صد زیادہ ہے۔ یہ زیادتی کاروباری سرگرمی اور آجروں و مزدوروں کی انتہائی کشمکش کا نتیجہ ہے۔

سال ۱۹۴۰ء کے پہلے ربع میں جھگڑوں کی تعداد اور زیادہ ہوگئی۔ جملہ ۱۲۸ جھگڑے ہوئے جب کہ ۱۹۳۹ء کے اسی ربع میں جملہ جھگڑوں کی تعداد صرف ۱۰۵ تھی۔ تقابل سے اضافہ کا رجحان نمایاں نظر آئیگا۔ اس ربع کی ہڑتالوں میں تین قابل ذکر ہیں (۱) دھکیس واری کاٹن مل، ڈھاکہ (۲) کلکتہ کارپوریشن (۳) بمبئی کاٹن ٹکسٹائل ملز۔ پہلی ہڑتال میں ۴ ہزار سے زائد مزدور حصہ لئے اور ایک لاکھ سے زائد دن خراب ہوئے دوسری میں ۲۰ ہزار سے زاید مزدور شریک رہے اور ایک لاکھ سے زائد دن تلف ہوئے۔

تیسری میں ایک لاکھ ۵۶ ہزار سے زائد مزدور مشغول رہے اور ۳۱ لاکھ سے زائد دن ضائع ہوئے۔ جھگڑوں کا سلسلہ اب تک جاری ہے۔

جھگڑوں کی تقسیم | ان جھگڑوں کی تقسیم دو طرح پر کی جاسکتی ہے (الف) بلحاظ کارخانہ جات (ب) بلحاظ مطالبات۔ جنوری ۱۹۳۹ء تا ختم مارچ ۱۹۴۰ء جھگڑوں کی تفصیلی کیفیت بلحاظ کارخانہ جات حسب ذیل جدول میں پیش کی گئی ہے:-

کارخانے	سنہ ۱۹۳۹ء			سنہ ۱۹۴۰ء	جملہ
	جنوری تا مارچ	اپریل تا جون	جولائی تا ستمبر	اکتوبر تا دسمبر	جنوری تا مارچ	
روئی اور اون کی گرنیاں	۴۲	۳۳	۳۸	۲۳	۴۷	۱۸۳
جوٹ کی گرنیاں	۶	۱۰	۱۱	۲۷	۵	۵۹
انجینرنگ ورک شاپس	۱۳	۷	۶	۶	۱۰	۴۲
ریلوے بشمول ریلوے ورک شاپس	۱	-	۱	-	۱	۳
کان	۳	۱	-	۳	۳	۱۰
متفرق	۴۰	۵۸	۵۶	۵۱	۶۲	۲۶۷
جملہ	۱۰۵	۱۰۹	۱۱۲	۱۱۰	۱۲۸	۵۶۴

مندرجہ بالا اعداد سے واضح ہے کہ جنوری سنہ ۱۹۳۹ء تا مارچ سنہ ۱۹۴۰ء جملہ جھگڑوں کی تعداد ۵۶۴ رہی ہے۔ روئی اور اون کی گرنیوں میں جھگڑوں کی تعداد مقابلتاً زیادہ رہی۔ دوسرا اور تیسرا نمبر جوٹ کی گرنیوں اور انجینرنگ ورک شاپس کا رہا ہے۔

جہاں تک کہ مطالبات کا تعلق ہے جھگڑوں کی زیادہ تعداد اضافہ اجرت کے لئے رہی ہے۔ بونس، رخصت اور اوقاتِ کار میں تخفیف وغیرہ کے لئے بھی مختلف جھگڑے ہوتے رہے ہیں۔

تفصیلی اعداد حسب ذیل ہیں:-

جہگڑوں کے اسباب	۱۹۳۹ء			۱۹۴۰ء	
	جنوری تا مارچ	اپریل تا جون	جولائی تا ستمبر	اکتوبر تا دسمبر	جنوری تا مارچ	جملہ
اضافہ اُجرت	۴۶	۵۹	۵۲	۸۳	۸۴	۳۲۴
بونس	۱	-	-	۱	۸	۱۰
ذاتی	۳۰	۱۵	۲۶	۱۳	۱۸	۱۰۲
رخصت یا گھنٹوں کی تخفیف	۴	۳	۳	۳	۱	۱۴
متفرق	۲۴	۳۲	۳۱	۱۰	۱۷	۱۱۴
جملہ	۱۰۵	۱۰۹	۱۱۲	۱۱۰	۱۲۸	۵۶۴

جہگڑوں کے اسباب میں سب سے زیادہ اہمیت اضافہ اُجرت کو حاصل رہی ہے۔ جملہ ۵۶۴ جہگڑوں میں ۳۲۴ یعنی ۵۷ فی صد اضافہ اجرت سے متعلق ہیں۔ بالخصوص اکٹوبر ۱۹۳۹ء تا مارچ ۱۹۴۰ء اضافہ اجرت کے لئے جہگڑوں کی تعداد مقابلتاً بہت زیادہ رہی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ستمبر میں جنگ کا اعلان ہوا۔ قیمتیں بہ سرعت بڑھنا شروع ہوئیں۔ کاروباری سرگرمی بڑھ گئی۔ لہذا اضافہ اُجرت کے لئے مطالبات کا پیش ہونا لازمی امر تھا۔

جہگڑوں کے نتائج | جہگڑوں کے نتائج کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ کامیاب نتائج۔ جزوی کامیاب اور ناکام۔ جنوری ۱۹۳۹ء تا ختم مارچ ۱۹۳۹ء جملہ جہگڑوں کی تعداد ۱۰۵ تھی۔ گیارہ جہگڑے جاری تھے اور ۹۴ ختم ہو چکے تھے۔ ۹۴ جہگڑوں میں ۱۴ کامیاب رہے یعنی مزدوروں کو اپنے مطالبات منوانے میں پوری کامیابی رہی۔ ۳۶ جزوی کامیاب اور ۴۴ ناکام۔

اپریل ۱۹۳۹ء تا ختم جون ۱۹۳۹ء جملہ جہگڑوں کی تعداد ۱۰۹ تھی۔ جس میں گیارہ جہگڑے جاری تھے۔

اور ۹۸ ختم ہو چکے تھے ۔ ۹۸ میں ۱۹ کامیاب، ۴۲ جزوی کامیاب اور ۳۷ ناکام رہے ۔
جولائی ۱۹۳۹ء تا ستمبر ۱۹۳۹ء جملہ ۱۱۲ جھگڑے ہوئے ۔ ۸ جاری تھے ۔ اور ۱۰۴ ختم ہو چکے تھے ۔
۱۰۴ میں ۱۷ کامیاب، ۴۳ جزوی کامیاب اور ۴۴ ناکام رہے ۔
اکٹوبر ۱۹۳۹ء تا ڈسمبر ۱۹۳۹ء جملہ جھگڑے ۱۱۰ رہے ۔ ۹۶ ختم ہو چکے تھے اور ۱۴ جاری تھے ۔ اس میں ۶۰ ناکام رہے کامیاب جھگڑوں کی تعداد ۱۳ تھی اور ۲۳ جزوی کامیاب تھے ۔
جنوری ۱۹۴۰ء تا مارچ ۱۹۴۰ء جملہ جھگڑے ۱۲۸ تھے ۔ گیارہ جاری تھے ۔ باقی ۱۱۷ میں ۲۳ کامیاب، ۳۹ جزوی کامیاب اور ۵۵ ناکام رہے ۔
بحیثیت مجموعی جنوری ۱۹۳۹ء تا مارچ ۱۹۴۰ء جملہ ۴۱۳ جھگڑے ہوئے (۱۵۱ جاری جھگڑوں کا شمار نہیں کیا گیا ہے) ان میں سے ۷۳ کامیاب رہے ۔ ۱۶۰ جزوی کامیاب اور ۱۸۰ ناکام ۔
واضح رہے کہ گرم بازاری کے زمانہ میں نہ صرف جھگڑوں کی تعداد زیادہ رہتی ہے بلکہ کامیاب نتائج کی تعداد بھی انہی دنوں میں مقابلتاً زیادہ ہوتی ہے ۔ دوران جنگ مزدوروں کو بالعموم کامیابی رہی ہے خواہ وہ کلی حیثیت سے ہو یا جزوی لحاظ سے ۔

اختتام | ہڑتال، اس میں شک نہیں کہ مطالبات منوانے کا اہم ذریعہ ہے لیکن اس وقت تک ہڑتال نہ کی جانی چاہیے جب تک کہ مطالبات جائز اور معقول نہ ہوں ۔ اور درخواست کے باوجود آجر اُس پر ہمدردی کے ساتھ غور کرنے سے انکار کر دیں ناعاقبت اندیش لیڈروں کی قیادت میں بے موقع اور بے جا ہڑتال کرنا نہ صرف مزدوروں کے حق میں مضر ہوتا ہے بلکہ آجر بھی خسارہ میں رہتے ہیں ۔ جتنے دن ہڑتال جاری رہے مزدوروں کی قوت پیدا آوری معطل رہتی ہے ۔ انجمن کا مالیہ زیر بار ہوتا ہے ۔ آجر بیکار رہتے ہیں اور اُن کی آمدنی میں کمی ہوتی ہے ۔ پبلک کو تکلیف ہوتی ہے اور پیدائش دولت کے نقطۂ نظر سے قومی نقصان ہوتا ہے بالخصوص گرم بازاری کے زمانے میں ہڑتال بہت مضر ہوتی ہے ۔ جنوری ۱۹۳۹ء تا مارچ ۱۹۴۰ء ہڑتالوں کے سلسلے میں ۸۹ لاکھ سے زائد دن تلف ہو چکے ہیں ۔ تفصیلی اعداد ملاحظہ ہوں :-

مدت	ضائع شدہ ایام
جنوری ۱۹۳۹ء تا مارچ ۱۹۳۹ء	۸۰۳۲۵۱
اپریل " " جون "	۱۵۷۹۷۱۸
جولائی " " ستمبر "	۱۷۸۵۸۶۰
اکٹوبر " " ڈسمبر "	۸۲۳۹۶۶
جنوری ۱۹۴۰ء تا مارچ ۱۹۴۰ء	۴۰۰۳۰۱۶
جملہ	۸۹۹۵۸۱۱

اس نقصان کے ذمہ دار اگر ایک طرف مزدور ہیں تو دوسری طرف آجر۔ کیونکہ بعض وقت مزدوروں کی جانب سے غیر معقول مطالبات پیش ہوتے اور بعض مرتبہ معقول مطالبات پر جائز غور کرنے سے آجر انکار کر دیتے ہیں۔ کشمکش جاری رہتی ہے اور ہر فریق نقصان میں رہتا ہے۔ موجودہ صنعتی سرگرمی کے پیش نظر ہڑتال اور دربندی میں مزدوروں اور آجروں کو انتہائی دوراندیشی سے کام لینا چاہئے۔ خیالات کے تصادم کو جہاں تک ہوسکے باہمی سمجھوتے کے ساتھ ختم کرنا چاہئے۔ افہام و تفہیم کے معاملات طویل نہ ہوں۔ ممکنہ طور پر عجلت سے کام لیا جائے۔ یہ حالات حاضرہ ہندوستان میں صنعتی وسعت کے اچھے مواقع ہیں۔ موقعہ سے ہر وقت استفادہ اہم ترین اصول ہے۔

محمد ناصر علی ام۔اے (عثمانیہ)
لکچرار شعبۂ معاشیات

امجد کی رباعیاں

"یہ مضمون عظیم الدین صاحب محبت کے امتحان ایم۔اے کے مقالے کا ایک جزو ہے۔" "ادارہ"

رباعی شاعری کی مشہور ترین صنف ہے اس میں بے حد زور پنہاں ہوتا ہے۔ پہلے مصرع میں خیال روشناس کرایا جاتا ہے دوسرے اور تیسرے مصرع میں اس خیال کی نشوونما ہوتی ہے آخری مصرع پر شاعر کے خیال کا ارتقا ہو جاتا ہے۔

ایران کے قطع نظر ہندوستان میں سرمد کا مدمقابل کوئی ہو سکتا ہے تو وہ امجد کی لازوال ہستی ہے۔ جب تک اردو زبان رہے گی امجد کا نام زندۂ جاوید رہے گا اور ان کی رباعیاں قوم کے لئے باعث فخر ہوں گی۔ امجد کا رتبہ شعر و سخن میں تو مسلم ہے ہی مگر انہوں نے الہامی رباعیاں لکھ کر میدانِ ادب میں اپنے نام کا جھنڈا گاڑ دیا ہے۔ تصوف میں ڈوبی ہوئی رباعیاں ان کے ذوق عرفان کا پتہ دیتی ہیں۔ امجد کی رباعیوں میں کہیں دینی رموز پنہاں ہیں تو کہیں دنیوی معاملات۔ کہیں وحدانیت کی تبلیغ کی گئی ہے تو کہیں دنیا کی بے ثباتی بے نقاب کی گئی ہے۔ کہیں سرمایہ داری کی عیارانہ فریب کاریوں کو عریاں کر دکھایا ہے تو کہیں مفلسی و غریبی کو سراہا ہے۔ غرض گم کردۂ منزل کے لئے رباعیاتِ امجد خضرِ راہ بن کر رہبری کا سامان مہیا کرتی ہیں اور انھیں کی ہدایت اور رہنمائی کی روشنی میں ٹوٹے ہوئے دلوں کی مایوس کاوشیں سکون کا آغوش ڈھونڈتی ہیں۔ امجد کی وجدانی اور عرفانی رباعیاں جنمیں حقائق و معارف کے اسرار پوشیدہ ہوتے ہیں روح پر نفسیاتی صیقل کا کام کر جاتی ہیں۔ امجد کی رباعیاں دلوں پر جادو کا سا اثر کرتی ہیں اور سننے والوں کے دماغ میں دیر تک گونجتی رہتی ہیں ان کی رباعیاں سننے کے بعد Shelley کے اس قول کی تائید ہوتی ہے کہ :-

Music when soft voices die

Viberates in the memory;

اب ہمیں اجازت دیجئے کہ ہم مختلف موضوعات پر لکھی ہوئی چند رباعیاں پیش کریں۔ سب سے پہلے امجد کی اس مشہور رباعی کو درج کرتے ہیں جو تقریباً ضرب المثل کا درجہ حاصل کر چکی ہیں:۔

الیس اللہ بکافٍ عبدہٗ کی تفسیر اس خوبی سے کی ہے کہ تعریف نہیں ہو سکتی۔ حسبنا اللہ نعم الوکیل کی تفسیر سے منہ موڑ کر مغرور بندوں کے در پر جبہ سائی کرنے والوں سے امجد مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ

ہر چیز مُسبّب سبب سے مانگو — منت سے خوشامد سے ادب سے مانگو
کیوں غیر کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو — بندے ہو اگر رب کے تو رب سے مانگو

وحدت الوجود اور ہمہ اوست تصوف کے نہایت اہم مسائل ہیں امجد نے کتنے دلنشین پیرایہ میں ان کو بیان کر دیا ہے۔

واجب سے ظہور شکل امکانی ہے — وحدت میں دوئی کا وہم نادانی ہے
دھوکا ہے نظر کا ورنہ ہر شئے ہمہ اوست — گرداب، حباب، موج سب پانی ہے

لا موجود الا اللہ کی تفسیر دیکھئے کس مستانہ انداز سے بیان فرمائی ہے مضمون کے علاوہ زور بیان بھی ملاحظہ ہو۔

ہیں مستِ مئے شہود تو بھی میں بھی — ہیں مدعیٔ نمود، تو بھی میں بھی
یا تو ہی نہیں جہاں میں یا میں ہی نہیں — ممکن نہیں دُو وجود تو بھی میں بھی

امجد ایک مرتبہ ریل میں سفر کر رہے تھے امیروں کے طمطراق اور غریبوں کی بیچارگی سے متاثر ہو کر انھوں نے دو رباعیاں قطعہ بند اس طرح لکھی ہیں کہ پہلی رباعی امیر کا خطاب ہے غریبوں سے اور دوسری رباعی غریب کا جواب ہے۔

دنیا میں، یہ بدنصیب جیتے کیوں ہیں — مردود درِ حبیب جیتے کیوں ہیں
ہے پیٹ کو ٹکڑا نہ بدن پر کپڑا — معلوم نہیں، غریب جیتے کیوں ہیں
جواب۔ پیمانۂ زندگی کو بھرتے کیوں ہیں — سر چڑھ کے، زمین میں اُترتے کیوں ہیں
رکھ کر بھی تمام زندگی کے سامان — معلوم نہیں، امیر مرتے کیوں ہیں

عظیم الدین محبت متعلم ام۔ اے (آخری)

غریب

مفلس و محتاج و بیکس، بینوا، بے روزگار
حسرت و ارمان کا مدفن آرزوؤں کا مزار

یاس و حرماں کا مرقع درد و غم کی داستان
مختصر الفاظ میں "بربادیوں کا شاہکار"

زندگی بھر کی کمائی اور ساری کائنات
ایک ملبوسِ کہن ہے اور وہ بھی تار تار

پھونس کی اک جھونپڑی میں زندگی کاٹے غریب
اطلس و دیبا کے صوفوں پر ہوں نازاں مالدار

قرض کی کثرت سے جینا بھی جسے دشوار ہے
خون پینے پر تلے بیٹھے ہیں اس کا سود خوار

بول بالا سود خواروں کا ہے اب آفاق میں
سود خواروں سے بھی بدتر ہیں مگر سرمایہ دار

سرزمینِ ہند میں اب انقلاب آنیکو ہے
دولت و ثروت کے بندو زر پرستو ہوشیار

غظیم الدین محبت متعلم ام۔ اے (آخری)

ایک رات

رات کے گیارہ بج رہے تھے۔ لیکن وہ صاحب کلب سے لوٹے نہ تھے۔ اندھیری رات۔ میں اکیلی اتنے بڑے سنسان گھر میں جاگ رہی تھی۔ میرے دونوں بچے بھی سو چکے تھے۔ میں لکڑ ہارے اور ریچھ کی کہانی آدھی بھی نہ کہنے پائی تھی۔ کہ وہ دونوں نیند کی چادر تانے بے خبری کے عالم میں بستر پر کروٹیں بدل رہے تھے۔ میں نے باہر کا دروازہ بند کر دیا۔ اور صحن میں ٹہلنے لگی۔ "برج کھیل رہے ہوں گے"۔ میں سوچنے لگی۔ "آگ لگے اس برج کو۔ کیسا منحوس کھیل ہوتا ہے۔ گھر اور کلب کے درمیان کیسی لمبی خلیج حائل کر دیتا ہے۔ بھلا گیارہ بجے تک کھیلتے رہنے میں کیا خاص لطف آتا ہوگا"۔ پھر میں یہ کہکر دل کو سمجھائی کہ بھئی مردوں کی طبیعت ہے۔ جو چاہے کھیلیں۔ یہی غنیمت ہے کہ وہ صرف برج سے دل بہلا رہے ہیں ورنہ یہ مرد تو عجیب عجیب کھیلوں میں وقت گذارتے ہیں۔ یہی غنیمت ہے۔ میں اپنے کمرے میں چلی آئی۔ اور سونے کے خیال سے لیٹی ہی تھی کہ ایکدم سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ "اگر وہ آئیں۔ میں سوتی رہوں۔ دروازہ کھٹکھٹائیں اور کوئی نہ کھولے۔ تب ..." مجھے جاگنا چاہئے ـــ بارہ بجے تک میں جاگتی رہی۔ اس وقت جب سب سو رہے ہوں۔ سرد اندھیری رات ہو۔ جاگنا کیسا کٹھن ہو جاتا ہے۔ نیند آنکھوں میں سوئیوں کی طرح چبھتی ہے۔ اور جماہیوں کا تو کوئی ٹھکانہ ہی نہیں۔ میرا سر چکرانے لگا۔ سوچنے لگی۔ "اور آدھا گھنٹہ اس کے بعد بھی اگر وہ نہ آئیں تو سو جاؤں گی۔ ضرور سو جاؤنگی۔ دس ہی منٹ گزرے ہوں گے کہ ایسا معلوم ہوا جیسے ایک گھنٹہ انتظار کرتے گذرا۔ آدھا گھنٹہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بس پندرہ منٹ جاگنا چاہئے۔ میں صرف پانچ منٹ اور انتظار کروں گی۔ صرف پانچ منٹ!۔ کوئی حد بھی ہے انتظار کی"۔ اس فیصلہ کے بعد میں خواب بستر

درست کرنا شروع کیا۔ اور لیٹ گئی۔ رضائی بھی اوڑھ لی۔ کیونکہ صرف دو منٹ جاگنا تھا۔ تین منٹ گزر چکے تھے۔ دروازہ پر کھٹکا ہوا۔ میں بستر سے تقریباً اچھل پڑی۔ "آخر آ گئے" میں نے اطمینان کا سانس لیتے ہوئے کہا۔ اور دبے پاؤں چلتے ہوئے۔ دروازہ تک گئی۔ اور آہستہ سے زنجیر کھولدی اور اسی طرح بغیر آواز کئے اپنے کمرہ میں چلی آئی۔ تھوڑی دیر بعد انہوں نے نوکر کا نام لیکر پکارا۔ پھر بچے کو پکارا میں دل ہی دل میں مسکرا رہی تھی۔ "اور زور سے پکارو" میں نے آہستہ سے کہا۔ اس کے بعد دروازہ کو ڈھکیلنے اور کھلنے کی آواز آئی۔ میں آنکھیں بند کئے اچھی طرح اوڑھ لپیٹ کر سو گئی۔ وہ دبے پاؤں اندر داخل ہوئے۔ کپڑے اُتار کر انہوں نے میری طرف دیکھا۔ میں ایک آنکھ کھولے انہیں دیکھ رہی تھی۔ خدا کی پناہ انہوں نے دیکھ لیا۔ میں نے مجبور ہو کر دونوں آنکھیں کھولدیں۔ "تو یہ وقت ہے آپ کے آنے کا" میں نے نہایت سنجیدگی سے پوچھا۔ "کہیں خواب تو نہیں دیکھ رہی ہو" انہوں نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔ "مجھے تو آئے ہوئے دو گھنٹے ہوتے ہیں"۔ "اُف۔ کس قدر صریح جھوٹ"۔ میں اُٹھ بیٹھی۔ "میں پوچھتی ہوں آخر ہو کیا رہا تھا"؟ انہوں نے بڑے خوشامدانہ انداز میں جواب دیا۔ "آج برج بڑے زوروں پر چل رہا تھا۔ سب جمے رہے۔ میں بھی مجبور تھا۔ اب سے کلب جانا ہی چھوڑ دوں گا" میں نے ان کی طرف ایسی نظروں سے دیکھا جس سے وہ سمجھ گئے کہ ان کا قصور معاف کر دیا گیا۔ "کتنی اندھیری رات ہے" انہوں نے سگریٹ سلگاتے ہوئے کہا۔ لیکن مجھے نیند آ رہی تھی "ہوگی۔ لیکن اب آپ سو جائیے"۔ "اندھیرے سے تمہیں ڈر نہیں ہوتا"؟ وہ پوچھ رہے تھے۔ میں نے دیکھا وہ مجھے باتوں میں لگا کر وقت گزارنا چاہتے ہیں۔ بارہ بجے تک جاگتے رہیں تو نیند بھلا یوں ہی آجاتی ہے؟۔ میں چپ ہو رہی۔ "مجھے تو اندھیرے سے بڑا ڈر لگتا ہے" مجھ سے نہ رہا گیا۔ "اسی لئے بارہ بارہ بجے تک کلب میں رہتے ہو" انہوں نے سنی ان سنی کر دی۔ "سنو ایک اندھیری رات کا قصہ سناتا ہوں"۔ "جی معاف کیجئے مجھے علی الصبح اُٹھنا ہے"۔ اور میں نے سو جانے کے مصمم ارادہ سے آنکھیں بند کرلیں۔ وہ تھوڑی دیر چپ رہے۔ اس کے بعد اپنا قصہ شروع کیا۔ "آج سے تین چار برس پہلے کی بات ہے۔ میں رات کو نو کے بعد گھر سے باہر نہ نکلتا۔ اور بالخصوص اندھیری راتوں میں تو گھر کے اندر بھی ڈر ہوتا۔ شیطان۔ بھوت پریت کا میں سرے سے قائل ہی نہیں ہوں اس لئے آپ اس طرف

تو خیال ہی ڈوڑائیے۔ میں صرف اندھیرے سے ڈرتا تھا۔ اور اب بھی ڈرتا ہوں۔ شام کے دھندلکے پر اندھیرا چھانے لگتا ہے تو مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے الف لیلیٰ کے کسی جن نے مجھے اپنے سحر کے زور سے بھسم کر ڈالا اور میرا جسم اس اندھیرے میں دھوئیں کی طرح تحلیل ہونے لگا۔ مجھے خوب یاد ہے کہ ایک رات بارش کی وجہ سے بجلی کی رو خراب ہوگئی۔ اور اندھیرا چوروں کی طرح میرے کمرے میں گھس پڑا۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے مجھ پر اس طرح چھا گیا جیسے اوڑھنے کی چادر۔ میرا دم گھٹنے لگا۔ میں دیا سلائی کے لئے سرہانے ہاتھ بڑھانے ہی کو تھا کہ مجھے ایسا دکھائی دیا جیسے ایک مہیب کالا جسم جو سارے کمرے میں سمایا ہوا تھا۔ میری طرف بڑھ رہا ہے۔ اس کی آنکھیں سرخ انگاروں کی سی دہک رہی تھیں۔ میں شائد چیخ پڑتا کہ اندر سے قندیل آگئی۔ میری جان میں جان آئی۔ میں دیدے پھاڑ پھاڑ کر چاروں طرف دیکھ رہا تھا۔ کونہ میں ہماری پالو بلی بیٹھی خرخر کر رہی تھی۔ میرا دل دھڑکنے لگا۔ کہیں کوئی جن اس بلی کے روپ میں تو نہیں؟ میں یہ سوچکر سر سے پیر تک تھرا اُٹھا۔ اور اسی لمحہ یہ خیال میرے دلمیں گزرا کہ بڑی بوڑھیوں کے عقیدہ میں جنات اکثر بلی کے روپ میں نازل ہوتے ہیں۔ میں قندیل کی طرف دیکھ رہا تھا۔ اگر یہ بھی بھڑک کر گل ہو جائے تو۔ میں بھسم ہو جاؤں گا اور میرا جسم دھوئیں کی طرح اندھیرے میں تحلیل ہونے لگے گا۔ قندیل کی روشنی لحظہ بہ لحظہ تیز ہو رہی تھی۔ بلی آہستہ سے اٹھی اور کمرہ کے باہر چلی گئی جیسا میں کہہ چکا ہوں میں ان بلیات کا قایل ہی نہیں ہوں مجھے روشنی دیدو میں ان کا ہر طرح مقابلہ کرنے تیار ہوں۔ میں صرف اندھیرے سے ڈرتا ہوں۔ میں تھوڑی دیر جاگتا رہا۔ اور قندیل کی بتی کو اچھی طرح بڑھا کر سو گیا۔

میرا گھر ندی کے کنارے واقع تھا وہاں میرے گھر کے سوا دو چار اور بھی گھر تھے۔ شام کے وقت میں تفریح کے لئے باہر نکل جاتا۔ ندی آہستہ آہستہ بہتی رہتی۔ کنارے کنارے جو درخت اُگے ہوئے تھے۔ انمیں سے اکثر پھول کے تھے۔ بھونرے اور اسی قبیل کے دوسرے کیڑے ان پر منڈلاتے رہتے۔ ایسا معلوم ہوتا جیسے وہ ان پھولوں کو توڑ کر اپنے ساتھ لیجانا چاہتے ہیں۔ جوں جوں شام قریب ہوتی جاتی۔ وہ اُڑ اُڑ کر اپنے مسکن کی طرف جاتے اور ادھر اُدھر چکر کاٹ کے پھر سے ان پھولوں پر منڈلانے لگتے۔ پانی کی سطح پر ٹڈیوں کے غول کے غول جھکے پڑتے۔ اور اسے اپنے پروں سے چھوتے ہوئے چھوٹی چھوٹی موجوں کے جال میں ڈبو دیتے۔

ان ٹاڈیوں سے نظر ہٹالیں تو ایسا معلوم ہوتا جیسے صرف ندی کے پانی پر ہلکی سی پھوار برس رہی ہے اور ہر لحظہ پھیلنے والی کٹوریوں کا ریلا ہے کہ بہا چلا جارہا ہے۔ مینڈکوں کے شور میں آبشار کی آواز بھی مدھم پڑجاتی۔ اور مغرب کی طرف نظر کریں تو کسی دوسری سمت دیکھنے کو جی نہ چاہتا۔ رنگا رنگ کے بادل مختلف شکلیں لئے ہوئے ندی کے پانی میں جھانکتے رہتے۔ شفق کے اس دلفریب اور نظر نواز منظر کو میری طرح (کیونکہ مجھے بھی لوٹنے کی جلدی ہوتی) ڈوبتا ہوا سورج بھی حسرت سے دیکھتا ہوا غروب ہوتا۔

رات کے وقت ندی کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ میں نے نہیں دیکھا۔ البتہ چاندنی راتوں میں اپنے برآمدہ میں کھڑا پانی کی مچلتی ہوئی موجوں کو چاندنی سے چہل کرتے ہوئے دیکھتا۔ اور بڑے بڑے مینڈکوں کے ٹرانے کی آواز میرے کانوں کے پردے پھاڑتی۔ یا اگر چاندنی زیادہ چمکی ہوتی تو میں ان چٹانوں کو بھی دیکھ لیتا جو کنارے پر پگھلے ہوئے لوہے کی طرح چمکتی رہتیں۔ کبھی کبھی ان پر دو چار بگلے بھی بیٹھے ہوئے دکھائی دیتے۔ جس رات کا میں ذکر کرنے والا ہوں وہ گھپ اندھیری تھی۔ چاند کے نہ ہونے سے تاروں کی چمک کافی سے زیادہ تابناک تھی، لیکن زمین تک پہنچتے پہنچتے وہ سیاہی میں گھل مل جاتی تھی۔ زمین کبھی بیوہ کی طرح اندھیرے کی سیاہ چادر اوڑھے ہوئے تھی۔ اور آسمان کسی نوعروس کی کامدار اوڑھنی کی طرح جگمگ کررہا تھا۔ رات کے گیارہ بج چکے تھے۔ لیکن مجھے نیند کی ہلکی سی جھپک بھی محسوس نہ ہوئی۔ ایسی وحشت سوار تھی کہ ہر دم مجھے روشنی کے گل ہوجانے کا دھڑکا لگا تھا۔ اور نہ جانے کیوں میں بے چین تھا۔ کسی پہلو چین نہ پڑتا۔ لیٹتا تو اٹھ بیٹھنے میں سکون معلوم ہوتا اٹھ بیٹھتا تو ٹہلنے میں سکون کی امید ہوتی۔ اور ٹہلتا رہتا تو مجھے ایسا معلوم ہوتا جیسے کمرہ کی اس محدود وسعت میں میرے لئے سکون کی گنجایش نہیں۔ اور میرا سر کمرہ کی دیواروں سے ٹکرا رہا ہے۔ اور کوئی قوت مجھے کمرہ سے باہر ڈھکیل رہی ہے۔ اندھیرے کی بے پناہ ہیبتناک وسعتوں میں۔ میں کشاں کشاں اپنے گھر کے باہر نکلا۔ اور ٹہلنے لگا میں نے سگریٹ سلگا لیا اور جب کبھی میں اس کا کش کھینچتا۔ وہ تیز روشنی کے ساتھ جلتا۔ اس گھٹاٹوپ اندھیرے میں۔ یہی ایک روشنی تھی جو میرے ہمت کے چراغ کو اکساتی تھی۔ ندی اس اندھیرے میں ریل کے دھوئیں کی طرح سیاہی مائل نظر آرہی تھی۔ اور آبشار ریل کی گڑگڑاہٹ سے ملی جلی آواز پیدا کررہا تھا۔ پل کے چراغ روشن تھے لیکن انکی روشنی صرف دریا کے پانی میں منعکس ہورہی تھی۔ اور چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔ اتنے میں

مجھے کچھ ایسا سنائی دیا جیسے دور کسی کے چلنے کی آواز آرہی ہے۔ اور چھن سے ہاتھ کی چوڑی جھنکی۔ میرا دل زوروں سے دھڑکنے لگا۔ "عورت۔ اتنی رات گئے۔ اندھیرے میں۔" میں اسی طرف دیکھنے لگا بیرے گھر سے تیسرے مکان کے آگے ایک عورت کھڑی تھی۔ اندھیرے کے باوجود میں اسے دیکھ چکا۔ دبلی پتلی اور میانہ قد۔ نجانے کیوں؟ میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ چاہے اندھیرا ہو۔ ندی کا کنارہ ہو۔ عورت ہو۔ مجھے اس کا پیچھا کرنا چاہیئے ۔ اس عورت نے ندی کا رخ کیا۔ میں نے ایک سفید دستی کو جو شائد اس کے ہاتھ میں تھی ہلتے ہوئے اور ندی کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھا۔ میرا جسم برف کی طرح سرد پڑ گیا۔ خداوندا یہ عورت ندی کی طرف کیوں جارہی ہے؟ ۔ میں اپنے آپ سے پوچھ رہا تھا۔ کاش اس وقت کوئی غیبی قوت مجھے واقعہ کی اصلیت سے خبردار کردیتی۔ کیوں وہ لڑکی ندی کی طرف جارہی ہے۔ کونسی افتاد اسے اس طرف ڈھکیل رہی ہے؟۔ میرے اطراف اس قسم کا شور سنائی دیا جیسے آندھی سنسنا رہی ہو۔ میں نے سگریٹ کا ایک لمبا کش لیا۔ چاروں طرف سناٹا تھا۔ ایکدم سے مجھے ایسا سنائی دیا جیسے کوئی مجھ سے کچھ کہہ رہا ہے۔ میں لرز اُٹھا "یہ عورت کسی خطرناک اقدام کی مرتکب ہوگی۔ خودکشی کرلے گی" ۔ میں عجیب کشمکش کے عالم میں کھڑا تھا۔ اس وقت عورت میرے سامنے ایک ہاتھ میں کمزوری اور دوسرے میں شہزوری لئے کھڑی تھی۔ اس اندھیری رات میں تن تنہا ندی کی طرف جانا دل گردہ ہی کا کام تھا۔ اور جان دینے کے لئے جانا کیسی شہزوری کا کام ہے۔ اور محبت کرنا کتنی بڑی کمزوری ہے ۔ اس خیال کے آتے ہی میں سمجھ گیا کہ گتھی سلجھ گئی۔ محبت اس سانحہ کی ذمہ دار ہوگی۔ وہی اس لڑکی کو ندی کی طرف ڈھکیل رہی ہے۔ اور میرے ذہن میں ہزاروں ہی مثالیں ایسی لڑکیوں کی گھومنے لگی جنھوں نے صرف محبت کی خاطر اپنی زندگی کی کشتی کو دریاؤں کی بے رحم موجوں میں ڈبو دیا۔ اور اپنی پاک ارواح کو پھولوں کی طرح بہا دیا۔ اُف۔ کمزور جسم اور کمزور دل والی عورت کیوں یہ بیٹھے بیٹھائے محبت کا روگ لگا بیٹھتی ہے۔ محبت۔ خطرناک۔ جان لیوا۔ کوئی محبت ہی کو دریا میں کیوں نہیں ڈبو آتا۔ مایوسی انتظار بدنامی۔ بیچینی۔ اور نتیجہ کے طور پر خودکشی۔ اس کے ترکش میں کیسے کیسے زہریلے تیر ہیں۔ میرے قدم بھی ندی کی طرف اُٹھ گئے۔ میں نے مصمم ارادہ کرلیا کہ چاہے کچھ ہو۔ آج میں ایک لڑکی کی جان بچاؤں گا۔ سماج یا کسی سنگدل محبوب کی بھینٹ چڑھنے سے پہلے میں اسے تھام لوں گا۔ دستی اب دھندلی ہوتی جارہی تھی اور بہت

تیزی سے حرکت کر رہی تھی شائد وہ دوڑ رہی تھی ۔ میں بھی دوڑنے لگا ۔ ایسا سنائی دیا جیسے میرے پیچھے ساری دنیا کی عورتیں چیخ چیخ کر مجھے اس عورت کو بچانے کے لئے کہہ رہی ہیں ۔ اور وہ خود بھی چیخ رہی ہے ۔ بچاؤ ۔ بچاؤ ایکدم سے میں رک گیا ۔ مجھے سیٹی کی سی آواز سنائی دی ۔ میں ابھی سوچ ہی رہا تھا کہ یہ آواز کس سمت سے آئی ہوگی وہی آواز چٹانوں کی طرف سے آئی ۔ اور میرے کانوں کو چھوتی ہوئی بہت آگے نکل گئی ۔ یہ آواز کسی بے چین روح کی تو نہ تھی جو اپنے محبوب کے لئے اب بھی بھٹک رہی تھی ۔ یا اس مایوس لڑکی کو ندی تو نہیں پکار رہی تھی ۔ ؟ ندی کی سحر کن پکار ۔ لڑکی کے بھاگنے کی آواز آنے لگی ۔ 'اوہ' ناامیدی کے عالم میں میرے منہ سے نکلا "آواز کا جادو اس پر چل گیا ۔" اور میں دیوانہ وار دوڑنے لگا ۔ میں ندی کے کنارے پر کھڑا چاروں طرف اُسے ڈھونڈ رہا تھا ۔ ندی آہستہ آہستہ بہہ رہی تھی ۔ اس کی پرسکون سطح کو دیکھ کر غصہ سا آرہا تھا کہ میرے دل کی طرح یہ بھی طوفان خیز کیوں نہیں ۔ سارے شہر کے ہنگاموں، شورشوں اور فتنہ انگیزیوں کو بغل میں دبائے بہے چلی جارہی ہے ۔ کسی مچھلی کے اُچھلنے کی آواز آئی ۔ اور میں سمجھا کہ وہی لڑکی زندگی کے لئے ہاتھ پیر مار رہی ہے لیکن پھر سے سکون کی عملداری قایم ہوگئی ۔ آہ میری نظریں جب اسے ڈھونڈنے میں ناکام ہوئیں تو مجھے ایسا معلوم ہوا جیسے خود میں نے اسے ندی میں ڈھکیل دیا ۔ عورت جب کسی اقدام کا تہیہ کرلیتی ہے تو کوئی قوت اسے روک نہیں سکتی ۔ یہ حقیقت مجھ پر واضح ہونے لگی اور میں اپنے ایک ہمجنس پر دانت پیس رہا تھا ۔ جس نے اس لڑکی کو محبت کے سبز باغ دکھائے ۔ اور بیوفائی کی ۔ بھولی بھالی لڑکی اس کے فریب میں آگئی ۔ نجانے اور کیا کیا واقعات رونما ہوئے ۔ کہ اس نے اس زندگی ہی سے ہاتھ دھو بیٹھنے کی ٹھان لی ۔ مرد بڑا خود غرض ۔ بے وفا اور سنگدل ہوتا ہے ۔ لیکن میں سنگدل نہیں ہوں میں محبت کی قدر کرتا ہوں اس وقت میں سوچ رہا تھا کہ کاش مجھے بھی ایسی ہی کوئی، محبت پرست، چاہنے والی مل جائے جو محبت کی خاطر جان بھی دیدے ۔ تو میں اپنی زندگی ۔ محبت ۔ غرض سب کچھ اس کے لئے وقف کردونگا اور کلب کو جانا چھوڑ دونگا ۔ میں ادھر اُدھر اسے ڈھونڈ رہا تھا ۔ جیسے اس رات اندھیرے میں میں دیا سلائی ٹٹول رہا تھا ۔ تھوڑی دیر بعد میری آنکھوں نے جو نظارہ دیکھا وہ عمر بھر یاد رہے گا ۔ چٹان کے قریب ہی ایک شعلہ سا روشن ہوا اور میں نے دیکھا کہ چٹان کا سہارا لئے ہوئے ایک حسین عورت کھڑی ہے ۔ اس کا سارا جسم کانپ رہا ہے ۔ مجھے اپنی آنکھوں پر دھوکہ ہو رہا تھا ۔ پھر خیال آتا کہ کوئی جل پری ہوگی

وہ شعلہ بجھ گیا۔ اور پہلے کی طرح چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا چھا گیا۔ منٹ بھر کے وقفہ سے دوسرا شعلہ روشن ہوا اور اب دیکھتا ہوں تو وہ پیکر نورانی آسمان کی طرف ہاتھ اٹھائے۔ اڑنے کے لئے پر تول رہا ہے۔ وہ عورت قطعی نہیں۔ مجھے یقین تھا۔ کوئی پری ہے۔ یا اسی عورت کی روح ہے جو انسانی جسم کو دریا کی تہہ میں چھوڑ کر آسمانوں کو طے کرے گی۔ بیچاری لڑکی۔ میرے دل پر اسکی قربانی ایک برگزیدہ اور مقدس موت کا نقش بٹھا رہی تھی مجھے سردی محسوس ہو رہی تھی۔ اور اس سانحۂ جانکاہ سے میری روح کا تار تار بکھر گیا تھا۔ میں پھوٹ پھوٹ کر رونا چاہتا تھا۔ اسی طرح جیسے وہ وفا باز عاشق روتا۔ مہ پیٹتا۔ میرے تعجب کی انتہا نہ رہی۔ وہ شعلہ پھر سیٹی مار روشن ہوا اور اب جو دیکھتا ہوں تو آنکھوں تلے اندھیرا چھا گیا۔ دماغ کو ایک جھٹکا سا لگا۔ اور مجھے ایسا محسوس ہونے لگا جیسے میں غوطے کھا رہا ہوں۔ اور میرا سانس اکھڑ رہا ہے۔ اُف اس سلسلہ کی روشنی میں میں نے ایک نہایت ہی خوبصورت چہرہ کو دمکتا ہوا دیکھا۔ یہ ایک عورت تھی۔ اس کے ہاتھ میں سفید دستی تھی۔ اس کے بازو ہی ایک مرد کھڑا سگریٹ پی رہا تھا۔

"تمھاری سیٹی کی آواز سنتے ہی میں دوڑتی ہوئی آئی ہوں۔"

مرد کھانس کر چپ ہو رہا۔

"میں تمھارے لئے ہر خطرہ کا مقابلہ کروں گی۔ میں تمھارے لئے جان دیدوں گی" لڑکی نے مرد کے شانوں کا سہارا لیتے ہوئے کہا۔

"کسی نے دیکھا تو نہیں تمھیں۔" وہ مرد تشویشناک لہجہ میں پوچھ رہا تھا۔

"صرف اندھیرے نے۔" لڑکی نے ہلکا سا قہقہہ لگا کر کہا۔

میرے جی میں تو آیا کہ چیخ چیخ کر ساری دنیا کو بیدار کردوں اور ان سب کو منظر دکھاؤں لیکن آواز میرے حلق میں پھنس رہی تھی۔ مجھے ایسا ہی غصہ تھا جیسے کسی نے میرے خدا کو میرے منہ پر برا بھلا کہا ہو۔ میں نے گڑگڑا کر دعا کی کہ ندی میں اس زور کا سیلاب آئے کہ یہ دونوں عاشق و معشوق غرقاب ہو جائیں۔ میں ایک مایوس اور دل شکستہ مرد کی طرح خود کو گھسیٹتا ہوا اپنے گھر تک لایا۔ کمرہ میں داخل ہو کر میں نے روشنی گل کردی۔ اور بخار کے مریض کی طرح کراہتا ہوا سو گیا۔

"بڑی شریر لڑکی تھی۔" میں نے آہستہ سے کہا۔

"ابھی آپ جاگ رہی ہیں۔" انہوں نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔

"چلئے سو جائیے بخار کے مریض کی طرح کراہتے ہو۔ میں روشنی گل کئے دیتی ہوں"۔

رشید قریشی بی اے (عثمانیہ)

سیرت محمدی کا مطالعہ

"یہ مضمون مقابلہ جشن میلاد صلعم جو اقامت خانجات میں منایا گیا۔ غیر مسلم طلبار کے لئے مخصوص تھا میلاد کمیٹی نے اس مضمون کو مستحق انعام اول مطیہ پروفیسر سبا راؤ قرار دیا" "ادارہ"

بزرگان دین کی سیرت کے مطالعہ کے بعد چونکہ ہم اس قابل ہو جاتے ہیں کہ اپنی زندگی کے اکثر اہم مسائل کا بالکل صحیح اور قابل عمل حل دریافت کر سکیں اسوجہ سے ہم پر واجب ہے کہ اُن کے حالات سے خود کو واقف رکھیں تاکہ نازک اور امتحانی مواقع پر یہ علم ہماری رہنمائی کر سکے۔ رفتہ رفتہ جب انبیائے کے حالات کے غائر مطالعہ سے ہم میں خود ایک قسم کی بصیرت پیدا ہو جائے گی تو یہ ہماری زندگیوں میں ایک عظیم الشان انقلاب پیدا کر دے گی۔ انہیں ایسے راستے پر ڈال دیگی جو بالکل بے خطر ہوتا ہے اور مقاصد حیات کے حصول کا واحد ذریعہ ہوا کرتا ہے، جو لوگ دنیا میں کامیاب اور قابل تقلید زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں اُن کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ ہر آن تبدیل پذیر حالات سے نتائج اخذ کر سکیں، اُن سے سبق سیکھیں، اور اُن سے عبرت حاصل کریں ورنہ شہرت و کامرانی کا رنگین خواب سراب سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتا، اب ہم کچھ تمہیدی بیان کے بعد حضرت محمد صلعم کی زندگی کے حالات اور سیرت پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے اس مضمون کے آخری صفحات میں آنحضرت صلعم کی سیرت میں اپنے چند شکوک کے ازالہ کا سامان تلاش کریں گے اور دیکھیں گے کہ اُن کی زندگی کا غائر مطالعہ مسائل حلفرہ کی گتھیوں کو کس حد تک سلجھا دیتا ہے اور ممد و معاون ہے۔

دنیا کی تاریخ اس امر کی شاہد ہے کہ ہر ملک میں مختلف زمانوں میں معاشرتی، مذہبی اور اخلاقی حیثیت سے انحطاط اور ترقی کے دور آچکے ہیں، کبھی یہ ہوتا ہے کہ جہالت، بت پرستی اور طرح طرح کے دیگر توہمات کسی قوم پر ایسا تسلط جما لیتے ہیں کہ آئندہ اُن کے لئے ترقی کی ساری راہیں مسدود ہو جاتی ہیں صدیوں تک اُس کو اُبھرنے کا موقع نہیں ملتا، کبھی وہ ترقی کے اُس منتہا کو حاصل کر لیتی ہے کہ جس پر اغیار تک رشک کرتے ہیں۔

مگر اس سارے عروج و زوال کے عقب میں جو حقائق و محرکات کارفرما ہوتے ہیں اُن میں کسی نہ کسی بڑے رہنما اور خادم ملّت کی کوششوں کا کافی حصّہ ہوا کرتا ہے۔ جب حالات بد سے بدتر ہو جاتے ہیں، جب حقیقت مجاز کے پردوں میں گم ہونے لگتی ہے، جب مذاہب کی تعلیمات بجائے عوام کو راہ راست پر لگانے کے اُن کی گمراہی کا باعث ہوتی ہے تب یہ قدرت کا اُصول ہے کہ کوئی ایسا پیغمبر یا نبی پیدا ہوتا ہے جو اُن میں بیداری کی روح پھونک دیتا ہے۔ اُن کو اپنے فرائض سے آگاہ کراتا ہے، لایعنی فضول عقائد کا ابطال کرتا ہے اور ایک صحیح و اعلیٰ قسم کی اخلاقی زندگی بسر کرنے کی تلقین سے معاشرہ کی تاریخ میں ایک اہم باب کا اضافہ کرتا ہے۔ بھگوت گیتا کے اس قول کی صداقت سے کوئی انکار نہیں کرسکتا جب دہرم پر آفتیں آتی ہیں تو خود قدرت مذہبی قوانین و عقائد کی تجدید و حقائق کے اظہار کا انتظام کردیتی ہے۔ ہندوستان میں جب برہمنوں کے مظالم بڑھے، اور ذات پات کی تفریق نے یہاں کی معاشرتی زندگی میں طرح طرح کی خرابیاں پیدا کردیں۔ ہر شعبہ حیات میں غیر مساویانہ برتاؤ روا رکھا گیا تب مہاتما بدھ جیسے روشن دماغ رشی کا ظہور ہوا جس نے اپنے نرالے فلسفہ ترک کی تلقین سے دنیاداری کی طرف سے ایک تنفر پیدا کردیا۔ بدھ کا خیال تھا کہ جذبات و خواہشات کی غلامی سے ہی نجات یا نروان ممکن ہے۔ مختصراً یہ کہ معاشرتی پستی و جہالت پیش خیمہ ہوتی ہے کسی نبی کے ظہور کا۔ قدرت کا یہ نظام اس عالمگیر قانون کے مطابق کام کر رہا ہے اور جہاں جہاں اس قسم کے حالات پیدا ہو جائیں وہاں مختلف مُفکّر اپنے اپنے زمانوں میں احیاء حقائق کے اہم فرض کی تکمیل کریں گے

علامہ شبلی نعمانی نے اپنے شاہکار سیرت النبیؐ میں اسلام سے قبل عرب کے تمدن کا جو مختصر خاکہ پیش کیا ہے اُس سے تو یہ ظاہر ہے کہ وہاں اُس زمانے میں ایک مکمل زبان تک نہ تھی۔ لوگوں کی غذا عموماً حشرات الارض گرگٹ، کنکھجورے وغیرہ تھی۔ چھلنی کے استعمال سے تک وہاں کے باشندے ناواقف تھے۔ لیکن ان ضمنی معلومات سے زیادہ اہم ہمارے لئے اُس زمانے کے عقائد کا مطالعہ ہے۔ ڈیکارٹ وغیرہ نے اپنے فلسفہ میں جس قسم کی میکانی توجیہہ پیش کی ہے اُسی کے مماثل کچھ اُس زمانے کے عربوں میں بھی عقائد موجود تھے۔ ایک فرقہ تو خدا کے وجود کا قائل تھا لیکن سزا و جزا کا منکر۔ بعض اس کے بھی ماننے والے تھے لیکن نبوت کو فضول خیال کرتے تھے۔ لیکن ایک عظیم اکثریت ایسے بت پرستوں کی تھی جو طرح طرح کی مورتوں کی پرستش

کرکے اُن سے اپنی حاجات کے رفع کی خواہش کرتے تھے' نصرانیت' یہودیت' مجوسیت' تین مذاہب اسلام سے قبل عرب میں موجود تھے ان میں سے ہر ایک کے عقائد کی تفصیلات میں نہ جاتے ہوئے اتنا بتا دینا ضروری ہے کہ ہر طبقہ و گروہ میں اُس زمانہ میں " اللہ " کا کوئی نہ کوئی تخیل کسی نہ کسی صورت سے موجود تھا۔ بہرحال وہ ایک عظیم المرتبت ہستی کے قائل ضرور تھے جو عالم مظاہر پر حکمران ہے۔ بتوں کے بارے میں بت پرست تو اُن کو ایک ذریعہ مان بیٹھے اور یہ سمجھ رہے تھے کہ یہی بتِ حق ہیں قدرت نے خاص خاص طاقتیں ودیعت کر رکھی ہیں قیامت کے دن اُن کی شفاعت کریں گے۔ انہی کے عقائد کے بارے میں قرآن میں درج ہے کہ

" یہ بتوں کو بطور ایک ذریعہ کے پوجتے ہیں "

زمانہ کی رفتار کے ساتھ ساتھ اُن کے قدیم اعتقادات میں تزلزل واقع ہوتا جا رہا تھا یہی وجہ ہے کہ اسلام سے پہلے کے بعض مفکروں ہی نے بت پرستی کے خلاف احتجاج شروع کر دیا تھا اور اُس اللہ' یا رب العالمین کے متعلق طرح طرح کے سوالات اُٹھائے جانے لگے تھے۔ قرآن میں درج ہے کہ

" اگر ان لوگوں سے (کافروں سے) پوچھو کہ آسمان و زمین کو کس نے پیدا کیا اور چاند و سورج کو کس نے تابعدار بنا دیا تو بول اٹھیں گے ' اللہ ' پھر یہ کیوں بہک رہے ہیں۔

اس قسم کی عقلی بیداری جس کے آثار بہت پہلے سے رونما ہو چکے تھے گویا اسلام جیسی توحید کی تحریک کو مقبول عام بنانے کے لئے ایک موافق ماحول پیدا کر چکی تھی۔ حضرت ابراہیمؑ ایک خدائے واحد کی عبادت' اُسی کی ثناخوانی اور اُسی سے کسب فیض کی تعلیم دے چکے تھے لیکن بعد میں آنے والی نسلوں نے اُن کے بتائے ہوئے اصولوں کو بھول کر بے راہ روی اختیار کر لی جس کی وجہ سے بت پرستی کے خلاف حضرت محمد صلعم سے پہلے امینہ بن ابی صلت ہی کو احتجاج کرنا پڑا۔

ایسے وقت میں جب کہ الحادی جانب رجحان بڑھتا جا رہا تھا' قبائل کی باہمی خانہ جنگیوں کی وجہ سے ملک کی حالت ناگفتہ بہ تھی' مذموم رسوم و رواج کی پابندی نے اُن کی ہر قسم کی ترقی کو مسدود کر رکھا تھا' علم کے

نقدان کی وجہ سے اُن کی زندگیاں بالکل وحشیانہ ہوگئی تھیں ایک ایسے مجدد کی سخت ضرورت تھی جو اُن سب کو اپنے نرالے درس مساوات سے ایک متحدہ محاذ پر لے آئے تاکہ مقاصد قومی کے تحفظ کی کوئی کامیاب کوشش ممکن ہوسکے۔ آنحضرت صلعم کے ظہور نے قدرت کی اس اہم ضرورت کی تکمیل کردی۔ اُن میں ہمیں ایک ایسا نبی ملا جو ہر لحاظ سے مکمل، ہر پہلو سے قابل تقلید، اور اپنے زمانے کے مفکروں میں ایک ممتاز حیثیت رکھتا تھا۔ مذہبی مصلح کے ساتھ وہ سماجی مصلح بھی تھے اور انہوں نے دختر کشی، شراب خواری وغیرہ کی سی مذموم رسوم کے انسداد کے لئے اپنی ساری کوششیں صرف کردیں تاکہ قومی زندگی میں کچھ ترقی کے امکانات پیدا ہوجائیں۔

آنحضرت صلعم ۵۷۰ء میں عالم قدس سے عالم امکان میں آئے۔ چند ہفتے قبل باپ فوت ہوچکے تھے چھ سال کی عمر میں ان کی مادر بزرگوار نے انتقال کیا، پھر یہ چند دن تک اپنے دادا عبدالمطلب کی نگرانی میں رہے۔ بعد ازاں جب دادا نے بھی انتقال کیا تو شفیق چچا ابوطالب نے ان کی تعلیم و تربیت کا فرض اپنے ذمہ لیا۔ بارہ سال کی عمر میں انہوں نے شام کا سفر کیا جس کے دوران میں ایک عیسائی راہب نے اُن کے پیغمبر ہونے کی پیشین گوئی کی تھی۔ پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہ جن کے مال تجارت کو یہ اکثر دیگر ممالک میں فروخت کرنے کے لئے لے جایا کرتے تھے ان کے نکاح میں آئیں۔ اس کے بعد آنحضرتؐ کی عمر کے پندرہ سال معمولی دنیاداروں کی طرح سے مختلف فرائض خانہ داری کی تکمیل میں گذرے۔ چالیسویں سال سے ان پر وحی نازل ہونے لگی۔ اور اس کے بعد انہیں تبلیغ دین کا خیال پیدا ہوا۔ کچھ دن تک تو یہ سلسلہ خفیہ طریقہ سے چلا اور اُن کی تعلیم محض اپنے چند خاص معتقدین تک محدود رہی۔ بالآخر انہوں نے عوام میں بھی اپنے خیالات کا اظہار شروع کردیا۔ قریش اس کو ایک بدعت سمجھتے تھے کہ کوئی ان کے بتوں کی شان میں اس طرح کے اہانت آمیز جملے کسے اور اُنہیں کمزور بتائے اسی وجہ سے انہوں نے آنحضرتؐ اور اُنکے ساتھیوں کی علانیہ مخالفت شروع کردی۔ اس میں رفتہ رفتہ شدت آتی گئی اور بالآخر آنحضرت کو یہ حکم دینا پڑا کہ چند مومن بلاد حبش میں جاکر سکونت اختیار کریں۔ جب اس طرح کے ترک وطن و تخلیہ کی خبر دشمنوں کو ہوئی تو انہوں نے بھی اپنے چند سفیر حبش کے دربار میں بھیجے کہ وہ شاہ حبش کو ان مسلمانوں کو پناہ میں نہ لینے کی ترغیب دیں۔ لیکن یہ کوشش ناکام رہی۔

ادھر محض اپنے دین کی حمایت میں اہل اسلام کو معرکۂ بدر و اُحد سے سابقہ پڑا۔ پہلے میں تو وہ بالکلیہ

منصور رہے لیکن دوسرے معرکہ میں اُنہیں کوئی نمایاں فتح حاصل نہ ہوسکی جس کی وجہ سے پھر آس پاس کے قبائل آنحضرتؐ کے احکام کی خلاف ورزی کرنے لگے۔ ان دونوں معرکوں میں کئی نفوس شہید ہوئے۔ پھر اس کے بعد ایک عرصہ دراز تک کئی چھوٹی چھوٹی لڑائیاں ہوتی رہیں جب مکہ میں مظالم حد سے زیادہ بڑھ گئے تو آنحضرتؐ نے مدینہ کو ہجرت کا تہیہ کرلیا۔ مکہ سے زیادہ مدینہ میں اسلام کو مقبولیت حاصل ہوئی۔ اور وہیں یہ پروان چڑھا۔ مدینہ کے لوگ اسلامی عقائد پر اتنا ایقان رکھتے تھے کہ جنگ اُحد کے بعد بھی اُن کے خیالات میں کوئی تغیر نہ ہوسکا۔ اس کے بعد یہودیوں سے معرکہ رہا۔ ایسے حالات میں جبکہ آنحضرت صلعم کی سیرت پر تفصیلی روشنی ڈالتی ہے اُن کی زندگی کے حالات بیان کرنے میں کافی اختصار کی ضرورت ہے۔ ہوازن۔ طائف۔ خیبر وغیرہ کی کئی لڑائیاں محض دین اسلام کی حمایت میں لڑی گئیں اور مومنوں نے اپنی بہادری وشجاعت کے جوہر دکھائے کہ دشمن کے دانت کھٹے ہوگئے۔ اکثر ایسا ہوا ہے کہ جو فوج اُن کے مقابلے کو آئی وہ اُن سے کئی گنا زیادہ ہوتی لیکن یہ ایک عجیب بات تھی یا یوں کہا جاتا ہے کہ اُنہیں کچھ غیبی امداد حاصل رہی جس کی وجہ سے وہ ہر میدان سے شادان وکامران لوٹے۔ عمر کے آخری سالوں میں آنحضرتؐ نے مختلف ممالک کے حکمرانوں کے نام اپنے دین کو قبول کرنے کے نوید بھیجے لیکن سوائے بعض کے کوئی بھی اُن پر عمل نہ کرسکا۔ خسرو نے تو آنحضرت کے احکام کو پرزے پرزے کرڈالا اور بازان حاکم عرب کو لکھ بھیجا کہ محمدؐ کو گرفتار کرلو جن کو کہ پیغمبری کا خبط ہے لیکن اُسوقت تک رسول اللہ کو اس قدر اثر اور ہر دلعزیزی حاصل ہوگئی تھی کہ خسرو کو اپنے احکام واپس لینے پڑے۔ ہرکلیس عیسائی حاکم روما کے نام بھی اس قسم کا خط بھیجا گیا تھا جسے اُس نے نہایت احترام سے قبول کیا اور سفیر مکہ کی کافی خاطر تواضع کی۔ اسی دوران میں مقوقس نے یونانیوں کے مظالم سے تنگ آکر اسلام قبول کیا۔ مقوقس قبطی قوم کا جو مصر میں آباد تھی حاکم تھا اسی طرح سے شہنشاہ حبش نجاشی بھی حلقہ بگوش اسلام ہوئے اور اپنے لڑکے کو آنحضرت کی خدمت میں تربیت کے لئے بھیجدیا۔ جب ہر طرح سے اطمینان ہوگیا تو ایک مرحلہ باقی رہا کہ کعبہ میں جاکر وہاں کے بتوں کو توڑ ڈالا جاوے۔ اسی خاطر مکہ پہنچے اور سارے بتوں کو پاش پاش کرڈالا۔ توحید کا ڈنکہ بجایا اور قریش کے لئے ایک نئی راہ عمل تجویز کی۔ ابوسفیان جو ایک عرصہ دراز تک مخالفت کرتا رہا اب قابل العدم ہوگیا تھا۔ بالآخر ایک طویل جدوجہد وکشمکش کی زندگی کے بعد قدرت کے عالمگیر اصول کے

مطابق آنحضرت کو وصال نصیب ہوا۔ کچھ دنوں تک علیل رہے اور جب دیکھا کہ زندگی کا یہ ڈرامہ ڈراپ کے قریب (قریب الختم) ہے تب انھوں نے آخری بار مکہ میں سارے مسلمانوں کو مخاطب کیا اور کہا کہ

"اپنی بیویوں کے ساتھ ہمیشہ بہت اچھا سلوک کرو۔ زناکاری۔ دغا سے بچو۔ ذات واحد کی پرستش کرو' وغیرہ۔

"سارے مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔ مساویانہ برتاؤ ضروری ہے' وغیرہ"

یہ اُس قائد ملّت کی زندگی کا انجام تھا جس نے آج دنیا کی تاریخ میں ایک دیرپا نقش چھوڑا ہے اور صدیاں گذر جانے کے بعد بھی لکھوکھا کی تعداد میں لوگ اس دین کو باعث سعادت سمجھتے ہیں۔ ہر جگہ اُس کی سالگرہ کے اعزاز میں مجالس منعقد کی جاتی ہیں' عیش وطرب کے جلسے کئے جاتے ہیں اور خوشیاں منائی جاتی ہیں۔

اب اُس ولی مادرزاد کی سیرت کا مختصر خاکہ پیش کرنا ضروری ہے جس نے ساری عمر مصائب کا مردانہ وار مقابلہ کر کے دنیا کو پیغام سنایا جس نے شدید مخالفت کے باوجود بت پرستی وسیارہ پرستی کو متروک قرار دیا اور اسے مٹا کے چھوڑا' جو بنی اخلاقی معیار' زہد وتقویٰ' صداقت پرستی' آنحضرت صلعم کی زندگی کی شان تھیں وہ عام لوگوں میں بہت کم ملتی ہیں اسی وجہ سے انہیں ایک مافوق الفطرت ہستی ماننے پر ہر فرد مجبور ہے۔ وہ اپنے زمانے کے واحد رہنما تھے۔ اُن کی سیرت کے متعلق یہ کہنا مشکل ہے کہ اُن میں کونسے کونسے اوصاف حسنہ موجود تھے بلکہ آپ کو مختصراً یوں کہا جاسکتا ہے کہ وہ اُن تمام فضائل سے متصف تھے جو ایک اعلیٰ قسم کی اخلاقی زندگی کے لئے لابُدی ہیں۔ تاہم اس عظیم المرتبت شخصیت کے بعض پہلو ہمارے لئے کافی اہمیت رکھتے ہیں اور اُن کو بعد کی زندگی میں جو ہر دلعزیزی اور ہر قدم پر مقبولیت حاصل ہوئی اُس کا راز یہی ہے کہ وہ ہر ایک سے بالکل برادرانہ سلوک کرتے نہایت شفقت سے پیش آتے۔

اس راز سے وہ بخوبی واقف تھے کہ کسی نبی کی تعلیمات اُس وقت تک بااثر نہیں ہوسکتی جب تک کہ وہ خود اپنی تعلیم کا مکمل نمونہ نہ ہو۔ اس وجہ سے انہوں نے خود کو ایک عالم باعمل بنائے رکھا۔ دوسروں کو سادہ زندگی بسر کرنے کی ہدایت کرتے اور خود بھی سادہ پہنتے اور کھاتے تھے۔ حق وحلال کی کمائی پر زور دیا کرتے اکثر وہ خود کئی فاقے کرتے تھے لیکن مسلمانوں کی مجتمعہ رقم سے ایک حبہ نہ لیتے۔ امانت کا یہ حال تھا کہ بچپن ہی سے

لوگ اُن کو الامین، کہہ کر پکارتے تھے۔ اور بی بی خدیجہؓ نے انہیں جو اپنا معتبر تاجر مقرر کیا وہ محض انکی صداقت پرستی و امانت کا کرشمہ تھا۔ دروغ بیانی سے دلی نفرت تھی۔ عفو، رحمدلی، صبر و استغناء سے کہیں نہ چوکتے ہمیشہ انہیں ایک قسم کا سکون و طمانیت قلبی میسر تھی۔ بارہا ایسا ہوا کہ جنگوں کی وجہ سے وہ متفکر رہا کرتے لیکن پھر ایکبارگی رضا الٰہی پر تکیہ کر کے خاموش ہو جاتے اور حسب حال اپنے کام میں لگ جاتے فکر کرنا غیر ضروری خیال کرتے تھے۔

خود علم سے نابلد تھے لیکن اس کے ساتھ ہی تعلیم کی اشاعت کے لئے انہوں نے اپنی ساری کوششیں صرف کردیں۔ چنانچہ جنگِ بدر کے قیدیوں پر فدیہ یہ تجویز کیا گیا تھا کہ ہر قیدی دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھادے۔ دیگر مذاہب کے ساتھ بھی کسی قسم کے غیر مساویانہ برتاؤ کو ہمیشہ معیوب قرار دیتے رہے۔ چنانچہ مدینہ میں ہجرت کے بعد انہوں نے جو دوسرے مذاہب کے لوگوں سے اپنا پیام سنایا اس میں ہر قسم کی سائشوں اور مومنوں جیسی عبادت وغیرہ میں سہولتیں بہم پہنچانے کا یقین دلایا گیا تھا۔ اُن سے یہ صاف کہہ دیا گیا تھا کہ اُن کے طریقہ پرستش میں کسی قسم کی مداخلت نہ کی جاوے گی اور محض مذہبی اختلاف کی بنا پر کسی قسم کے حقوق سے انہیں محروم نہ کیا جائے گا۔ غرض کہ زندگی کے ہر شعبہ میں وہ یکتائے روزگار تھے۔ شمشیر زنی پر اتر آتے تو پرے کے پرے صاف کردیتے، معرفت کے موتی بکھیرنے لگتے تو ہر ایک دنگ رہ جاتا چنانچہ جنگ ہوازن کے دوران میں انہوں نے جس جرأت کے ساتھ دشمن کی بھاری فوج کا مقابلہ شروع کیا اور آخر تک ڈٹے رہے وہ یقیناً قابل قدر ہے۔ ایسے وقت میں جبکہ وہ دشمن کی فوج کی صفوں میں گھرے ہوئے تھے صرف دس بارہ رفقاء کے ساتھ ایک جمعیت کا مقابلہ ایک بہادر جرنیل ہی کا کام ہوسکتا ہے ایسی مکمل شخصیت کو پھر کیوں نہ مقبولیت حاصل ہوتی جو ہر ایک کے جذبات کا احترام کرتی ہے سب کے ساتھ مساویانہ سلوک کی روادار ہے اور خود اپنی تعلیم کا نمونہ ہے۔

ذات واحد کی پرستش اُن کی زندگی کی خاص شان تھی۔ بارہا ایسا ہوا کہ پیغمبری سے قبل اُن کو بتوں کی پوجا کے مواقع حاصل رہے لیکن انہوں نے ایسے ہر موقع پر اس سے اجتناب کیا۔ ایک دفعہ جب بتوں کا چڑھایا ہوا کھانا اُنہیں دیا گیا تھا تو وہ فاقے سے رہ گئے لیکن اسے ہاتھ تک نہ لگایا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ

بتوں سے اُن کو دلی نفرت تھی۔ زندگی میں کامیابی کا راز یہی ہے کہ انسان اپنی سرت یا توجہ مرکوز کرکے ذات باری کا پرستار بنا رہے۔ اسی سے کسب فیض کرے۔ اور اسی عزوجل کے آگے اپنی ضروریات پیش کرے، یہ کس قدر شرمناک ہے کہ انسان جیسی برگزیدہ ہستی جس کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ

"گرچہ پر و بال نہ تھے آدم کے
پہنچا اُس جا کہ فرشتوں کا بھی مقدور نہ تھا۔

کبھی نہایت خضوع وخشوع سے ایک ساکن بت کے آگے سجدہ میں گر پڑے۔ غرض کہ آنحضرتؐ اس مسلک سے بدول تھے اور مکہ میں داخلے کے بعد انہوں نے جو پہلا کام کیا وہ یہی تھا کہ سارے بت تڑوادے۔ یہ ہماری زندگی کا ایک اہم مسئلہ کا حل ہے کہ کس سے کسب فیض کیا جائے۔ کون قابل پرستش ہے، بار بار انہوں نے ہر خطبہ میں دہرایا ہے کہ ایک کو پوجو اُسی کو مانو۔ کبیر داس نے جو ہندوستان کے ایک مایۂ ناز سوشل ریفارمر (مصلح) تھے اپنے ایک دوھے میں کہا ہے کہ

پات پات کو سینچنے پیڑ کو دیا سکھائے
مالی سینچے مول کو رُت آوے پھل کھائے

پتے پتے کو سینچنے سے درخت خود سوکھ جاتا ہے، اور جڑ کو پانی دینے سے اُس میں پھر تازگی آجاتی ہے۔ اسی طرح سے مختلف دیوتاؤں کی آرادھنا خواہ وہ کسی صورت میں ہو کبھی ہم کو اپنے مقاصد میں کامیاب نہ کریگی۔

اُس زمانہ میں بردہ فروشی جائز تھی۔ جو لوگ غلام بنائے جاتے اُن کے ساتھ نہایت ہی ناروا سلوک کیا جاتا تھا، انہیں طرح طرح کی اذیتیں دی جاتی تھیں۔ اور اُنھیں ہر قسم کے شہری حقوق سے محروم کردیا گیا تھا۔ لیکن ایک ایسا نبی جو اس معاشرہ کے نقائص کو ہمیشہ کے لئے ختم کردینے کے واسطے ظاہر ہوا تھا جو ایک صلح کل مشرب کی تلقین سے دنیا میں امن اور سلامتی کی بناڈالنا چاہتا تھا جو مختلف گروہوں کو ایک مشترکہ محاذ پر لاکر اُنہیں ایک قومی جماعت میں مُبدل کردینا چاہتا تھا اس قسم کی بدعنوانی کو کیونکر گوارا کرلیتا۔ بار بار آنحضرتؐ فرماتے رہے کہ غلاموں کے ساتھ جو اسلام قبول کریں بالکل یگانگت کا سلوک کیا جائے کوئی تفریق روا نہ رکھی جائے۔

دنیا میں ہر فرد کو زندہ رہنے، ترقی کرنے اور شہرت و مرتبت کے اعلیٰ منازل طے کرنے کا حق حاصل ہے، ہر ایک کی انفرادیت کا احترام ضروری ہے، مکہ کی رہائش کے دوران میں آخری خطبہ میں جو الفاظ آئے ہیں وہ اب بھی ہر مومن کے لئے شمع ہدایت ہیں اور ہر ایک کے دل پر نقش ہیں۔ اُن کا ارشاد تھا

"اے مومنو! اس بات کو اچھی طرح سمجھ لو کہ ہر مسلمان دوسرے کا بھائی ہے۔ تم سب برابر ہو۔ اور سب پر ایک ہی قسم کے فرائض کی تکمیل واجب ہے"

یہ چند جملے جو حب البشری، خدمتِ خلق، اور مصلحانہ جذبات کے سچے ترجمان ہیں آنحضرت صلعم کے مقصدِ حیات کو بھی متعین کرتے ہیں۔

رسول اللہ کا خیال تھا کہ جب نوجوان نسلیں آئندہ قوم کے مستقبل کی تعمیر کی ضمانت ہیں تو انہیں پھر ہر قسم کی آزادیٔ عمل اور آزادیٔ خیال میسر ہونی چاہیئے۔ اسی وجہ سے انہوں نے عمر بھر اس اصول کو پیش نظر رکھا کہ ذمہ داری کے اکثر اہم فرائض نوجوانوں کے سپرد کر دیتے۔ حضرت عمرؓ جوان کے مشیر خاص تھے اور ہر معاملہ میں پیش پیش رہتے تھے، جن کی رائے کو آنحضرت اکثر صائب تصور کرتے تھے بالکل نوجوان تھے ایسے کئی نام گنائے جا سکتے ہیں۔ مثلاً حضرت عثمانؓ، حضرت عبدالرحمٰن عوفؓ وغیرہ۔ اس سے دورِ حاضرہ کی سیاست کا ایک اہم مسئلہ حل ہو جاتا ہے کہ طلبا خواہ نوجوانوں کو کس حد تک سیاسی میدان میں عملی کام کرنے، اپنے پوشیدہ جوہر دکھانے کا موقع حاصل رہے۔ اکثر قدامت پرست لوگ اب بھی ایسے ہیں جو نوجوانوں کی مداخلت کو متروک سمجھتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ دورانِ تعلیم میں کسی قسم کی سیاسی جدوجہد میں حصہ نہ لیا جائے۔ لیکن وہ اس حقیقت کو فراموش کر دیتے ہیں کہ بحیثیت ایک نونہال وطن کے اسی طبقہ کے دوش پر مستقبل وطن کے تشکیل کی ذمہ داری عائد ہے جس کی تکمیل اُن کی زندگی کا اہم فریضہ ہے۔ اگر وہ اس میں کوتاہی کریں گے تو پھر یہ ملک کی تباہ حالی و پستی کا پیش خیمہ ہوگا۔

اُس زمانہ میں ہندوستان میں بابا کے تخیّل کو نہ سمجھ کر لوگ گمراہ ہو چلے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دنیا سے کنارہ کشی کو ہی ایک زبردست اخلاقی فضیلت مان کر لوگ طرح طرح کے ڈھونگ رچانے لگے۔ کہیں نفس کشی جائز سمجھی گئی

اور خواہشات کو ہر طرح سے کچلنے ہی کو سعادت کا رتبہ حاصل تھا۔ لیکن آنحضرت صلعم نے ان سارے غلط و گمراہ کن عقائد کے خلاف ایک احتجاج شروع کیا جو بہت کامیاب رہا۔ اسی وجہ سے انہوں نے خود کو ایک کامل و نیادار کی مانند پیش کیا۔ کئی شادیاں کیں۔ سماج میں رہ کر، سماج کے معقول اصولوں کی پابندی کرتے ہوئے اُسکی خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کی۔ ایک معاشری ماحول میں، ہر طرح کے مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے بھی رب حقیقی کو نہ بھولنا اُس کی یاد کو تازہ رکھنا یہ اسلام کے نبیؐ کی سب سے بڑی مجاہدانہ تعلیم ہے اس طرز عمل سے آج کل جو غلط فہمی پھیلی ہوئی ہے کہ دنیا سے قطع تعلق ہر قسم کی علمی و ادبی اور تحقق ذات کے لئے ضروری ہے اُس کا بخوبی ازالہ ہو جاتا ہے اور ایک صحیح راہ عمل ہمارے لئے متعین ہو جاتی ہے۔ جس طرح سے پھول پانی میں رہتا ہوا بھی اپنی پنکھڑیوں کو تر نہیں کرتا اُسی طرح سے ہم سارے فرائض دینوی کی تکمیل کے ساتھ ساتھ کسی میں کلّی طور پر منہمک نہ ہو جائیں، بلکہ ہر قسم کی مصروفیت کے ساتھ ساتھ ہمارے ذہن میں رب العالمین کی یاد ہمیشہ تازہ رہے اور ہم

دل یار دست کار

کے اصول کے پابند رہیں۔ مختصراً یہ کہ آنحضرتؐ نے کسی حالت میں رہبانیت یا مرتاضیت کو برتر نہیں بتایا بلکہ بہر صورت کشمکش وجد و جہد کی زندگی کو ہی سعی اور برتر بتاتے رہے۔

آج کل ایک سوال جو بہت زیادہ اہم ہے وہ یہ ہے کہ موجودہ معاشری زندگی میں عورتوں کو کس قسم کے حقوق حاصل رہیں۔ کیا انہیں مردوں کے دوش بدوش ہر شعبۂ حیات میں مساویانہ حیثیت دیدی جاوے۔ اسی قسم کے حالات سے بانیٔ اسلام کو بھی دوچار ہونا پڑا تھا کیونکہ آنحضرتؐ کے ظہور سے قبل طبقۂ نسواں کی حالت بہت خستہ تھی۔ عیسائیوں نے تو عورت کو ایک لعنت بتایا تھا جس کی وجہ سے کہ حضرت آدمؑ کو ذلیل ہونا پڑا۔ غرض کہ ایسا اہانت آمیز سلوک اُن کے ساتھ کیا جاتا تھا کہ وہ بیان میں نہیں آسکتا۔ انہیں طرح طرح کی اذیتیں دی جاتی تھیں۔ قدم قدم پر ذلیل کیا جاتا تھا اور ہر قسم کی تعلیم و تربیت سے بالکل محروم رکھا گیا تھا۔ لیکن نبیؐ اسلام نے وقت کی ضرورت کو محسوس کیا اور تعلیم دی کہ

"جیسے تمہارے اپنی بیوی پر بعض حقوق لازم ہیں اُسی طرح سے اُس کے بھی چند حقوق

تم پر ہیں ۔ ہر طرح سے تم پر اُن کے جذبات کا احترام واجب ہے"

غرض کہ اس طرح سے مساوات یگانگت و ہم آہنگی کا درس اُس زمانے کے جہلاء کو جب ملا تو چند ہی سال کی مدت میں وہ اس قابل ہو گئے کہ ایک قومی محاذ قائم کر کے کئی ممالک پر قبضہ حاصل کر سکیں ۔ اس مسئلہ کو آنحضرتؐ نے جس خوبی سے حل کیا ہے وہ یقیناً قابل داد ہے اور اس کی تقلید کر کے ہم آج بھی ایک خوشگوار فضا پیدا کر سکتے ہیں جو ہماری ازدواجی زندگی کو قابل رشک بنا دے گی ۔

ایک ایسے مرسل کی زندگی کیا ہمارے لئے حقیقتاً کوئی سبق نہیں رکھتی جس نے موحدانہ روش اختیار کر کے باوجود سارے قبائل کی مخالفت کے ذات باری کی فضیلت کو عوام پر مسلط کر دیا' جس نے باطل عقائد کی بیخ کنی کر کے اُس معاشرہ کے آگے جو جہالت و پستی کا شکار تھا ایک وسیع میدان عمل پیش کیا جس نے قدرت کے مفوضہ ایک اہم فرض رسالت کی انجام دہی سے ایک درخشان عہد کا آغاز کیا ۔ اگر اب تک جتنے بھی مذہبی رہنما گزرے ہیں اُن کے حالات زندگی کا ہم غائر مطالعہ کریں تو ہمیں سب میں بعض مشترک اوصاف حسنہ ضرور ملیں گے ۔ ان کی تقلید سے ہم اپنی زندگی کو ایک نئے سانچے میں ڈھال سکنے کے قابل ہوں گے جو بہر حال آئندہ کی فلاح کا پیش خیمہ ہوگی ۔ آج جو سوالات و عمرانی مسائل حل طلب ہیں اُن کا تشفی بخش جواب خود آنحضرتؐ کی سیرت کے مطالعہ سے اخذ کیا جا سکتا ہے ۔ اپنے اپنے زمانوں میں سیاسی و مذہبی مفکروں نے اس بات کی کوشش کی کہ سارے ممالک کو کسی رشتہ اُلفت و اتحاد میں منسلک کر دیں اور اس طرح سے ایک وسیع مملکت قائم کریں لیکن کسی کو ایسی شاندار کامیابی نہیں ہوئی جیسی کہ آنحضرتؐ کو ہوئی ۔ کیونکہ ان کی حکومت مملکت دل پر تھی ۔ انہوں نے قلب کی تسخیر کی تھی ۔ قتل و غارت گری' شدید خونریزی سے جتنی شہنشاہتیں قائم ہوئیں سب ایک مدت معینہ کے بعد حرف غلط کی طرح صفحۂ ہستی سے مٹ گئیں لیکن آنحضرتؐ کی تعلیمات کے جو اثرات اُس زمانہ کی معاشرتی و تمدنی زندگی پر تھے وہ اُس دن سے کہیں زیادہ آج دیرپا نظر آتے ہیں ۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ انہوں نے جس قسم کے خیالات کی اشاعت کی وہ بالکلیہ معقول اور خاص و عام کے لئے قابل قبول تھے ۔ دوسرے یہ کہ اُن کی سیرت خود بہ حیثیت سے مکمل تھی جس نے انہیں اُس اعلیٰ مرتبہ تک پہنچا دیا کہ آج صدیاں گذر گئیں لیکن پھر بھی دنیا کے گوشہ گوشہ میں اسلام کے پیرو اُسی عقیدت و احترام کے ساتھ اپنے نبیؐ کو یاد کرتے ہیں ۔

رائے نارائن پرشاد سریواستو ۔ متعلم ایم اے (ابتدائی)

غزل

شائستۂ نگاہ کئے جارہا ہوں میں
آہوں کو بے پناہ کئے جارہا ہوں میں

اک خانماں خراب کی بربادیاں ہی کیا
ان کو تو روبراہ کئے جارہا ہوں میں

جیسے کہ عمر بھر انھیں دیکھا نہیں کبھی
رہ رہ کے یوں نگاہ کئے جارہا ہوں میں

اظہار جذبِ شوق بھی کرنا ضرور تھا
دانستہ یہ گناہ کئے جارہا ہوں میں

اللہ رے میرے حسن تماشا کی آذری
عالم کو جلوہ گاہ کئے جارہا ہوں میں

غمخانۂ نگاہ میں آتا نہیں کوئی
اک عمر فرش راہ کئے جارہا ہوں میں

وہ دن گئے کہ تاب نہ تھی ضبط آہ کی
اب آرزوئے آہ کئے جارہا ہوں میں

جیسے مری اجل کو اجل آگئی قتیلؔ
یوں زیست سے نباہ کئے جارہا ہوں میں

عبدالحفیظ قتیلؔ ایم۔ اے۔ (ابتدائی)

سُکون

سکون ایک جذبہ اور ایک نفسیاتی چیز ہے جس کا تعلق صرف احساسات سے ہے۔ اس کیفیت کی تفسیر کو چند الفاظ میں محدود نہیں کیا جاسکتا۔ ہر شئے اور ہر ذی نفس اپنے ایک "خاص جمود" میں اس کیفیت کو محسوس کرتا ہے۔ دریا کو دیکھو بہتا چلا جاتا ہے کہیں رُکنے کا نام نہیں لیتا آخر اس کی روانی سمندر کے آغوش میں پہونچ کر دم لیتی ہے ——— یہی دریا کا "قرار" ہے۔

انسان کی زندگی کی ناؤ کا بھی یہی حال ہے۔ مسرت و غم، سکون و ہیجان کے دھارے پر بہتی چلی جاتی ہے ——— بالآخر موت کے بے پناہ تھپیڑوں کی تاب نہ لاکر ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتی ہے ——— شاید یہی ہماری زندگی کا سکون ہے۔

لیکن اس "ابدی سکون" سے پہلے بھی دنیا میں دل کی حقیقی مسرت حاصل کیجا سکتی ہے ——— دانتے کہتا ہے۔ "مجھے ہر طرف غائت درجے کی مسرت معلوم ہوتی تھی، موجودات کا چہرہ گلبیہ خنداں دکھائی دیتا تھا۔ ناممکن البیان انبساط، امن اور محبت کی دائمی زندگی، لازوال دولت اور لاانتہا برکت ہر طرف نظر آتی تھی" ——— اس سے ظاہر ہے کہ "سکون کامل" کو مفقود نہیں خیال کیا جاسکتا۔ میرے خیال میں تو اس دولت کے حصول کے لئے کسی خارجی شئے کی ضرورت نہیں۔ خوشی خود ہمارے اندر ہمارے نفس میں موجود ہے اور اس کو "ایثار" "خود فراموشی" اور "ترک ہوس" سے حاصل کیا جاسکتا ہے لیکن اس کو کیا کیا جائے کہ قدرت ہمارے ان حاصل شدہ سکون کے لمحات کو بلا کی تیز رفتاری بخش دیتی ہے اور جوانی کے رنگین اور کیف آگیں ایام سمٹ کر ایک "لمحہ" بن جاتے ہیں۔

یہ "قرار حقیقی" جب شاعر کی دنیا میں پہونچتا ہے تو "عنقا" ہوجاتا ہے ——— وہ کیف، بیخودی سرور اور اپنے شعروں کی حسین مورتوں کی پرستش ہی کو اپنی زندگی سمجھتا ہے اور اسی میں "سکون دل" تلاش کرتا ہے ———

لیکن اسے کامیابی نہیں ہوتی ——

پھر وہ اپنے بے پناہ تخیل سے ایک ایسی بستی آباد کرتا ہے جہاں —— صبا کے روح پرور جھونکے ہمیشہ چلتے رہتے ہیں اور "محبت" اور "حسن" کے راگ مدام الاپے جاتے ہیں۔ جہاں —— وقت سسکیاں لیتا ہوا مردہ پڑا رہتا ہے جہاں ——

جہاں بہتے ہوئے دریا مسلسل گنگناتے ہیں — جہاں راتوں کی خاموشی میں انجم مسکراتے ہیں
جہاں دامن سرشکِ چشم تر سے نم نہیں ہوتا — جہاں ناکامیٔ تقدیر کا ماتم نہیں ہوتا
جہاں نغمے نکلنے کے لئے بیتاب رہتے ہیں — نفس کے تار لرزاں صورت سیماب رہتے ہیں
جہاں موسیقیوں میں جذب ہو جاتی ہے خاموشی — جہاں نغموں کے ہنگاموں میں کھو جاتی ہے خاموشی

اور جہاں —— نیند پھولوں کی خوشبو میں آسودہ رہتی ہے۔ لیکن افسوس یہاں بھی اُس کا بیچین دل سکون بدامن نہیں ہوتا اور وہ مایوس ہو کر یہ نغمہ الاپتا ہے:۔

اے دنیا! مجھ سے سب کچھ لے لے ۔ سب کچھ
میری حسین جوانی —— میرے پوشیدہ خیالات
میرے نامکمل گیت —— مجھ سے سب کچھ لے لے
لیکن مجھے پریشان کرنے والی خوبصورت دنیا!
مجھے سکون کی ایک رات اس کے عوض دیدے
صرف ایک اندھیری رات
خاموش اور پُرسکون رات

علی احمد بی۔ اے (عثمانیہ)

حسین گزارش

جہاں تاروں کی ٹھنڈی روشنی نزہت بدامن ہو
جہاں جھونکا نسیم صبح کا عشرت بدامن ہو
جہاں ہر ذرہ ذرہ خاک کا فطرت بدامن ہو

چل اے میری بہارِ زندگانی چل وہیں چلدیں
چل اس دنیائے معصیت کو ٹھکرا کر کہیں چلدیں

جہاں پانی پہ کرنیں ماہِ نو کی رقص کرتی ہوں
جہاں تکمیل کی ضو میں تمنائیں نکھرتی ہوں
محبت کی جہاں بکھری ہوئی زلفیں سنورتی ہوں

چل اے میری بہارِ زندگانی چل وہیں چلدیں
چل اس دنیائے معصیت کو ٹھکرا کر کہیں چلدیں

جہاں چشموں کی خوابیدہ روانی کیف پھیلائے
جہاں ارماں بدامن نوجوانی لطف دکھلائے
جہاں ہستی کی بے مقصد کہانی رنگ برسائے
چل اے میری بہارِ زندگانی چل وہیں چلدیں
چل اس دنیائے معصیت کو ٹھکرا کر کہیں چلدیں

جہاں بہتے ہوئے جھرنے تکلم ریز رہتے ہوں
جہاں کھلتے ہوئے غنچے ترنم ریز رہتے ہوں
جہاں قدرت کے نظارے تبسم ریز رہتے ہوں
چل اے میری بہارِ زندگانی چل وہیں چلدیں
چل اس دنیائے معصیت کو ٹھکرا کر کہیں چلدیں

علی احمد بی۔اے (عثمانیہ)

پھول کی سرگذشت

میں کیا ہوں ؟ کیوں پیدا ہوا ؟ یہ مجھے نہیں معلوم !

صبح عالم وجود میں آیا، شام مرجھا گیا ـــــ یہی میری عمر ہے اور یہی میری زندگانی ـــــ

اس ایک دن کی زندگی کا منشا کیا ہے ؟ ـــ یہ میں نہیں بتا سکتا ! ۔ لیکن اس ایک دن میں، میں نے بہت کچھ دیکھا ۔ وہ سب کچھ دیکھ لیا جو دوسرے، برسوں میں نہیں دیکھ سکتے ۔

جب کبھی میں دکھائی دیتا ہوں، مسرت کی ایک لہر دوڑ جاتی ہے ۔ کیف کا ایک سکوت طاری ہو جاتا ہے، افسردہ دل شادمان ہو جاتے ہیں معصوم بچوں کی باچھیں کھل جاتی ہیں ۔ عاشقوں کے جذبات بھڑک اٹھتے ہیں ۔ شاعر گنگنانے لگتے ہیں ۔ انسان بے اختیار میری طرف بڑھے چلے آتا ہے ۔ نرم اور شیریں الفاظ میں مجھ سے کچھ کہتا ہوا نہایت ملائمت سے مجھے چھوتا ہے ۔ اور بہت احتیاط سے اپنے ہاتھ میں لیتا ہے، کلیجے سے لگاتا ہے، سونگھتا ہے، پیار کرتا ہے، مجھے سر آنکھوں پر بٹھاتا ہے ۔

بچے مجھ سے کھیلتے ہیں، اپنے گھروندوں کو مجھ سے آراستہ کرتے ہیں ۔ شوقین طالب علم گلدستہ بنا کر مجھے اپنی آنکھوں کے سامنے رکھتے ہیں ۔ نوجوان اپنے بچھونوں کی مجھ سے آرایش کرتے ہیں ۔ مرد اپنے کوٹ پر مجھے لئے لئے پھرتے ہیں ۔ دولہا اپنے سر پر مجھے باندھ کر شب گشت کرتا ہے ۔ تحفوں کی شکل میں، میں ایک کے ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ میں پہنچ جاتا ہوں ۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ جب میں صنف نازک کے ہاتھ میں جاتا ہوں تو میری قدر اور بڑھ جاتی ہے ۔ میری ناز برداری کی جاتی ہے ۔ میری شوخیاں سہی جاتی ہیں ۔ مجھے ہمیشہ سر میں لگائے رہتی ہیں ۔ دلہنیں گلے میں پہنتی ہیں سہلیاں ایک دوسرے پر سے نچھاور کرتی ہیں ۔ میں کبھی اُن کے خوبصورت رخساروں سے سرگوشیاں کرتا ہوں تو کبھی اُن کا "لب آشنا" بنتا ہوں ۔ غرض حسین اگر مجھے چاہتے ہیں تو

بدصورت بھی مجھے پیار کرتے ہیں۔ بہرحال ہمیشہ سے صنفِ نازک کو مجھ سے بہت اُنس رہا ہے اور رہے گا پچھلے زمانے میں ملکۂ نورجہاں نے تو نہ صرف مجھے بلکہ میری روح کو بھی مسخر کرلینا ساری دنیا کو سکھایا تھا ــــــ

یہ ہے میری عزت، عظمت و منزلت آج سے نہیں ہمیشہ سے یہی میری حالت چلی آرہی ہے۔ امیر و غریب عورت مرد، بچے بوڑھے، اہل شرق و اہل مغرب غرضکہ ساری دنیا میں میری چاہت ہے۔

میں ہی ہوں جو کبھی بادشاہوں کے ہاتھ پر بیٹھ کر انکی سیاست سُنتا ہوں تو کبھی غداروں کی غداری بھی۔ مسجدوں میں کبھی میلاد شریف سُنتا ہوں تو کبھی مندروں میں بھجن اور گرجاؤں میں "سرمن بھی" کبھی امیروں کے محلات میں عیش و سرور کے نغمے سُنتا ہوں تو کبھی غریبوں کے گھروں میں حسرت و یاس کے نالے۔ مجھے کوئی عشق و محبت کے افسانے سُناتا ہے تو کوئی فراق کی دکھ بھری داستان۔ کوئی میرے سامنے اپنی محبت کی سوگند کھاتا ہے تو دوسرا مجھے ضامن ٹھیراتا ہے۔

لیکن یہ سب سن کر میں خاموش کیوں ہوں؟ یہ نہیں کہہ سکتا!۔

میں ہی ایک ہوں جس کا وجود محلوں اور جھونپڑیوں کی ہر چھوٹی بڑی تقریب کے لئے یکساں لازمی ہے۔ کوئی گھر نہیں جہاں میری ضرورت محسوس نہ کی جاتی ہو۔ کوئی چمن نہیں جو مجھ سے زینت نہ دیا جاتا ہو۔ ہر جگہ ہر تقریب میں چاہے وہ خوشی کی ہو چاہے غم کی مجھ ہی کو رکھا جاتا ہے۔ استقبال مجھ سے کیا جاتا ہے اور وداع بھی مجھ ہی سے کیا جاتا ہے۔ جہاں میرے نام سے مسرت و شادمانی کی لہر دوڑ جاتی ہے وہیں غم والم کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ میں ہی ہوں جس سے سہرا بھی تیار ہوتا ہے اور چادر تربت بھی۔ میں ہی ہوں جس سے لحد بھی سنواری جاتی ہے اور حجلۂ عروس بھی۔

ــــ یہ کیا راز ہے؟ اس سے میں واقف نہیں! ــــ

میں اسی میں شاد ہوں کہ میرا حسن خاص، میری مقبولیت عام۔ حسین ترین عورت بھی میری خوبصورتی کے آگے دم نہیں مار سکتی۔ لوگ اس کو مجھ ہی سے تشبیہ دیتے ہیں اور اکثروں کو تو میرے ہی نام سے بلاتے ہیں۔

کئی تقاریب تو ایسی ہیں جن کی رسومات میرے بغیر ادا ہی نہیں ہو سکتے۔ گلپوشی، پھول پہنانا، پھول چڑھانا وغیرہ تو میرے ہی نام پر موسوم ہیں۔

غرضکہ جب اس شہرت و مقبولیت کے افسانے مجھے نسیم صبح سناتی ہے اور گدگداتی ہے تو میں پھولا نہیں سماتا ہوں

اور سورج کی سرخ و سفید کرنیں میری خوبصورت پنکھڑیوں میں نور کی ضیا پاشی کرتی ہیں تو میری خوبصورتی دوبالا ہوجاتی ہے اور میں غرور حسن کے نشہ میں مست ہوکر جھومنے لگتا ہوں اور اس قدر جھومتا ہوں کہ سرمست و مغرور ہوجاتا ہوں ۔ لیکن جب شام کے تند و تیز ہوا کے گرم جھونکے مجھے اپنی بیخودی سے چونکا دیتے ہیں اور ڈوبتے ہوئے سورج کی زرد اور کمزور کرنیں میرے غرور پر ہنستی ہیں تو میں شرمندہ ہوکر سرنگوں ہوجاتا ہوں ۔

شیخ محمد خلیل "ش ۔ م ۔ خ"

"کیٹس"

کیٹس نہ تو کافی طور پر انقلابی شاعر تھا اور نہ صحیح معنوں میں خیالی اور تصوری اس کی مثال ایک ایسے فطری مصور کی ہے جو اپنے ماحول کی ہر چیز کو ایک نئے نظریہ ایک نئے جذبہ سے دیکھتا ہے وہ بائرن کے طوفان خیز جذبۂ انقلابی سے ناواقف ہے اور اس کو شیلے کے جوش، ہمدردی بنی نوع انسانی اور ان کی سرگرم محبت سے کوئی تعلق نہیں ہے اس کے نقطۂ خیال کے مطابق شاعری فلسفہ کے بار کی متحمل نہیں ہوسکتی اور نہ مذہبی تعلیمات کیلئے موزوں ہے، اور نہ معاشرتی اور سیاسی نظریوں کو منظر عام پر لاسکتی ہے بلکہ وہ ایک حسن ہی کی آفریدہ اور صرف حسن ہی کا پرتو۔ جان کیٹس ۳۱ ر اکتوبر ۱۷۹۵ء کو پیدا ہوا اور اس کی اچانک وفات ۲۳ ر فروری ۱۸۲۱ء میں واقع ہوئی لیکن اس کی تمام شاعری کا زمانہ صرف ۴ سال رہا ۱۸۱۷ء کے بعد اس نے کوئی نظم نہیں لکھی کیٹس کی شاعری کے متعلق ہم کو بہت کچھ معلومات ان خطوط سے حاصل ہوتے ہیں جو اس نے اپنے دوستوں کو لکھے تھے، اگرچہ مرض دق اس کی ناگہانی موت کا سبب ہوا لیکن اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اس کے جذبات محبت اور احسانات کی بہت سختی سے مزاحمت کی گئی کیونکہ اس کی شاعری Fanny Brown کی وجہ سے وجود میں آئی وہ جو کچھ کہتا صرف اسی بے وفا محبوب کے لئے ہی کہتا تھا لیکن اس کا دل صرف توڑا ہی نہیں گیا بلکہ اس کو مہلک طور پر زخمی کیا گیا، اکثر شعراء خاص طور پر اس کے عہد کے یا تو موثر ماحول میں رہ کر شاعر بنے یا پھر ان کے آباو اجداد شاعر تھے لیکن جان کیٹس ان دونوں چیزوں سے محروم تھا اس نے ایک غیر شاعرانہ فضا میں پرورش پائی جہاں ادب اور شاعری کا نشان تک نہ تھا لیکن یہ امر تعجب خیز ہے کہ اس کی شاعرانہ صلاحیتیں اس قدر جلد نشوونما پائیں۔ اس پر بھی وہ کس یقین کے ساتھ کہتا ہے "میرا خیال ہے" وہ کہتا ہے "میری وفات کے بعد میرا نام بھی انگریزی مشہور شعراء کے ساتھ زندہ رہے گا" آرنالڈ نے اس کے ساتھ اضافہ کرتے ہوئے کہا

یقینی وہ ہے ..... اور وہ شیکسپیر کے ساتھ ہے" دوسرے نقادوں نے بھی کیٹس کو شیکسپیر کے مقابل میں کھڑا کیا ہے اور یہ امر واقعہ ہے کہ ناسازگار وقت کے باوجود سوائے ان دو شعراء کے کسی نے شاعری کو اتنی بلندی پر نہیں پہونچایا اسی ضمن میں مدسٹن کہتا ہے" لیکن یہ بات قابل غور ہے کہ شکسپیر کی شاعرانہ زندگی کا سرمایہ ۳۰ سال کا تھا اور کیٹس کا صرف ۴ سال کا اور یہ ۴ سال بھی بیماری ناامیدی اور نامرادی سے گھرے ہوئے تھے" ممکن ہے اگر وہ زندہ رہتا کم از کم معمولی عمر تک تو لوگ شکسپیر کو بھول جاتے" ملٹن کے مشہور مقولہ کے بموجب شاعری کو سادگی، جوش، اور جذبات کا حامل ہونا چاہیے قطع نظر ان دو خاصیتوں کے جذباتی شاعری کا جہاں تک تعلق ہے کیٹس کے یہاں اس کی بلندی کو کوئی نہیں پہونچ سکتا وہ ایک ایسا جادوگر ہے جو بکثرت سحر آگین جذبات اور مسحور کن جوش رکھتا ہے اس کا معیار حسن شیلی سے جدا ہے اگرچہ "حسن" کیٹس کے جذبات اور احساسات کو ابھارنے کے لئے شیلی سے زیادہ موثر تھا لیکن وہ حسن غیر فانی نہیں جیسا کہ وہ خود کہتا ہے "حسن وہ حسن جو فنا ہونے والا ہے"

جمالیات کے گہرے نقوش اس کے یہاں موجود ہیں جو طرح طرح کی رنگینیوں اور موسیقیوں میں نظر آتے ہیں اس کے پاس عظیم ترین احساس موجود ہے جس کے اثرات سے محفوظ ہونے کے لئے جرأت آزما محبت قوت برداشت موت کا یقینی شرافت پسند روح فسونگری دلیری الف لیلوی عجائبات سے آشنا ہونے کی ضرورت ہے اور کیٹس ان چیزوں سے صحیح طور پر آشنا ہے جہاں تک نیچرل شاعری کا تعلق ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ نیچر کو صرف نیچر کی خاطر محبت کی نظر سے دیکھتا ہے یہی نہیں بلکہ وہ قدرت کے رازوں سے بھی آشنا دکھائی دیتا ہے اس کی نیچر پرستی کسی اخلاقی جذبہ کے تحت نہیں تھی اور نہ عقل کی رہبری کے لئے بلکہ صرف مسرت اور دائمی مسرت سے لطف اندوزی کے لئے شیلے اور کیٹس دو ایسے ہمعصر تھے جو دنیا کو حسن سے آشنا کرانے آئے تھے لیکن ان دونوں کی منزل مقصود جدا جدا ہے شیلی کا راستہ آسمان سے زمین کی طرف ہے اور کیٹس کی راہ زمین سے آسمان کی طرف۔

حسن شیلے کے نزدیک علوم ذہنی میں سے ایک ہے وہ ایک دماغی پیداوار کا نظریہ ہے ایک روح ہے جو کائنات میں چلتی پھرتی نظر آتی ہے، ہر جگہ ہر شئے میں موجود ہے لیکن کیٹس حسن کو ایک دوسری جگہ دعوت نظر دیتا ہے وہ کہتا ہے حسن احساسات کی سرفرازی ہے ایسے احساسات جو خود سرفراز کئے گئے ہوں وہ حسن کا

دلگرفتہ ہی نہیں بلکہ عاشق تھا حُسن کے سامنے اس کی وہ حالت ہوتی ہے جو ایک پرستار کی اس کے محبوب کے سامنے ہوتی ہے جسے وہ جان سے بھی بڑھ کر عزیز رکھتا ہے کیٹس کے حُسن کا نظریہ یہ ہے۔

"حسن سچائی ہے اور سچائی حُسن (اے شخص) تجھے دنیا میں صرف یہی جاننا ہے اور صرف یہی جاننا بھی چاہیئے"۔

دوسری جگہ وہ کہتا ہے "ایک حسین شئے دائمی مسرت کا باعث ہوتی ہے" اسی حسن پرستی کے عقیدے نے اس کو بہ حیثیت ایک شاعر بلند تر انسان سے معنون کرنے پر مجبور کر دیا "ایک شاعر" وہ کہتا ہے خود بالکل غیر شاعرانہ ہستی ہے کیونکہ وہ چیزوں میں یکسانیت اور مطابقت نہیں رکھتی بلکہ وہ مسلسل کسی دوسری ہستی کیلئے مفید ثابت ہوتی ہے اور مکمل حیات کے لئے شمع راہ کا کام کرتی ہے"۔

یہ ایک سچے مقصد کا نظریہ ہے اسی لئے ہم کیٹس کو بجا طور پر ایک شاعر ایک بڑا شاعر کہہ سکتے ہیں وہ یہ بھی اچھی طرح جانتا تھا کہ شاعری کیا چیز ہے اسی لئے وہ کہتا ہے "اگر شاعری اتنی قدرتی اور فطری طور پر نہیں آسکتی جس طرح درختوں میں پتے آتے ہیں تو بہتر ہے وہ نہ آئے۔

یونانی دیوتاؤں اور قدیم تاریخی قصوں سے اُسے بہت دلچسپی تھی اسی لئے اس کی نظموں میں جا بجا دلچسپ تلمیحات نظر آتی ہیں، اس میں شک نہیں کہ اعلیٰ مستند تاریخی اور مذہبی تلمیحات وہ بکثرت استعمال کرتا ہے لیکن اپنے خاص انداز بیان اور حسن خیال سے انہیں اپنا لیتا ہے۔ بلند پرواز اور وجد آگین نظموں میں کیٹس جس قدر مسرت اور شادمانی محسوس کرتا ہے ایسی صلاحیت کسی اور شاعر میں نہیں یہی نہیں بلکہ کوئی غم دل میں بھی اس سے نہیں بڑھ سکتا، وہ جوش دل سے ہر غم کے استقبال کو تیار رہتا ہے، الفاظ اور محاورات کی آراستگی نے بھی اس کی شاعری کو ممتاز کیا ہے، ورڈسوتھ کو ہساروں کی تنہائی میں دلکشی اور حسن کی ایک دنیا پوشیدہ دیکھتا ہے شیلے ہوا کے جھونکوں اور نسیم سحری کی بے باک موجوں میں دلکشی اور حسن کے لامحدود جلوے دیکھتا ہے اور کیٹس خوفناک اندھیرے میں درد بھری پر غم تاریکی میں حسن اور دلکشی کی لاتعداد تصویریں دیکھتا ہے، یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ شاعری کو اُلجھاؤ سنگلاخ اور ادق سرزمین سے نکالکر سادگی جوش اور جذبات سے آراستہ کرنیکی کوشش صرف بائرن اور کیٹس نے کی ہے۔ یہی نہیں بلکہ یہ دو باکمال شعراء اپنے مقصد میں بڑی حد تک کامیاب بھی

ہوئے ہیں، ایک ایسی دلگداز موسیقی کیٹس کی تمام نظموں میں موجود ہے جو اس کی شاعری کو نہایت ممتاز جگہ پہنچا دیتی ہے اور جو اس کو تمام انقلابی شعراء میں ایک خاص امتیاز اور خصوصیت بخشتی ہے، شیلی کے نزدیک محبت صرف اس چیز کا نام ہے

پروانے کی تڑپ (جو) شمع انجم کے لئے ہے۔
اور تاریکی کی جستجو (جو) نور کے لئے ہے۔

یہی محبت ہے اور اسی کا نام محبت ہے، اس کا فلسفہ یہ ہے کہ تمام جاندار اور بے جان اشیاء میں روح محبت دوڑی ہوئی نظر آتی ہے۔ کیٹس کا نظریہ محبت اپنے خیالوں کا آئینہ دار ہے، افسانوی تابش رومانی سحر آفرینی ہی نہیں اور اس کی محبت صرف خیالی ہی نہیں بلکہ وہ ایک قابل یقین حقیقت ہے جب وہ اپنے دبے ہوئے جذبات اور وجدانات پر نظر ڈالتا ہے تو وہ آزرومند نظر آتا ہے کہ اپنے محبوب کے زانو پر سر رکھکر لیٹا ہوا رہے اور اس کی موسیقی پرواز گرمئ نفس سے ہر لمحہ محظوظ ہوتا رہے۔ دسمبر ۱۸۱۸ء میں اس کے بھائی ٹام نے وفات پائی اس واقعہ کے تھوڑے ہی عرصہ بعد جبکہ کیٹس Hamp Stead کی تکمیل میں مشغول تھا تو وہ ایک ایسی آگ میں جلنے لگا جس سے وہ ہمیشہ پرہیز کیا کرتا تھا وہ آگ فینی براؤن کی محبت تھی جس نے آخر کار اُسے جلا کر راکھ کر ڈالا نہ صرف اس کی محبت کا جواب محبت سے دیا گیا بلکہ اس کی قدر بھی نہیں کی گئی اور نہ اسکی محبت کو محسوس کیا گیا گو فینی براؤن کو کیٹس کی شریک زندگی بننے سے انکار نہ تھا مگر وہ ایک کمزور ارادے کی عورت تھی جو صرف عیش پسند دل رکھتی تھی اور وہ کیٹس کی طبیعت سے بالکل مختلف تھی، کیٹس کے نوشتہ ڈراموں میں ہیروں کے کردار کی طرح وہ خود بھی ناسازگارانہ طور پر محبت کے ظلم میں گھرا ہوا نظر آتا ہے اور اس وقت اسکی زندگی کے صرف دو مقاصد تھے، محبت اور شاعری ان تمام ناکامیوں کے باوجود وہ فینی براؤن کو دل سے بھلا نہ سکا حقیقت میں وہ ایک قابل قدر ہستی تھی جو صبر آزما اور پر خلوص ہونے کے علاوہ عالی فکر اور حاضر جواب بھی تھا، جوش اور اضطراب اس کی شاعری کا جزو اعظم ہیں کیونکہ وہ اسی جوش اور اضطراب کی بدولت حسن کے اصولوں کو سمجھ سکا گو اپنی محبت کے بہانے میں وہ ناعاقبت اندیش ضرور تھا لیکن یہ بات مسلم ہے کہ اسکی پریشانیوں مصیبتوں اور دکھ بھری زندگی ہی کی وجہ سے اس کی اعلیٰ شاعری ظہور میں آئی، کیٹس کی شاعری اور اسکی زندگی

اس کے اصولوں اور نظریوں کو سمجھنے کے بعد ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ وہ بھی دنیا کے مشہور ترین لوگوں میں سے ایک ہے اور ادب و شاعری کی فضا میں ہمیشہ زندۂ جاوید رہے گا واقعہ بھی یہی ہے کہ ایسی درخشاں ہستیاں دنیا میں شاذ و نادر ہی پیدا ہوتی رہیں' اب ہم اس کی مشہور نظموں پر ایک نظر ڈالیں گے۔

Hyperion یہ نظم دس جلدوں میں ہے۔ اس کو کیٹس کا سرمایۂ حیات کہا جاسکتا ہے یہ طویل نظم ملٹن کی مشہور نظم Paradfse lost سے ماخوذ ہے۔ یہ بہت دلچسپ مشغلہ ہوگا اگر ہم ان دونوں نظموں کو ایک ہی نشست میں باری باری سے پڑھیں اور دیکھیں کہ دو بہترین شاعرانہ دماغ ایک ہی چیز کو کن مختلف طریقوں سے ادا کرتے ہیں۔

Great Spirit Now یہ سانیٹ کیٹس کی شاہکار نظم تسلیم کی گئی ہے اس کے مطالعہ سے شاعر کی سیر حاصل علمیت کا اندازہ ہوجاتا ہے' اس نے تین شعراء کو زندۂ جاوید قرار دیا ہے لیکن ان میں صرف اس وقت ورڈسوتھ ہی غیر فانی ہے اور دوسرے دو شعراء کی جگہ شیلی اور خود کیٹس نے لے لی۔

On looking Into . . . کیٹس بھی شکسپیر کی طرح کچھ لاطینی اور تھوڑی بہت یونانی زبان جانتا تھا کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو یونانی شعر خصوصاً ہومر کے کلام کا مطالعہ کرنے کا کتنا شوق تھا۔

In Sleep and Poesy جس میں کیٹس نے بیان کیا ہے کہ شاعری کا وسیع نقطۂ نظر ہی ایک بڑا ذریعہ ہے اس سچائی تک پہونچنے کا جس کو صرف اس وقت حاصل کیا جاسکتا ہے جبکہ ایک عرصہ تک حسن اور خوبصورتی کے اصولوں کو سمجھا جائے۔

On the Sea اس سانیٹ کا محرک شکسپیر کے مشہور ڈرامے King Lear کا یہ مصرع ہوا "کیا تم سمندر کی آواز سن سکتے ہو" یہ پوری نظم اس خیال پر منطبق ہے۔

Endy mion یہ نظم کیٹس کی Heroice cup let کے لئے بہت مشہور ہے اس کے بعض حصے اپنے حقائق کی وجہ سے غیر فانی ہو گئے ہیں۔

The Terror of Death یہ سانیٹ اس وقت کہی گئی جب کیٹس اپنے بھائی کے بستر مرگ کے پاس موجود تھا اور اس کو پہلی دفعہ اپنی قسمت کی ناسازگاری اور نامرادی کا احساس ہوا۔

The Eve St. Agnes.

To fancy

To Psyche یہ نظمیں اس وقت لکھی گئیں جب شاعر فینی براؤن کی محبت میں بہت مسرور تھا' ممنوں

اور آرزوؤں کی ایک ایسی فضا میں سانس لے رہا تھا جہاں شادمانی ہی شادمانی تھی Lamia یہ نظم اس وقت کہی گئی جب کیٹس کی مسرتوں اور امیدوں کی دنیا میں اندھیرا آچلا تھا اور وہ مجسم غم بن چکا تھا۔

اس کے بعد کیٹس کے چار مشہور قصیدوں کا ہم ذکر کریں گے اگرچہ یہ قصائد بہت جلدی اور لاپرواہی میں لکھے گئے ہیں لیکن حسن اور دلکشی اور پر اثر جذبات کے کافی طور پر حامل ہیں۔ پہلے تین قصیدوں میں حسن اور دلفریب طرز بیان کی ایک دائمی روح متحرک نظر آتی ہے اور اپنے طوفان خیز جذبات اور وجدانات روزمرہ زندگی سے ہم آہنگ دکھائی دیتے ہیں The ode to autumn یہ نظم Winchester میں لکھی گئی دوسری مشہور نظم Ode to a Nightingale اس کے بھائی کے وفات کے تھوڑے ہی عرصے بعد کہی گئی عندلیب کے غیر فانی نغمے سنتے سنتے شاعر مرجانا چاہتا ہے تاکہ وہ اس دکھ اور درد سے بھری ہوئی دنیا میں پھر قدم نہ رکھ سکے۔ یہاں شاعر نے ایک جدید موسیقیت پیدا کی ہے جو نہایت خوبی سے الفاظ کے اُتار اور چڑھاؤ میں موجود ہے اس نظم کی موسیقی، حسن اور جاذبیت کو بیان نہیں کیا جاسکتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بلبل میٹھی آواز سے نغمہ ریز ہے بقول پروفیسر حسین علی خان یہ نظم نہ صرف کیٹس کی شاہکار ہے بلکہ انگریزی ادب کی جان ہے۔

Ode an a Grecian Urn اس نظم میں شاعر نے بیان کیا ہے کہ زندگی فنون لطیفہ سے بالکل جدا ہے جسمیں صرف حسن مدامی ہے جس طرح عندلیب کے نغمے ابدی ہیں Ode on Melancholy یہ نظم کہتے وقت شاعر نہایت غمگین حالت میں تھا اسی لئے وہ کہتا ہے کہ ہم زندگی میں مسرت اور دلکشی اسی وقت حاصل کرسکتے ہیں جبکہ ہم درد اور غم میں گھرے ہوئے ہیں۔

ستمبر ۱۸۲۰ء کو کیٹس انگلستان کو خدا حافظ کہہ کر اٹلی روانہ ہوا اور جب وہ اپنے منزل مقصود سے قریب تر ہوتا جارہا تھا اُس وقت کیٹس نے .... Bright Star یہ آخری سانیٹ کہی۔ کیٹس کی بعض نظموں کا آزاد ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔

شعراء

رنج و غم کے آنسو بہانے والے اور مسرت و شادمانی میں گم ہونے والے شعراء
لیکن تمہاری روحیں آسمانوں میں رہتی ہیں
تم نے اپنی یاد کو ہمارے پاس چھوڑ دیا ہے
وقت واحد میں مختلف صورتوں میں تم دو جگہ رہتے ہو،

ہاں تم آسمانوں میں سرگرم گفتگو ہو
اور چاند سورج کی نغمہ بردار گردش سے محفوظ ہو رہے ہو
اور آبشاروں کے سریلے گیت سن رہے ہو
فردوس بریں کے درختوں کی کانا پھوسی کو محسوس کر رہے ہو
جنت کے سایہ دار درختوں کے سایہ میں بیٹھے
لامکانی پھولوں کو
جہاں گل بہار گلاب سے زیادہ عطر بیز ہیں
اور گلاب کی نگہتیں زمین کے پھولوں سے زیادہ روح پرور ہیں
جہاں عندلیب کے خوش آئند نغمے بے معنی نہیں
بلکہ سحر آگیں اور مسرت بخش ہیں
اور ان کے گیت سچائی کے حامل ہیں
جو آسمانوں کے رازوں سے آشنا ہیں
اور پند و نصائح اور عاقلانہ باتوں پر مشتمل ہیں
اس طرح تم اوپر بھی رہتے ہو اور پھر
زمین پر بھی زندہ ہو (اپنی غیر فانی نظموں میں)
جو ہم کو تم تک پہونچنے کا راستہ بتلاتی ہیں
جہاں تم عشرت سے ہمکنار ہو
بلا تھکے ہوئے اور بلا مسرت کی مسلسل کثرت سے گھبرائے ہوئے
یہاں تمھاری نظمیں
ہمارے رنج و غم مسرت و عشرت میں شمع راہ ہیں۔
ہمارے جذبات ہمارے وجدانات
ہماری شہرت اور ہماری نادانیوں کے لئے رہبر ہیں
اس طرح تم ہر روز ہمیں سکھاتے ہو
عاقلانہ باتیں اگرچہ نظروں سے دور ہو
رنج و غم کے آنسو بہانے والے اور مسرت و شادمانی میں گم ہو بے اشعار!
تم نے اپنی یاد کو زمین پر چھوڑ دیا ہے
لیکن تمھاری روحیں آسمانوں میں رہتی ہیں
وقت واحد میں مختلف صورتوں میں تم دو جگہ رہتے ہو'

پُر مسرت دیوانگی

ڈسمبر کی کپکپا دینے والی ٹھنڈی رات میں
ٹھٹھرے ہوئے درخت کی برف پوش شاخیں کبھی نہیں رکھتیں
اپنی گذری ہوئی رنگینیوں کو اور بہار کی . . .
سرد ہوائیں انھیں فنا نہیں کر سکتیں
اور برف کے تودے انہیں مردہ نہیں کر سکتے
بلکہ وہ دوسری بہار کے قابل ہوتے ہیں
ڈسمبر کی کپکپا دینے والی رات میں
منجمد اور خاموش چشمے
پانی کی دلکش روانی کو بھول جاتے ہیں
گرم سورج کی رنگین شعاعوں میں . . . .
وہ ایک بھولی ہوئی یاد کی طرح
خاموش رہتے ہیں اور انتظار کرتے ہیں

لیکن وہ بالکل فنا نہیں ہو جاتے
آہ کیا ایسا ہی ہوتا ہے بے شمار
عورتوں اور مردوں کے ساتھ
وہ تکلیف میں اپنے گذرے ہوئے
محبت کے مسرور لمحے یاد کرتے ہیں
اور انہیں بہ چشم تر وسعت خیال میں لاتے ہیں
جب ان کا نشان تک نہیں ہوتا
ان دنوں کو بھولنے کی کوشش نہیں کرتے اگر وہ
درختوں چشموں کی طرح بھول جاتے تو اچھا ہوتا
لیکن محبت میں کبھی ایسا نہیں ہوتا

زندگی کے دور

چار موسم سال کے پیمانہ کو بھرتے ہیں
انسان کی ہستی کو بھی چار دور گھیرے ہوئے ہیں
جب اس کے خیالات پختہ ہوتے ہیں وہ جوش جوانی میں قدم رکھتا ہے
اس وقت ہر حسین شئے سے وہ بہت جلد متاثر ہوتا ہے
پھر اس کا سرگرم دور آتا ہے اور جبکہ قدرت خیال
تمام مسرتوں کو اس کے قدموں پر ڈال دیتی ہے وہ حسن اور محبت
کا مرکز بنا رہتا ہے۔
اور وہ ایک خیالی دنیا میں سرمست رہتا ہے
تیسرے دور میں اسکی روح تھکے ہوئے پرندے کے مانند
فریب پرواز کے قابل نہیں ہوتی اور گذرے ہوئے
جوانی اور مسرت کے لمحے اس کے پیش نظر رہتے ہیں
اور نئی آرزوؤں نئے حوصلے کوئی دلچسپی کا سامان نہیں رکھتے
وہ عام ہونے کی وجہ سے فریب مسرت کا باعث نہیں ہوتے
پھر اس کا دور خزاں آتا ہے زرد شکل میں
جبکہ وہ اپنی فطرت فانی کی طرف رخ کرتا ہے

عندلیب

اس غیر فانی نظم کے بعض حصوں کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے
میرے دل میں کچھ درد سا محسوس ہو رہا ہے اور مجھ پر ایک سکون بیہوشی چھا رہی ہے
(کیونکہ اے عندلیب میں تیرے شیریں نغمے سن رہا ہوں)
میرے احساسات مدہوش ہوئے جاتے ہیں گویا میں نے
شراب تند کے کئی بوتل خالی کر دئے ہیں
یا مجھے سحر آگیں تاثرات نے گھیر لیا ہے
یہ اس لئے نہیں کہ میں تیری پر مسرت زندگی سے حسد کرتا ہوں
بلکہ میں تیرے نغموں کی دائمی مستی میں خود بھی ڈوب گیا ہوں
دور بہت اور میں تجھ تک آؤں گا
شراب پی کر نہیں مخمور ہو کر نہیں
بلکہ شاعری کی قوت تخیل کی مدد سے (اس دنیا کو بھلا کر)
میں ان وجد آفریں ساعتوں میں تیرے ساتھ ہوں
میرے خیالات تجھ تک مجھے لا رہے ہیں

یہ رات بھی کتنی حسین ہے ملکۂ شب (چاند) اپنے نورانی
تخت پر جلوہ افروز ہے۔
اور اس کے گرد اس کی سہیلیوں (تاروں) کے
جھرمٹ ہیں۔
تاریکی میں بیٹھا ہوا میں تیرے گیت سُن رہا ہوں
میں اپنے اکثر شعروں میں موت کا طالب ہوا ہوں
میں صاف طور پر اس کی دعوت دے چکا ہوں کہ
وہ ایسے وقت میں آئے جب میں تیرے نغمے
سُن رہا ہوں ایسے وقت مرنا قابل صد رشک ہے۔
جبکہ آدھی رات کے وقت دنیا کے آلام سے میں
بیفکر ہوں اور تیرے مدھ بھرے شیریں گیت
میں سُن رہا ہوں ایسے خوش آئند لمحے میں۔

روشن ستارے (نظم کیٹس کی آخری فکر سخن کا نتیجہ ہے)
اے روشن ستارے کاش میں بھی اپنی محبت میں تیری طرح
غیر متزلزل اور غیر تغیر پذیر ہوتا۔ فضائے بسیط پر چھائے ہوئے
محبت کی سرد مہری اور تنہائی کا خیال کئے بغیر صابر آزما
دل کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کو دیکھتا
جس طرح قدرت خاموشی سے ہر چیز کا مطالعہ کرتی ہے
سمندر کی موجیں ساحل پر آکر ٹکراتی ہیں
اور انسانوں کے گناہوں سے اس کو پاک کرتی ہیں
اے چمک دار ستارے تو برف کے تودوں کو گھورتا رہتا ہے
پہاڑوں اور گودیوں پر تیری نگاہیں ہیں
اس پر بھی تو غیر متزلزل اور غیر تغیر پذیر ہے
کاش میں بھی خاموش اور ساکت اپنے محبوب کے
سینے پر سر رکھے ہوئے اس کی نغمہ ریز گرمئ نفس سے
لطف اندوز ہوتا رہوں
اور میری زندگی اسی میں گذر جائے یا میں اسی حالت
میں مرجاؤں۔

عزیز احمد (عثمانیہ)

چھٹیوں میں

طالباۃ کے لئے زندگی کی دلچسپیاں لوٹنے کا صرف ایک موقع ملتا ہے اور وہ موسم گرما کی طویل تعطیلات ہوتی ہیں۔ طالباۃ کو خصوصیت اس لئے دی گئی کہ طلبا، تو اپنی دلچسپیاں ہر صورت میں نکال لیتے ہیں خواہ وہ ہنگاموں میں ہی کیوں نہ حاصل ہوں لیکن ہماری خواہشات تو فرصت ڈھونڈتی ہیں! سال بھر خانگی دوستوں کی دعوتوں کے لئے عذر لنگ یا عذر "معذور" ہونے لگتے ہیں۔ کسی نے گلہ کیا اور "انشاء اللہ چھٹیوں میں" کے مختصر جواب سے ان کی تمنا پوری کردی۔ کسی غریب نے ہمارے مستعملہ کپڑوں کی خواہش کی اور عدیم الفرصتی کا عذر کرکے "چھٹیوں میں" کہکر گلو خلاصی کرلی۔ امی نے خانہ داری سے بے بہرہ ہونے پر لکچر دیا اور "چھٹیوں میں" کہکر انہیں چپ کردیا۔ ہمیں پر کیا موقوف کسی سے اگر اپنے ہاتھ کا پکایا ہوا کوئی خاص کھانا کھلانے کی آرزو کی جاتی ہے تو چھٹیوں پر ٹالدیا جاتا ہے۔

اب اس سے بحث نہیں کہ شدت گرمی سے ان کے نازک جسم ان کی جان بخشی کرادے گو اس وقت کسی کو یہ پوچھنا تو یاد نہیں رہتا کہ "سردی طبع کے باعث مغرب سے "رم آہو" کی طرح کیوں بھاگ نکلی تمہیں؟ اب اتنی سی گرمی برداشت نہیں ہوتی، بہرحال موقعی حیلہ تو اچھا ہے "چھٹیوں میں"!! گملوں کی قطع برید کی ضرورت پڑی "چھٹیوں میں" کہکر اس کے حال پر چھوڑ دیا۔ حالانکہ اس حالت میں چھٹیوں تک ان پر "سکرات" لگ چکی ہوتی!

پردے، میز پوش، غلاف اور پلنگ کی چادریں، جن کے جگر شب و روز کسی کاوش سے انجن ڈرائیوروں کی طرح قبل از وقت چھد گئے ہوں، حسن خدمت پر سبکدوشی چاہتے ہیں لیکن "چھٹیوں میں" یہ تبادلے نہایت آسانی سے سرانجام پاتے ہیں ورنہ ہمارا دفتر کثرت کار کے باعث خود سبکدوشی چاہنے لگے گا!

کالج کے متعدد مضامین ختم نہیں کیے، نوٹس باقی ہیں اور چھٹیوں میں کہکر اپنے اساتذہ کرام کو مطمئن کرادیا ـــــ کالج کا آخری روز ہے دوستوں سے ملاقاتیں ہو رہی ہیں صرف چند لمحہ اپنے کو محظوظ کرنے کے لئے ملے ہیں لیکن "وہاں" ہماری سخت طلبی ہو رہی ہے اور ایک طویل فہرست مضامین و "ھوم ورک" کی "چھٹیوں میں" کی سریلی آواز کے ساتھ ہمارے سامنے موجود ہے ۔! مطالعہ سرسری کی کتابیں ہیں اور کورس ختم نہیں ہوا تو بس چھٹیوں میں پڑھنے کا ارشاد ہوگیا۔ ہمارے خرمن تمنا پر کیسی بجلی گری ہوگی !؟ آخر کسی کا یہ شعر ؎

بلائیں ڈھونڈتی رہتی ہیں میرے آشیانے کو
تڑپتی پھر رہی ہیں بجلیاں خرمن جلانے کو

پڑھتے ہوئے چین بہ جبین "وہاں" سے رخصت ہوئے ۔ لائبریری ایک نظر عنایت کی محتاج ہے اور محض "چھٹیوں میں" کہکر اس کو اطمینان قلب دیدیا گیا۔

قرآن شریف حفظ کرنے کی تمنا ہے۔ عالم شعور میں آتے ہی اس کی سنگ بنیاد پڑ چکی اور اس عظیم الشان عمارت کی تکمیل پیش نظر ہے لیکن "چھٹیوں میں" اس کار خیر کی تکمیل اطمینان سے ہو سکتی ہے۔ دیکھتے دیکھتے یونیورسٹی بن چکی اس کا افتتاح بھی ہوگیا۔ دنیا کی کایا پلٹ گئی۔ زمین والے آسمان کی خبریں لانے لگے۔ عزائم جلیلہ نے اپنے کرشمے و عجوبہ روزگار بنادئے لیکن ایک پورا نہیں ہوتا تو وہ ہمارا مقدس ارادہ !!!

غرض کیا بتاؤں کہ ان چھٹیوں پر ہماری ضروریات زندگی کا کتنا بڑا انحصار ہے ! ہر کام جو موجودہ وقت پر کرنے کو دل نہ چاہے چھٹیوں پر ٹل جاتا ہے ۔ اب اس سے بحث نہیں کہ ہماری چھٹیاں محض فرمائشی کھانوں سالنوں، میٹھوں اور میووں پر بسر ہوں یا تیراکی اور سیکل بازی کی "دل آویز" گھڑیوں پر یا نینی کی محبوبانہ ہمراہی میں ختم ہو جائیں یا موسم گرما میں اسکریم کی دعوتوں میں ۔ یا پھر دوستوں کی مہربانیوں اور اختر شماریوں پر یا غداروں کی سحر کاریوں اور غم روزگار کی ہر کاریوں پر یا عزیز و اقربا اور خود کی بیماریوں پر یا زمانہ کی فریب کاریوں پر یا خود کردہ را علاج نیست کی جگر کاریوں پر یا پھر کالج کھلنے کے انتظار، یا نتائج کے اخبار اور اس کی ہنگامہ بے تمیزی کے تماشہ پر یا اپنی "کرمفرما" کی ملاقات کی تمنا پر بہرحال جن چھٹیوں پر سال بھر کی تمناؤں کا انحصار ہو ان کا یوں خون ہو جائے ! ع اے بسا آرزو کہ خاک شدہ !!

میرے خیال میں اگر ہم ایک ڈائری بعنوان "چھٹیوں میں" بنائیں اور تمام نظام الاوقات ترتیب دے لیں اور ساری چھٹیاں اس کے مطابق کام کرتے رہیں تو شائد خلیفہ عبدالعزیز کی طرح کثرت کار کے باعث سر اُٹھانے کی بھی مہلت نہ ملے۔

مجبوری تو یہ ہے کہ ہمیں اپنی چھٹیوں کے بجا استعمال کا موقع بھی نہیں ملتا۔ کیا کریں!

مصیبت نے طبیعت کی روانی کو کیا پسپا
کہ بار آنے نہ پائی جو ہر ذاتی دکھانے کی

بیگم احمد النساء ثریا حسین (بی اے آنرس)

ایک خط

اسیرِ شوق ہوں۔ فرقت نصیب ہوں اے دوست
حدودِ مرگ سے گویا قریب ہوں اے دوست

خدا گواہ کہ اب وقفِ یاس رہتا ہوں
یہ حال ہے کہ ہمیشہ اداس رہتا ہوں

رلا چکی ہے بہت قسمت زبوں مجھ کو
گرا چکی ہے بہت لغزشِ جنوں مجھ کو

نشانِ راحتِ عہدِ کرم نہیں ملتا
سکون کہیں بھی تمہاری قسم نہیں ملتا

تمہاری یاد میں دن رات رو رہا ہوں میں
تمہیں خبر بھی ہے برباد ہو رہا ہوں میں

یقین نہ ہو تو۔ ستاروں سے پوچھ لو آکر
چمن فروز نظاروں سے پوچھ لو آکر

سکوتِ شام و سحر کی کہانیاں ہیں گواہ
بہار و لالہ و گل کی جوانیاں ہیں گواہ

کوئی قرار کی صورت نظر نہیں آتی
مجھے اب اپنی ضرورت نظر نہیں آتی

یہ جانتا ہوں کہ تم واقفِ ملال نہیں
یہ جانتا ہوں کہ تم کو مرا خیال نہیں

یہ جانتا ہوں کہ مجھ کو بھلا دیا تم نے
حقیقتوں کو فسانہ بنا دیا تم نے

اب التفاتِ محبت مجھے نصیب کہاں
حریمِ ناز کہاں اور میں غریب کہاں

مگر بایں ہمہ شاید وہ دن بھی آئیں گے
کہ میرے اشک تمہیں بھی کبھی رلائیں گے

قادر محی الدین احمد اسیر متعلم بی۔ اے (آخری)

بھکارن!

(ایک دلگداز نفسیاتی افسانہ)

یہ اُس وقت کی بات ہے لاجو ——— جب ہم ٹولی بنا کر بھیک مانگا کرتے تھے ——— تب میری یہ پان کی دکان نہ تھی اور نہ میں آج کی طرح خوشحال تھا ——— خدا نے وہ دن بھی دکھائے ہیں بھائی! ——— آج کچھ بچتا نہیں ——— لیکن روٹی کپڑا تو خیر سے چل رہا ہے ——— اور یہ بھی سب کچھ اُسی بھیک ہی کی کمائی سے ہے ——— ہاں تو ——— میں کیا کہہ رہا تھا؟ ——— ہم ٹولی بنا کر بھیک مانگا کرتے تھے۔ ہم تین ساتھی تھے ——— میں، بندھو اور جیتو ——— ہم لوگوں کی زندگی دوسرے بھکاریوں سے کچھ مختلف تھی۔ ہم نے یہ پیشہ محض پیسے کمانے کے لئے اختیار نہیں کیا تھا اور نہ ہم پیدائشی بھکاری تھے ——— ہم لاچار تھے اسی لئے ہم مانگ مانگ بھوک کے شعلوں کو بجھاتے تھے۔

میں لاہور کے ایک چھاپے خانے میں ملازم تھا۔ تیس روپے ماہانہ ملتے تھے۔ گھر میں میرا کوئی نہ تھا ——— میں بالکل اکیلا تھا ——— ماں باپ مجھے اس پاپ اور دکھ کی بستی میں تنہا چھوڑ کر نور کی بستی میں چلے گئے تھے ——— جو تنخواہ مجھے ملتی تھی اسے میں کھانے پینے ہی میں اُڑا دیتا تھا۔ مہینے کی آخری تاریخوں میں میرے پاس پھوٹی کوڑی بھی نہ ہوتی تھی ——— ایک دن میں مشین چلا رہا تھا ——— کاغذ دھڑا دھڑ چھپ کر نکل رہے تھے، میں ہنس ہنس کر ایک دوست سے باتیں بھی کرتا جا رہا تھا اور کام بھی ——— میں اُن باتوں میں اتنا کھو گیا کہ میرا پیر مشین پر کب پڑا، کچھ خبر نہیں اس سے پہلے کئی دفعہ اسٹینڈ پر اس طرح پاؤں رکھ چکا تھا۔ لیکن اس دفعہ بدقسمتی سے میرا پاؤں اسٹینڈ پر نہ پڑا بلکہ چلتی مشین پر، اور میں بری طرح

مجروح ہوگیا اور ساتھ ہی بالکل بے ہوش بھی ـــــ جب مجھے ہوش آیا تو میں دواخانے میں تھا۔ میرے پیر کا نچلا حصہ مشین میں بالکل پس گیا تھا۔ اس لئے ڈاکٹر نے اس کو کاٹ کر علیحدہ کردیا۔ جب میں اچھا ہوا تو لکڑی ٹیکتا ہوا اچھا پے خانے کے مالک کے پاس گیا۔ وہ بولا ـــــ "مجھے تم سے بے حد ہمدردی ہے۔ لیکن میں نے اب تو دوسرا نوکر رکھ لیا ہے۔ اور تم اب کام بھی تو ویسی تیزی سے نہیں کرسکتے۔ آج کل کام بھی بہت تھوڑا ہے۔ جب کام بڑھے گا اور مجھے تمہاری ضرورت ہوگی، تو میں تمہیں بلالوں گا" میں بہت گڑگڑایا ـــــ "سرکار میں غریب ہوں! میرے پاس کھانے کو مطلق نہیں، میں بیٹھا بیٹھا کچھ کرلیا کروں گا" وہ بولا ـــــ "یہ لو ایک روپیہ۔ جاکر روٹی کھالو، ابھی تو میرے پاس کوئی نوکری نہیں ہے، جب ہوگی، تب دیکھا جائے گا" میں لاچار اپنی قسمت کو کوستا اور اپنی موجودہ حالت پر آنسو بہاتا ہوا لوٹ آیا ـــ

بہت سارے مقامات پر نوکری تلاش کی ـــــ لیکن مجھ لنگڑے کو پانچ روپے پر بھی کوئی نوکر رکھنے آمادہ نہ ہوا ـــــ ساتھی جو میرے ساتھ رات دن کھاتے پیتے رہتے تھے، وہ مجھے تاش کا جوکر سمجھ کر الگ ہوگئے ـــــ غرض کچھ دن، میں بھوک کی آگ میں بری طرح جلتا رہا ـــــ میرا دل بھوک سے تڑپنے کے باوجود مجھے بھکاری بننے کی اجازت نہ دیتا تھا ـــــ لیکن آہ! ـــــ بالآخر مجھے پیٹ کے جہنم کے شعلوں کو بجھانے کے لئے لوگوں سے گڑگڑا گڑگڑا کر مانگنا ہی پڑا ـــــ اور میں کر ہی کیا سکتا تھا! ـــــ دوسرا ساتھی بندھو، ایک بار چوری کے الزام میں گرفتار ہوا تھا ـــــ جب جیل سے رہائی نصیب ہوئی تو اس نے اپنے آپ کو اس سنسار ساگر میں اکیلا پایا ـــــ ایک چور کو کوئی اپنے پاس نوکر رکھنے کے لئے تیار نہ ہوا۔

تیسرا ساتھی جیتو ایک آنکھ کا کانا ہونے کے علاوہ کوڑھی بھی تھا۔ اس کا جسم اس درخت کے مانند تھا جس میں گھن لگ گیا ہو ـــــ اس کا جسم چمکتا تھا ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں سڑ گل کر جھڑ چکی تھیں ناک سوج کر پھیلی ہوئی بیماری کی طرح ہوگئی تھی۔ ہونٹ کچھ کچھ گل کر نیچے کی طرف لٹک آئے تھے اور اس کا سارا جسم بدبودار تھا اس کے جسم کی بدبو سے ہمارا ناک میں دم آجاتا لیکن اسے ساتھ رکھنے کے لئے ہم مجبور تھے۔ کیونکہ اس کی ایسی حالت ہونے سے

ہمیں بھیک بہت ملتی تھی۔

اب ہم گلی گلی کوچہ کوچہ گلا پھاڑ پھاڑ کر چلاتے پھرتے تھے ——— "کوئی بھوکے کو پیسہ دے دے۔ کوئی محتاج کو روٹی دے دے"

ہر روز پو پھٹنے سے پہلے ہی ہم پڑاؤ سے چل پڑتے۔ جب مانگتے مانگتے گلیوں میں پہنچتے تو کچھ لوگ جاگ پڑتے، کچھ کروٹیں بدلتے اور کچھ جاگنے کے ارادے سے جمائیاں لیتے رہتے، سویرے ہمارے گانے کی آواز لوگوں پر اچھا اثر کرتی۔ کوئی دن ایسا نہ جاتا جب کہ ہماری جھولیاں نہ بھرتی ہوں۔ ہم خوش خوش پڑاؤ کو لوٹتے تھے ——— غرض اسی طرح ہمارے اچھے برے دن گذر رہے تھے ——— دن بھر بیساکھی کے سہارے مارے مارے گلیوں میں پھرنے سے میرے کندھے میں درد ہونے لگتا ——— لیکن جب رات کو باسی روٹی کے جھوٹے ٹکڑے، بدبودار سالن کے ساتھ حلق سے نیچے اُتارتے اور کنوئیں کا ٹھنڈا پانی پیتے تو ساری تھکاوٹ دور ہو جاتی اور وہیں درخت کے نیچے زمین کے بچھونے پر سو جاتے۔ آہ! خدا کو ہماری یہ بدتر حالت دیکھ کر بھی ترس نہ آتا تھا ——— اب کسی کو بھی ہماری حالت پر رحم نہ آتا تھا۔ شاید اس کا سبب یہ ہو کہ وہ ہمیں اس حالت میں دیکھنے کے عادی ہو گئے تھے ——— عورتیں ہم لوگوں کو گاتا دیکھ کر جھٹ کواڑ بند کر لیتیں۔ لیکن ہم ان باتوں کا مطلق خیال نہ کرتے اور برابر چلایا کرتے ——— "دے دے بھائی، بھگوان تمھارا بھلا کریگا۔ دیا لیا بھیا سنگ چلے گا، داتا رہے گا نام۔ بھوکوں محتاجوں کو روٹی دو۔ اے بھائی اس ہاتھ دو، اس ہاتھ لو" ——— اس طرح نہ معلوم ہم کیا کیا کہتے چلے جاتے تھے۔

عورتیں زور سے کواڑ بند کرتیں اور بڑبڑاتی ہوئی کہتیں ——— "ان موؤں نے بھی کیا ناک میں دم کر رکھا ہے۔ کیا ہم نے روز روز کا ٹھیکہ لے رکھا ہے؟ مردود ہر دم آکر سر کھایا کرتے ہیں۔ ابھی کل تو روٹی دی تھی، اس گرانی کے زمانے میں اپنے ہی بال بچوں کی پرورش مشکل سے ہوتی ہے، تم لوگوں کو کہاں سے دیں۔ کیا ہم روز روز لنگر لگا کر بیٹھے ہیں؟" لیکن ایسی باتیں سن کر بھی ہم اپنا چلانا موقوف نہیں کرتے تھے کیونکہ ہر وقت ایسی باتوں کے سننے کے ہم عادی ہو گئے تھے۔ ہم یہ کہتے ہوئے آگے

بڑھ جاتے ـــــ "جو دے گا اس کا بھی بھلا، جو نہ دے اس کا بھی بھلا" ہم در بدر پھرتے تھے۔ ہمارے لئے بھنگی چمار، ہندو اور مسلمان سب ہی داتا تھے ـــــ دولت مند ہمیں دھتکار دیتے تھے، لیکن غریب اپنے پسینے کی کمائی سے ہمیں کچھ نہ کچھ دے دیتے تھے۔

کئی بار ہم چلاتے رہتے ؟ لیکن اونچے اونچے عالیشان محلات میں رہنے والے امیروں کے کانوں میں ہماری درد بھری پکار نہ پہنچتی۔ چلاتے چلاتے جب ہمارے حلق سوکھ جاتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ کسی نے ہمارے گلوں میں سوئیاں چبھو دی ہیں۔ تب ہم ناامید ہو کر پھٹی آنکھوں سے ایکدوسرے کو دیکھتے اور پھر بازار کا رخ کرتے، بازار میں سینکڑوں گالیوں کے بعد بھی کچھ پیسے اور جھوٹے ٹکڑے مل ہی جاتے ـــــ رات کے وقت ہم پر اوپر باسی روٹی کے ٹکڑوں پر کتوں کی طرح لڑتے تھے اور دن بھر کا غصہ رات کے وقت ہم آپس میں نکالتے تھے ـــــ اس طرح ہماری زندگی روٹی کے جھوٹے ٹکڑوں، لوگوں کی گالیوں اور تانبے کے کچھ پیسوں پر گذر رہی تھی۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے۔ ـــــ جاڑے کی ایک سرد رات تھی ـــــ برف سے زیادہ ٹھنڈی ہوا سائیں سائیں کرتی ہوئی چل رہی تھی ـــــ ٹھنڈ سے جسم کانپ کانپ کر سن ہو رہا تھا ـــــ ہم درختوں کے سوکھے پتے جلا کر آگ کے پاس بیٹھے ہوئے روٹی کے کچھ ٹکڑوں پر جھگڑ رہے تھے۔ آگ کی لال لال لپٹیں ہم لوگوں تک آ آ کر لوٹ جاتی تھیں گویا وہ بھی ہماری ہنسی اڑا رہی تھیں۔

یکایک جیتو کی بھرائی ہوئی آواز میرے کان میں پڑی ـــــ "بھوکی ہے، روٹی کھائے گی ؟"

میں نے اوپر دیکھا تو سامنے ایک تیرہ چودہ برس کی خوبصورت لڑکی ہماری طرف للچائی ہوئی نظروں سے دیکھ رہی تھی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ کئی دن سے بھوکی ہے۔

اس دوشیزہ کو دیکھ کر ہم لڑنا جھگڑنا بھول گئے اور اسے بھی روٹی کے کچھ ٹکڑے کھانے کو دئے وہ روٹی کے کچھ ٹکڑوں پر اس طرح گری جس طرح چیل گوشت کے ٹکڑے پر گرتی ہے۔

جیتو نے میرا پاؤں دبایا اور میرے کان کے پاس اپنا منہ لا کر بولا ـــــ "ہیرا ہے! ہیرا!! سُنا، اگر ہاتھ آجائے تو بہت کام آئے گا۔"

روٹی کھا چکنے کے بعد جیتو اس سے ادھر اُدھر کی باتیں کرنے لگا اور باتوں ہی باتوں میں اس نے بتایا کہ وہ لاوارث ہے' اس کا کوئی نہیں جب وہ بہت چھوٹی تھی تو اس کے ماں باپ موت کا شکار ہو گئے ۔ ماں باپ کے انتقال کے بعد اس بدنصیب کو کوئی اپنے یہاں پناہ دینے کے لئے تیار نہوا ۔ وہ بہت دنوں سے اسی طرح ماری ماری پھر رہی ہے ۔ ہاں لوگوں سے سُنا تھا کہ وہ ایک برہمن کی لڑکی ہے ۔ جیتو نے اسے دلاسا دیتے ہوئے کہا ـــــ "تم' ہمارے ساتھ رہ سکتی ہو" اس کے بعد وہ اس سے بہت چکنی چپڑی باتیں کرنے لگا ۔ آخر کار وہ اُسے ہمارے ساتھ رہنے کے لئے راضی کر لیا ۔

ہماری ٹولی اب تین سے چار ہو گئی ۔ ہم نے اسے وہ تمام گیت سکھا دئے جنھیں گا کر ہم بھیک مانگا کرتے تھے ۔

اس حسین لڑکی کے آتے ہی ہمارے دن پھر گئے ـــــ شامو خوبصورت ہونے کے علاوہ گاتی بھی خوب تھی ۔ اس کی آواز میں بلا کا درد تھا ۔ ہم اس کو ٹولی کے سامنے رکھتے تھے ۔ آگے آگے شامو اور پیچھے پیچھے ہم لوگ گاتے اور مانگتے چلے جاتے تھے ۔ شامو کی رسیلی آواز لوگوں کے دلوں پر اثر کئے بغیر نہ رہتی لوگ بلا بلا کر اس سے گیت سنتے اور بھیک دیتے تھے ـــــ وہ بڑے بڑے محلات میں رہنے والے دولت مند نوجوان' جو ہم لوگوں کی صورت دیکھتے ہی پھٹکار دیتے اور بابا معاف کرو کہکر ٹال دیتے تھے' اب وہی نوجوان ہمیں بار بار بلاتے' گھنٹوں شامو سے گیت سُنتے اور شامو کی طرف آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر گھورتے تھے ۔

ایک دن ایک رئیس کے یہاں بیاہ تھا ۔ ہم لوگ ایسے مبارک دن کے لئے تو دعائیں مانگتے تھے ۔ کیونکہ اس دن ہمیں لذیذ کھانا اور مٹھائیاں چکھنے کو ملتی تھیں ـــــ شامو زنانے میں چلی گئی ـــــ شام کو جب ہم پڑاؤ کو واپس ہوئے تو ہماری خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی ۔ ہماری جھولیاں اچھی اچھی مٹھائیوں سے بھری ہوئی تھیں ۔ اس شام کو ہم نے خوب جی بھر کر جھوٹے چاول' چوسی ہوئی ہڈیاں اور قسم' قسم کی مٹھائیاں کھائیں ـــــ ہم جانتے تھے کہ یہ کتوں کی غذا ہے لیکن افسوس غربت نے ہمارے دل سے یہ احساس

دور کر دیا تھا۔

ہم کھا پی چکنے کے بعد ادھر اُدھر کی باتیں کرنے لگے۔ شامو نے بندھو کی طرف دیکھتے ہوئے کہا ——— "بیاہ میں بہت عورتیں تھیں بندھو بھیا ——— خوشنما لباس اور قیمتی زیورات میں وہ بہت بھلی معلوم ہوتی تھیں ——— ان کے کپڑے اس قدر اچھے تھے کہ کیا کہوں؟ ——— جی چاہتا ہے کہ میں بھی ویسے بھاری کپڑے اور قیمتی زیورات پہنوں"۔ یہ سن کر میرے دل پر ایک چوٹ سی لگی، میں ابھی کچھ کہنے بھی نہ پایا تھا کہ جیتو قہقہہ مار کر ہنس پڑا اور منہ بنا کر بولا ——— "اری پگلی، تو کسی رانی کے پیٹ سے کیوں پیدا نہ ہوئی؟"

میں نے مسکرانے کی کوشش کرتے ہوئے کہا ——— "شامو ہم لوگ بھکاری ہیں، ایسی قسمت کہاں؟ ہمارے لئے یہی کیا کم ہے کہ اُلٹا سیدھا کھانے کو مل جاتا ہے۔" بندھو نے آہ بھرتے ہوئے کہا ——— "جانے بھی دو بھیا، کیسی باتیں کرتے ہو۔"

شامو ہماری باتیں سن کر اداس سی ہو گئی ——— لیکن کچھ بولی نہیں۔ ہم لوگ کبھی پلاؤ اور کبھی مٹھائی کا ذکر کرتے ہوئے سو گئے۔

صبح جب ہم اُٹھے تو دن بہت چڑھ آیا تھا۔ ہم نے دیکھا کہ شامو کی آنکھیں سوجی ہوئی تھیں، اور آواز بھی بھاری ہو گئی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ رات بھر نہیں سوئی ——— اس دن وہ گائے بکی۔

جب ہم پڑاؤ کو پہنچے تو جھولیاں کھول کر روٹی کھانے لگے۔ ہم نے دیکھا کہ شامو، ایک درخت کے تنے پر سر رکھکر سسک رہی تھی۔

میں نے کہا ——— "شامو!" وہ بھرائی ہوئی آواز میں بولی ——— "ہاں بھیا!"

"کیا ہوا تمھیں؟" میں نے پیار سے پوچھا۔ وہ لڑکھڑاتی ہوئی بولی ——— "کچھ نہیں"

میں نے ہاتھ لگا کر دیکھا، اسے بخار تھا اور اس کا جسم توے کی طرح تپ رہا تھا۔ اس رات میں سو نہ سکا۔ محبت کی آگ میرے دل میں بھڑک رہی تھی ——— میرے دل میں شامو کی محبت گھر کر چکی تھی ——— اس دن میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ بھیک مانگنے نہ جا سکا۔

شامو کی بیماری کی وجہ سے میں نے بھیک مانگنے جانا بند کر دیا ـــــ سارا دن اس کی تیمارداری میں لگا رہتا ۔ اس کے لئے خیراتی دواخانے سے دوا لاتا اور وقت پر کھلاتا ۔

بندھو اور جیتو شہر جاتے، اور جو کچھ لاتے اسی سے ہم چاروں اپنے پیٹ کی دوزخ کو بھرتے خدا خدا کر کے شامو کئی دن کے بعد صحت یاب ہوئی ۔

لیکن شامو اب وہ شامو نہ تھی ـــــ وہ ہر دم اداس اور غمگین نظر آتی تھی ـــــ وہ ہماری ٹولی کے آگے منہ لٹکائے چلا کرتی ۔

ہم میں سے ہر شخص اس کا دل بہلانے کی کوشش کرتا لیکن وہ خوش نہ ہوتی ـــــ وہ کچھ کھوئی کھوئی سی رہنے لگی تھی ۔

کئی دن اسی طرح بیت گئے ـــــ اب شامو اکیلی جا کر بھی بھیک مانگ لاتی تھی ـــــ ایک دن وہ بہت خوش خوش واپس آئی ـــــ آتے ہی دونوں ہاتھوں کو ہمارے آگے رکھ کر بولی ـــــ " دیکھو کیسی اچھی چوڑیاں ہیں ۔ اب میرے پاس بھی اُن عورتوں کی طرح خوشنما لباس اور قیمتی زیورات آجائیں گے "۔

اس کے سفید چہرہ پر مسرت کی سرخی دوڑ رہی تھی جس سے وہ بہت حسین نظر آرہی تھی ۔

بندھو نے اسے جھڑکتے ہوئے پوچھا ـــــ " ارے، یہ کہاں سے لائی ؟ "

وہ بندھو کی طرف بغیر دیکھے ہی کہتی گئی ـــــ " گوال منڈی میں ایک بابو رہتے ہیں، وہ بڑے اچھے ہیں ۔ انہوں نے مجھے یہ چوڑیاں دی ہیں ۔ وہ مجھے اچھے اچھے کپڑے دیں گے، اچھے اچھے زیورات دیں گے اور وہ مجھے بہت سے پیسے بھی دیں گے، وہ بہت نیک ہیں "۔ مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے کسی نے میرے دل میں زور سے گھونسہ مار دیا ہو ۔ میں نے پھٹی آنکھوں سے جیتو کی طرف دیکھا ۔

" دیکھو، اب پھر کبھی اس بابو کے پاس مت جانا، شہر کے لوگ بڑے خراب ہوتے ہیں، اگر جاؤ گی تو ٹھیک نہ ہوگا " ـــــ جیتو نے ذرا سختی سے کہا ۔

رات کو جب شامو درخت کے تنے پر سر رکھ کر سو گئی تو بندھو نے آہستہ سے کہا ـــــ " اس کے

آثار اچھے نظر نہیں آتے ۔ بہتر ہوگا اگر ہم اس کو تنہا کہیں نہ جانے دیں، نہیں تو یہ خوبصورت چڑیا ہمارے ہاتھ سے نکل جائے گی۔"

اس کے بعد ہم بڑی ہوشیاری سے رہنے لگے ۔ ہم اس بات کی ہمیشہ کوشش کرتے کہ شامو ہم سے الگ نہ ہونے پائے، نیز ہم یہ بھی کوشش کرتے کہ شامو ہمیشہ خوش رہے ۔ جہاں تک ہوسکتا ہم اسے اداس نہ ہونے دیتے ۔

ایک دفعہ سویرے وہ یکایک کہیں چلی گئی اور بہت رات گئے واپس ہوئی ۔ ہم نے دیکھا وہ فیروزی رنگ کی ساڑی پہنے ہوئی تھی، اس کی بڑی بڑی آنکھوں میں مسرت رقص کر رہی تھی ——— صاف ستھرے کپڑوں میں وہ رانی معلوم ہو رہی تھی ——— اس کو دیکھتے ہی جتیو چلّا اُٹھا ———

"اری شیطان کی بچی کہاں گئی تھی ؟ ——— پھر گئی تھی اس بابو کے پاس ؟"

"ہاں گئی تھی تو کیا ہوا ؟" ——— اس نے یوں ہی لاپرواہی سے جواب دیا ۔

غصہ سے میری ابروؤں پہ بل پڑ گئے ۔ میں نے اسے غصہ سے کہا ——— "شامو، یہ ٹھیک نہیں، تمھیں ہر وقت ہمارے ساتھ رہنا چاہیے ۔ ہماری اجازت کے بغیر تم کہیں نہیں جاسکتیں ۔"

"وہ دن مت بھولنا، جب بھوک سے بیتاب ہوکر ماری ماری پھرتی تھی ۔ اب نئے چاہنے والے پیدا کر لئے ہیں" ——— بندھو نے کہا ۔

یہ سن کر اس کا چہرہ غصہ سے سرخ ہوگیا ۔ اس نے زخمی شیرنی کی طرح گرج کر کہا ———

"تم کون ہوتے ہو مجھے روکنے والے ؟ میرا جہاں جی چاہے گا، جاؤں گی ۔ تم سب اتنا کیوں اکڑتے ہو ؟ تمھارے پاس ہے کیا، جس پر اتنا اتراتے پھرتے ہو ؟ بڑے آئے میرا پیٹ پالنے والے ——— نہ تو مجھے پیٹ بھرنے کو روٹی ہی برابر ملتی ہے اور نہ تن ڈھانکنے کو کپڑا ——— میں یہ چیتھڑے لٹکائے کیوں پھروں ؟ تم میرے ہوتے کون ہو ؟"

"ہم بھی دیکھیں گے، تو یہاں سے کیسے جاتی ہے ؟" ہم تینوں نے بہ یک آواز کہا ۔

"یہ بندر بھبکی کسی اور کو دینا ۔ میں اس بابو کے پاس جاؤں گی اور ضرور جاؤں گی ۔ وہ مجھے

اچھے کپڑے دیتا ہے، عمدہ کھانے کھلاتا ہے تم لوگ نکمے، لولے، کوڑھی میری ہی مدد سے جی رہے ہو اور مجھ ہی پر اکڑتے ہو۔"

یہ کہکر وہ ہمیں منہ چڑا کر، ہرن کی طرح چوکڑیاں بھرتی ہوئی اُلٹے پاؤں واپس چلی گئی ـــــ ہم اپنے مقام سے ہل تک نہ سکے، جیسے سانپ سونگھ گیا ہو۔

ہم رات بھر نہ سو سکے ـــــ سویرا ہوا ـــــ دن چڑھا ـــــ دوپہر ڈھلی ـــــ ہم اس کا انتظار ہی کرتے رہے ـــــ لیکن اسے نہ آنا تھا نہ آئی ـــــ اس طرح کئی دن بیت گئے ـــــ ہم اسے بھول جانے کی کوشش کرتے ـــــ لیکن بھول نہ سکتے ـــــ بہتیرا تلاش کرنے پر بھی وہ کہیں نہ ملی۔

شامو کے چلے جانے کے بعد میں کچھ کھویا سا رہنے لگا ـــــ ایک دن ہم بھیک مانگ رہے تھے کہ ایک موٹر تیزی سے پوں پوں کرتی ہوئی ہمارے آگے سے نکل گئی۔ ہم نے آنکھ اُٹھا کر دیکھا ـــــ اس میں ایک اپٹوڈیٹ نوجوان کے ساتھ شامو بیٹھی ہوئی تھی ـــــ وہ خوشنما ساڑی اور جگمگاتے زیورات میں رانی معلوم ہو رہی تھی ـــــ ہم دیکھتے ہی رہے ـــــ گویا خواب دیکھ رہے ہیں۔ پھر چونک کر ہم ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔ ہم میں سے کسی کی زبان سے ایک لفظ بھی نہ نکلا۔

دن یوں ہی گزر رہے تھے ـــــ جینو کی حالت اب پہلے سے بھی بدتر ہو گئی تھی۔ اس کا سارا جسم سڑتا ہی جا رہا تھا۔ اب وہ چل پھر بھی نہ سکتا تھا۔ ایک رات جو سویا تو پھر نہ اُٹھا ـــــ کچھ روز بعد جب بندھو نے دیکھا کہ یہاں تو بھوک ہڑتال پر نوبت پہنچ چکی ہے تو وہ کسی دوسری ٹولی میں جا ملا ـــــ اب میں اکیلا تھا ـــــ کچھ دن ادھر اُدھر گھوما، لیکن دل نہ لگا۔ میں نے اپنے دل میں کہا ـــــ چلو اب اس شہر ہی کو الوداع کیوں نہ کہدیں۔

دیوالی کا تیہوار تھا ـــــ امرتسر کے بازار میں میلا سا لگا تھا ـــــ رات کو یہاں کا مندر روشنی سے بقعۂ نور بنا دیا جاتا ہے اور اس کی سجاوٹ دیکھنے کے لئے لوگ دور دور سے آتے ہیں ـــــ دیوالی کے تہوار میں صبح سے شام تک یہاں میلا لگا رہتا ہے ـــــ آج بھی میلا ہی تھا ـــــ لاکھوں

آدمیوں کا عظیم الشان مجمع تھا ـــــ مندر میں لوگوں کی آمد و رفت بکثرت تھی ـــــ میں بھی آنے جانے والوں کے سامنے ہاتھ پھیلا کر ـــــ "بابو خدا کے نام پر بھوکے کو ایک پیسہ دیتے جاؤ خدا تمھارا بھلا کرے گا" کہتا جا رہا تھا ـــــ مجھے خوب پیسے مل رہے تھے کیونکہ تہوار کے موقع پر ایک دو پیسے خیرات کر دینا کسی کو بھی بار نہیں معلوم ہوتا ۔ رات کے گیارہ بجے تک بھیک مانگتا رہا ـــــ جب میں نے بھیڑ سے باہر جا کر ایک کونے میں پیسے گنے تو پونے پانچ روپے تھے ـــــ میں خوشی سے اچھل پڑا ۔ اتنے پیسے جب سے میں بھکاری بنا تھا ایک دن بھی جمع نہ ہوئے تھے ۔ میں خدا کا شکر ادا کرتے ہوئے وہاں سے اُٹھا ۔ بغل میں بیساکھی ہونے سے میرے کندھے چور چور ہو رہے تھے ۔ میں دل ہی دل میں سوچ رہا تھا کہ پڑاؤ پر جاؤں یا یہیں کہیں پڑ رہوں ۔ میں ادھر اُدھر بیساکھی ٹیکتا ہوا جا رہا تھا کہ پان والی کی دکان کے پاس میری نظر ایک دبلی پتلی عورت پر پڑی، جو بڑی عاجزی سے آنے جانے والوں سے بھیک مانگ رہی تھی۔ میں ٹھٹک گیا، مجھے کچھ شبہ ہوا، آگے بڑھا، اس کی گود میں ایک خوبصورت بچہ تھا، کوئی چھ سات مہینے کا ـــــ

اب اس عورت کی صورت صاف دکھائی دے رہی تھی ۔ میں اس کے بالکل قریب پہنچ کر ٹھٹک گیا اور میرے منہ سے بے اختیار نکل پڑا ـــــ تم، تم یہاں کہاں شامو؟ اوہ! تم تو رانی بن گئی تھیں، اب رانی سے پھر بھکارن کیسے بن گئیں؟ وہ سر سے پاؤں تک کانپنے لگی اور اپنے بچہ کو زور سے سینے سے لگا لیا، لیکن کچھ بولی نہیں ـــــ میں نے قہقہہ مار کر کہا ـــــ "پگلی، کہیں بھکارن بھی رانی بن سکتی ہے؟ آخر دھوکا دیا نا اس بابو نے، گئی تھی رانی بننے ـــــ جو قسمت میں لکھا ہوتا ہے اسے کوئی نہیں مٹا سکتا ـــــ آؤ میرے ساتھ، مجھے تم سے کچھ کہنا ہے ـــــ" نیچے گردن جھکائے اور اپنے بچے کو چھاتی سے چمٹائے وہ چپ چاپ میرے ساتھ ہو گئی ـــــ ہم پڑاؤ پر پہنچ گئے اور ایک بڑے درخت کے نیچے دونوں بیٹھ گئے ـــــ اوپر آسمان میں تارے ٹمٹما رہے تھے ۔ وہ کبھی میری طرف دیکھتی تھی اور کبھی آہ سرد بھر کر آسمان کی طرف ـــــ

بہت دیر تک ہم دونوں چپ چاپ بیٹھے رہے ـــــ نہ تو میں ہی اُس سے کچھ بول سکا اور نہ وہ

——— وہ ٹکٹکی باندھکر میری طرف دیکھ رہی تھی ——— اس سے اس کا حال پوچھنے میری ہمت نہیں ہو رہی تھی ——— ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی نے ہمارے منہ کو قفل لگا دیا ہے ۔

مجھے ہوش آیا اور میں چونک کر بولا ——— "اوہ ! شامو، تم اس ٹاٹ پر اپنے بچے کے ساتھ سو جاؤ" میں نے اپنا ٹاٹ اس کو دیتے ہوئے کہا ۔

وہ سو گئی ——— میں نے دل ہی دل میں کہا ——— سویرے اس سے سب حال پوچھوں گا ——— اور درخت کے تنے پر سر رکھ کر زمین پر سو گیا ۔

رات کے چار بجے بچے کے رونے سے میری آنکھیں کھل گئیں ——— میں نے آنکھیں کھول کر دیکھا ——— بچہ رو رہا تھا اور ——— شامو وہاں نہ تھی ——— وہاں دس روپے کے پیسے اور آنے پڑے تھے ——— لیکن اس کا کہیں پتہ نہ تھا ——— میں نے اُسے چاروں طرف بہت ڈھونڈا ——— اُس کا کچھ پتہ نہ چلا ——— میں نے بچے کو اُٹھا لیا ——— اور اس کو اپنا بچہ سمجھ کر پالا ہے ——— اور اب وہی میرے لئے عصائے پیری ہے ——— آج دس برس ہو گئے، وہ مجھے اس وقت سے اب تک کہیں نظر نہیں آئی ———

انہیں روپیوں کو ملا کر میں نے یہ چھوٹی سی پان کی دُکان کھولی ہے ———

(ترجمہ)

محمد علی نیّر بی ۔ اے (ابتدائی)

غزل

جلوہ نما ہے دردِ محبت کہاں کہاں
پھیلی ہوئی ہے غم کی حکایت کہاں کہاں

محکوم جسم و روح مسخّر دل و دماغ
قائم ہوئی ہے اُنکی حکومت کہاں کہاں

دنیائے خواب میں کہ تصوّر کے عرش پر
رہتا ہوں اب میں تیری بدولت کہاں کہاں

رخسار میں حنا میں شفق میں شگوفہ میں
نکھری ہے خونِ قلب کی رنگت کہاں کہاں

شبنم بہ ضوئے مہر تو خرمن پہ ایک برق
پڑتی ہے تیری نظرِ عنایت کہاں کہاں

وہ بادشاہِ حسن ہے تو اک گدا خلیلؔ
سرزد ہوئی ہے تجھ سے حماقت کہاں کہاں

محمد خلیل الرحمٰن متعلم سال چہارم

محمود گاواں کے مزار پر

سکوتِ موت طاری ہے زمینوں آسمانوں میں
لہو رو رو کے سورج چھپ گیا ہے کوہساروں میں
کوئی رازِ عدم شاید نہاں ہے اس خموشی میں
ہوا کی آہ و زاری میں، فضا کی بیخروشی میں
فرشتے تیرے مدفن پر صفِ ماتم بچھاتے ہیں
تری درماندگی پر نور کے آنسو بہاتے ہیں
طلسمِ خواب باندھا ہے تقدس کی ہواؤں نے
تبسم سا کیا پیدا فرشتوں کی دعاؤں نے
"یہاں آکر زمیں نے آسماں کی ہمسری کرلی
یہاں مٹی نے حاصل دو جہاں کی سروری کرلی"
یہاں آکر مسلماں کے لہو نے زندگی پائی
فنا میں زیست پائی، زیست کی تابندگی پائی
یہاں ہر مردِ مومن کے لئے عبرت کا ساماں ہے
یہاں مٹی کے ذرّوں میں پیامِ زیست پنہاں ہے

محمد نعیم الدین صدیقی متعلم سال چہارم

علم تاریخ کی اہمیت اور افادیت

علمائے ماضی وحال کا اس امر پر اتفاق ہے کہ تہذیب نفس، اصلاح معاشرت، تحقیق حقائق اور خود شناسی کے لئے تاریخ کا مطالعہ ناگزیر ہے۔ چنانچہ کہا گیا ہے کہ تاریخ ایک ایسا علم ہے جس میں مثالیں ہی مثالیں نظر آتی ہیں اور تمام تواریخ تمثیلات سے مملو ہیں۔

طرز بیان کو موثر اور انوکھا بنانے کے لئے کسی باکمال مورخ کی قوت متخیلہ کا زبردست ہونا ازبس ضروری ہے۔ لیکن یہ امر ذہن نشین کرلیا جانا چاہئے کہ وہ صرف اصل مواد کی حد تک اپنی طبیعت کی جولانیاں کہا جاسکتا ہے، مواد کے ساتھ من گھڑت واقعات کا شامل کرنا غیر مستحسن فعل قرار دیا جائے گا۔ مورخ کو قوت استدلال کا بھی حامل ہونا چاہئے تاکہ وہ متشابہ ومتجانس نوعیت کے واقعات سے کسی قطعی نظریہ کا استخراج کرسکے بعض مستند ہستیوں نے یہاں تک کہدیا ہے کہ تاریخ کی ابتدا ناول کی سی ہوتی ہے لیکن اس کا اختتام مضمون کی شکل میں ہوتا ہے۔

دنیا کا سب سے پہلا اور شاید سب سے بڑا مورخ، عہد قدیم کے اعتبار سے، ہیروڈوٹس یونانی ہوا ہے جس کی طرز تحریر آورد نہ تھی بلکہ آمد تھی۔ یہ مورخ اُس زمانہ میں ہوا ہے جبکہ اہل یونان دور جدت پسندی عجوبہ پرستی، تجسس علمی اور تشکیک سے گذر رہے تھے۔ گو اس زمانہ میں فنون لطیفہ معراج کمال پر تھے تاہم فلسفہ ابھی عالم طفولیت ہی میں تھا۔ اسی زمانہ میں ٹوٹی پھوٹی نثر کی ابتدا ہوتی ہے کیونکہ ابتک نثر کی طرف توجہ نہیں کی گئی تھی اور اس کی عدم موجودگی میں ہر چیز کو منظوم پیرایہ میں لکھنے کا رواج تھا۔ اس زمانہ میں ہم کو کسی قسم کی باضابطہ تاریخ بھی نہیں ملتی۔ بلکہ گذشتہ واقعات کو ہم روایات، قصوں اور کہانیوں کی شکل میں افراد کی زبانوں پر نسلاً بعد نسلٍ من وعن آتے پائے ہیں۔ بسا اوقات اُن میں کچھ اضافہ ہی ہوتا۔ جیسا کہ پہلے ہی کہا جاچکا ہے،

نشر کے رواج کے فقدان کی بنا پر تعلیم و تعلم کا ذریعہ مکالمہ قرار پا چکا تھا۔ چنانچہ سقراط اور ارسطو کے مکالمے آج بھی اپنی نظیر نہیں رکھتے۔ ان واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ نثر نویسی سے کس طرح غفلت اور بے توجہی برتی گئی۔

یہ کہنا کہ تاریخ کبھی کل جزوی و کلی، اہم اور غیر اہم، معمولی اور غیر معمولی واقعات کو پیش نہیں کر سکتی، بے شک غلط نہیں ہے۔ کیونکہ اگر ہم کسی مکمل تاریخ کو ترتیب دینا چاہیں گے تو ہمیں نہ صرف زمانہ زیر بحث کی اہم چیزوں کو بلکہ ناقابل لحاظ چیزوں کو بھی قلمبند کرنا ہوگا جو در اصل تاریخ کا صحیح مقصد نہیں ہے۔ کیونکہ اگر سہواً، اتفاق سے کوئی غیر اہم بات بھی سہواً چھوٹ جائے تو تاریخ میں سقم پیدا ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ہم اسی تاریخ کو بہترین قرار دیں گے جس میں واقعات ماضیہ کی تصویر اس طرح کھینچی گئی ہو کہ زمانہ زیر بحث کی ہر قابل لحاظ چیز پیش نظر ہو جائے۔

جس طرح عہد قدیم میں اہل یونان نے تاریخ کے لکھنے میں سبقت کی تھی بعینہ عصر جدید میں اقوام یورپ نے سب سے پہلے اس جانب قدم اٹھایا۔ فرائسارت (Froissart) اپنے زمانہ کا ہیرو دوتس ہوا ہے۔ چنانچہ اس بنا پر اٹلی کی مثال یورپ کے لئے بالکل ویسی ہی ہے جیسی کہ ایتھنز کی یونان کے لئے۔ یہ امر یقینی ہے کہ گذشتہ دو صدیوں کے مورخین، بہ نسبت مورخین عہد قدیم کے زیادہ حقائق پیش نہیں کرتے اور یہ امر بھی مسلم ہے کہ وہ مقابلتاً دروغ بافیوں کا ارتکاب کم کرتے ہیں۔ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ تاریخ کی راہ مذہبی عقیدت اور حسن ظن کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ فلسفۂ تاریخ کے سمجھنے میں حالیہ مورخین، مورخین عہد قدیم پر ہر طرح فوقیت رکھتے ہیں۔ مگر یہ امر ذہن نشین ہونا چاہئے کہ مذاق و تخیل آفرینی، انداز بیان، فن ترغیب اور امور عامہ کے سراہنے میں قدماء بھی متاخرین سے کچھ کم نہ تھے۔ اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ حالیہ مورخین نے صدق بیانی سے کسی نہ کسی حد تک بلاشبہ ضرور انحراف کیا ہے۔ اس انحراف کا باعث انکا زور استدلال تھا نہ کہ انکی قوت متخیلہ، جس کی وجہ سے وہ مجبور تھے۔ وہ قدماء سے اس حیثیت سے بھی بہت آگے بڑھ جاتے ہیں کہ وہ عام واقعات سے عمومی اصول استخراج کرتے ہیں۔ لیکن انہوں نے بدقسمتی سے اکثر مواقع پر محض واقعات کو اصول پر منطبق کرنے کی خاطر واقعات کی صحت کو متضرر کر دیا ہے۔ تاریخ صرف مشاہدہ کا نام نہیں ہے بلکہ روایت کا اور پھر قرائن کا تجسس، ظنون غالبہ، اور بحث و تعلیل کا۔ عصر جدید کے مورخین کے شاندار علمی کارناموں میں غلط بیانیوں کی وہ کثرت ہے کہ الامان والحفیظ۔ جس وقت مورخین عصر بہ دوران مناقشہ جودت طبع کا اظہار کرتے ہیں

تو وہ اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ تاریخ میں صحت بیان کی سی بھی کوئی چیز لائق التفات ہے۔ اور یہ حقیقت ہے کہ ہر مورخ صحت بیانی کو برقرار رکھتے ہوئے بھی اپنے علمی کارنامہ میں موثر طرز بیان اختیار کرسکتا ہے۔ اور اس کا یہ طرز عمل کہ محض انداز بیان کی خاطر صحت واقعات جیسی چیز کو قربان کرنے میں پس وپیش کرے حد درجہ افسوس ناک ہوگا۔ اکثر مورخین تذکروں (Memoirs) کے مصنفین کے بارے میں اپنے دلوں میں عجیب خود سرانہ (Autoratic) حقارت کے جذبات پرورش کرتے ہیں اور تاریخ کی ترتیب کے موقعہ پر خصوصی، دلچسپ اور اہم واقعات کو وہ محض اس وجہ سے نظر انداز کردیتے ہیں کہ اُن کی دانست میں وہ اتنے غیر اہم ہوتے ہیں کہ تاریخ کی عظمت اُن واقعات کی حفاظت گوارا نہیں کرسکتی۔ یہ امر کسی دلیل کا محتاج نہیں کہ کوئی قدیم واقعہ بذاتہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا الّا اس کہ وہ مستقبل کے متعلق صحیح قیاس لگانے میں رہنمائی کرتا ہے اور ایسی تاریخ جو تاریخ کے اس مقصد عظیم کو پورا نہ کرتی ہو، بالکل مہمل ولایعنی ہوگی خواہ وہ لڑائیوں، معاہدوں، بغاوتوں کے ایک لامتناہی سلسلہ سے کیوں نہ مملو ہو، ایسے حالات کا تاریخ میں بیان کیا جانا ازبس ضروری ہے جنھوں نے بنی نوع انسان کی خوشی، اخلاق واطوار کے علاوہ باشندگان ملک کی تمول سے تسفل، علمیت سے جہالت اور بربریت سے مدنیت کی حالت مروری (Transition State) پر گہرے اثرات چھوڑا ہو۔ اسی نوعیت کے حالات کو "خاموش انقلاب" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ان حالات کی ترقی کی روش اُن واقعات سے شاذ ہی معلوم کی جاسکے جن کو حالیہ مورخین اپنی دانست میں "اہم واقعات" سے موسوم کرتے ہیں۔ کیونکہ اُس خاص نوعیت کے حالات نہ تو کسی فوج کی ظفرمندی کے بیان سے حاصل کئے جاسکتے ہیں اور نہ مقننہ میں وضع کئے جاسکتے ہیں، وہ نہ تو کسی معاہدے میں طے کئے جاتے ہیں اور نہ ہی کسی دفتر میں اُن کو محفوظ کیا جاتا ہے۔

کامیاب مورخ صرف وہی کہلایا جاسکتا ہے جس کے علمی کارنامہ میں زمانہ زیر بحث کے موجود الوقت نقطۂ نظر، عام ذہنی سطح وحالت اور طبعی میلانات کو مصغر (Meniature) صورت میں پیش کیا گیا ہو۔ ایسا مورخ نہ تو خاص طور پر ہر واقعہ کو اہمیت دیتا ہے اور نہ ہی ہر فرد کی تعریف بیجا کے پل باندھتا ہے بلکہ اپنے صحیح انتخاب واقعات، درست استرداد (Relection) اور عمدہ ترتیب سے وہ حقیقت کو ایسا دلچسپ بنادیتا ہے کہ افسانوی رنگ ماند پڑجاتا ہے، وہ سرکار و دربار، خیمہ وخرگاہ کا ذکر ضرور کرے گا لیکن ساتھ ہی ساتھ

وہ قوم کی عام حالت کا نقشہ بھی کھینچ دے گا ۔ یہاں تک تو علمِ تاریخ کے مفہوم، نوعیت اور لوازمات سے بحث کی گئی، اب اُس کی اہمیت پر غور کیا جائے گا۔

تاریخ کی اہمیت کی سب سے شاندار مثال ہم انگلستان کے اس اقدام سے اخذ کرسکتے ہیں جس کی رو سے بربنائے احکام پارلیمان انگلستان، ائرستان میں جو انگلستان کے ماتحت تھا۔ عرصۂ دراز تک مضامین فلسفہ اور دینیات کے ساتھ تاریخ کی تعلیم بھی ممنوع قرار دی گئی تھی۔ تاریخ کے ممنوع قرار دئے جانے کا واحد مقصد یہ تھا کہ اُن ستم رانیوں اور چیرہ دستیوں کو جو انگلستان کی جانب سے باشندگانِ ائرستان پر روا رکھی گئی تھیں، پردۂ خفا ہی میں رکھا جائے کہ جس کا انکشاف اہل ائرستان کو آناً فاناً انتقام کا پیاسا بنا دینے کے لئے کافی ہوسکے گا۔ لیکن حقیقت کب تک پوشیدہ رہ سکتی تھی! چنانچہ اُس حقیقت کے انکشاف کے دوررس نتائج آج آئرش فری اسٹیٹ (Irish Free State) کی شکل میں ظہور پذیر ہیں۔

ہندوستان کا بھی کم وبیش یہی حال ہے ۔ اگر یہاں ہر مضمون تاریخ کو بالکل ممنوع قرار نہیں دیا گیا ہے تو اس کے بجائے اتنا ضرور کیا گیا ہے کہ تاریخ کی تربیت وانضباط ہی غلط طور پر کیا گیا ہے۔ نصابی تاریخوں میں جس چیز کو نمایاں کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ ہندوؤں نے برسر اقتدار ہوکر مسلمانوں کے حقوق کو کیسے پامال کیا اور دوسری طرف یہ کہ مسلمانوں نے حکومت کی باگیں اپنے ہاتھ میں لے کر ہندوؤں پر کیسے کیسے مظالم ڈھائے ۔ بجائے اس کے کہ ہم تاریخ پڑھ کر اتحاد ویگانگت کے خیالات اپنے دل میں پرورش کرتے، باہمی نفرت وبیزاری کے جذبات دل نشیں ہوگئے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہندوستان میں ہندستانی تہذیب وتمدن کے تبادل کا خیال تو کجا، باہمی اتحاد ورواداری کا جذبہ ہی مفقود ہے ان سب علل کی علت صرف تاریخ کی غلط ترتیب ہے ۔ ظاہر ہے کہ اگر کسی قوم کو بگاڑنا مقصود ہو تو غلط واقعات کو تاریخی حیثیت دینے سے وہ مقصد بخوبی تکمیل پاجاتا ہے ۔ برخلاف اس کے تاریخ کی صحیح ترتیب وتعلیم سے کسی قوم میں ترقی وعروج کے ولولے پیدا ہونا بعید از امکان نہیں۔

اور دیگر محرکاتِ عمل میں سے صحیح تاریخ کا مطالعہ بھی ایک ہے کہ جس کی بنا پر اگر ایک جانب

ہر ہٹلر، بسمارک کے عزائم کی تکمیل کی دھن میں سرگرم عمل ہے تو دوسری طرف مسولینی سائپیو افریکینس (Scipio Africanus) کے فتح کردہ کارتھیج کو اطالیہ کی ملکیت تبلاتا ہوا شمالی افریقہ کے پورے ساحلی علاقہ پر قبضہ جمانے کی فکر میں ہے۔

روس کا فن لینڈ پر جارحانہ اقدام بھی صحیح تاریخ کے مطالعہ کا نتیجہ ہے، کیونکہ صحیح تاریخ سے یہ امر ثابت ہے کہ جنگ عظیم سے پیشتر فن لینڈ کا علاقہ روس کے زیر نگین تھا جس کو جنگ عظیم کے بعد آزاد کرایا گیا۔ چنانچہ اسی قدیم قبضہ کو روس اپنے اس جارحانہ اقدام کے جواز میں پیش کر رہا ہے۔

محمد عبدالعزیز صدیقی متعلم بی۔اے (آخری)

شباب

شمع بزم زندگی ہوں نام ہی میرا شباب
سوز و ساز آرزو ہے میرے ساغر کی شراب

برق بن کر دیدۂ ساقی میں ہوں رقصاں کبھی
سینۂ میکش میں بھر دیتا ہوں گاہے التہاب

مسند آرائے سریر حسن و الفت ہوں کبھی
گاہ سوتوں کو سناتا ہوں حدیث انقلاب

شورش ہستی میں بنتا ہوں کبھی راز سکوں
سینۂ فردوس میں کھاتا ہوں گاہے پیچ و تاب

گاہ گرماتا ہوں میں بے حس غلاموں کا لہو
جھومتا ہوں گاہ سن کر نغمۂ چنگ و رباب

گاہ صحرا میں بنا موج سموم جانگداز
چشم نرگس کو کیا گلشن میں گاہے مست خواب

رعد بن کر محفل ہستی کو تھرایا کبھی
گاہ سطح بحر پر ظاہر ہوا بن کر حباب

حیرت نظارہ سے میں ہو گیا ساحل کہیں
اور کبھی شوریدہ سر موجوں میں سرتاپا اضطراب

رنگ و آب جسم انسانی نہیں ہرگز نہیں
وہ تو اک جوش تمنا ہے کہیں جسکو شباب

مرزا متین احمد بیگ سروش

ہمارا نصب العین

بغیر کسی نصب العین کے ہماری زندگی پھول کی اس پتی کے مانند ہے جو پھول سے الگ ہوکر ہوا کے جھونکوں کے ساتھ اُڑ جائے اور ہوا کی لہروں میں چکر کھاتے کھاتے گم ہوجائے۔

ہوسکتا ہے کہ بعض حسن طلب نگاہوں کے لئے ایسی ہی زندگی میں دلکشی اور دلفریبی ہو۔ اور جو سہل انگاری ہی کو زندگی کا حسن سمجھتے ہوں اور جن کو وہی راستہ زیادہ خوشنما اور خوبصورت نظر آئے جس میں رکاوٹیں اور مزاحمتیں نہ ہوں اور جسے وہ اپنی ذاتی مہارت اور قابلیت صرف کئے بغیر خود بخود اس طرح طے کرسکیں کہ انہیں یہ بھی محسوس نہ ہو کہ وہ کدھر سے آئے تھے اور کہاں پہنچ گئے۔

لیکن سوال یہ ہے کہ کیا زندگی کا صحیح راستہ یہی ہے جسمیں روکاوٹیں اور مزاحمتیں نہ ہوں اور جس پر سے ہم غیر اختیاری طور پر یوں گذر جائیں جس طرح کہ ہوا خاک کو اڑا لے جاتی ہے۔ اگر زندگی ایسی ہی بے معنی تھی تو خدا کو اس کی تخلیق ہی کی کیا ضرورت تھی؟ اور اس نے کیوں اتنی وسیع جیتی جاگتی کائنات بنا کر کھڑی کی؟ کیا خدا نے یہ سب کچھ بغیر کسی مقصد کے پیدا کردیا؟ اگر اس کا جواب نفی میں ہے اور یقیناً ایسا ہی ہے اور یہ تسلیم کیا جاچکا ہے کہ تخلیق حیات میں خدا کا کوئی نہ کوئی مقصد ضرور ہے تو پھر انسان کا ایک بے مقصد زندگی کو حسین اور بہتر زندگی کہنا تک درست ہے۔ یہ مانا کہ اس میں تھوڑی سی دلکشی اور خوشنمائی ضرور ہے لیکن خوبصورتی اور بہتری میں بہت فرق ہے۔ خوبصورتی کی تمنا کرنے والے بھی دل میں ہمیشہ بہتری ہی کے طالب رہتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ وہی حُسن دراصل حُسن ہے جو بہتری کا حامل ہو۔ اور ہر انسان کے دل میں بے جانے بوجھے یہ خواہش ضرور موجود رہتی ہے کہ وہ اپنی زندگی کو قوی تر اور زندہ تر بنا کر قائم رکھے اور ہوسکے تو اس کو دائم بنادے۔ یہ دوسری بات ہے کہ ہم اکثر اپنی اس خواہش کو خود واضح اور نمایاں شکل میں نہیں

دیکھتے یا دیکھنا ہی نہیں چاہتے اور اس طرح خود اپنے کو دھوکا دیتے ہیں لیکن اس خواہش کے وجود سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ نیز زندگی کو قوی تر اور زندہ تر بنانا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ ہمارے سامنے کوئی مقصد نہ ہو اور ہم اپنا کوئی منتہائے کمال نہ مقرر کریں۔

اب یہ سوچنا ہمارا کام ہے کہ اس مقصد کی نوعیت کیا ہو۔ خواہ وہ کوئی معاشری تحریک ہو یا کوئی مذہبی نصب العین، تربیت اطفال ہو یا خانہ داری غرض کچھ ہو اس کچھ نہ کچھ کا ہونا ضرور ہے کیونکہ زندگی کو زیادہ پائیدار اور دائم بنانے کی خواہش اگر تعاون کی کوئی نہ کوئی شکل اختیار نہ کرے گی تو بلاشبہ ایک شعلہ کی طرح آہستہ آہستہ بجھ کر رہ جائے گی۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ زندگی ایک پیہم کشاکش ہے اور بالخصوص آج کل کی متمدن زندگی کیونکہ یہ ایک امر واقعہ ہے کہ جیسے جیسے ہم تہذیب و تمدن میں ترقی کرتے جائیں گے زندگی کی کشمکش بڑھتی جائیں گی لیکن کانٹ نے اس کشمکش کے مسئلہ کو کس خوبی سے سلجھایا ہے۔ وہ کہتا ہے: "یہ کشاکشیں وہ ذرائع ہیں جو قدرت نے انسان کی بہترین قوتوں کو ابھارنے کے لئے وضع کئے ہیں" انسان آرام سے زندگی گذارنا چاہتا ہے لیکن قدرت جو اس سے زیادہ بہتر جانتی ہے کہ وہ کیوں تخلیق کیا گیا ہے اُسے مشکل کام کرنے کو دیتی ہے اور اسے مصیبتوں میں ڈال دیتی ہے۔ تاکہ وہ اپنے غموں کے حلقے سے بالاتر و بلند تر ہو کر ایک بہتر انسان بن جائے۔ گویا ایک بہتر انسان اور بہتر زندگی کی تخلیق قدرت کا منتہائے کمال ہے۔ پھر ایک بے مقصد زندگی کو دلکش اور بہتر سمجھنا کیا قدرت کے اس نصب العین کی اور خود قدرت کی توہین نہیں؟

انسانی برادری ایک ایسی جماعت ہے جس کا مقصد مل جل کر خوشیوں سے لطف اُٹھانا ہے؟ لیکن ساتھ ہی مل جل کر غم میں بھی شریک ہونا ہے اس لئے اگر محض خوشی اور مسرت کو منتہائے زندگی قرار دیں اور صرف حصول مسرت ہی ہمارا نصب العین ہو تو ہم کبھی اپنی زندگی کو قوی تر اور زندہ تر نہ بنا سکیں گے۔

اب یہاں سب سے اہم سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آج کل کی متمدن زندگی کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور بالخصوص اپنے ملک کی حالت کو دیکھتے ہوئے اس وقت ہمارا نصب العین کیا ہونا چاہیے آیا وہ انفرادی ہو یا اجتماعی۔ بلاشبہ اس وقت ہمیں کسی انفرادی نصب العین سے زیادہ ایک مشترک نصب العین کی ضرورت ہے

اور وہ اجتماعی زندگی کی بہتری ہے اور اس کے ساتھ ایک بہتر اور دائم زندگی کا حصول۔ اب سوچنا یہ ہے کہ وہ کونسا شاندار کام ہے جو ہماری اجتماعی زندگی کو سدھار سکتا ہے اور اُسے بہتر اور دائم بنا سکتا ہے اور جو ہمارے پیش نظر رہنا چاہیے۔ وہ کام موجودہ تہذیب کو بیسار پسندی کی 'اگیا بیتال' سے نکال کر اس کے سامنے بلند معیاری کا ایک نصب العین قائم کرنا ہے اور اسے بیشتر سے بہتر کی طرف رہبری کرنا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ بہت مشکل کام ہے بلکہ ایک حد تک ناممکن لیکن جب خدائے برتر نے انسان کے جسم میں روح پھونکی تو اُس نے ناممکن ہی کو انسان کا نصب العین بنایا اور کام در اصل دہی کرنے کے قابل ہے جو 'ناممکن' ہو اور تاریخ تمدن شاہد ہے کہ انسان یقیناً اس بلند منتہائے کمال کے ہمیشہ قابل ہے۔

ہم اس غائت درجہ دشوار کام کو یقیناً سرانجام دے سکتے ہیں اگر ہم بلند معیاری کو اپنا نصب العین بنالیں" بلند معیاری کی تلاش کرو، سچائی، خوبصورتی، اچھائی خود بخود بڑھتی چلی آئے گی"۔

اس کے بعد دوسرا اہم سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس اجتماعی زندگی کی بہتری کے لئے کس قسم کی تربیت ضروری اور مفید ہے۔ بلاشبہ سب سے پہلے اس کے لئے نفس انسانی کی تربیت لازمی ہے اور ایک تجربہ کار مدرس کا قول ہے کہ" اگر تم چاہتے ہو کہ انسانی نفس کی تربیت کرو تو نفس کی تربیت نہ کرو بلکہ کسی اور شئے کی تربیت کرو" اور وہ شئے 'جسم' ہے جو ہر قسم کی تخلیقی مہارت کا ذریعہ ہے اور جیسا کہ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے وہ ایک میکانی نقش نہیں ہے۔ نوع انسان کو زیادہ صحت مند اور زیادہ تنومند بنانا بہت آسان ہے بشرطیکہ اس کے لئے بہتر کام موجود ہو۔ حالات اور ماحول انسانی فطرت پر بہت بڑی حد تک اثر انداز ہوتے ہیں اور اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ اچھے کاموں سے بھی اچھے انسان بنائے جا سکتے ہیں اور بہتری اور ترقی کا سب سے صحیح طریقہ یہی ہے۔ انسانی تجربہ ہمیں بتلاتا ہے کہ برے کام میں مصروف رہنے والے اور مصروف رکھنے والے سب کے سب شریر النفس اور خبیث ہو جاتے ہیں ایسے لوگوں کو ذرا سی بات بھی مشتعل کر سکتی ہے اور وہ مرنے مارنے پر تیار ہو جاتے ہیں اور اس طرح اپنی ذات کی بلندی کو کھو دیتے ہیں۔ پس اجتماعی زندگی کو بہتر بنانے کے لئے ہمارا سب سے پہلا اور اصلی مقصد ہر انسان کی ذات کو بلند تر کرنا اور اس دشوار کام کو شروع کرنے کا صحیح ذریعہ یہ ہے کہ ذاتی مہارت اور صلاحیت اور امانت داری کی اعانت سے انسانی کارگذاری کو زیادہ

بلند معیار بنا دیا جائے۔

محض پند و نصائح انسان کو بہتر انسان نہیں بنا سکتے۔ ہم کو چاہئے کہ جہاں ہم خرابیاں دیکھیں ان کو فوراً براہ راست وعظ و تلقین سے دور کرنے میں وقت ضائع نہ کریں بلکہ کوئی ایسا عملی طریقہ اختیار کریں جس سے دوسرے متاثر ہو کر اُن خرابیوں کو چھوڑ دیں۔

ہمارے حقوق و فرائض کا تعلق محض اس مادی دنیا سے نہیں ہے بلکہ ساری کائنات سے ہے اور ساری کائنات کی آنکھیں ہر انسان کے کام پر لگی ہوئی ہیں۔

کچھ نہ کچھ حاصل کرنے کی تمنا ہر دل میں ضرور موجود رہتی ہے اور یہ تمنا یقیناً اچھی ہے۔ حصول کی خواہش ضرور ہونی چاہئے اور مقابلہ بھی ہونا چاہئے لیکن اس لئے نہیں کہ ہم اُسے صرف "ہَلْ مِن مزید" کا ایک نعرہ بنا دیں۔ بلکہ اس لئے کہ کون سب سے اچھا کام کرتا ہے۔ اس طرح کے اعلیٰ مقابلہ سے ہم اپنے لئے ہمیشہ قائم رہنے والے عالیشان قصر تعمیر کر سکیں گے اور زمانہ خود انکی حفاظت کرے گا۔ کیونکہ جب کوئی آدمی توجہ کے ساتھ اچھا کام کرنے لگتا ہے تو ازلی خوبیاں خود بخود اس پر اپنی نعمتوں کی بارش کرنے لگتی ہیں۔ ازلی خوبیاں کوئی غیر مرئی بھوت پریت نہیں ہیں۔ وہ انسانی محنت کے جیتے جاگتے اصول ہیں اور ہم اپنی ذاتی محنت اور مہارت سے بہت آسانی کے ساتھ انکو مرئی اور سود مند بنا سکتے ہیں۔

دوسرا قدم جو اجتماعی زندگی کی بہتری کے لئے ہم اُٹھائیں وہ ایک ایسی دنیا کی تخلیق ہونی چاہئے جو 'امداد باہمی' کی دنیا کہلائی جا سکے اور اگر ہم اس کو اپنی زندگی کا سب سے ضروری مطمح نظر بنالیں تو یہ کام بہت آسان ہو سکتا ہے۔

'امداد باہمی' کے معنی ہیں انسانی ارادوں کی مختلف طاقتوں کا مِل جُل کر ایک مشترک مدعا کی طرف چل نکلنا۔ اور انسان ایک دوسرے کے سچے رفیق اگر ہو سکتے ہیں تو صرف مشترک محنت اور 'ہم کاری' کے ایک متحد ماحول میں اور انسانی اُنس و محبت کی بہترین نشو و نما اگر ہو سکتی ہے تو صرف سود مند کاموں میں مِل جُل کر حصہ لینے سے۔

ہمیں زندگی کے مقاصد کو مسائل سمجھ کر ان کے حل کرنے میں اُلجھا رہنا چاہئے بلکہ ہمیں چاہئے کہ

اسے ایک مسلسل محرکہ بنادیں تاکہ اس کشمکش سے نجات پانے کی کاوش باقی نہ رہے۔

ایک اور اہم چیز جو ہماری اجتماعی زندگی کی بہتری میں مانع ہے وہ ہماری اخلاقی پستی ہے اور یہ اخلاقی نقاہت نتیجہ ہے زندگی کو محض خوشی کی ترازو میں تولنے کا اور ہم دیکھتے ہیں کہ اس کا اثر کم و بیش ہر طبقہ پر پڑ رہا ہے اور اس کو دور کرنے کے لئے ہمیں جس چیز کی ضرورت ہے وہ ہمارے ارادوں کی قوت ہے۔ ہم کو چاہئے کہ ہم اپنی ارادی قوتوں کو مضبوط اور استوار بنانے کی کوشش کریں تاکہ ہم کشمکش اور مصیبتوں سے گھبرا کر پیچھے نہ بھاگ نکلیں بلکہ آگے بڑھ کر مردانہ وار اسے لبیک کہیں اور اپنے ارادوں میں اتنی مضبوطی اور استواری ہم اس وقت تک پیدا نہیں کر سکتے جب تک کہ ہم اس قول کو اپنی زندگی کا اصول نہ بنالیں کہ "انسانی تمدن اور بہتر زندگی کا منتہائے کمال خوشی نہیں بلکہ خوبی ہے" تاکہ ہماری اخلاقی توانائیاں ہمیں زیادہ قوی بنادیں اور نوع انسان ایک بہتر زندگی کی تخلیق کر کے اُسے دائم بنا سکے۔

خوبی کا اصول اور اپنا کام بخوبی انجام دینے کا قانون اتنا ہی عمیق اور وسیع ہے جتنی کہ خود کائنات اور اسی اصول کو اپنی زندگی کا جزو لاینفک بنا کر ہم صحیح معنوں میں کائنات کے باشندے بن سکتے ہیں۔ اور ہم متمدن اور تعلیم یافتہ انسانوں کا تو سب سے پہلا یہ کام ہونا چاہئے کہ ہم اپنے نفوس میں فیاضی اور دیانت داری کے جذبات کو ابھاریں) بڑھائیں اور ہمارے گھر بار کی زندگی میں جو دلکش خوبیاں ہوں ہم انھیں چھپا کر نہ رکھیں بلکہ ان کو عوام کی خدمت کے کام میں لائیں۔ اور اپنے دلوں میں حُبِّ وطن کا وہ جذبہ پیدا کریں جو ہماری انسانیت کو زیادہ اجاگر کر دے۔ اپنے اصولوں کو فرائض اور حالات کے سانچے میں ڈھالیں اور یہ ہمارا ایمان و ایقان ہو کہ وہ نیکی جو ناقابل عمل ہے محض ناکارہ ہے خواہ وہ کتنی ہی بہتر اور بلند کیوں نہ ہو۔ اور اُس راہ میں جہاں ہم توانائی کے ساتھ مصروف عمل ہو سکیں شوق سے غلطیاں کرنے کے خطرے میں پڑ جائیں نہ یہ کہ اپنے روز و شب یوں پڑے پڑے گزار دیں کہ نہ ہم پر کوئی الزام عائد ہو اور نہ ہم دنیا میں کسی کام آسکیں۔ اور اپنی اس زندگی پر ہم مفتخر بھی ہوں۔

جب ہم نے اجتماعی زندگی کی بہتری کو اپنا نصب العین بنایا ہے تو ہمیں ہر خطرے اور مصیبت کو انگیز کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے ایک بلند دائم زندگی اسی طرح حاصل ہو سکتی ہے۔

اپنی زندگی کے اس اعلیٰ اور بلند نصب العین کو حاصل کرنے کے لئے ہمیں ایسی تندہی اور جانفشانی کی ضرورت ہے جو کبھی تھک نہ سکے۔ ہمیں اپنے ارادوں میں اتنا اٹل ہونا چاہئے کہ کوئی قوت ہمیں ہماری راہ سے منحرف نہ کر سکے اور ہمیں یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہئے کہ جو اپنا کام کرتے کرتے سو جاتا ہے وہ اپنے فرائض کما حقہٗ انجام نہیں دیتا۔ اور وہ کبھی اس بہتر اور دائم زندگی کو حاصل نہیں کر سکتا جسے خود قدرت نے انسان کا نصب العین بنایا ہے۔

رضیہ بی۔ اے (ابتدائی)

غزل

حسرتوں کو مری پامال کیا کرتے ہیں
سوچئے آپ ذرا سوچئے کیا کرتے ہیں

کچھ اس انداز سے وہ مجھ پہ جفا کرتے ہیں
جیسے یہ بھی کوئی احسان کیا کرتے ہیں

درد کا حال وہی پوچھ رہے ہیں مجھ سے
درد بن کر جو مرے دل میں رہا کرتے ہیں

ہجر کی رات اسی طرح کٹی جاتی ہے
ہم اسی طرح سے مر مر کے جیا کرتے ہیں

ہم غریبوں سے ابھی تک ہے کدورت باقی
راہ میں دیکھ کے منہ پھیر لیا کرتے ہیں

عالم کون و مکاں سے بھی گزر جاتا ہوں
آپ جس وقت تصور میں رہا کرتے ہیں

یہ بھی انداز محبت ہیں کسی کے خسرو
غیر سے حال مرا پوچھ لیا کرتے ہیں

امیر احمد خسرو۔ بی۔ اے (ابتدائی)

چھتری

میڈم آوری لی ایک نہایت جزرس خاتون تھیں۔ وہ ہر فرانک کی صحیح قدر و قیمت اچھی طرح جانتی اور دولت بڑھانے کے تمام سخت اصولوں سے لیس رہتی تھیں۔ ان کی ملازمہ کے لئے اپنا گھر بھرنا کچھ آسان کام نہ تھا۔ خود موسیو آوری لی کے لئے اپنی بیوی سے جیب خرچ حاصل کرنا ایک نہایت ہی دشوار امر تھا۔ ہر چند کہ یہ جوڑا آرام کی زندگی بسر کرتا تھا اور انہیں کوئی اولاد بھی نہیں تھی، تاہم میڈم آوری لی کے لئے اپنی تھیلی سے چمکدار چاندی کے ٹکڑے نکالنے حد درجہ رنج و تکلیف کا باعث ہوتے تھے۔ گویا ہر سکہ ان کے دل سے کھنکھنا تا تھا۔ جب کبھی انہیں کسی ناگزیر خرچ سے سابقہ پڑتا تو انہیں رات رات بھر نیند نہ آیا کرتی تھی۔

موسیو آوری لی بار بار اصرار کیا کرتے تھے "تم کو موجودہ اخراجات سے کچھ تو زیادہ خرچ کرنا چاہئے، ہم نے اپنی حیثیت کے مطابق کبھی خرچ نہیں کیا"۔ لیکن ان کی بیوی کا ایک ہی جواب ہوا کرتا تھا "محفوظ راستہ اختیار کرنا ہی بہتر ہے، کون جانے آئندہ کیا پیش آئے!"

وہ صاف ستھری رہا کرتی تھیں۔ عمر چالیس کے لگ بھگ تھی اور مزاج میں تلون تھا۔ موسیو آوری لی اپنی بیوی کے سخت احکامات پر ہمیشہ جھنجھلایا کرتے تھے، خصوصاً بعض توہین آمیز واقعات پر، کیونکہ ان سے ان کا مردانہ پندار مجروح ہوتا تھا۔

وہ محکمۂ جنگ میں ایک منشی کی حیثیت سے کارگذار تھے اور یہ خدمت صرف اپنی بیوی کی فرمانبرداری کے تحت انجام دیا کرتے تھے۔ مسلسل دو سال وہ دفتر کو ایک پرانی پیوندلگی چھتری اپنے ساتھ لاتے رہے جو ان کے ہم کاروں کے لئے چھیڑ چھاڑ کا ایک موضوع بن گئی تھی۔ وہ اس سے زیادہ

اپنے ساتھیوں کی پھبتیاں برداشت نہ کر سکے، آخرش اپنی بیوی سے ایک نئی چھتری کے خریدنے پر اصرار کرنے لگے۔ بیوی نے بڑی ردوقدح اور تلاش و جستجو کے بعد اشتہار تقسیم کرنے والے چھوکروں کی ایک مستعملہ چھتری پر پورے اٹھارہ فرانک خرچ کئے۔ اس قسم کی چھتریاں جن پر دوکانوں کے نام اور دوسری چیزیں بھی رہتی ہیں ظاہر ہے کہ شہر میں بہت ملتی تھیں۔ اس چھتری کے دیکھتے ہی ان کے ساتھیوں نے معمول سے زیادہ قہقہے لگانے شروع کئے اور موسیو اوری لی بہت ہی جھینپے۔ لیکن حسن اتفاق سے اس چھتری کی خریدی بہت ہی برا سودا ثابت ہوئی کیونکہ تین ہی مہینے کے اندر وہ بالکل پھٹ گئی اور اس کی شکست و ریخت نے پورے محکمۂ جنگ کو حیران کر دیا۔ فی الواقع وہ ایک 'نظم' کا موضوع بھی بن گئی تھی۔ یہ نظم موسیو اوری لی کے دفتر میں صبح سے شام اور فرش سے چھت تک روزانہ سنائی دیتی تھی۔ موسیو اوری لی نے تنگ آکر ایک دن نہایت ہی برہمی سے اپنی بیوی کو حکم دیا کہ وہ کم از کم بیس فرانک ایک عمدہ قسم کی نئی چھتری خریدنے میں صرف کرے، اور رقم تعداد اہو۔ بیوی بڑے بحث مباحثے کے بعد اٹھارہ فرانک کی چھتری خریدنے پر راضی ہوئیں، اور افسردگی کے ساتھ چھتری اپنے میاں کے ہاتھ میں دیتے ہوئے تنبیہی لہجے میں کہا "دیکھو! یہ چھتری تمھیں کم از کم پانچ سال کام دیگی!"

چھتری کا مالک خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ دفتر میں بھی وہ نہایت ہی شاداں و فرحاں داخل ہوا۔

شام کو جب وہ گھر لوٹے تو بیوی نے چھتری پر مضطربانہ نظر ڈالی۔ "تم کو چاہیے کہ ربر کا حلقہ زیادہ تنگ نہ رکھا کریں" انھوں نے فرمایا۔ "کیونکہ اس کی وجہ سے ریشم کٹ جاتا ہے۔ تم اس کی جتنی زیادہ حفاظت کروگے اتنا ہی اچھا ہے۔ میں قریب میں تمھیں دوسری چھتری دلانے سے تو رہی" پھر فوراً ہی انھوں نے چھتری اپنے شوہر کے ہاتھ سے لے لی، کھٹکا دبایا اور کھول کر دیکھنے لگیں۔ پھر یکایک حیرت اور غصہ سے اسے گھورنا شروع کیا۔ چھتری کے عین درمیانی حصہ میں تقریباً ایک فارنگ کے برابر سوراخ ہو گیا تھا" جو بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی جلتے سگریٹ کے ٹکڑے سے پڑ گیا تھا۔

"ذرا دیکھئے تو سہی! وہ چلائیں۔

"کیا بات ہے؟ شوہر نے بردباری سے بغیر اپنا منہ پھیرے کے پوچھا" آپ کس چیز کے

متعلق دریافت کر رہی ہیں ؟"

اب تو غصہ کے مارے ان کی آواز بیٹھنے لگی۔

" تم ..... تم ..... " رک رک کر انہوں نے ادا کیا " تم .... نے جلا دیا.... تمھاری .... سوراخ ہوگیا .... تمھاری نئی چھتری میں ..... یقیناً تم پاگل ہو۔ کیا تم ہم کو تباہ کرنا ہی چاہتے ہو ؟"

موسیو اوری لی کے چہرے کا رنگ متغیر ہو رہا تھا۔ " آپ نے کیا کہا ؟" انہوں نے پلٹ کر دریافت کیا۔

" میں کہتی ہوں کہ تم نے چھتری میں ایک سوراخ کر دیا ..... جلا کر ..... ذرا دیکھو تو۔" یہ کہتے ہوئے انھوں نے چھتری اپنے شوہر کی طرف پھینکی گویا وہ انہیں مارنا چاہتی تھیں، انہوں نے چھتری اس زور سے پھینکی کہ سوئے اتفاق سے چھتری کا سوراخ دار حصہ موسیو اوری لی کی ناک پر جا لگا۔ اس کے بعد وہ چھتری پر شعلہ بار نظریں ڈالنے لگیں۔

" یہ کیونکر ہوا " انہوں نے ڈرتے ڈرتے کہا " اس کی بالکل خبر نہیں، میں قسمیہ کہتا ہوں کہ یہ میرا کام نہیں ہے، میری سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ یہ کیسے ہوا۔"

" ہاں میں جانتی ہوں" بیوی نے کہا " میں شرطیہ کہتی ہوں کہ تم دفتر میں اس چھتری کو کھول کر دیکھتے رہے ہو، اور چھتری کے ساتھ حماقت آمیز حرکات کرتے رہے"

" ہاں میں نے اسے صرف ایکبار کھولا تھا، اور وہ بھی یہ دکھانے کے لئے کہ میری چھتری کس قدر خوبصورت ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس کے علاوہ کچھ نہیں ہوا۔"

غصہ سے بے قابو ہو کر مسٹیدم اوری لی نے اپنے شوہر سے ایسا برتاؤ کیا کہ شادی شدہ زندگی کا ایسا نظارہ ایک امن پسند آدمی کے لئے اس میدان جنگ سے بھی زیادہ ہیبت ناک ہو جاتا ہے جہاں گولیوں کی بارش ہو رہی ہو۔

میڈم اوری لی نے ایک پرانی چھتری کے کپڑے سے اس نئی چھتری میں پیوند لگایا گو اس

نئی چھتری کے کپڑے کا رنگ پرانے کپڑے سے بالکل مختلف تھا۔

دوسرے دن موسیو اوری لی اترا ہوا چہرہ لئے' اپنی پیونا لگی چھتری بغل میں دبا دفتر روانہ ہوئے۔ دفتر میں انہوں نے چھتری ایک الماری پر احتیاط سے رکھ دی اور دل سے اس کے خیال کو محو کرنے کی کوشش کرتے رہے' گویا کہ اس کی یاد ایک نہایت تکلیف دہ چیز تھی۔ اس شام دفتر سے گھر واپس ہوتے ہی بیوی نے ان کی بغل سے چھتری کھینچی تاکہ اس کی طرف سے اپنا پورا اطمینان کرلیں۔ ان کی نظریں جب چھتری پر پڑیں تو غم و غصہ سے ان کا عجیب حال ہوگیا۔ چھتری کا پورا کپڑا چھوٹے چھوٹے سوراخوں سے چھلنی ہوگیا تھا' بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ تمام سوراخ سگریٹ کے نیم سوختہ ٹکڑوں سے پڑ گئے تھے۔ علاوہ ازیں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ متعدد سگریٹوں کی راکھ چھتری کے ہر حصہ پر جھٹکی گئی تھی۔ چھتری کا ستیاناس ہوچکا تھا۔ وہ تباہ ہوچکی تھی ـــــ بالکل تباہ۔ فرط الم سے میڈم اوری لی کا گلا بیٹھ گیا اور وہ چھتری پر اپنی نظریں گاڑی ہوئی تھیں اور ان کے شوہر خوف و ہراس کے مارے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر چھتری کے چاروں طرف دیکھ رہے تھے۔ دونوں کی نظریں ملیں' شوہر نے اپنی نظریں نیچی کرلیں۔ میڈم اوری لی نے چھتری ان کے منہ پر دے ماری۔

"کم بخت نگوڑے!" غیض و غضب کے جوش میں پھر ان کی قوت گویائی عود کر آئی۔ "نگوڑے! تم نے قصداً ایسا کیا۔ میں تم کو اس کا مزہ چکھاؤنگی! اب تمھیں دوسری چھتری ہرگز نہیں ملے گی!"

اب ایک دوسرا ہی منظر پیش نظر تھا۔ پورے ایک گھنٹے کے بعد وہ کچھ عذر معذرت کرنے کے قابل ہوئے۔ انھوں نے قسم کھائی کہ انھیں اس بات کا قطعاً گمان بھی نہ تھا کہ ایسا کوئی حادثہ پیش بھی آیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں نے انتقام یا حسد کی وجہ سے ایسا کیا ہو۔ دروازے پر ایک گھنٹی کی آواز نے آخر امن پیدا کیا۔ آج شام انھوں نے ایک دوست کو رات کے کھانے پر مدعو کیا تھا۔ میڈم اوری لی نے یہ معاملہ اس کے روبرو پیش کیا اور قطعی طور پر کہدیا کہ یہاں اپنے شوہر کے لئے نئی چھتری خریدنے کا سوال ہے ہی نہیں۔ اب وہ نئی چھتری کسی صورت نہیں خریدیں گی۔

"مگر' دیکھئے میڈم! مہمان نے سنجیدگی سے اعتراض کیا" ان کے کپڑے خراب ہوجائیں گے

اور ایسی صورت میں معاملہ اور اہم ہو جائے گا۔"

"بہت اچھا" پست قد خاتون چلائیں جو ابھی تک غصہ میں بھری بیٹھی تھیں۔" انھیں ملازم کی معمولی چھتری دلادی جائے گی۔ اب میں ان کے لئے ریشمی چھتری لانے سے تو رہی۔"

اس اعلان نے موسیو اوری لی کو بغاوت پر آمادہ کر دیا۔" ایسی صورت میں، میں آپ کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ میں دفتر کو اپنا استعفا روانہ کر دوں گا۔ معمولی نوکر کی حقیر چھتری کے ساتھ دفتر جانے پر مجھے کوئی شئے مائل نہیں کر سکتی۔"

"کیوں نہ اس چھتری کو ٹھیک کرا لیا جائے" مہمان نے تجویز پیش کی۔" اس پر کچھ زیادہ خرچ نہیں آئیگا۔"

"جناب اس کے لئے کم از کم آٹھ فرانک خرچ ہوں گے" میڈم اوری لی نے تنگ آکر کہا۔ آٹھ فرانک اور اٹھارہ فرانک، جملہ چھبیس فرانک۔ ایک چھتری کے لئے چھبیس فرانک! ہوں! کیا ستم ہے!! ایسا کرنا پرلے درجے کی حماقت ہے۔"

مہمان جو ایک غریب آدمی تھا، ایک نئے خیال سے چونک پڑا۔" آپ اسے بیمہ کمپنی لے جائیے کیونکہ بیمہ والے ہر آتش زدہ شئے کا معاوضہ دیا کرتے ہیں، بشرطیکہ آتش زدگی کا حادثہ آپ ہی کے گھر میں پیش آئے۔"

اس تجویز نے جادو کا کام کیا۔ تھوڑی دیر سوچنے کے بعد میڈم اوری لی اپنے شوہر کی طرف پلٹیں" کل تم دفتر جاتے ہوئے اس چھتری کو رشلو کمپنی لے جا سکتے ہو جو تمھارے راستے پر ہی پڑتی ہے۔ ان کو جلا ہوا حصہ دکھاؤ اور اس کا معاوضہ طلب کرو۔" یہ سن کر موسیو اوری لی جھلا گئے۔ کہنے لگے" مجھے ایسا کرنے کی کبھی جرأت نہ ہوگی۔ یہ زیادہ سے زیادہ اٹھارہ فرانک ہی کا تو معاملہ ہے۔ اس سے ہم کچھ تباہ تو نہیں ہو جائیں گے۔"

خوش قسمتی سے اگلے دن مطلع صاف تھا، اس لئے موسیو اوری لی چھتری کے بجائے ایک چھڑی لئے ہوئے دفتر روانہ ہوئے۔

گھر پر بالکل یکا و تنہا رہ کر میڈم اوری لی اپنے برباد شدہ اٹھارہ فرانک پر غور و فکر کئے بغیر نہ رہ سکتی تھیں۔

چھتری کھانے کے کمرے کی میز پر پڑی ہوئی تھی اور وہ کسی نتیجے پر پہنچے بغیر بار بار اس کے گرد گھومتی رہیں۔ بیمہ کمپنی والی تجویز نے ان پر جادو کا سا اثر کیا تھا، مگر وہ بیمہ کمپنی کے منشیوں کی طنز آمیز نظروں سے خائف تھیں۔ سوسائٹی میں وہ ہمیشہ شرمائی سی رہتی تھیں اور معمولی معمولی باتوں پر ان کا رنگ متغیر ہو جایا کرتا تھا۔ ایسی صورت میں اجنبیوں سے کبھی بھی بے تکلف بات کرنے کے قابل نہ ہو سکتی تھیں۔ پھر بھی اٹھارہ فرانک کا نقصان ان کو گہرے زخم کی سی تکلیف پہنچا رہا تھا۔ انہوں نے اس خیال کو اپنے دل سے نکال دینے کی بے فائدہ کوشش بھی کی، لیکن اپنے مالی نقصان کی یاد بری طرح کھٹکتی ہی رہی۔ اب انہیں کرنا کیا چاہیے تھا؟ کئی گھنٹے گذر گئے، مگر پھر بھی ان کا تذبذب دور نہ ہوا۔ یکایک ایک بزدل کی طرح انہوں نے اپنی ہمت مضبوط کی اور کچھ کرنے کا قصد کیا۔ "میں کمپنی جاؤں گی، پھر دیکھوں وہاں کیا ہوتا ہے" انہوں نے سوچنا شروع کیا "پہلے تو چھتری کا معاملہ اس طرح پیش کرنا چاہیے کہ نقصان ناقابل تلافی اور قطعی معلوم ہو۔" انہوں نے طاق سے دیا سلائی اٹھائی اور چھتری کی دو کاڑیوں کے درمیان اپنی ہتیلی کے برابر کپڑا جلا دیا۔ پھر نہایت ہی چالاکی سے چھتری بند کی، کاڑیوں پر ربر کا حلقہ چڑھایا، گون اور ٹوپی پہن بیمہ کمپنی کے دفتر کی طرف چل پڑیں جو روڈی ای ڈلی پر واقع تھا۔ جیسے جیسے وہ کمپنی کے دفتر کے قریب ہوتی جاتی تھیں ان کے قدم سست پڑتے جاتے تھے۔ وہ دفتر والوں سے کیا کہیں گی؟ ان لوگوں سے انہیں کیا جواب ملے گا؟ وہ دروازوں کے نمبروں پر نظر دوڑانے لگیں۔ بیمہ کمپنی کے دفتر کے لئے ابھی اٹھائیس گھر اور باقی تھے۔ "ٹھیک ہے ——" اس بُعد کی وجہ سے ان کو سوچنے کا کافی موقع مل گیا اب وہ آہستہ چلنے لگیں۔ دفعتہً انہوں نے چونک کر ایک دروازہ دیکھا جس پر موٹے حروف میں "رشلو کمپنی —— آتش زدگی کا بیمہ" لکھا ہوا تھا۔ اب وہ منزل مقصود پر پہنچ چکی تھیں۔ شش و پنج اور گومگو کے عالم میں وہ کچھ دیر دروازے پر ٹھیریں، دو مرتبہ الٹے پاؤں پھریں، پھر دو مرتبہ دروازے تک آئیں۔ "اچھا —— کام تو بہر حال کرنا ہی ہے" انہوں نے دبی آواز میں کہا "یہ جتنا جلا ختم ہو جائے بہتر ہے" چوکھٹ پار کر کے وہ اندر داخل ہوئیں تو ان کا دل بری طرح دھڑک رہا تھا۔ کمرے میں چاروں طرف دیوار سے میزیں لگی ہوئیں تھیں جن کے سامنے آہنی جال لگی ہوئی تھی۔ اندر کی طرف صرف چہرے دکھائی دیتے

اور بقیہ جسم بالکل نظر نہ آتا تھا۔ میڈم اوری لی ایک شخص کی طرف بڑھیں جو بغل میں کچھ کاغذات دبائے کمرے میں ادھر اُدھر آجا رہا تھا۔ "جناب معاف فرمائیے" انھوں نے دبی اور تھرتھرائی آواز میں کہا "کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آتش زدگی کے نقصان کے معاوضہ کے بارے میں کہاں رجوع ہونا چاہئے"

"داہنی جانب، تیسری منزل" اس نے اونچی اور گونجتی ہوئی آواز میں جواب دیا۔

میڈم اوری لی ہمیشہ سے زیادہ اس وقت اس جواب سے حواس باختہ ہو کر بھاگ نکلنے اور اپنے اٹھارہ فرانک کی قربانی پر تیار ہو گئیں۔ لیکن اٹھارہ فرانک کے خیال نے پھر ان میں ہمت پیدا کر دی۔ ہانپتی کانپتی اور ہر زینے پر رُکتی ہوئی وہ سیڑھیاں چڑھنے لگیں۔ تیسری منزل پر انہوں نے ایک دروازہ کھٹکھٹایا۔ ایک لمبی باریک آواز نے انھیں اندر آنے کی اجازت دی اور وہ ایک ایسے وسیع کمرے میں داخل ہوئیں جہاں صاف ستھرے بلکہ بھڑکیلے کپڑے پہنے تین آدمی آپس میں سنجیدہ گفتگو میں منہمک تھے۔ ان میں کا ایک ان کی طرف پلٹا اور کہا "میڈم میں آپ کی کیا خدمت انجام دے سکتا ہوں؟"

"میں اس ..... لئے" وہ منہ ہی منہ میں بڑبڑاتے ہوئے کہنے لگیں "میں اس لئے ..... آئی ..... ایک حادثہ" اس شخص نے انتہائی خوش اخلاقی سے میڈم اوری لی کو کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے کہا "تشریف رکھئے میڈم۔ میں دو ایک ہی منٹ میں آپ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں"

ناتمام گفتگو کا سلسلہ پھر شروع ہوا۔

"جناب! آپ کے معاملہ میں" کمپنی کے منتظم نے کہا "کمپنی اس بات کی ذمہ دار نہیں ہے کہ وہ چار لاکھ فرانک سے زیادہ ادا کرے۔ ہم آپ کے مزید ایک لاکھ فرانک کے مطالبہ کو تسلیم نہیں کر سکتے۔ علاوہ ازیں اس کی قیمت ....."

"بہت اچھا جناب" بقیہ دو آدمیوں نے گفتگو میں دخل دیتے ہوئے کہا "عدالت سے تصفیہ ہو جائے گا۔ لہٰذا ملاقات کو طول دینے کی ضرورت نہیں"

رسمی مصافحے اور کورنش کے بعد دونوں آدمی کمرے سے چلے گئے۔ اس وقت اگر میڈم اوری لی ہمت کر کے بچ کر نکل سکتیں تو وہ بھی ان کی پیروی کرتیں اور اپنے اٹھارہ فرانک قربان کر دیتیں۔ مگر اب تو

موقع ہاتھ سے جا چکا تھا۔ منتظم ان کی طرف متوجہ ہوا اور کورنش بجالاتے ہوئے کہا "فرمائیے میڈم! میں آپ کی خدمت کے لئے حاضر ہوں۔"

"میں اس لئے آئی تھی" انہوں نے بڑی کوشش سے سانس کو قابو میں کرتے ہوئے کہا "میں آئی تھی ..... اس کے لئے!"

منتظم نے اس چیز پر بڑی حیرانی سے نظر ڈالی جو گویا اس کے لئے سامان حیرت مہیا کرنے کے لئے پیش کی گئی تھی۔ میڈم اوری لی کی انگلیاں ربر کے چھلّے کو برابر کرنے میں مصروف تھیں۔ کئی مرتبہ کی کوشش کے بعد وہ چھتری کھولنے میں کامیاب ہوئیں اور فوراً ہی اس کی باقیات کو پوری طرح کمپنی کے منتظم کے سامنے کر دیا۔

"اس کی ہیئت تو بالکل بگڑ چکی ہے" منتظم نے ہمدردانہ لہجہ میں کہا۔

"مجھے اس کی قیمت بیس فرانک ادا کرنی پڑی" گویا وہ منتظم کے اندازے کا امتحان کرنا چاہتی تھیں۔

منتظم کو بہت تعجب ہوا۔

"واقعی؟ اس چھتری کی قیمت اتنی زیادہ ہے!"

"جی ہاں بہت ہی نفیس تھی۔ میں چاہتی تھی کہ آپ بھی اس کی موجودہ حالت کا بخوبی اندازہ کر لیں"

"جی ہاں اس میں کوئی شک ہے۔ مگر میں یہ سمجھنے سے بالکل قاصر رہا کہ اس چھتری کا مجھ سے کیا تعلق ہے؟"

اس گفتگو سے میڈم اوری لی کا دل ڈوبنے لگا۔ وہ یہ سمجھنے لگیں کہ کہیں کمپنی اس کو معمولی نقصان سمجھ کر معاوضہ دینے سے انکار نہ کر دے "آپ نے ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ یہ جل گئی ہے!"

"ظاہر ہے" منتظم نے اس کے بیان کی صحت میں بالکل شبہ نہ کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

اب تو الفاظ نے میڈم کا ساتھ چھوڑ دیا۔ وہ تھوڑی دیر تک زور زور سے سانس لیتی رہیں پھر یکایک انہیں خیال آیا کہ وہ منتظم کو اپنا نام بتانا بھول گئیں ہیں "میں میڈم اوری لی ہوں" انہوں نے جلدی سے منتظم کی معلومات میں اضافہ کیا "ہم نے آپ کی کمپنی میں بیمہ کی پالسی لی تھی اور اب میرا ارادہ ہے کہ اس کا

کچھ معاوضہ طلب کروں۔"

منتظم کے غیر واجبی انکار کے امکان کا پہلے ہی سے اندازہ کر کے انہوں نے فوراً اس جملہ کا اضافہ کر دیا "میں چاہتی ہوں کہ چھتری کی صرف درستی کروا دی جائے"۔

"مگر میڈم" منتظم نے پریشان ہو کر احتجاجاً کہا "ہم چھتریوں کا معاملہ نہیں کرتے۔ ہم کو اس قسم کی چیزوں کی درستی سے کوئی تعلق نہیں۔"

اب میڈم اوری لی کا فطری جھگڑالو پن عود کر آیا۔ یہیں کشمکش ہونے والی تھی، اور وہ اس کے لئے تیار تھیں، ان کے دل سے اب خوف بھی نکل چکا تھا۔

"میں آپ سے صرف اس کی درستی کے اخراجات کی طالب ہوں۔ البتہ درست میں خود کروانونگی"۔

ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ کمپنی کے منتظم کو شکست ہو رہی تھی۔

"واقعی میڈم یہ ایک معمولی شکایت ہے۔ ہم سے کوئی شخص ایسے معمولی حادثات پر معاوضہ طلب نہیں کرتا۔ آپ کو تو یہ معلوم ہی ہوگا کہ ہم سے کوئی ایسی بات کی توقع نہیں کر سکتا کہ ہم دستیوں، دستانوں، موزوں، پرانے جوتوں اور اسی قسم کی تمام ناکارہ چیزوں کا معاوضہ دیتے رہیں جو ان میں کسی وقت بھی جل سکتی ہیں"۔

اب میڈم اوری لی کے بڑھتے ہوئے غصہ کے ساتھ ساتھ ان کا رنگ بھی بدلتا جا رہا تھا۔ "جناب، گذشتہ ڈسمبر میں ہمارے باورچی خانے کی چمنی میں آگ لگ گئی تھی۔ اس کے درست کرانے میں ہمارے پانسو فرانک خرچ ہوئے، لیکن موسیو اوری لی نے کمپنی سے ایک فارتنگ کا مطالبہ بھی نہیں کیا۔ اس لئے اب یہی مناسب ہے کہ آپ میری چھتری کی درستی کے اخراجات ادا کریں۔"

کمپنی کا منتظم اس سفید جھوٹ پر مسکرانے لگا۔

"میڈم! آپ اس سے انکار نہیں کر سکتیں کہ یہ بات بڑی ہی تعجب انگیز ہے کہ موسیو اوری لی نے اس نقصان کا کوئی معاوضہ طلب نہیں کیا جس کی مقدار پانچ سو فرانک تھی اور آپ صرف ایک چھتری کے نقصان کا معاوضہ طلب کر رہی ہیں، جس کی مقدار پانچ چھ فرانک سے زیادہ نہیں ہوتی"

"جناب، معاف کیجئے" اس نے ڈھٹائی سے کہا "پانچ سو فرانک کا تعلق موسیو اوری لی سے تھا،

لیکن اٹھارہ فرانک میڈم اوری لی کی تھیلی سے نکلے ہیں جو ایک بالکل جدا چیز ہے"

کمپنی کے منتظم نے یہ محسوس کر کے کہ اس طرح وہ پورا دن صرف کئے بغیر اس سے پیچھا نہیں چھڑا سکے گا، ملاقات ختم کرنے کے انداز میں کہا "کیا آپ مہربانی فرما کر حادثہ کی نوعیت بتا سکتی ہیں؟"

اپنی فتح کا یقین ہو جانے کے بعد انہوں نے قصہ شروع کیا "جناب! ہوا یہ کہ ہمارے کمرے میں چھتری اور چھڑیاں رکھنے کے لئے ایک مخصوص اسٹانڈ بنا ہوا ہے۔ کل باہر سے آکر میں نے حسب عادت اپنی چھتری اس پر رکھدی۔ مجھے آپ سے یہ بھی سچ سچ کہدینا چاہئے کہ اس کے اوپر دیا سلائی اور چراغ رکھنے کا محراب بنا ہوا ہے۔ رات میں نے ہاتھ بڑھا کر دیا سلائی نکالی۔ پہلی دیا سلائی جلی نہیں، میں نے دوسری کھینچی، وہ ہاتھ سے چھوٹ گئی، پھر تیسری سلائی ٹوٹ گئی"

"وہ دیا سلائیاں شاید مفت آئی ہوں گی!" منتظم نے مزاحاً بات کاٹی۔

"ممکن ہے" میڈم اوری لی نے مزاح کا لحاظ کئے بغیر جواب دیا "بہرطور بات دراصل یہ ہے کہ چوتھی سلائی سے میں قندیل روشن کرنے میں کامیاب ہوئی۔ چار گھنٹے کے بعد مجھے کسی چیز کے جلنے کی بو آتی محسوس ہوئی۔ میں آگ سے ہمیشہ بہت خائف رہتی ہوں۔ اگر کبھی آتش زدگی ہو جائے تو یقیناً اس میں میرا کوئی تصور نہ ہوگا۔ چمنی کے حادثہ کے بعد، جس کا کہ میں نے ابھی ذکر کیا، ہم ہمیشہ آگ سے بے حد خوف محسوس کرتے ہیں۔ مختصر یہ کہ میں بستر سے اٹھی اور کمرے سے نکل کر ادھر اُدھر دیکھنے لگی۔ جس طرح کتا شکار کو سونگھتا پھرتا ہے میں بھی ادھر اُدھر سونگھنے لگی۔ آخر کار مجھے معلوم ہوا کہ یہ جلنے والی چیز میری چھتری تھی۔ اس میں شبہ نہیں کہ کوئی دیا سلائی اس پر جا پڑی ہوگی۔ مگر آپ دیکھتے ہیں کہ اب اس کا کیا حال ....."

کمپنی کے منتظم نے اس بلائے بے درمان کے آگے سر تسلیم خم کر دیا!

"میڈم! اب آپ کس قدر رقم کی طالب ہیں؟"

لیکن وہ اپنی مطلوبہ رقم بتانے کی جرأت نہ کر سکیں۔ اس لئے خاموش رہیں۔

"یہ میں آپ ہی پر چھوڑتی ہوں" آخر کار انہوں نے اپنے آپ کو بڑا ہی فیاض ظاہر کرتے ہوئے کہا "آپ صرف اس کو درست کروا دیں"

" میڈم ! یہ کام ہم نہیں کرسکتے ۔ مہربانی کرکے آپ ہی رقم کا تعین کریں "

" کیوں ..... میرا خیال ہے کہ ..... نہ نہ سنئے جناب ..... میرا ارادہ آپ سے کوئی بے جا فائدہ اُٹھانے کا نہیں ہے ۔ بہترین طریقہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ کسی درزی کے ہاں جاکر موٹے لیکن صاف ریشم سے اسے درست کروالوں اور اس کا بل آپ کو لادوں ۔ ٹھیک ہے نا ؟ "

" بہت خوب ! معاملہ طے ہوچکا ۔ یہ لیجئے درزی کے لئے یہ چٹھی موجود ہے ۔ وہ درستی کی اُجرت جوڑ لے گا ۔"

کمپنی کے منتظم نے انھیں ایک چٹھی دی ۔ انھوں نے چٹھی اپنی مٹھی میں مضبوط پکڑی، کرسی سے اُٹھیں اور شکریہ کے الفاظ منہ ہی منہ میں بڑبڑاتی اس ڈر کے مارے کہ کہیں منتظم صاحب اپنا ارادہ نہ بدل دیں جلدی سے کمرے سے نکل گئیں ۔

اس شاندار فتح کے بعد قدرتاً سڑک پر وہ اکڑتی چلیں اور کسی اونچی دوکان کی تلاش کرنے لگیں ۔ بالآخر ایک نہایت شاندار دوکان نظر پڑی تو اس میں بڑی شان سے داخل ہوئیں اور اس کے منتظم سے تحکمانہ لہجے میں کہا :

" اس چھتری پر اپنے ہاں کا بہترین کپڑا چڑھاؤ ـــــ ہاں اپنے ہاں کا بہترین ریشم ۔ اس کی کوئی پرواہ نہیں کہ اس کے اخراجات کیا ہوں گے ! "

(ترجمہ از ماپاسان)

سیّد مبارزالدین احمد متعلم بی ۔ اے (ابتدائی)

یاد ہے

خرمنِ دل پر مرے بجلی گرانا یاد ہے
وہ ترا آنکھیں چُرا کر مسکرانا یاد ہے

چاندنی راتوں کی وہ پُرکیف صحبت کے مزے
جام صہبائے مسرت کا پلانا یاد ہے

دامنِ موجِ ہوا سے رُخ پہ ہونا منتشر
ناز سے گیسوئے مشکیں کا ہٹانا یاد ہے

یاد ہیں خلوت کی باتیں یاد ہیں راز و نیاز
یاد ہے مجھ کو محبت کا زمانا یاد ہے

جسمیں میری باریابی باعث عشرت ہوئی
جسمیں تم تھے جلوہ گروہ آشیانا یاد ہے

جس سے اب تک لطف لیتی ہے مری فطرت عظیم
عشرتِ ماضی کا وہ رنگین فسانا یاد ہے

عظیم بی۔ اے ابتدائی (عثمانیہ)

شام

(وشنو سکھا رام کھانڈے کر) مرہٹی زبان کے مشہور نقاد، افسانہ نویس، ناول نگار اور Essayist ہیں اس وقت تک آپ کی ۲۹ کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں، مرہٹی کے ایک بلند پایہ ماہنامہ "جیولسا" کے ایڈیٹر بھی ہیں، ذیل کا مضمون ان کی ایک کتاب "سائنٹیکال" سے ماخوذ ہے۔ (امجد یوسف زئی)

اگر کوئی مجھ سے دریافت کرے کہ چوبیس گھنٹوں میں تمھیں کونسا وقت پسند ہے تو میں فوراً کہوں گا "شام" ہر شخص کا مذاق جدا ہوتا ہے چنانچہ فرانس کا مشہور مصنف فلابرٹ ہر روز آٹھ آٹھ گھنٹے میز پر بیٹھا اپنے مضمون کا ایک ایک لفظ قارئین کو بھلا معلوم ہونے کے لئے انتھک کوششیں کیا کرتا تھا۔ اُس کا قول تھا کہ "بغیر بیٹھے اور بغیر سوچے انسان کو لکھنا نہیں آسکتا۔ اس کے برخلاف جرمنی کا مشہور فلسفی نیٹشے ہمیشہ یہ کہا کرتا تھا کہ "چلتے چلتے انسان جو کچھ سوچتا ہے وہی مفید اور کارآمد ہوتا ہے۔"

لیکن اگر ان دونوں سے کسی نے دریافت کیا ہوتا کہ دن اور رات میں تمھیں کونسا وقت پسند ہے تو مجھے یقین ہے کہ دونوں نے یہی جواب دیا ہوتا "شام"

شاعر حساس ہونے کی وجہ سے شام پر کتنی اچھی نظمیں لکھتا ہے لیکن اس سے میرا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اس کے ثبوت کے لئے میں شاعر کو پیش کروں اور اگر میں ایسا کروں تو کسی کو فوراً کسی قدیم مشہور شاعر کی کتابیں جو اس سے نفرت کرتا ہو مجھ پر پھینکنے دیر نہ لگے گی، اور میرا خیال ہے کہ شام کی دلفریبی بیان کرنے کے لئے گواہ وغیرہ کی ضرورت ہی کہاں ہے؟

لیکن اس کے معنی یہ نہیں کہ مجھے شام کے سوا کوئی دوسرا وقت پسند نہیں جس طرح موسیقی کے شائقین کو کوئی راگ زیادہ بھاتا ہے یا کسی کو خاص خاص پھول زیادہ پسند آتے ہیں میری حالت بھی اسی قسم کی ہے۔

یوں دیکھا جائے تو شام، صبح، دوپہر اور سہ پہر دن کے مختلف حصے ہونے کی وجہ سے اپنے اپنے لحاظ سے کافی اچھے ہیں۔ میں نے دن کے ان مختلف اوقات سے اسی طرح لطف اُٹھایا ہے جس طرح کوئی مختلف قسم کے پھولوں کی خوشبو سونگھتا ہے۔

ڈاڑھ دکھنے کی وجہ سے یا کسی نئے ناول لکھنے کے لئے کوئی قصّہ دماغ میں کھیل رہا ہو اور نصف شب تک نیند نہ آئے تو میں تھوڑی دیر تک چڑھ جاتا ہوں جسم کو بھی بچھونے پر سے اُٹھانا بار معلوم ہوتا ہے لیکن اگر بازو کی کھڑکی میں سے دبے پاؤں آئی ہوئی چاندنی کی طرف میری نظر پڑی کہ ایک ہی لمحہ میں یہ سارے خیالات درہم برہم ہو جاتے ہیں تو مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ چاندنی مجھے کھیلنے کے لئے باہر بلا رہی ہے اور دروازہ کھول کر باہر آتے ہی اس دلفریب منظر کو دیکھ کر ڈاڑھ کا درد کافور ہو جاتا ہے۔ جدھر دیکھو چاندنی کا سمندر پھیلا ہوا دکھائی دیتا ہے اور جھلملاتے ہوئے تارے اس سمندر کی سطح پر اُبلنے والے بلبلوں کی طرح دکھائی دیتے ہیں چھوٹی چھوٹی عمارتیں سمندر کی تھپیڑیں کھانے والی چٹانوں کے مانند نظر آتی ہیں، اس وقت یہی خواہش میرے دل میں چٹکیاں لینے لگتی ہے کہ اس خاموش سمندر میں ایک مچھلی کی طرح ناچتے رہوں۔ میرے دل میں یہ خیال گزرتا ہے کہ بقیہ آدمی اس قدر مردہ دل کیوں ہیں؟ ان مدہوشان خواب کو یہ کہاں معلوم ہے کہ دنیا کو کس قدر حسین خواب پڑا ہے؟ کوئی کہے گا کہ چاندنی رات ہمیشہ نہیں رہتی یہ میں بھی جانتا ہوں۔

نصف شب میں اگر بیدار ہو جائیں اور جدھر نگاہ دوڑائیں تاریکی ہی تاریکی پھیلی ہوئی دکھائی دے اور ایسے وقت خاموشی سے اپنے بستر پر جا کر سو جائیں۔ کیا یہ خیال انسان کے دل میں آئے گا؟

دوسروں کا تجربہ خواہ کچھ ہی ہو لیکن مجھے شب تاریک شب روشن کی طرح پسند ہے، ایک دفعہ میں شب دیجور کو کمرے سے باہر آیا۔ تاریکی کو دیکھ کر میرے دل میں کیا خیال آیا ہوگا؟ دنیا سیاہ ساڑھی پہنی ہوئی ہے۔ نہیں اس قسم کے خیالات شاعر کی بہ نسبت تاجر کو زیب دیں گے، شام نے اپنی زلف سیاہ کو بکھیر دیا ہے، گو یہ خیال پہلے سے اچھا ہے لیکن میرا خیال بالکل الگ تھا۔ مادر ارض نے اپنے بچوں کو کالا کمبل اوڑھنے اس لئے دیا ہے کہ انھیں سردی نہ ہو" چاندنی دنیا کو خوبصورت بناتی ہے تو تاریکی اس کو

ایک جان اور متحد کرتی ہے۔

آدھی رات گزر جانے کے بعد بھی رات کا حُسن قائم رہتا ہے' صبح ہوشیار ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا انسان کا بچپن عود کر آیا ہے۔ جھولے میں کے کھیلنے والے بچہ کی طرح ہم اس تکیہ پر سے اس تکیہ پر لوٹتے ہیں دیہات سے آنے والے بیلوں کی گھنٹیوں کی آواز اس طرح سُنائی دیتی ہے جس طرح کہ کوئی بچہ کے پاس گھنگرو وغیرہ بجائے۔ مرغوں کی بانگیں اور کوؤں کی کائیں کائیں سُنائی دیتی ہیں۔ قدرت ہمارے لئے مختلف قسم کے کھلونے فراہم کرتی ہے۔ دروازہ کے باہر آتے ہی سرد ہوا کا جھونکا فرحت بخشتا ہے آسمان میں صبح کا تارہ ہنستا ہوا دکھائی دیتا ہے اور صحن میں کے پھولوں کی بو آتے ہی دل میں یہ خیال گزرتا ہے کہ قسمت بھی ایک پھول کے درخت کی طرح ہے جس پر ہمیشہ خوشبودار پھول نہیں کھلتے اور جب کبھی کھلتے ہیں تو چند لمحوں کے بعد ہی مرجھا جاتے ہیں"

صبح کے بعد کے وقت میں بھی کچھ کم جاذبیت نہیں ہوتی' نیم باز آنکھیں کھولیں تو دروازہ میں سے سورج کی سنہری کرنیں جھانکتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں' ہم اُٹھ جاتے ہیں اور غسل خانہ میں چلے جاتے ہیں جہاں گرم پانی منہ دھونے کے لئے تیار رہتا ہے۔ منہ دھو کے گھر میں آتے ہیں تو کیتلی میں سے چائے کے بخارات ناچتے ناچتے باہر نکلتے ہیں' چائے پی کر باہر آتے ہیں تو پھولوں کے درختوں پر کی پوری کلیاں کھلی ہوئی نظر آتی ہیں۔ اس وقت دماغ میں یہ خیال آتا ہے کہ ہمارے دل کی کلیاں بھی آج نہیں تو کل اسی طرح کھلیں گی' صبح انسان کا بچپن عود کر آتا ہے تو اس کے بعد کے وقت میں اس کے لڑکپن کا جنم ہوتا ہے۔

کئی لوگوں کا کہنا ہے کہ صبح اور اس کے بعد کے وقت کی خوشی دوپہر کے منظر میں نہیں آتی۔ گو مختلف پہلوؤں سے میں یہ قبول کرتا ہوں کہ دوپہر کا وقت کٹھن معلوم ہوتا ہے۔ لیکن جلچلاتی ہوئی دھوپ میں انسان کا اگر سایہ چھپ بھی جائے تو بھی اسی دھوپ میں سے مرگ کے پانی کا حسین منظر جھانکتا ہوا دکھائی نہیں دیتا؟

اس دلفریب منظر کی یاد میرے دماغ سے کبھی نہیں جا سکتی جب کہ میں کوکن کے ایک گاؤں کو جانے کے لئے نکلا تھا۔ بارہ بج گئے۔ لیکن موٹر وقت پر وہاں نہ پہنچ سکی۔ اس مقام سے میل ڈیڑھ میل

پیدل جانا پڑتا تھا۔ موٹر کو اس قدر دیر نہ لگے گی اس خیال سے میں نے چھتری بھی ساتھ نہیں رکھی تھی۔

اسٹانڈ پر موٹر سے اترتے ہی باہر کی دھوپ کا جسم کو ایک چرکہ بیٹھا۔ ایسی دھوپ میں میل ڈیڑھ میل پیدل جانے کے خیال سے میرا دل مصیبت اور تکلیف کے سمندر میں غوطے مارنے لگا۔ لیکن دھوپ کو میرے دل سے کیا کرنا تھا اُس کا جان لیوا کھیل یکساں جاری تھا۔ تپی ہوئی زمین پر میں چلنے لگا۔ نصف فرلانگ ہی جانے تک سارا بدن پسینہ سے شرابور ہوگیا۔ آگے نصف فرلانگ کے فاصلہ پر ایک پیپل کا درخت دکھائی دیا۔ اس کے پتّے اس کی ننھی ننھی شاخیں ہل رہی تھیں شائد وہ مجھے بلا رہی تھیں میں نے خیال کیا کہ میں وہاں کب پہونچتا ہوں لیکن اگر دل نے وہاں تک پرواز کی بھی تو انہی وزنی پاؤں سے چل رہا تھا۔ اتنے میں بائیں بازو کے کشادہ میدان کی طرف میں نے دیکھا۔ میدان کی دوسری جانب سمندر کی نیلی موجیں رقص کرتی ہوئی دکھائی دیں، میں اسی کو دیکھنے لگا، سر کو تپانے والی دھوپ کو بالکل بھول گیا، اس کی ٹھنڈی ہواؤں نے میرے دل کو ٹھنڈک اور آنکھوں کو طراوت بخشی۔ اس کو دیکھتا ہوا میں گھر پہنچ گیا مجھے اس وقت یہ تجربہ ہوا کہ اگر سخت دھوپ بھی ہو تو انسان کہیں کے دل بہلانے والے واقعات میں گم ہو کر اپنی راہ آسانی سے طے کر سکتا ہے"۔

بعض حضرات کا خیال ہے کہ گرما میں دوپہر کے بارہ بجے جسم میں سے پسینہ کی دھاریں نکلتی ہیں ایک کارخانہ کے مزدور اور ایک قیدی کو اُس مرگ کا خیال کیسا ہوگا؟

چکیوں، مشینوں، ٹائپ رائٹروں کی آوازوں سے پرے ان آدمیوں کو دوسری آوازیں کبھی بھی سنائی نہیں دیتیں انہیں صرف ایک ہی بات دکھائی دیتی ہے ..... کام۔

دن کا یہ درمیانی حصّہ اُس کا عالم شباب ہے اور نوجوان کہیں تو شیواجی کی تصویر میری آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے، جھانسی کی لکشمی بائی سامنے کھڑی ہو جاتی ہے۔ تعلیم کی کتابوں کو بازو رکھ کر ملک کی خدمت کرنے والا تالک آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے، کتنا خوبصورت اور کتنا عجیب و غریب لفظ ہے نوجوان۔

لوگوں کو دوپہر جس قدر خراب دکھائی دیتی ہے وہ درحقیقت اتنی نہیں ہوتی لیکن ممکن ہے کہ

لوگ اس کے ماننے میں پس وپیش کریں اور مجھ سے بحث وتکرار کریں . . . سہ پہر میں تمھیں کونسی خوبصورتی دکھائی دیتی ہے ۔ آؤ اب دیکھیں،

سہ پہر میں نرالا حسن ہوتا ہے ۔ اور یہ میرا تجربہ ہے کہ چار پانچ گھنٹے کام کرکے گرم گرم چائے کے اس وقت کے گھونٹ میں جو لطف ہے وہ کسی وقت کی چائے میں نہیں، نصف سے زیادہ کام ختم ہونے کی وجہ سے اس چائے کے پیتے وقت دل کو اسی طرح اطمینان ہوتا ہے جس طرح کہ ندی کا پیراک بھرپور ندی میں نصف سے زیادہ ندی تیر کر فخر سے پیچھے دیکھتا ہے،

کتنوں کی قسمت میں یہ خوشی ہوئی ہوگی اور کتنے اس کا کھلے بندوں استقبال کرتے ہوں گے ۔ خیال کیجئے کہ اگر اپنے چہیتے دوست ملاقات کے لئے آنے والے ہیں ۔ ایسے وقت اگر دروازہ میں پاؤں کی آواز آتے ہی ہم اُس طرف دیکھنے لگتے ہیں ۔ سہ پہر میں سرد ہواؤں کے جو جھونکے چلتے ہیں وہ کیا اسی طرح شام کی یاد نہیں دلاتے ۔ اور شام کے خیال ہی سے جس کا دل گدگدا نہ اُٹھے ویسا بدنصیب دل دنیا میں کوئی نہ ہوگا ۔

دن کے مختلف اوقات میں شام کا خیال آتے ہی میرے دل میں خوشی موجیں مارنے لگتی ہے، بچپن میں صبح کی یاد ہوئی تو بستر پر سے کسی نہ کسی خوف سے اُٹھ جاتا اور مدرسہ کی ہیبت آنکھوں کے سامنے کھڑی ہو جاتی ۔ اس وقت کی دوپہر بھی ویسی ہی تھی ۔ کسی کے پھٹے پرانے کپڑے لاکر اس کے پردے بنا کر ہم لڑکے لڑکیاں یاد نہ کئے ہوئے نقلوں کے ناٹک کیا کرتے، ہمارے والدین نیند میں خلل ہونے کے خیال سے یہ کہتے، ناٹک اور ڈراموں کو اب زوال آگیا ہے ؟ یہ بات مجھے بچپن میں کیوں معلوم ہوئی ۔ یہ شاید میری ذہنی اپجوں کو پہلے ہی دبا دیا گیا ۔

بچپن کی شام البتہ جنت کی طرح معلوم ہوتی تھی . . . . وہ خوشی کا یا آرام کا ساگر تھی . . کسی لفظ کا بھی اظہار کریں تو اس کی خوبصورتی کہاں سے آسکتی ہے ۔ مدرسہ چھوٹتے ہی میرے دل میں خوشی کا دیوتا ناچنے لگتا تھا ۔ باہر نکلتے وقت مدرسہ چھوٹا، اور اس قسم کے دوسرے جملے کہتے ہوئے مجھے بہت خوشی ہوئی تھی ۔ اور میں ان کو گنگناتا ہوا گھر آتا اور ماں بھوک لگی ہے کہتے ہی ماتا جی لڈو ہاتھ میں تھمادیتیں

اس وقت دل بلیوں اچھلتا۔ بھائی میری پسند کی چیزیں خود نہ کھاکر میرے لئے چھوڑ جاتے اور ماتاجی وہ مجھے دیتیں۔ اس محبت کی یاد سے اب بھی میں خوش ہوتا ہوں۔

کھاپی کر اندھیرا ہوتے ہی چراغ روشن کیا جاتا۔ دیپک نمسکار کرنے اور تلسی کی پوجا میں میں خاص لطف محسوس کرتا تھا۔ اس کے بعد اندھیرے کو دیکھ کر بھوت پریت کی باتیں دل میں آنے لگتیں تو ماتاجی کے ہمراہ باورچی خانہ سے دالان تک اور دالان سے باورچی خانہ تک ماتاجی کا آنچل پکڑے ہوئے جانے میں دل کو اطمینان ہوتا تھا، کتنا ہی بڑا بھوت ہو تو ماتاجی کے آنچل میں چھپ جائیں تو وہ انگلی بھی نہیں لگائے گا۔ اس قسم کی وہ معصوم باتیں کس قدر دلچسپ تھیں۔ دیواروں پر اپنی اور ماتاجی کی پرچھاؤں کو دیکھ کر کچھ وقت گزر جاتا اور اس کے بعد ماتاجی گرم گرم گھی اور کچھ ساگ سامنے رکھ دیتیں۔ اس غذا میں جو لذت تھی وہ پچاسوں پکوان میں نہیں تھی۔

میں کھانے بیٹھتے ہی جمنی، راگھو اور بہت سے دوست احباب مجھے ایک ایک نوالہ دیتے، کبھی میں خیال کرتا کہ مجھے اسی طرح کھلانے کے لئے ایشودا مائی یا پران میں کے دیوی دیوتا آئیں گے۔ غرض یہ شام کی دلچسپ اور معصوم باتیں مجھے اب بھی یاد ہیں۔

انگریزی مدرسہ میں جانے کے بعد شام مجھے اور زیادہ دلچسپ دکھائی دینے لگی۔ چار بجنے سے قبل میں خیال کرتا کہ مدرسہ کب چھوٹتا ہے اور مجھے کرکٹ کھیلنے کے لئے کب میدان جانا پڑتا ہے۔ اس کھیل میں طبیعت بہل جاتی تھی، اس مدرسہ میں میرا روز چوبیس گھنٹوں کا نہیں تھا اس کی لمبائی ۲۲ گھنٹے بلکہ اس سے بھی کم ہوگئی تھی۔

کالج میں جانے کے بعد شام نے میرے دل پر عجیب قسم کا اثر کیا۔ کھیلنے کے بجائے کہیں دور تفریح کے لئے نکل جاتا۔ کسی ٹیلہ پر جاکر بیٹھ جاتا اور مغرب کی طرف جو رنگ آمیزی ہوتی ہے اسے غور سے دیکھتا۔ اندھیرا ہوتے ہی کمرے کی طرف لوٹنے لگتا تو وہی دلفریب منظر آنکھوں کے سامنے رقص کرتا رہتا۔ رات میں مطالعہ کے لئے بیٹھیں تو کتابوں کی دنیا سے ایک قسم کی بیزاری محسوس ہوتی۔ کتابوں کو بازو رکھ کر کھڑکی میں سے چاند کی روشنی یا تاروں کی

جھلملاہٹ دیکھیں تو دماغ کو ایک سکون معلوم ہوتا تھا۔ اُس وقت میں ہفتہ میں تین چار نظمیں لکھا کرتا تھا۔ ان نظموں میں سورج کے غروب ہونے کا یا شفق کا ذکر ہوتا۔

صبح اُٹھتے ہی انسان اپنے اپنے کام کاج میں لگ جاتا ہے اور یہ ہر شخص کو مکان کے باہر لے جاتی ہے۔ لیکن شام گائیوں کو گھنٹیاں بجاتے انھیں گھر آنے کی دعوت دیتی ہے۔ جنگلوں سے گھونسلوں کی طرف۔ چراگاہوں سے کوٹھوں کی طرف اور کارخانہ سے مکان کی جانب، پرندوں، گائیوں اور دیگر جانوروں، مزدوروں کو گھر لوٹتے وقت "شام" سب وقتوں سے زیادہ عزیز ہو تو اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔ (ترجمہ)

امجد علی خان یوسفزئی متعلم سال چہارم

حقیقتِ غم

میری والدہ محترمہ کے انتقال ہی نے مجھے دردِ غم سے روشناس کرایا ہے اور اسی وقت میں نے غم کی حقیقت کو جانا ہے۔ (بزمی)

(ادارہ)

جب کبھی روداد غم اپنی سُنا دیتا ہوں میں
زندگی پر ہنسنے والوں کو رُلا دیتا ہوں میں

غم سے الفت ہے مجھے غم سے محبت ہی مجھے
غم کا طوفاں دمبدم دل میں اُٹھا دیتا ہوں میں

رات دن پہلو میں رہتا ہے تسلی کے لئے
اس لئے غم خوار۔ خود غم کو بنا دیتا ہوں میں

سوزِ دل سوزِ جگر غم کا نتیجہ ہی تو ہے
جب کبھی سوتا ہے دل غم کو جگا دیتا ہوں میں

جب کبھی میں دیکھتا ہوں بحرِ غم کو موجزن
ناخدائے کشتیٔ دل کو دعا دیتا ہوں میں

خندہ زن رکھتا ہے مجھ کو دردِ ناکامی میرا
اضطراب غم بڑھا کر مسکرا دیتا ہوں میں

جب کبھی رہتا نہیں غم دل میں رہتا ہوں اُچاٹ
زندگی کو غم کے دامن کی ہوا دیتا ہوں میں

دیکھ اے غم! تو نہ ہرگز چھوڑ نا دل کو میرے
آستاں پر تیری سر اپنا جھکا دیتا ہوں میں

کیا ہوا اے برقِ مضطر! کیوں چمک کر رہ گئی
لے اب اپنے آشیاں کو خود جلا دیتا ہوں میں

فرطِ غم میں واہوئے جاتے ہیں عقدے زیست کے
جو نہفتہ رازِ غم کا ہے بتا دیتا ہوں میں

تا نہ ہو بزمی زمانہ میں تیری رسوائیاں
آ تجھے آدابِ رنج و غم سکھا دیتا ہوں میں

یہ خوشی کون و مکاں کی سب برائے نام ہے
غم ہی پر آخر ہمارا آخری انجام ہے

احمد معین الدین بزمی متعلم سال چہارم

نامیاتی کیمیا اور اس کا ارتقاء

کتب سائنس کی صفحہ گردانی سے یہ روشن ہوتا ہے کہ گو کیمیائی تعاملات کا مشاہدہ بنی نوع انسان نے ہزار ہا برس پہلے جبکہ علم کیمیا تصویر موہوم معلوم ہوتا تھا کیا ہوگا اور ان کا استعمال دھاتوں کے ذرات سے حاصل کرنے کے عمل اور فنون گرنیزی اور چمڑا سازی میں بھی ہوا ہوگا لیکن یہ استدلال اس حقیقت کا مشاہدہ ہیں کہ ان صنعتوں کی ترقی تعاملات کی خاصیت کے صحیح علم کی مرہون منت ہے یہ سب مشاہدات اتفاقات پر یا ممکن ہے کہ بعض صورتوں میں آزمایشی تجربات پر مبنی تھے۔ لیکن ان کلیات اور نظریات کا پورا (Record) موجود نہیں ہے حالانکہ یہ بات مشتبہ نہیں کہ متقدمین کو عام اشیاء کے خواص اور استعمال کا بخوبی علم تھا اس لئے اگر یہ تصور کیا جائے کہ کیمیا کی ابتدا متذکرہ فنون کی بنا پر ہوئی تو بیجا نہ ہوگا اور اس رو سے یہ درحقیقت تجرباتی سائنس کہے جانے کی مستحق ہے۔

نامیاتی کیمیا کو نشو و نما پائے نسبتاً طویل عرصہ نہیں گذرا ہے اس کی صحیح زندگی کا آغاز دراصل ۱۸۲۷ء سے ہوا۔ لیکن اس کا ہرگز یہ مفہوم نہیں کہ نامیاتی اشیاء اور ان چیزوں کے تعاملات کے علم سے لوگ اس سے قبل ناآشنا تھے جس کی تصدیق متذکرہ صدر بیان سے ہوتی ہے متعدد نباتاتی اور حیوانی اشیاء مثلاً شکر۔ نشاستہ۔ تیل۔ گوند اور رال وغیرہ اور اصول صابن سازی سے لوگ ابتدا میں بھی واقف تھے علم تخمیہ اور کشید کے باعث متعدد اشیاء مثلاً الکوہل۔ تارپین کا تیل اور ریٹیک ترشہ وجود میں آئے۔ اٹھارویں صدی کے آخر میں شیل نامی ایک مشہور سائنسدان نے نامیاتی ترشوں کے جدول میں متعدد ترشوں کا مثلاً سیلک ترشہ سائٹرک ترشہ اگزیلیک ترشہ اور بنیزوائنک ترشہ جو علی الترتیب بسبب بینزوسارل اور لوبان سے حاصل کئے گئے تھے اضافہ کیا اور زیتون کے تیل سے

گلیسرین تیار کی۔ لیکن اس وقت تک سوائے چند قدرتی اشیاء کی تحقیقات کے نامیاتی کیمیا کے باقاعدہ مطالعہ کے لئے کوئی خاص اصول مرتب نہیں کئے گئے تھے دراصل اس وقت تک ترقی کی راہ پر گامزن ہونا بہت محال تھا جس وقت تک کہ فلوجسٹینی نظریہ (Phlojictic theory) کا وجود تھا لیکن نئی صدی کی نورانی صبح نے بہت جلد احتراق اور نامیاتی مرکبات کی ترکیب Composition کی اصلیت کو لوگوں پر منکشف کر دیا اور مرکبات کی ترکیب کے علم کی جستجو میں سب سے پہلے لیواتیزر کامیابی کی منزل پر پہونچا جس نے یہ ثابت کر دیا کہ نامیاتی مرکبات تین عناصر کاربن ہائڈروجن اور آکسیجن پر مشتمل ہیں اور اس میں بعد ازاں برتھولیٹ نے نائٹروجن کا اضافہ کر دیا لیکن (پھر بھی اس مضمون کا کوئی پرسان حال نہیں ہوا جس کے مندرجہ ذیل وجوہات ہو سکتے ہیں نامیاتی کیمیا میں معدنی اشیاء اور ان کے مشتقات شامل تھے اور برخلاف اس کے غیر نامیاتی مرکبات ترکیب کی سادگی کے باعث ہر ایک کے تختہ مشق بنے تھے دو یا تین عناصر عام طور پر ایک یا دو اور بہ مشکل تین کے تناسب میں تعامل کر کے مرکبات پیدا کرتے تھے سوڈیم اور کلورین سے پیدا شدہ فقط ایک نمک سوڈیم کلورائڈ یا معمولی کھانے کا نمک موجود تھا ہائیڈروجن اور آکسیجن سے پیدا ہونے والی فقط ایک شئے پانی موجود تھی اور کیلسیم گندھک اور آکسیجن سے پیدا ہونے والا ایک مرکب جپسم (ایک قسم کا پلاستر) تھا۔

لیکن نامیاتی مرکبات مثلاً الکوہل۔ شکر۔ گلیسرین اسیٹک ایسڈ تیل اور چربیاں جن کے خواص میں زمین آسمان کا فرق ہے گو وہ بھی تین عناصر پر مشتمل تھے لیکن ان کے تناسب ہر ایک میں مختلف تھے یہ بعید الفہم تھا کہ کس طرح تین عناصر سے اتنے بہت سے مرکبات وضع کئے جا سکتے تھے جن کے خواص اتنے پیچیدہ تھے اس لئے کسی غیبی قوت کے وجود کا اعلان کیا گیا جو ان مرکبات کی پیدائش میں ممد رہتی تھی اور اس کو حیاتی قوت Vital Force کے نام سے موسوم کیا گیا غرض اس طرح قواعد وضع کئے گئے جن کے مطابق نامیاتی کیمیا نے گمنامی کی گود سے اتر کر انسانی ہاتوں کی مدد سے ترقی کی راہ میں چلنا شروع کیا اس کے اور غیر نامیاتی کیمیا کے کلیات میں بہت اختلاف تھا۔ اس سے

متعلق مرکبات کو نامیاتی کہا جاتا تھا یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ ان کی علت نامیاتی مادہ تھی۔

۱۸۱۴ء میں برزیلیس نے نامیاتی تشریح کا نیا قاعدہ دنیا کے سامنے پیش کیا جس کے ذریعہ سے وہ کچھ نامیاتی ترشوں کی صحیح ترکیب معلوم کرنے میں کامیاب ہوا اور دوران تجربہ میں ان سے ایسے نامیاتی مرکبات کے اجزاء ترکیبی کے جواہر کے سادہ تناسب کو آشکارا کر دیا اور اس طرح سے نامیاتی اور غیر نامیاتی مرکبات میں اس تفریق کو مٹا دیا۔ لیکن ایک عرصہ کے بعد آخر غیر نامیاتی مادے سے نامیاتی مرکبات کی تیاری نے حیاتی قوت کے اعتقاد کی مستحکم دیواروں کو ہلا دیا یہ بالکل درست ہے کہ شیل نے ۱۷۷۶ء میں اگزیلیک ترشہ۔ شکر۔ اور نائیٹرک سے تیار کیا تھا جو ہنوز سارل میں پایا گیا اور ڈوبیرینر نے ۱۸۲۲ء میں یہ مشاہدہ کر لیا کہ ٹارٹیرک ترشہ تکسید کے بعد فارمک ترشہ پیدا کرتا ہے جو اس سے پہلے جنٹیون کے پانی کے ساتھ کشید سے حاصل کیا گیا تھا (اور اس میں بھی کلام نہیں کہ ۱۸۲۶ء میں ہینل نامی ایک انگریز عطار نے اس کے اجزاء ترکیبی سے الکوہل تیار کی اور بعد ازاں ۱۸۲۸ء میں وھلر نے بیڈ سائنیٹ اور امونیم کلوراٹیڈ سے یوریا تیار کیا جو خالص حیوانی شئے ہے لیکن ان مصنوعی اشیاء میں سے کوئی بھی ایسی نہ تھی جو بغیر حیوانی یا نباتاتی مادے سے تیار کی جا سکتی ہے حتیٰ کہ سائنٹس (Cyanates) بھی پوٹیشم فیری سائنیڈ سے اخذ کئے جاتے تھے جس کی تیاری میں حیوانی مادہ استعمال ہوتا تھا لیکن زمانہ کے ساتھ ساتھ اس آخری تفریق کی شمع گل ہونے لگی جس نے نامیاتی اور غیر نامیاتی کیمیا کو جدا کر دیا تھا اور نامیاتی کیمیا کاربن کے مرکبات کی کیمیا کہلائے جانے لگی۔ اس وقت جب کہ نامیاتی کیمیا اپنی زندگی کے اس معیار تک پہونچ چکی تھی ۱۸۳۲ء میں لیبگ اور وھلر کی نیز واشک ترشہ کے اصلیت سے متعلق تحقیقات سے اس کی زندگی میں ایک نئی تبدیلی رونما ہوئی بقول ان کے یہ تحقیقات نامیاتی کیمیا کی تاریک سطح کو مجلا کر سکتی ہے۔

نامیاتی کیمیا جو اس وقت کچھ سو اشیاء پر مشتمل تھی جو نباتاتی یا حیوانی مادے سے اخذ کئے گئے تھے اب کئی لاکھ مرکبات پر مشتمل ہے جو دار التجربہ میں تیار ہوتی ہیں اس وقت یہ سوال ہو سکتا ہے کہ آخر یہ ترقی کس چیز کی بدولت ہوئی اس کا جواب یہ ہے کہ پہلا سبب تو وہ کلیات ہیں جو ۱۸۵۸ء میں

کیکول نے پہلی مرتبہ وضع کئے جو نامیاتی مرکبات کی بناوٹ کی بنیاد ہیں ان کلیات سے نامیاتی اشیاء کی بڑی تعداد کو متحد کرنے میں ہی مدد نہیں دی ہے بلکہ ان کی بنا پر کیمیاگر اور مرکبات کے وجود کی تعین سے پیشین گوئی کر سکتے ہیں جو اب تک نامعلوم زندگی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں دوسرا سبب نامیاتی کیمیا میں تحقیقات کا صنعتی استعمال ہے جس کی ابتدا پرکن نے ۱۸۵۶ء میں کی مصنوعی رنگوں کی ایجاد نے جن رنگریزی کی دنیا میں انقلاب پیدا کر دیا ہے اکثر اشیاء کے مخدرانہ اور تعصیمانہ عمل کے انکشاف سے ڈاکٹروں کو بہت مدد ملی ہے اور فوٹوگرافر بھی نامیاتی Developers کا معتقد ہے۔ مصنوعی ادویات وعطریات آجکل بہت مستعمل ہیں علاوہ ان کے چمڑا سازی اور مختلف چیزوں کے بنانے میں مثلاً نشاستہ صابون کاغذ پیرافین۔ روشنائی۔ گوند اور جلاٹین ربر اور بارود وغیرہ کی تیاری میں نامیاتی کیمیا کا احسان مند ہونا پڑتا ہے۔ نامیاتی اور غیر نامیاتی کیمیا ہی ابتک قائم رکھی گئی ہے جس کا سبب ان کے بنیادی اصولوں میں اختلاف نہیں بلکہ سہولت کا خیال ہے نامیاتی اور غیر نامیاتی کیمیا میں فرق کے اسباب :۔ کیمیا کو ان دو شاخوں میں تقسیم کر دینے کا پہلا سبب نامیاتی مرکبات کی کثیر تعداد اور ان کی پیچیدگی ہے ان کی تعداد کا ذکر کیا جا چکا ہے اور اس کے مرکبات کی پیچیدگی مندرجہ ذیل مثالوں سے واضح ہو جائے گی۔

نارپین	$C_{10}H_{16}$
گنے کی شکر	$C_{12}H_{22}O_{11}$
اسٹرین	$C_{57}H_{110}O_{6}$
نشاستہ (حل پذیر)	$C_{1200}H_{2000}O_{1000}$

دوسرا سبب یہ ہے کہ نامیاتی مرکبات کے تعاملات بہت پیچیدہ ہیں جو مرکبات کی خاصیت اور پیدا شدہ اشیاء میں فرق پر مبنی ہیں۔

فیرس سلفیٹ کے محلول کو بلکایا مرکز نائٹرک ترشہ کلورین برومین پوٹیشم پرمینگیٹ ھائڈروجن پر اکسائڈ سے تکسید (Oxidise) کرنے پر ہر صورت میں تعامل اختتام پر فیرک سلفیٹ حاصل ہوتا ہے

برخلاف اس کے ان اشیاء سے ایک نامیاتی مادہ مثلاً انگوری شکر عمل سے ہر صورت میں حاصل شدہ شہ جداگانہ ہوتی ہے۔

تیسرا سبب یہ ہے کہ نامیاتی مادوں کا مطالعہ ان کی ترکیب کے علم تک بھی محدود نہیں ہے سلفیورک ترشہ کو ضابطہ H_2SO_4 سے ظاہر کیا جاتا ہے اور یہ ضابطہ فقط اس ہی شئے کے لئے صحیح ہے لیکن ضابطہ C_2H_6O سے مراد دونوں ایتھل الکوھل اور ڈائی ایتھل ایتھر ہے ایسی اشیا جن کے خواص میں اختلاف ہو لیکن ضابطہ ایک ہی کیوں ہم ترکیب کہلاتے ہیں اور یہ نامیاتی مرکبات کی نمایاں خصوصیت ہے ضابطہ $C_8H_{12}O_4$ سے ۶۶ مرکبات کی تعبیر ہوتی ہے یہ ظاہر ہے کہ ہم ترکیب اشیا میں امتیاز پیدا کرنے کے لئے ان کی ترکیب ہی کا جاننا کافی نہیں ہے ہم کو ان کے سالمات میں جواہر کی مختلف ترتیب سے آگاہ ہونا چاہیئے جن پر کہ متعدد ہم ترکیب مرکبات کا انحصار ہے ہم کو ان کی ترکیب کا ہی تعین نہیں کرنا چاہیئے بلکہ انکی بناوٹ کا بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ یہ الفاظ دیگر ہم کو ان کی ساخت نما اور سادہ ضابطوں سے واقف ہونا چاہیئے جو نامیاتی کیمیا کا خاص مقصد ہے یہ دو طریقوں سے انجام دیا جاسکتا ہے ایک تو تحلیل یعنی سالمات کا مقابلتاً سادہ صورت میں متبدل ہونے سے اور ترکیب یعنی سادہ صورت سے پیچیدہ صورت میں بدل جانے سے عام طور سے تحلیل ترکیب سے پہلے واقع ہوتی ہے اور جس وقت پہلے قاعدہ سے مرکب کی ساخت کا انکشاف ہو جاتا ہے تو اس کو ترکیب سے قاعدہ سے تیار کرتے ہیں وقت درکار ہوتا ہے اس طریقہ سے موجودہ زمانہ میں اکثر اشیا مجموعی طور پر تیار کی جاتی ہیں جو زمانہ قدیم میں قدرتی اشیا قرار دی گئی تھیں کڑوے بادام کا تیل السیرین۔ تیل انگوری شکر۔ کافور۔ اور متعدد اشیا کی تیاری میں صورت عمل میں آئی ممکن ہے کہ البیومین (ایک سفید شہ جو حیوانی اور نباتاتی اجسام میں اکثر ملتی ہے) ترکیب کے قاعدے سے تیار کی جاسکے لیکن یہ ذہن نشین رہنا چاہیئے کہ پیچیدہ نامیاتی اشیا کی ترکیب اور سادہ جاندار خلیوں کی ترکیب کے مابین ایک الدخل خلیج کا وجود ہے اور شاید ہمیشہ رہے گا

(ترجمہ)

معین الدین حسن عثمانی (بی۔ ایس سی۔ آخری)

حیدرآباد میں صنعت شکر سازی

گنے کی شکر عام طور پر میٹھے پھلوں، بعض پھولوں اور بعض درختوں کی جڑوں میں پائی جاتی ہے۔ لیکن اس کے تجارتی ماخذ گنا اور چقندر ہیں۔ گنے میں تقریباً ۱۹ یا ۲۰ فی صد شکر موجود ہوتی ہے۔ اور چقندر میں ۱۳ یا ۱۴ فی صد۔

چقندر میں شکر کا تناسب کم ہونے کی وجہ سے شروع میں اس کا استعمال صنعت میں کچھ زیادہ فائدہ مند ثابت نہ ہوسکا۔ لیکن بعد میں اس کی کاشت ہونے لگی اور شکر کی تیاری میں اصلاحی تدابیر اختیار کی جانے لگی جس کی وجہ سے چقندر سے شکر کی مقدار دوگنی حاصل ہونے لگی۔ یورپ میں سالانہ تقریباً دو لاکھ چالیس ہزار ٹن شکر تیار ہوتی ہے اور یہ تمام چقندر سے حاصل کی جاتی ہے۔

گنے کی شکر کے علاوہ دوسری اقسام کی شکریں، انگوری شکر (Glucose)، ثمری شکر (Fructose) وغیرہ بھی صنعتی طور پر تیار ہوتے ہیں لیکن ان کا استعمال نسبتاً کم ہوتا ہے۔

گذشتہ دس سال کے عرصہ میں ہندوستان نے صنعتِ شکر سازی میں بہت ترقی کرلی ہے۔ سنہ ۱۹۲۹ء میں ہندوستان میں چوبیس چھوٹے کارخانے موجود تھے جو بمشکل سالانہ ستر ہزار ٹن شکر تیار کرتے تھے۔ لیکن سنہ ۱۹۴۰ء میں کارخانوں کی تعداد ۱۵۰ ہوگئی اور یہ کارخانے مجموعی طور پر سالانہ بارہ لاکھ پچاس ہزار ٹن شکر تیار کرتے ہیں۔ یہ مقدار سابقہ مقدار کی اٹھارہ گنی ہے۔

حیدرآباد جس کے صنعتی ذرائع دن بدن ترقی کر رہے ہیں صنعت شکر سازی میں بھی کسی طرح پیچھے نہیں۔ تین یا چار سال کا عرصہ ہوا کہ ایک بہت بڑا کارخانہ "نظام شوگر فیکٹری" نظام آباد سے سولہ میل کے فاصلہ پر تعلقہ بودھن کے قریب کھولا گیا۔ اس کا کل سرمایہ ۵۱ لاکھ روپئے ہے۔ جس میں

سے ۳۵ لاکھ، حصص کے ذریعہ جمع کئے گئے ہیں اور بقیہ ۱۶ لاکھ حکومت سے ۴ فیصد شرح سود پر قرضہ لیا گیا ہے۔

نظام شگر فیکٹری کے لئے ضلع نظام آباد اس لئے منتخب کیا گیا کہ وہاں کی زمین گنے کی کاشت کے لئے بہت موزوں ہے۔ اور نظام ساگر کی نہروں سے پانی بہ اقساط مل سکتا ہے۔

اس وقت نظام شوگر فیکٹری، حیدرآباد کنسٹرکشن کمپنی کے زیر انتظام ہے اور اس کمپنی کے حسن انتظام کی وجہ سے حیدرآباد کی اس اہم صنعت کو دن بدن فروغ ہو رہا ہے۔ چونکہ حیدرآباد یوں کے لئے صنعت شکر سازی ایک نئی چیز تھی۔ اس لئے بعض ماہرین کو یورپ اور جاوا سے بلایا گیا ہے۔ شوگر فیکٹری کے قائم ہونے سے پہلے کچھ لوگوں نے ذاتی طور پر شکر تیار کرنے کی کوشش کی تھی۔ لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکے۔ البتہ گڑھ عام طور پر تیار ہوتا ہے۔

بودھن کو اس صنعت کے قیام کے پہلے کوئی زیادہ اہمیت حاصل نہ تھی۔ لیکن اب وہ ایک صنعتی مرکز تصور کیا جا رہا ہے۔ اس کی آبادی میں بھی معتد بہ اضافہ ہو رہا ہے۔ اور فیکٹری کے قریب ایک جدید وضع کا شہر آباد ہو گیا ہے۔ جس میں برقی روشنی اور پانی کی فراہمی کا معقول انتظام ہے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ اس صنعت کا دارومدار گنے کی کثرت پیداوار پر ہے گنے کی زیادتی سے اس میں اسی تناسب سے فائدہ ہوگا۔ آجکل سلطنت حیدرآباد میں تقریباً ۵۰ یا ۶۰ ہزار ایکر گنا بویا جاتا ہے۔ جس کا دسواں حصہ نظام ساگر سے سیراب ہوتا ہے۔ لیکن یہ گنے کی مقدار (گڑھ سازی کے علاوہ) کارخانے کی ضروریات کے لئے بالکل ناکافی ہے کیونکہ سالانہ صرف کارخانے کی زمینات پر تخم کے لئے ۱۵،۰۰۰ ایکر گنے کی ضرورت ہے۔ ۵۰۰ و ۵ ایکر زمین کارخانے کی ملکیت ہے۔ لیکن ہر سال صرف نصف حصہ پر ہی کاشت ہوتی ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ حیدرآباد میں ہندوستان کے اکثر مقامات سے زیادہ گنا اگایا جا سکتا ہے۔ اور اگر اس کی زراعت پر توجہ کی جائے تو حیدرآباد اپنے ضروریات پورا کر کے گنا بعض ایسے مقامات کو بھیج سکتا ہے۔ جہاں اسکی کم مقدار حاصل ہوتی ہے۔

شوگر فیکٹری قائم ہوئے ابھی زیادہ عرصہ نہیں ہوا اس لئے کسانوں کی سہولت کی خاطر کارخانے سے کچھ رقم بطور قرض ان کو دی جاتی ہے اور کسانوں کو اس امر کی بھی اجازت دی گئی ہے کہ ماہرین کارخانہ سے گنّے کی کاشت کے بارے میں مشورہ کیا جاسکتا ہے۔ اس امداد سے منتظمین شوگر فیکٹری کا منشا یہ ہے کہ کاشتکاروں کو کسی طرح کا نقصان نہ ہونے پائے۔

اندازہ کیا گیا ہے کہ کارخانے کے اطراف جو قابل کاشت زمین ہے اس پر کاشت کی جائے تو ۱۰ لاکھ روپئے کا نفع ہوسکتا ہے۔

نظام ساگر پراجکٹ جس پر حکومت نے ۱½ کروڑ روپیہ صرف کیا ہے۔ حکومت کے لئے زیادہ سود مند اس وقت ثابت ہوگا جبکہ شوگر فیکٹری کو ترقی ہو۔ شوگر فیکٹری کی وجہ سے حکومت کی آمدنی میں ۱۵ لاکھ سالانہ کا اضافہ ہو گیا ہے۔

حیدرآباد میں جس کی آبادی تقریباً ایک کروڑ بیس لاکھ ہے۔ سالانہ بیس ہزار ٹن شکر خرچ ہوتی ہے۔ لیکن کارخانہ سالانہ ۲۵ ۰۰۰ ٹن شکر تیار کرتا ہے اور امید ہے کہ ۱۰ سال کے عرصہ میں ۴۰ ۰۰۰ ٹن شکر بہ آسانی تیار کرسکے گا۔

نظام شوگر فیکٹری میں روزانہ ایک ہزار سے بارہ سو ٹن تک گنّا استعمال ہوتا ہے اور کارخانہ سال میں صرف چار مہینے کام کرکے ۸۰ لاکھ روپئے کی شکر تیار کرتا ہے شکر تیار کرنے سے پہلے گنّے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے بلینوں (Rollers) کے ذریعہ دباکر اُن کا رس نکالا جاتا ہے اس رس میں ۱۹ یا ۲۰ فیصد شکر موجود ہوتی ہے۔ اس کو گرم کرکے اس میں دودھیا چونہ ملایا جاتا ہے جس سے نامیاتی ترشے بطور لوٹ کے موجود ہوتے ہیں کیا سیم نمکوں کی شکل میں جدا ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد سلفر ڈائی اکسائیڈ گیس (Sulphurdioxide) گذاری جاتی ہے۔ جس سے مزید لوٹ جدا ہوکر سرخی مائل رنگ دور ہو جاتا ہے۔ پھر اس کو (Dorr clarifier) میں منتقل کرتے ہیں جہاں مٹی کے ذرات وغیرہ تہ نشین ہو جاتے ہیں اور شفاف مایہ جدا ہو جاتا ہے۔

اس طرح سے حاصل شدہ خالص رس کو گرم کرکے شیرہ (Syrup) میں تبدیل کرتے ہیں

اور پمپ کے ذریعہ یہ خلائی کڑھائیوں (Vaccume pans) میں منتقل ہوتے ہیں۔ ان کڑھائیوں میں یہ شیرہ پست دباؤ کے تحت جوش کھاتا ہے اور اس میں قلمیں نمودار ہونے لگتے ہیں۔ قلموں اور شیرہ کے آمیزے کو مرکز گریز آلہ تک پہنچاتے ہیں۔ جو قلموں کو راب سے جدا کردیتا ہے۔ ان قلموں کو خشک کر کے تھیلیوں میں بھر لیا جاتا ہے۔

شکر کی قلموں کو جدا کرنے کے بعد جو راب بچ رہتا ہے اس سے الکوہل تیار ہوتی ہے۔ کیونکہ اس میں تقریباً (۵۰) پچاس فیصد شکر موجود رہتی ہے۔ اور اس شکر کو بہ آسانی جدا نہیں کیا جاسکتا نظام شوگر فیکٹری میں اب تک راب کو بطور کھاد کے استعمال کیا جاتا تھا۔ لیکن اب اس سے الکوہل تیار کرنے کے لئے " الکوہل فیکٹری " تیار ہوچکی ہے۔ پٹرول میں ۳۵ فیصد الکوہل ملا کر استعمال کیا جاسکتا ہے اس سے پٹرول کی قیمت میں کافی کمی ہوسکتی ہے۔

گنے کے چھلکے وغیرہ سے کاغذ بنایا جاسکتا ہے۔ لیکن اس وقت یہ کارخانے میں بھاپ تیار کرنے کے لئے استعمال ہو رہے ہیں۔ اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ صنعت شکر سازی کے ساتھ الکوہل اور کاغذ ضمنی طور پر حاصل ہوسکتے ہیں۔

سید انور حسین بی۔ یس سی (آخری)

میر امقبول شاعر

اگر یہ امر مسلمہ ہے کہ ہر کمال کا لازمہ کمال یہ ہے کہ وہ ایک کامل النفس شخصیت کے ہاتھوں ایک ایسے نقطۂ عروج پر پہنچ جائے کہ پھر اس میں کسی حیثیت سے ترقی کی کوئی گنجائش نکل ہی نہ سکے تو پھر یہ صاف طور پر کہا جا سکتا ہے کہ فنِ غزل گوئی کے کُنہ کمال پر پہنچانے کے باب میں میر کا کوئی مدِمقابل نہیں میر نے غزل کو معراجی حیثیت دے کر اس کو اس رتبہ پر پہونچا دیا ہے کہ پھر آجتک غزل کو وہ رتبہ حاصل نہ ہو سکا۔ میر کا کلام فلسفہ عشق اور اجزائے حیاتیات انسانی سے لبریز ہے کہیں کہیں تصوف کی چاشنی بھی شامل ہے لیکن شعریت کے جزو سے سوا نہیں اور کیا مجال ہے کہ اُس سے حسیات شعر کو کوئی ٹھیس پہنچ سکے۔ چنانچہ کس سادگی روانی اور تعمق کے ساتھ بلاغت آمیز لہجہ میں کہتا ہے ؎

یاں کے سپید و سیہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے — رات کو رو رو صبح کیا یا دن کو جوں توں شام کیا

میر کے دین مذہب کو اب پوچھتے کیا ہو اُن نے تو — قشقہ کھینچا دیر میں بیٹھا کب کا ترک اسلام کیا

انسان کا قاعدہ ہے کہ جب کسی کام میں اس کو انتہا سے زیادہ دشواری پیش آنے لگتی ہے تو وہ اپنے آپ کو پہلے تو اس کام کا اہل نہیں سمجھتا لیکن جب یہ نا اہلیت اس کی نظروں میں اور زیادہ راسخ ہو جاتی ہے تو اُس کو ایک قسم کا اطمینانی وثوق اسبات کا حاصل ہو جاتا ہے کہ وہ مجبور محض ہے۔ بے بس ہے وہ کسی کام کا بھی اہل نہیں حتیٰ کہ وہ اپنی خواہش کے مطابق ہاتھ پاؤں بھی ہلانے سے معذور ہے۔ چنانچہ اہل تشیع میں ایک فرقہ جبریہ عقائد کا پابند ہے۔ میر نے اس کو یوں ادا کیا ہے

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی — چاہیں ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

محبت کو قنوطیت سے غایت درجہ تعلق ہے محبت کی بلند ارتقائی کیفیات اسی وقت ظاہر ہوتی ہیں

جب انسان کو قطعی اس بات کا یقین ہو جائے کہ میری محبت بے لوث ہے۔ وصل کے لاطائل ارمان اور کسی بیہودہ آرزو سے قطعی مبرا ہے۔ معشوق ایک ایسی ہستی کا نام ہے جو انسانی دست برد سے بہت بالاتر ہے۔ ہجر دوام اور فراق مسلسل کی اُمید اُسی وقت دل میں پختہ ہو جاتی ہے۔ ہجر دوام میں جو ابدی لطف ہے وہ وصل میں کہاں۔ جب تک عاشق مہجور ہے اُسی وقت تک یہ ساری داستان رنج و محن درد و کرب حسرت و یاس آہ و بکاہ نالہ و فغان وغیرہ وغیرہ سے دفتر کے دفتر رنگین کئے جا سکتے ہیں اور پڑھنے والا اُن کو پڑھ پڑھ کے سر دُھنتا ہے اُن سے مکیّف ہوتا ہے اور ہر قسم کے تاثرات اس کے مطمئن یا مضطرب یا مغموم دل میں جگہ کر لیتے ہیں اور جہاں وصال ہو جائے وہاں یہ چیزیں یکلخت ختم ہو جائیں۔ محب کو یہ یقین ہو جائے گا کہ محبوب کا ملنا مشکل نہیں اور جب یہ خیالات ظاہر ہوں گے تو پھر رنج کرنا گریہ و بکا سے کام لینا سرد آہیں بھرنا اپنی تکالیف کا غیروں کو بیان کرنا حتیٰ کہ ہر شئے کو غم کی بولتی ہوئی تصویر سمجھنا سب چیزیں یکلخت بیکار اور طائل ہو جائیں گی وصل اور عشق میں ازلی دشمنی ہے۔ غرض جدائی محبوب میں جو لطف ایک عاشق صادق کو حاصل ہو سکتا ہے وہ کسی اور شئے میں نہیں مل سکتا چنانچہ جب محبوب کی دوری کو مدتیں گذر جائیں تو انسان کے دل میں خواہ مخواہ یاس انگیز اور حسرت ناک آرزوئیں گھر کر لیتی ہیں اسی یاس انگیزی کی آخری ڈگری کا نام ہے قنوطیت چنانچہ میر کی شاعری کا تمامتر سرمایہ یہی ہے ان چند اشعار سے بخوبی اس امر کا پتہ چل سکتا ہے۔

کاش دل دو چار ہوتے عشق میں ایک رکھتے ایک کھوتے عشق میں

ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمایش سراب کی سی ہے

ہمارے آگے ترا جب کسو نے نام لیا دلِ ستم زدہ کو ہم نے تھام تھام لیا

میں تو مٹی بھی گیا لے کے دریا کی میر پر اطبار نے میرے درد کا چارا نہ کیا

بال و پر بھی گئے بہار کے ساتھ اب توقع نہیں رہائی کی

نسبت اس آستان سے کچھ نہ ہوئی برسوں اُس در پہ جبہہ سائی کی

مر گیا پر ملا نہ یار افسوس ہائے افسوس صد ہزار افسوس

بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں ـــــ حالت اب اضطراب کی سی ہے
یوں گذرتی ہے عمر پانی میں ـــــ جوں کوئی کشتی دخانی میں
بے خودی لے گئی کہاں ہم کو ـــــ دیر سے انتظار ہے اپنا
کہتے تھے کہ یوں کہتے یوں کہتے جو وہ آتا ـــــ سب کہنے کی باتیں ہیں کچھ بھی نہ کہا جاتا
ٹک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے ـــــ کیا یار بھروسہ ہے چراغ سحری کا

ہزاروں شعر ایسے بھی میرؔ کے دیوان میں موجود ہیں جن کو صنایع و بدایع اور محاکات وغیرہ سے کوئی تعلق نہیں لیکن اُن میں ایک قسم کی کشش اور جاذبیت ایسی پنہاں ہوتی ہے جو دل پر مقناطیسی اثر ڈالتی ہے۔ مثلاً یہ شعر کہ

میرے تغیر حال پر مت جا ـــــ اتفاقات ہیں زمانے کے

میرؔ کے کلام میں حالت جنوں کی خوب خوب تعبیریں ملتی ہیں جن کو پڑھ کر آدمی گھنٹوں سر دھنتا ہے۔ میرؔ کا ہر شعر گویا ایک چلتا ہوا نشتر ہے جو تیزی کے ساتھ رگِ جان میں اتر جاتا ہے۔ اضطرار حال و انتشار احوال کے جیسے جیسے شعر آپ کو میرؔ کے یہاں ملیں گے۔ شاید ہی کسی شاعر کے پاس ملیں میرؔ کے یہاں ہر شراب سہ آتشہ ہے جس کا خمار دماغ سے اترنے ہی نہیں پاتا۔

اب کے جنوں میں فاصلہ شاید نہ کچھ رہے ـــــ دامن کے چاک اور گریباں کے چاک میں
طبیعت نے عجب یہ کل ادا کی ـــــ کہ ساری رات وحشت سی رہا کی
سب پریشان دلی میں شب گذری ـــــ بال اُس کے بکھر گئے شاید
اب کہیں جنگلوں میں ملتے نہیں ـــــ حضرتِ خضر مر گئے شاید
اپنی تو جہاں آنکھ لڑی پھر وہیں دیکھو ـــــ آئینہ کو لپکا ہے پریشاں نظری کا
بوئے خوں سے جی رکا جاتا ہے اے بادِ بہار ـــــ چاک دامن ہو گیا شاید کسو دلگیر کا

الغرض میرؔ کا کلام ایک سمندر ہے جس کا مد و جزر صبح سے شام تک کبھی ختم ہی نہیں ہوتا۔ میرؔ خود بھی اس بات کو سمجھتا ہے۔ چنانچہ فخریہ انداز میں کس خوبی سے اس کا ذکر کیا ہے اور درحقیقت

اس کو تعلی نہ کہنا چاہئے بلکہ فی الواقعی یہ فخر فخر ہی کے قابل ہے۔

جانے کا نہیں شور سخن کا مرے ہرگز ــــــ تا حشر جہاں میں مرا دیوان رہے گا

اگرچہ گوشہ نشین ہوں میں شاعروں میں میرؔ ــــــ یہ میرے شور نے روئے زمیں تمام لیا

یہ تفاخر میرؔ ہی کو زیبا ہے۔ آج تک کسی دوسرے کی زبان سے سازگار نہ ہوا اور نہ ہو سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص بالفرض ایسا بیجا غرور کرے بھی تو اس کے لئے فطری ذکاوت اور ذہنی جودت کہاں سے لائے۔ میرؔ جیسے سربرآوردہ اور ممتاز شاعر ہونا ہر ذات پر تھوڑا ہی پھبتا ہے۔ میرؔ میر ہی ہے کیا خوب کہا ہے۔

سارے عالم پر ہوں میں چھایا ہوا ــــــ مستند ہے میرا فرمایا ہوا

گفتگو ریختے میں ہم سے نہ کر ــــــ یہ ہماری زبان ہے پیارے

میرؔ کے کلام کی ایک وجہ خصوصیت یہ بھی ہے کہ فصیح اور بلیغ ہونے کے علاوہ سہل الممتنع بھی ہے۔ سہل الممتنع اس کلام کو کہتے ہیں کہ ظاہر میں جب دیکھا جائے تو پڑھنے والے کا ذہن فوراً اس بات کی طرف منتقل ہو جائے کہ ایسا کلام کہنا کوئی دشوار نہیں لیکن جب خود کہنے بیٹھے تو ممکن ہی نہ ہو سکے گویا میرؔ کا کلام اس قدر آسان اور سہل ہے کہ اس سے زیادہ سہل اور آسان کہنا ممکن ہی نہیں یہ بات بھلا اور شاعروں میں کہاں۔ اس پر انداز بیان اس قدر سادہ اور سلیس کہ بے اختیار زبان سے آہ نکل جاتی ہے۔ میرؔ نے خود بھی اس بات کو سمجھا ہے

کس نے سن شعر میرؔ یہ نہ کہا ــــــ کہئے پھر ہائے کیا کہا صاحب

یہ حقیقت ہے کہ غزل میں جس قدر درد و الم اندوہ و مصیبت کی داستانیں بیان کی جائیں گی جس قدر اپنی بدقسمتی کا رونا رویا جائے گا جس قدر افلاک کو اپنی جور و جفا و ظلم و ستم کا بانی اور مسبب بتایا جائے گا اسی قدر غزل میں درد و سوز اور گھلاوٹ پیدا ہو گی۔ کیونکہ غزل اپنی ہی دردناک داستان کا ایک سیاہ ہوتی ہے شاعر کی غرض اس سے یہ نہیں ہوتی کہ وہ دوسروں کے ذہن کو کن تدبیروں سے متاثر کر سکے گا وہ آپ بیتی کہتا ہے لیکن اپنے لئے۔ مقرر لکچرار یا خطیب کی غرض مجلس کے ضمیر کو متاثر کرنے کی تدابیر

ہمیشہ سوختی رہتی ہے لیکن ایک بلند پایہ سخن گو کو پبلک سے کوئی واسطہ نہیں ہاں اگر پبلک معاً ان باتوں کو سن لے تو ضرور مغموم یا مسرور ہو جائے۔ اسی لئے شاعری کا درجہ علی العموم افسانہ۔ خطبہ۔ لکچر۔ فنون لطیفہ یا اور اسی قسم کے جتنے فنون طبیعت کو اپنی طرف راغب کرنے والے ہیں ان سب سے بلند اور برتر ہے۔ میر کا انداز بیان اپنے مخصوص وجوہات کی بنا پر انہی اطوار کا مرقع ہے میر کی غرض شاعری سے کبھی یہ نہیں رہی کہ وہ درویش منش شاعروں کی طرح درباروں میں رسائی حاصل کرے یا دریوزہ گری کرے اور غیروں کی بیجا مدح و توصیف سے اپنی زبان آلودہ کرے۔ میر اقلیم سخن کا تاجدار ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ دنیوی حکومتیں اور غرضی محبتیں بہت جلد فنا ہو جانے والی ہیں لیکن ملک سخن کبھی فنا نہ ہوگا۔ اس کی یادگار جاوید ہے۔ دیکھو کتنے غرض کے بندے ایسے ہیں یا کتنے ممدوح ایسے باقی ہیں جن کی مدحت کرنے والے صفحہ ہستی پر اپنی نیک نامی کا سکہ جما گئے ہیں۔ فردوسی نے محمود غزنوی کے عہد میں شاہنامہ لکھا اس کی تعریف کے پل باندھ دئے لیکن اُس سے بجز حسرت و یاس کے کیا حاصل ہوا۔ ذوق نے ظفر کی ستایش میں ہمیشہ دست و قلم آلودہ کئے لیکن کیا پایا۔ پھر یہی نہیں کہ ایسی لاحاصل مدحتوں سے کسی قطعی فائدے کی امید نہو بلکہ ایسے شعراء اکثر بدنام اور رسوا بھی ہو جاتے ہیں کیونکہ ہمیشہ لالچی بنے رہتے ہیں۔ میر نے انہی چیزوں کو سمجھتے ہوئے کہا ہے۔

اک وقت خاص میں مری حق میں دعا کرو — تم بھی تو میر صاحب قبلہ فقیر ہو
مرتے دم تک کسو کے نہ گیا — میر معلوم ہے قلندر تھا

چونکہ مضمون کسی قدر طویل ہو گیا ہے لہذا اسی پر ہم اکتفا کرتے ہیں ورنہ خصوصیات کلام میر کے لئے دفتر کے دفتر درکار ہیں۔ یہ ایسا سمندر نہیں جو ایک کوزے میں سما سکے۔ دنیا کے ہر صاحب کمال کے جہاں چند دوست ہوتے ہیں کچھ مخالف اور دشمن بھی ساتھ ہی ساتھ لگے رہتے ہیں۔ لیکن میر کی ذات اور اُس کے کمال کا کوئی مخالف ہے نہ دشمن بلکہ ہر شخص مدح خواں ہے۔ ہر شاعر نے بھی کوشش کی ہے کہ وہ میر کے کلام کی تتبع کرے اور اسی کو اپنا فخر سمجھے یہ خصوصیت

جو تمام خصوصیات میں سب سے زیادہ ارفع و اعلیٰ ہے۔ میر کے سوا کسی کو نصیب نہیں اس سے زیادہ دلیل کسی کے کمال کے تسلیم کر لینے کی اور کیا ہو سکتی ہے کہ مخالفین بھی موافقین کے زمرے میں شامل ہو جائیں اور بے اختیار سبحان اللہ کہہ اٹھیں چنانچہ غالب جیسا شخص بھی میر کے بارے میں کہتا ہے۔

غالب اپنا یہ عقیدہ ہے بقول ناسخ — آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں

میر کے شعر کا احوال کہوں کیا غالب — جس کا دیوان کم از گلشن کشمیر نہیں

ریختہ کے تمھیں استاد نہیں ہو غالب — کہتے ہیں اگلے زمانے میں کوئی میر بھی تھا

ذوق نے کیا خوب کہا ہے۔

نہوا پر نہوا میر کا انداز نصیب — ذوق یاروں نے بہت زور غزل میں مارا

ناسخ کہتے ہیں

میں ہی اے ناسخ نہیں کچھ طالب دیوان میر — کون ہے جس کو کلام میر کی حاجت نہیں

احمد علی (عثمانیہ) متعلم سال دوم

"نور و ظلمت"

آسمان پر سیاہ بادل گھرے تھے۔ ان میں سے کبھی کبھی چاند اس طرح چمکتا تھا جس طرح کسی "مہجور" کی دنیائے یاس میں شعاع امید مسکراتی ہے۔ میں نے اپنی برساتی اوڑھ لی اور چہل قدمی کے لئے، نکل گئی۔ سامنے کی کوٹھی میں چہل پہل نظر آرہی تھی قریب جانے پر معلوم ہوا کہ اس میں کرایہ دار آگئے ہیں۔ برآمدہ میں ایک پندرہ سولہ سالہ دوشیزہ کھڑی تھی جس کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی شاید کسی مشہور مہنتی کی سوانح عمری۔ وہ کتاب پڑھتے پڑھتے یکایک بحر خیال میں غوطہ زن ہوجاتی اور کچھ دیر لبوں کی جنبش کے بعد از سر نو پڑھنے لگتی۔ میں نے اس کی یہ کیفیت دیکھی اور آگے بڑھ گئی اتنا ضرور محسوس ہوا کہ اس لڑکی پر اس کتاب کا خاص اثر ہو رہا ہے۔ میں سوچنے لگی کتابیں کس قدر بے پناہ قوت کی حامل ہیں۔ یہ کردار کی تعمیر بھی کرتی ہیں اور تخریب بھی، اور اخلاق کے حق میں مسیحا بھی مار ضحاک بھی۔ مطالعہ تو گویا خیالات کے ڈھالنے کا ایک سانچہ ہے۔

میں گھر واپس ہوئی تو میرے بھیا کیپٹن فخری بھی آتش دان کے قریب محو مطالعہ تھے ان کے ہاتھ میں سوانح مشاہیر ہند تھی The great men of India وہ مجھ سے کہنے لگے "ہمارے سماج کی کتنی بڑی بڑی شخصیتیں اولاً معمولی حیثیت کی مالک تھیں اور کس طرح انہوں نے بتدریج اعلیٰ مدارج طے کئے اب بھی نہ جانے ہم میں کتنی ایسی ہستیاں ہونگی جن میں ترقی پانے والے رجحانات ہوں گے جن کو صیقل ہو تو درخشاں ہوکر سماج کی ظلمت کو نور میں تبدیل کریں گے۔ میں اب تک تقدیر کا قائل تھا لیکن تقدیر کچھ نہیں جو کچھ ہے دراصل "عمل ہے" جس کا دوسرا نام تدبیر ہے۔

"لیکن حالات کے مساعد ہونے ہی کا نام تقدیر ہے کتنی ایسی ہستیاں بھی ہوں گی جو نامساعد حالات

میں پنپ نہ سکی ہوں گی اور ان کی "تمنا" حسرت گور غریباں" میں تبدیل ہوگئی ہوگی ۔۔۔ کتنے ایسے در بے بہا ہوں گے جو سمندر کی تہ ہی میں پڑے ہوں گے اور کتنے ایسے پتھر ہوں گے جن کو سورج کی روشنی نے چمکایا نہ ہوگا۔ عمل کی اہمیت ہیں کلام نہیں مگر سوسائٹی اس کی اجازت بھی تو دے۔

بھائی جان! ہمارا سماج روایت پسند ہے۔ اور ہم رسم و رواج کی زنجیروں میں مقید ہیں"

"غلط! اس دنیا میں پیدا ہونے والا انسان ہمیشہ آزاد پیدا ہوتا ہے۔ لیکن رفتہ رفتہ وہ ماحول کا اثر قبول کرتا ہے۔ ماحول کے گرداب میں بہ جانا کمزور سیرتوں کی عادت ہے مگر مستحکم سیرت اپنا ماحول الگ بنا لیتے ہیں۔ بلحاظ نوعیت فطرتِ انسانی کی تین اقسام ہیں۔

(۱) ایسا ہونا چاہئے (۲) کاش کہ ایسا ہوتا (۳) جو کچھ ہوا اچھا ہوا۔ ہم ہندوستانی دوسری قسم کے انسانوں میں ہیں لیکن ہمیں چاہئے کہ گروہ اول بننے کی کوشش کریں"! مگر مشیت ایزدی کے بغیر یہ ناممکن ہے بھیا" ۔۔۔ "یہ تم نے تقدیر تدبیر کا مسئلہ چھیڑ دیا نگار کبھی تم سے اس پر بحث کرونگا آؤ ہم گرم گرم چائے پی لیں"۔ ہم نے چائے پی اور اپنی اپنی خوابگاہ میں چلے گئے میں اپنے بستر پر لیٹی ہوئی آج کی گفتگو پر غور کرنے لگی۔ میرے سامنے آج کی دوشیزہ کی تصویر پھر گئی ۔ دراصل بھیا سچ کہتے تھے یہی لڑکی کو دیکھئے اس کے دل میں ایک مشہور شخصیت بننے کی تمنا ہے۔ مگر ہوگا کیا۔ اگر یہ کچھ زبان نہ ہلائے تو عام لڑکیوں کی طرح اس کے والدین جلد ہی اس کی "جیون گتھی" سلجھا دیں گے ۔ جیون گتھی سلجھانا ہندوستانی والدین کے نزدیک گڑیا گڈے کا کھیل ہے۔ "دولت ہے" خاندان اچھا ہے" آجکل کی فضا میں لڑکیوں کے لئے تعلیم کا سوال بھی اٹھنے لگا ہے۔ لڑکی کے والدین خوشحال تو ہیں آسانی سے اسے بھی ایک "آب و آتش خاک و باد کا گڈا" مل سکتا ہے ۔۔۔ جس کے ساتھ شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن کے مقولے پر عمل کر کے وہ اپنا جیون بتا دے گی۔ اور فرض کے طور پر اس خانہ کش غلام ملک کی آبادی میں دو چار کا اضافہ کر دے گی۔ اس کے بعد اسکی زندگی ختم، گویا اس کا دنیا میں آنے کا مقصد یہی تھا ۔۔۔ اسے کیا پرواہ ہو سکتی ہے اگر ہزاروں اس کے ہم جنس بھوک کی لعنت میں گرفتار ہیں ۔۔۔ اسے کیا خبر کہ اس کی لاکھوں دکھیاری بہنیں رشتہ حیات کے

قطع ہونے کی منتظر سسک رہی ہیں ـــــ ان گنت " حاملان نفس " ایسے بھی ہیں جن کے قہقہوں میں فغاں کی آواز جھلکیاں لیتی ہے۔ اس نے تو اپنی زندگی سماج کے بنائے ہوئے اصول کے مطابق ختم کرلی۔ پیدا ہوئی ۔ شادی کی۔ شوہر کی خدمت کی ۔ چند بچے پیدا کئے ـــــ اب اور کیا چاہیئے ؟ ان ہی خیالات نے مجھے سلادیا ۔ دوسرے دن مس کملا سروپ ہماری نئی ہمسائی سے ملاقات کا اتفاق ہوا۔ اس نے مجھے بتایا کہ اسے مطالعہ کتب کا بہت شوق ہے ۔ اور اس کی تمنا ہے کہ وہ خود ایک معروف ادیبہ بنے ۔ اسے قومی خدمت کا بھی بہت شوق تھا ۔ اور وہ چاہتی تھی کہ ایک مشہور معروف ہستی بنے جائز شہرت انسانی زندگی کی سب سے دلفریب تمنا ہے ۔ رسکن کہتا ہے

" Fame is the last infirmity of the noble mind "

اس کے میرے خیالات کی یکسانیت نے ہم دونوں کو ایک دوسرے سے قریب کردیا اس کا پتا ایک متوسط الحال شخص تھا نہ حد سے زیادہ تاریک خیال نہ ضرورت سے زیادہ روشن خیال اسکی والدہ ایک خواندہ سمجھ دار خاتون تھیں ۔ انہیں اپنی لڑکی پر اعتماد تھا ۔ جب انہوں نے اس کا علمی شغف اور اس میں ابھرنے والی صلاحتیں دیکھیں تو اس کے حال پر چھوڑ دینا مناسب سمجھا۔ کملا کے خیالات سے والدین باخبر تھے اور وہ بھی چاہتے تھے کہ ان کی لڑکی کی تمنا پوری ہو ۔ وہ چاہتے تھے کم از کم اس کے سن شعور کو پہونچنے اور قویٰ کی پوری نشو و نما پانے تک اسے دنیاوی جھگڑوں میں نہ پھنسایا جائے ـــــ وہ میٹرک میں پڑھ رہی تھی جس وقت میری اس سے دوستی ہوئی اکثر وہ میرے پاس آیا کرتی اور میں اس کے پاس جایا کرتی ۔ وہ مجھے اپنے مضامین دکھاتی ہم دونوں مل کر ہوائی قلعے بنایا کرتے ۔ ایک دن کملا نے ایک افسانہ لکھا بڑا دلکش میں نے بھیا کو بتایا کہ دیکھئے اس لڑکی کی تحریریں کتنی پختگی اور دلکشی ہے ۔ بھیا نے پڑھ کر کہا کہ اس لڑکی میں ترقی پانے والی قوتیں ہیں اگر ان کی صحیح راہ نمائی کی جائے تو وہ ایک کامیاب مضمون نگار ثابت ہوسکتی ہے ۔ انہوں نے اس میں کچھ اصلاح بھی کردی ۔ اس اصلاح نے اس افسانہ کے حق میں وہی اثر کیا جو پارس کا پتھر لوہے کے ٹکڑے کے حق میں کرتا ہے ۔ کملا پڑھ کر بہت خوش ہوگئی ۔ افسانہ شائع ہوا ملک کے طول و عرض میں دھوم مچ گئی ۔ اب کملا کی

خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ اس کی دیرینہ آرزوئیں بر آرہی تھیں اسے بھیا کے اس کام کی وجہ سے ان سے ایک عقیدت سی ہوگئی۔ بھیا نے جب دیکھا کہ ان کی ذرا سی توجہ سے ایک ناتراشیدہ پتھر ہیرا ثابت ہوسکتا ہے تو انہوں نے خاص دلچسپی لینی شروع کردی۔ دن گذرتے گئے اور کملا اور بھیا فخری کا معصوم قلمی واسطہ روحانی رابطہ بنتا گیا۔ کملا سے میری دوستی بدستور تھی۔ کملا بحیثیت ایک مضمون نگار ادبی علمی حلقوں میں کافی حد تک ممتاز ہوچکی تھی اس کے والدین مطمئن تھے کہ ان کی لڑکی کی تمنا پوری ہورہی ہے اب اس کے گریجوایٹ بننے میں قلیل عرصہ رہ گیا تھا۔ پھر وہ اس کی شادی کرکے اپنے فرض سے سبکدوش ہوجائیں گے۔ کملا ترقی اور شہرت کے میدان میں داخل ہوگئی تھی قریب تھا کہ وہ منزل مقصود پر پہونچ جائے کہ ایک انقلاب ہوگیا۔ لوگوں میں طرح طرح کی چہ میگوئیاں شروع ہوئیں ایک ہندو لڑکی اتنی اچھی اردو نہیں لکھ سکتی۔ بڑے بڑے پنڈت جو اردو تحریر کے شوق میں بوڑھے ہوچلے تھے۔ عینکیں لگا لگا کر اس کے مضامین پڑھتے پھر یہ کہتے ہوئے ایک طرف ڈال دیتے کہ "اونہہ ضرور کسی مسلم تعلیم یافتہ کا نتیجہ فکر ہے" ان بیوقوفوں کو کیا خبر کہ "اردو مسلمانوں کی واحد ملک نہیں ہندو مسلم دونوں کی میراث ہے" کملا اب گریجوایٹ بن چکی تھی۔ اور چاہتی تھی کہ قومی خدمت شروع کردے تاکہ اس کا نام ملکی لیڈروں کی فہرست میں شامل ہوجائے۔

اس تک بھی یہ تمام خیالات جو عام طور پر پبلک میں اس کے متعلق پھیلے ہوئے تھے پہونچے لیکن اس نے اس کان سنا اور دوسرے کان اڑا دیا اسے بھیا کی ہدایت اور قیمتی مشوروں کے مقابلے میں یہ ہیچ نظر آتے۔ جب حاسدوں نے دیکھا کہ کوئی حربہ اس کو راہ ترقی سے نہیں ہٹا سکتا تو انہوں نے ایک دوسرا حربہ استعمال کرنا شروع کیا یعنی انگشت نمائی۔ انگشت نمائی ہمارے سماج کا بڑا موثر حربہ ہے اس کے سامنے بڑی بڑی اولوالعزم اور اٹل ارادہ رکھنے والی شخصیتیں بے دست و پا ہوجاتی ہیں۔ خصوصاً اس صورت میں جبکہ وہ محض باطل اور بے بنیاد ہو کوئی شخص اپنے کردار و اخلاق پر حرف گیری نہیں برداشت کرسکتا۔ کملا بھی اس کے سامنے بے دست و پا بن کر رہ گئی۔ اس کا "سکون" "اضطراب" میں بدلتا گیا۔ زندگی میں "پژمردگی" نے مسرت کی جگہ لے لی۔ اب اس کی علمی ادبی سرگرمیاں سرد

پڑتی نظر آتی تھیں ۔ گویا وہ ترقی کے میدان میں تیز دوڑتے دوڑتے یکدم رک سی گئی تھی ۔ والدین نے بھی اس کی تبدیلی دیکھی اور سماج کے احکام کے آگے سر جھکانا قبول کیا ۔ تاکہ سماج کے طعن و تشنعوں سے جو کملا کے دل کو چھلنی کر رہے تھے ۔ محفوظ کر دیں انہوں نے اس کے بیاہ کی سلسلہ جنبانی شروع کی ۔ لوگوں کی زبان پر کملا کے ساتھ بھیا فخری کا نام بھی تھا ۔ ہمارے مجبور کرنے پر بھیا نے ملازمت سے استعفیٰ دے دیا اور کلکتہ چلے گئے ۔ اب کملا کی حالت اور ردی ہوتی گئی ۔ وہ مجھ سے کہتی " مجھے زندگی ایک لق و دق ریگستان نظر آرہی ہے ۔ جس میں میری روح کو تنہا بھٹکنے کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے " میں نے اسے شادی کی ترغیب دلائی کہ جیون گاڑی ایک پہیے سے نہیں چل سکتی ۔ وہ زہر خند مسکراہٹ سے جواب دیتی " شادی نام ہے دو روحوں کے سنجوگ کا ' باجوں اور روپیوں کی جھنکار میں دو مادی اجسام کی یکجائی کا نام شادی نہیں " ۔ اس کے والدین یہ حالت دیکھ کر خاموش بیٹھ رہے ۔ کملا نے پھر قومی خدمت شروع کر دی وہ کہتی یہی ایک چیز ہے جس میں مجھے روحانی سکون ملتا ہے ۔ جس طرح چراغ بجھنے سے پہلے زیادہ زور و شور سے بھڑک اٹھتا ہے اسی طرح سماج کے طعن و تشنیع بھی جو ہمیشہ کے لئے خاموش ہونے والے تھے زور و شور سے شروع ہو گئے ۔ لوگوں نے کملا کے اخلاق پر حرف زنی شروع کر دی تھی ۔ ہندو سماج ایک جوان کنیا کو " کنواری " نہیں دیکھ سکتا ۔ ایک معصوم ناکردہ گناہ کے لئے اس سے بڑھ کر عذاب اور کچھ نہیں ہو سکتا ۔ وہ کڑھتی جلتی اس نے قومی خدمت کا مقدس کام بھی ادھورا چھوڑ دیا ۔ مضامین دیمک کھانے کے لئے رکھ دئے اور خانہ نشین ہو گئی مجھے اس کی حالت دیکھ کر عبرت ہوتی تھی ۔ آہ زندہ دل خوشی کا مجسمہ ایک چلتی پھرتی مشین تھی بے روح ۔ ترقی کی خواہشیں سیماب کی تابش اور سراب کی نمود بن کر رہ گئی ـــ آخر ایک منحوس گھڑی مجھے اطلاع ملی کہ معصوم کملا اپنی تمنا کو سینہ میں دفن کئے اس دنیا سے چل بسی ۔ اس نے ایک تحریر بھی چھوڑی تھی جس میں وضاحت کی تھی کہ اس کی اس قبل از وقت موت کا سبب سماج کے طعن و تشنیع اور انگشت نمائی ہے ۔ اس نے اپنے خون سے سماج کی نئی تعمیر کرنی چاہی لیکن خود اس کی عفریت پر بھینٹ چڑھ گئی ۔ اس نے اصلاح سماج کا عظیم الشان مشن ادھورا چھوڑ دیا ۔ اس نے ظلمت کو نور میں تبدیل کرنا چاہا مگر لاحاصل ۔ میں نے

بھیّا کو اطلاع دی جوان دنوں بھابی کے ساتھ کشمیر گئے تھے۔ اور روح کے زخم کا اندمال دولت سے کر رہے تھے۔ آہ چاندی کے چند حقیر سکّے انسان کے زاویہ نگاہ پر کتنے اثر انداز ہو جاتے ہیں۔ مجھے لکھا تھا۔

"طلوع ہونے والے آفتاب کی کرنیں اگر کمزور ہیں تو وہ کُہر کی چادر میں شگاف پیدا نہیں کر سکتیں۔ اور اس لئے ہماری ظلمت کے پنجرے کی گہری تاریکی میں کوئی معمولی نورانی عکس اپنا راستہ نہیں پاتا"

میری کملا کے مضامین شائع کرنے اور اس کی یادگار قائم کرنے کی استدعا کے جواب میں لکھا۔

؎ سر میں سودا نہ رہا دل میں تمنا نہ رہی یعنی وہ میں نہ رہا وہ میری دنیا نہ رہی

میں نے کملا کے مضامین کا مجموعہ "طور" کے نام سے شائع کیا اور اس کی آمدنی سے ایک انجمن بنائی جو کلیتہً نسوانی حقوق و اغراض کے تحفظ کی ذمہ دار ہے۔

میں کبھی کبھی بھیّا کی اور میری اُس دن والی گفتگو پر غور کرتی ہوں جو کملا کی ملاقات سے ایک دن پہلے ہوئی تھی۔ کملا بھیا کے نقطہ خیال کی رو سے اپنی خواہش کے مطابق اپنی زندگی میں کامیاب ہو گئی تھی یعنی شہرت حاصل کر لی تھی لیکن میرے نقطہ نظر سے وہ نامساعد حالات کے گرداب میں بہ گئی۔

رفیعہ سلطانہ (عثمانیہ) متعلم سال دوم

ٹیگور کی شاعری اور اس کے محرکات

بنگال کے ٹیگور خاندان کا چشم و چراغ رابندر ناتھ ایک ایسے اعلیٰ گھرانے میں پیدا ہوا جو اگر ایک طرف دنیائے علم پر چھایا ہوا تھا تو دوسری طرف سیاست اور معاشرت میں بھی ممتاز تھا۔ شہر سے دور اپنے اباؤ اجداد کے ایک دیہاتی گھرانے میں اس کا بچپن گذرا۔ (تا وقتیکہ نوجوانی نے اس کے زمانۂ طفلی کو خواب و خیال کی طرح مٹا نہ دیا) وہ اُس معصوم دیہاتی فضا میں ہی آرام و چین سے نشو و نما پاتا رہا۔ کسی نے سچ کہا ہے کہ "شاعر بنتا نہیں پیدا ہوتا ہے" شاید یہی وجہ تھی کہ بچپن ہی میں اُسے نصابی تعلیم سے سخت نفرت رہی۔ زمانۂ طفلی تو اپنے باپ کے ساتھ سیر و سیاحت اور دیہاتی معصوم بچوں کے ساتھ کھیل میں گذر گیا لیکن شباب کی آمد نے اس نوجوان پر جو شاعر بن کر دنیا میں آیا تھا ایک عجیب رنگ پیدا کر دیا ــــ شہر کی کثیف گندی فضا سے گھبرا جانا۔ خود غرض لوگوں سے دور رہنا اور دردمندوں کا غم کھانا ــــ یہ وہ چیزیں تھیں جو اُس کی نوجوان فطرت نے اپنے لئے پسند کر لی تھا۔

آغاز جوانی کے ساتھ اُس کا تعلیمی انہماک سونے پر سہاگہ تھا۔ فطرت کی گوناگوں دلچسپیوں میں کھیل کود کر وہ خود بھی ایک فطرت پسند نوجوان بن گیا تھا ــــ وہ دل جو دوسرے کے دُکھ پر روپڑے ــــ وہ زندگی جو دوسرے کے لئے قربان ہو جانا چاہے ــــ وہ جذبہ جو اسے سیماب کی طرح تڑپا دے ــــ وہ اچھوتے خیالات جو گھنٹوں اُس کے دنیائے تصور پر چھائے رہیں ــــ اور حُسن پرستی کا وہ جذبہ جو محبت بن کر اُس کی آنکھوں سے چھلکتا رہے ــــ اُس کی شاعرانہ فطرت اور طبیعت کے آئینہ دار ہیں۔

گلشن زندگی کی اُس نوآغاز کلی نے سب سے پہلے جس کتاب کی ابتدا کی وہ رامائنا تھی۔

پرانی عظمت و شوکت کا خاموش فسانہ ـــــ تختِ اجودھیا کا رنگین دور ۔ رام اور سیتا کی داستانِ محبت۔ رام کی جلاوطنی اور بن باس میں سیتا کی جدائی یہ وہ دل تڑپا دینے والے مناظر ہیں جو ہر انسانی زندگی پر اپنا دوامی نقش چھوڑ جاتے اور جو ہر دردمند دل کو رُلائے بغیر نہیں رہ سکتے ۔ ٹیگور کو بھی آخر کار متاثر کر گئے ۔

بندھیاچل کی پرخطر گھاٹیوں نے اور دکن کے سنسان جنگلوں کے ہیبت ناک مناظر نے اسے رونا سکھایا ـــــ رام کی ماں کی دل ہلا دینے والی آہ و زاری اور بیٹے کی جدائی پر مجبور مامتا کی پکار نے اسے دوسروں کے دُکھ کو اپنا سمجھنا سکھایا اور پھر سیتا کا رام سے بچھڑ جانا اور اس گرفتارِ محبت کا سیتا کے لئے سارے دشت و بیاباں کا ایک کر دینا اسے بتلا دیا کہ دو دل ایک کیسے ہوتے ہیں ۔

شائد یہی وجہ ہے کہ اسے قدرت کی ہر معصوم چیز سے محبت ہے ۔ رامائن کے مطالعہ کے بعد ہی اس نے حُسن پرستی سیکھی نہ صرف حسن پرستی سیکھی بلکہ اپنی امنگوں اور آرزوؤں کو حسین چیزوں میں تحلیل کر لینا اپنی زندگی کا مقصد بنا لیا ۔

دوسرے اثرات جنھوں نے اس پرستارِ حسن کی زندگی میں ایک اور انقلاب پیدا کیا وہ بنگال کے "ویناو" شعراء کے کارنامے تھے ۔ ٹیگور نے ان کی زندگی اور ان کے کارناموں کا نہ صرف گہری نظر سے مطالعہ کیا بلکہ اُس روح کو جو اُس نغمہ سرائی کی محرک تھی اپنے میں تحلیل کر لیا تھا ۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے سارے کلام میں ان بنگالی شعراء کا رنگ نمایاں ہے ۔ اور ان کی شیریں بیانی سے متاثر ہو کر اُس نے وہ کتاب لکھی جو "وانو سنگھ کے گیت" کہلاتی ہے ۔

یہی بنگالی شعراء تھے جن کا رنگ کیف بن کر اس شاعر فطرت ٹیگور کی رگ رگ میں سما گیا ۔ اس چشمۂ علم کی فیاضیوں کو وہ اتنا پی گیا کہ اس کی ہر پھٹتی ہوئی رگ سے اسی سرچشمہ کا پانی بہتا ہے ۔ اور اس کے ہر تخیل میں چاہے وہ محبت کا ہو کہ حُسن کا ـــــ ایثار کا ہو کہ قربانی کا ـــــ درد کا ہو کہ مسرت کا ـــــ انہی بنگالی شعراء کی دھندلی تصویر رقص کرتی نظر آتی ہے ۔

انہیں شاعروں کے کارناموں نے اس کی نظر میں محبت کے تخیل کو محبت سے بالاتر بنا دیا

انہی کی جادو بیانی نے اُسے محبت کی شراب پلائی جس سے مخمور ہو کر وہ جس چیز کو دیکھتا ہے اس میں محبت کرنے کی صلاحیت پاتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ اس کی شاعری بجائے خود ایک خاموش محبت کا سرچشمہ ہے۔

ایک تیسری چیز جس سے شاعر کی زندگی متاثر ہوئی وہ اُستاد بہاری لال کا سایہ تھا۔ اگر "ویسناو" شعراء نے اسے محبت کرنا سکھایا تو بہاری لال نے حُسن پرستی کا راز سمجھایا کہتے ہیں کہ ٹیگور کا پہلا اُستاد بہاری لال ہی تھا۔ ٹیگور کے ہر جذبۂ حسن پرستی سے بہاری لال کا رنگ جھلکتا ہے اس کی وہ نظمیں جو اپنی جوانی کے زمانے میں اس نے لکھی ہیں جن میں "سنہری بنیا" بھی شامل ہے ان سب میں بہاری لال کی "سروامنگل" اور "بنگا سندری" کا رنگ دکھائی دیتا ہے۔

شاعر نے کالیداس کا بھی گہری نظر سے مطالعہ کیا ہے۔ اگر ایک طرف کالیداس نے اپنی شکنتلا کی دنیا بھر میں دھوم مچادی تو دوسری طرف ٹیگور نے "گیتان جلی" لکھ کر اپنی شاعری کا سکہ بٹھا دیا۔

ہندوستان کے خشک اور بے لطف موسموں کو رنگین بنا کر ان میں حُسن اور محبت پیدا کرنا رابندر ناتھ ہی کا حصّہ تھا۔ یورپ کی رومان انگیز فضا میں کتنے ایسے دل ہوں گے جو ہندوستان کے سبزہ زاروں میں محبت کرنے کی تمنا رکھتے ہوں۔ اور کتنے ایسے عشاق ہوں گے جو اپنی محبوبہ کو بغل میں لئے ہندوستان کی برساتوں کو یاد کرتے ہوں گے۔

اگر کالیداس نے عورت کے حسن کی تعریف کی ہے تو ٹیگور نے حُسن کی پرستش کی ہے کالیداس اگر حُسنِ فطرت سے متاثر ہو کر اپنے کلام کو حسین بناتا تھا تو ٹیگور اپنے کلام کو سراپا حسن بنا دیتا ہے۔ ٹیگور کا "تحفۂ عاشق" (Lover's gift) بجائے خود حُسن کا ایک مکمل مرقع ہے۔

پانچویں چیز جو ٹیگور کی شاعری پر اثر انداز ہے وہ دیہاتی بچوں کے معصوم گیت ہیں۔ قومیت اور ایثار میں ڈوبے ہوئے نوجوانوں کے ترانے۔ اُن کی معصومیت اور ان کے جذبات کی صحیح ترجمانی ٹیگور کے لئے نشہ کا کام کر گئیں اور انہیں کے کیف و سرور سے

مست ہو کر وہ مادر وطن کے ہر سپوت کو شراب محبت سے مخمور پاتا ہے۔
—— کتنا بلند تخیل ہے وطن کی آزادی کا ؟

را بندر ناتھ شاعر پیدا ہوا اور شاعر ہی رہا

ہندوستان کے کوہساروں میں کتنے دن اس نے ایسے گذارے جب صبح کی زرین شعاعیں شبنم کے آنسو پونچھتے ہوئے پہلی بار اس شاعر محبت سے ہمکلام ہوتی اور نسیم خوشگوار جنوبی سمندروں کی نمی سے اس کے من کی آگ کو ٹھنڈا کرتی۔ حسین کلیاں چٹک کر پھول بن جاتیں اور ہنستے ہوئے پھول اُسے ورود صبح کی مبارکباد دیتے —— پھولوں کی بھینی بھینی خوشبو اس کے دماغ کو معطر کرتی نیلے آسمان پر بادلوں کے کاروان اس کے لئے وطن والوں کا سندیسہ لاتے تو دور آبشاروں کے سُریلے راگ میں شاعر اپنے نغموں کو مرتعش کر دیتا اور وہ نغمے وطن والوں تک محبت، حسن، زندگی اور آزادی بن کر پہنچتے۔

کتنی ایسی تاریک راتیں ہوں گی جو شاعر کو لوری دے دے کر سلانے کی کوشش کرتیں لیکن وہ وطن والوں کا خیال کر کے بے قرار ہو جاتا۔ کتنی ہی ایسی سہانی راتیں ہوں گی جب مادر وطن، حسن اور محبت کی دیوی بن کر اس کے دنیائے تخیل میں رقص کرتی لیکن جب وہ اپنی اس ماں کے گلے میں بجائے پھولوں کے ہار کے غلامی کی زنجیریں پڑی دیکھتا ہوگا تو اس کے دل کو کتنی ٹھیس لگتی ہوگی۔ اُس کا مسرور دل تڑپ جاتا ہوگا —— روتا ہوگا —— اور ہر آنسو جو اس کی آنکھوں سے اُمنڈ آتا ہے دنیا کے سامنے "گیتان جلی" "موسم بہار کا چکر" "نبیدا" گیتالی وغیرہ کی شکل میں آتا ہے۔

—— اور ابھی شاعر کے کتنے ہی ایسے آنسوؤں کی ہندوستان کو ضرورت ہے ——

سیّد احمد حسین (عثمانیہ) متعلم سال اوّل

اُردو ڈرامہ

یہ یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ ڈرامے کی ابتدا کب اور کس طرح ہوئی۔ انسان کی زندگی خود ایک دلچسپ ڈرامہ ہے جس میں نت نئے واقعات پیش آتے رہتے ہیں۔

جب کسی چیز کی ابتدا ہوتی ہے تو اس کا علم کسی کو نہیں ہوتا کہ انجام کیا ہونے والا ہے۔ ڈرامہ بھی بالکل غیر منظم طریقہ پر شروع ہوا۔ شاید اس کی ابتدا کے وقت یہ وہم و گمان بھی نہ ہو کہ ادب میں ڈرامہ کو خاص درجہ حاصل ہوگا۔

تاریخ شاہد ہے کہ انسان ابتداء آفرینش سے بہت عرصہ بعد تک فطرت کی خاص خاص قوتوں کی پوجا کیا کرتا تھا۔ کبھی تو پانی کی عظمت کے آگے سر نیاز خم کر دیتا اور کبھی خاور مشرق کی آب و تاب سے متاثر ہو کر اس کو اپنا معبود سمجھتا تھا۔ ان قوتوں کی پرستش ہی کو اپنا مقصد حیات اور ذریعہ نجات تصور کرتا تھا۔ جب کبھی اس کی پر امن زندگی میں تلاطم برپا ہوتا اور امن و آشتی درہم و برہم ہو جاتی تو اس کو دیوتاؤں کی خفگی پر محمول کرتا اور ان کے منانے کی خاطر مختلف قسم کی قربانیاں دیتا قربانیوں کی رسمیں کبھی تو انفرادی طور پر اور اکثر مشترکہ منائی جاتی تھیں اور ساری قوم اس میں شریک رہتی تھی۔ ان قربانیوں کے علاوہ بعض ایسی یادگاروں کو محفوظ رکھنے کے لئے بھی جشن منعقد ہوتے تھے جن سے قومی بہادری اور جوانمردی کا اظہار ہوتا۔ تاریخ عالم میں ایسی بیسیوں مثالیں ملتی ہیں کہ فاتح قبائل میدان کارزار کی نقل پیش کر کے شکست خوردہ قوم کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔ یہی ڈرامے کی ابتدائی شکل تھی۔

ہندوستان میں ڈرامے کی ابتدا سے متعلق محققین مختلف رائے رکھتے ہیں۔ ایک گروہ وہ ہے

ہے جس کے خیال میں ہندوستانی ڈرامہ دراصل یونانی ڈرامہ کا رہین منت ہے اور دوسری جماعت کا دعوی ہے کہ ہندوستانی ڈرامہ خالص ملکی پیداوار ہے۔

حال کی تحقیقات آثار قدیمہ نے یہ ثابت کردیا کہ آریاؤں سے بہت پہلے سرزمین سندھ پر ایک ایسی قوم آباد تھی جس کی تہذیب آریاؤں سے کسی طرح کم نہ تھی۔ چنانچہ سر جون مارشل نے اپنی کتاب ( ) میں اس پر کافی روشنی ڈالی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ "آریاؤں سے پہلے ہندوستان کے دوسرے اقطاع میں نہیں تو کم از کم پنجاب و سندھ میں ان ہی ذلیل و حقیر رسیوں کا ایک ترقی یافتہ اور یکساں تمدن موجود تھا جو عراق اور مصر کے ہم عصر تمدن سے بہت قریبی تعلق رکھتا تھا" آثار قدیمہ کی کھدائی کے سلسلے میں بہت سی ایسی چیزیں برآمد ہوئی ہیں جن سے ان کے مذاق فنون لطیفہ کا خاصہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے جو قوم تہذیب و تمدن میں اتنی ترقی یافتہ ہو اس کے متعلق یہ امر بھی قرین قیاس ہے کہ ڈرامے سے بھی خواہ وہ کسی شکل و صورت میں ہو ضرور واقف تھی

ہندوستانی ڈرامہ ابتدا میں حمد یا مکالمہ کی صورت میں ہوا کرتا تھا جس کے ماخذ ویدیں ہوتی تھیں۔ "کالیداس" کے ناٹک "وکرم اور اروس" کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈرامہ کس طرح عالم وجود میں آیا۔ جب دیوتاؤں کی درخواست پر مہاراجہ اندر نے برھما کے دربار میں ڈرامے کی خواہش ظاہر کی تو برھما نے اس کی اجازت دیدی اور اس کی تدوین کے لئے مختلف افراد منتخب ہوئے۔ کسی نے کردار آموزی کا بیڑہ اٹھایا اور کوئی موسیقی کے لئے مقرر کیا گیا۔

اردو ڈرامے کی ابتدا ڈرامے سے پہلے اردو زبان میں مثنویاں لکھی جاچکی ہیں جن میں بلا کا اثر موجود تھا۔ اور آج بھی انھیں تھوڑی سی تبدیلی کے بعد مکالمہ کی شکل میں ڈھالا جاسکتا ہے۔ اس طرح ڈرامائی ضروریات کے لئے بھی بہت سی سہولتیں ان ہی مثنویوں کی وجہ سے بہم پہنچیں۔ چنانچہ اندر سبھا کا مصنف امانت میر حسن کی مشہور مثنوی سحر البیان کے اشعار اس طرح نقل کرتا ہے جس سے گمان ہوتا ہے کہ امانت نے ضرور اس مثنوی سے خوشہ چینی کی ہے۔

ہر ایک شعبدے پہ تھا مائل پر تو فگن عجب راستہ تھی وہ بقول حسن

وہ چھٹکی ہوئی چاندنی جابجا وہ جاڑے کی آمد وہ ٹھنڈی ہوا
وہ نکھرا فلک اور مہ کا ظہور لگا شام سے صبح تک وقت لوز

(اندرسبھا مطبوعہ رسالہ اُردو۔ ماہ اپریل ۱۹۲۸ء)

اردو سے پہلے دوسری ہندوستانی زبانوں میں ڈرامے موجود تھے۔ اور لکھنؤ کا رنگیلے حاکم یعنی واجد علیشاہ نے کئی رھس تیار کئے تھے ان کی کتاب (بنی) میں اس کی ساری تفصیلات موجود ہیں۔ اس ماحول سے متاثر ہوکر ہی امانت نے "اندرسبھا" تصنیف کی۔ ناٹک ساگر کے مصنفین (محمد عمر و نور الٰہی صاحبان) کا خیال ہے کہ اندرسبھا ایک فرانسیسی کے مشورے اور حاکم وقت کی فرمایش پر لکھی گئی لیکن ان کا یہ دعویٰ غلط ہے۔ خود مصنف نے سبب تالیف یوں بیان کیا ہے۔

بندہ خاکسار سیّد آغا حسین متخلص بہ امانت شعر و سخن کا ہمیشہ سے ذوق رکھتا ہے دلگیر کا شاگرد تھا — (اس کے بعد امانت کی خانہ نشینی کا ذکر ہے) زبان کی وابستگی میں گھر بیٹھے جی گھبراتا تھا۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ حاجی مرزا عابد علی یگانہ رفیق شفیق مونس و غمخوار قدیمی جان نثار شاگرد اوّل نے از راہ محبت کہا کہ بیکار بیٹھے بیٹھے گھبرانا عبث ہے۔ ایسا کوئی جلسہ ناٹک کے طور پر طبع زاد نظم کیا چاہیئے کہ دو چار گھڑی دلگی کی صورت ہوے اور خلق میں شہرت ہوئے آخر الامر موافق ان کی فرمایش کے بندہ اس کے کہنے پر آمادہ ہوا دم بدم شوق زیادہ ہوا چونکہ یہ جلسہ کہنا سب کو مرغوب تھا مگر اپنے نزدیک معیوب تھا اس لحاظ سے اپنا تخلص بدل کر اس میں اُستاد کیا۔

مندرجہ بالا عبارت سے ثابت ہوتا ہے کہ امانت نے 'اندرسبھا' واجد علی شاہ کے حکم سے نہیں لکھی بلکہ اپنے دوست عبادت کی فرمایش پر تصنیف کی ہے۔ آج تک یہ بھی نہیں ثابت ہوا کہ امانت دربار واجد علی شاہ کا شاعر تھا۔ البتہ بالواسطہ واجد علی شاہ کی محفل آرائیوں سے متاثر ضرور ہوا۔

مرزا عابد علی عبادت نے اندرسبھا کے چھپنے کی تاریخ بھی کہی ہے۔

کہی خوب تاریخ تو نے عبادت مرقع امانت کی اندر سبھا ہے

اسٹیج کی وجہ سے یہ بھی غلط فہمی پیدا ہوگئی ہے کہ اندر سبھا میں پردے پہلی ہی استعمال کئے گئے تھے اس لئے یہ ضرور فرانسیسی ماہر کے مشورے کی بنا پر تیار ہوئی ہوگی۔ اوّل تو ہندوستان میں پہلے ہی سنسکرت ڈرامہ کا رواج تھا اور دوسرے "اندر سبھا" میں پردے بالکل سادے استعمال کئے گئے تھے۔ آمد کے وقت ایک سادہ پردہ تان دیا جاتا تھا اور اداکار پردہ کے پیچھے تیار رہتے تھے۔ سب سے پہلے آمد گائی جاتی تھی اور پھر اس کے بعد مہتاب چھوٹتی اور پردہ اٹھایا جاتا تھا سر کے اشارے سے اداکار تماشائیوں کو سلام کرتا اور اپنے حسب حال غزل گاتا تھا۔ ان تفصیلات سے ثابت ہوتا ہے کہ اُردو ڈرامہ فرانسیسی ماہر فن کا رہین منت نہیں ہے۔ بلکہ اردو ادب کے پرستاروں کی جودت طبع کا نتیجہ ہے۔ یہ غلط فہمی بھی قابل تردید ہے کہ اندر سبھا قیصر باغ میں کھیلی گئی تھی اور بادشاہ اور بیگموں نے اس میں حصہ لیا تھا۔ پہلے تو یہ ثابت ہی نہیں ہوتا کہ اندر سبھا بادشاہ کے حکم سے لکھی گئی تھی اور دوسرے بادشاہ نے خود اپنے لکھے ہوئے رھس میں بھی بہ حیثیت اداکار کبھی شرکت نہیں کی ورنہ وہ اپنی کتاب (نبی) میں جہاں اور بہت سی تفصیلات لکھی ہوئی ہیں اس کا ضرور تذکرہ کرتا۔

قدیم اُردو ڈرامے اندر سبھا کے بعد بھی متعدد ڈرامے لکھے گئے۔ ان میں سے اکثر ایسے ہیں جو کہ تجارتی اصول پیش نظر رکھ کر لکھے تھے۔ ان میں کسی قسم کی اگر جدت ہوئی تو صرف اس قدر کہ ڈراموں کی زبان بدل دی گئی۔ مولوی بادشاہ حسین صاحب نے اپنی کتاب "اُردو میں ڈرامہ نگاری" میں ان کی خصوصیات بیان کی ہیں۔ انھوں نے ڈراموں کو ان کے ناموں کے اعتبار سے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے تو وہ ڈرامے جن کے نام ہیرو ہیروین کے ناموں سے مشترک ہوتے تھے۔ مثلاً "لیلیٰ مجنوں" "شیرین و فرہاد"۔ "نل دمن" "ھیر رانجھا" وغیرہ

ان ڈراموں کا مقصد حسن و عشق کی داستان دھرانے کے سوا کچھ نہ تھا۔ دوسرے وہ ڈرامے ہیں جن کی تصنیف کی غرض و غایت دنیا کی نیرنگی اور زمانے کی ناسازگاری ثابت کرنی تھی۔ اس قسم کے ڈراموں میں دورنگی دنیا" "کایا پلٹ" وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ تیسرے وہ ڈرامے جن کے نام

عوام کے پسندیدہ ہوا کرتے تھے۔ مثلاً "باپ کا گناہ" "گناہ کی دیوار۔" "باپ کا قتل"۔
ان ڈراموں کا بنظر غائر مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے پلاٹ یا قصے غیر ملکی ہوا کرتے تھے۔ اور یہ ڈرامے فنّی اعتبار سے بالکل ناقص تھے۔ ان کے مصنفین اکثر شعرا رتھے۔ جس کے باعث ان کے مکالمے نظم میں ہوتے تھے یا مقفیٰ و مسجع عبارت میں۔ غرض ایسے ہی بہت سے نقائص قدیم اُردو ڈراموں میں موجود ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے مصنفین معمولی تعلیمیافتہ اور کمپنیوں کے اداکار ہوتے تھے۔ بادشاہ حسین صاحب نے ڈرامانگاروں کو تین دوروں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے تو وہ ڈرامہ نگار ہیں جو کہ طرز قدیم کے علم بردار تھے۔ اور دوسرے وہ جنھوں نے بلحاظ زبان لکیر پیٹنا چھوڑ دیا تھا۔ اور تیسرے وہ ہیں جنھوں نے اُردو ڈراموں میں انقلاب پیدا کیا اور طرز جدید کے علمبردار کہلائے۔ ان ہی میں مولانا عبدالماجد دریابادی کا ڈرامہ "زود پشیمان" شامل ہے اس ضمن میں کیفی اور تاج وغیرہ بھی قابل ذکر ہیں۔ جناب تاج کا ڈرامہ انارکلی ان سب میں سرآمد ہے۔
ڈرامہ عموماً دو مقاصد کے تحت لکھا جاتا ہے ایک تو ڈرامہ جس کی تصنیف کا مقصد حصول زر ہے۔ ایسے ڈرامے بالعموم تھیٹریکل کمپنیوں یا فلموں کے لئے لکھے جاتے ہیں۔ دوسرے وہ ڈرامے ہیں جو شوقیہ اداروں کی جانب سے تفریح طبع کی خاطر پیش کئے جاتے ہیں ان کے علاوہ بعض ایسے ڈرامے بھی ہوتے ہیں جو کہ محض کتابی اشاعت کی حد تک محدود ہوتے ہیں۔ انہیں آجکل کوئی اہمیت نہیں دی جاتی بعض مغربی مبصرین کا خیال ہے کہ ڈرامہ صرف اسٹیج کے لئے لکھا جانا چاہئے حتیٰ کہ وہ ڈراموں کی اشاعت کے بھی سخت مخالف ہیں۔ متذکرہ بالا ڈرامے ایک دوسرے سے اس قدر مختلف ہوتے ہیں کہ جو ڈرامے تجارتی نقطۂ نظر سے لکھے گئے ہوں وہ سنجیدہ حضرات کے لئے تفریح طبع کا باعث نہیں بن سکتے اور جو ڈرامے شوقیہ مصنفین کی کوششوں کا نتیجہ ہوتے ہیں وہ عوام میں مقبولیت حاصل نہیں کر سکتے و نیز تھیٹریکل کمپنیوں کے ڈرامے پردۂ سیمین پر بغیر کسی تبدیلی کے پیش نہیں کئے جا سکتے چنانچہ آغا حشر کے متعدد ڈرامے اس کا بین ثبوت ہیں۔ جو کہ بہت سی ترمیموں کے بعد بھی پردۂ سیمین پر پیش کئے گئے لیکن زمانے کے رجحانات کا ساتھ نہ دے سکے۔ قدیم ڈراموں میں

ایک بھی ایسا نہیں جو کہ فنی اعتبار سے قابل قدر ہو البتہ اُردو ڈرامے کا دور جدید سب سے کامیاب دور کہلایا جاسکتا ہے۔ اُردو کی خوش قسمتی ہے کہ علمی اداروں نے بھی اس کی طرف کافی توجہ کی ہے ان اداروں میں جامعہ ملیہ سب سے آگے ہے اس کے علاوہ ادارہ" ادبیات اُردو "حیدرآباد دکن اور اُردو اکاڈیمی قابل ذکر ہیں۔ اوّل الذکر جس سرعت سے ترقی کر رہا ہے اس سے اُردو دان طبقہ بخوبی واقف ہے۔ آخر الذکر ادارہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا ہے۔ اور ایک عرصہ سے ڈرامہ کی طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ جامعہ ملیہ کی غیر معمولی کامیابی دراصل اس کے مخلص کارکنوں کی رہین منت ہے جامعہ ملیہ نے جو ڈرامے شائع کئے ہیں ان میں بچوں کے ڈرامے بھی شریک ہیں اس میں ان ڈراموں کو شائع کر کے ایک قابل انکار کمی کی تلافی کی ہے۔ یہ ڈرامے بچوں کی نفسیات کے نقطۂ نظر سے کماحقہٗ اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکے لیکن یہ صنف ڈرامہ میں بچوں کے ادب کی تعمیر کا سنگ بنیاد ثابت ہوں گے۔

حیدرآباد اور ڈرامہ جس طرح شمالی ہند ڈرامہ نگاری میں سرگرم ہے حیدرآباد بھی پورے جوش کے ساتھ مصروف عمل ہے نہ صرف آج بلکہ ابتدائی زمانے میں بھی حیدرآباد کو یہ فخر حاصل رہا ہے چنانچہ پرانے ڈرامہ نگاروں میں اہل حیدرآباد کے نام بھی نمایاں ہیں۔

حیدرآبادی نوجوان جامعہ عثمانیہ کی علمی فضاؤں میں نشو و نما پاکر اس قابل ہو گئے ہیں۔ کہ ڈرامہ نگاری پر بھی بے لاگ قدم اٹھائیں انہوں نے اردو ادب میں ڈرامے کی کمی کو نہ صرف محسوس کیا بلکہ اس کمی کو پورا کرنے کا بھی بیڑا اٹھایا ہے۔ جامعہ عثمانیہ کے یوم جامعہ میں ہر سال ڈرامہ پیش کر کے سنت دیرینہ کو دہرایا جاتا ہے۔ حیدرآباد میں ڈرامہ کی مختلف انجمنیں بھی قائم ہیں۔ ان میں "بزم احباب" "بزم تخیل" وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ ان انجمنوں کے پیش نظر نہ صرف ڈراموں کو منظر عام پر پیش کرنا ہے۔ بلکہ اسے دنیا کی دوسری علمی زبانوں کے معیار پر پہونچانا بھی منظور ہے۔ حیدرآباد کے نوجوان نقادوں اور ڈرامہ نگاروں میں اکبر وفا قانی "نمبا" صاحب دشاہ حسین "نما" صاحب فضل الرحمٰن "صا" نب ظفر الحسن صاحب "مخدوم محی الدین صاحب" حسن صاحب وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ ان نوجوانوں کے علاوہ دوسرے ان بزرگوں میں

جنھوں نے کہ حیدرآباد کو اپنا وطن بنالیا ہے ۔ مرزا فرحت اللہ بیگ اور ان کے عزیز عصمت اللہ بیگ صاحبان شامل ہیں ان کی سلاست زبان کے شکوہ ہیں ۔ ڈرامے کے سارے عیوب پر پردہ پڑ گیا ہے ۔ ظفر الحسن صاحب نہ صرف ڈرامہ نگار ہیں ۔ بلکہ ایک کامیاب اداکار بھی ہیں ۔ میکش صاحب اور قریشی صاحب نے نثری ڈراموں سے اردو ادب کے تہی دامن کو بھرنے کا ارادہ کیا ہے ۔ ان دونوں حیدرآبادی جس سرگرمی سے ڈرامہ نگاری میں مصروف عمل ہیں وہ سرزمین ہند کے کسی اور قطعہ پر نظر نہیں آتی بادشاہ حسین صاحب نے نہ صرف ڈرامے لکھے بلکہ اس موضوع پر اردو میں ایک کتاب "اردو میں ڈرامہ نگاری" لکھ کر اپنے ذوق سلیم کا ثبوت دیا ہے ۔ اور مخدوم وفا قانی نے متعدد مضامین سے ڈرامے کی ضروری اور اہم متعلقات پر روشنی ڈال کر اہل ذوق کی دعوت طبع کا سامان بہم پہنچایا ہے فضل الرحمن صاحب کے ڈرامے بھی خاص حیثیت رکھتے ہیں ۔ ان کے ڈراموں میں پلاٹ اور زبان دونوں سامعین پر اثر کرتے ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ ان کے ایک دو ڈراموں میں بعض کمزوریاں پائی جاتی ہیں ۔ لیکن بحیثیت مجموعی کامیاب ڈرامہ نگار ہیں ۔ انھوں نے اوروں کی طرح پلاٹ غیر زبانوں سے لے کر اپنا لیا ہے ۔ اور حتی الامکان مقامی حالات کے ساتھ پیش کرنے کی کوشش کی ہے ۔

مخدوم محی الدین صاحب اور میر حسن صاحب کا ڈرامہ ہوش کے ناخن . . . بھی خوب ہے ۔ بالخصوص دہقانی زبان جس خاص انداز میں موزونیت کے ساتھ پیش کی گئی ہے ۔ وہ ان کا ہی کام ہے ۔ لیکن ان کا دوسرا ڈرامہ بھول لین کامیاب نہ ہوسکا ۔ اس کی سب سے بڑی کمزوری تو مکالموں کی طوالت ہے ۔ اس کا ہر جملہ بجائے خود ایک نظریہ اور قول ہے ۔ جس کی وجہ سے اسٹیج پر دلچسپی کا باعث نہ ہوسکا ۔ یہ ڈرامہ اسی صورت میں زیادہ کامیاب ہوسکتا ہے ۔ جبکہ مخصوص تعلیمیافتہ طبقہ کے سامنے پیش کیا جائے اور مکالموں میں اختصار سے کام لیا جائے ۔ مؤلف کو بڑی حد تک غیر زبان کے ڈرامے کو اپنانے میں ناکامی ہوئی ہے ۔ موسم اور مقام میں کوئی مناسبت نہیں رکھی گئی اور سردی کا اس شدت کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ۔ گویا یورپ کے کسی مقام کا ذکر کیا جارہا ہے ۔ ہمارے ملک کی سردی اتنی شدید نہیں ہوتی غیر زبان کے ڈراموں کو اپنانے میں سب سے زیادہ احتیاط تہذیب معاشرت اور

موسم وغیرہ کی تبدیلی اور رنگ آمیزی میں ملحوظ رکھنی چاہئے۔

اصناف درامہ ڈرامہ انسانی زندگی کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ جس طرح انسان کی زندگی کے دو پہلو تاریک و روشن ہوتے ہیں اسی طرح ڈرامے بھی دو قسم کے ہیں ایک وہ ڈرامہ ہوتا ہے۔ جو غم والم کی ترجمانی کرے اور دوسرا وہ جو مسرت و انبساط کا علمبردار ہو۔ پہلا حزنیہ (Tragedy) اور دوسرا طربیہ (Comedy) کہلاتا ہے۔ بعض نقادان فن نے حزنیہ ڈراموں کو قابل ترجیح سمجھا ہے۔ اور بعضوں کے نزدیک طربیہ قابل ستایش ہے۔ پہلے گروہ کا خیال ہے کہ دنیا میں غم کی مقدار خوشی سے بہت زیادہ ہے۔ یا بالفاظ دیگر "جہاں منزل درد و جائے غم است" اس لئے انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ حزنیہ ڈراموں کو دیکھ کر جذبات میں طلاطم پیدا کرے اور اس میں اپنی زندگی کا مقصد تلاش کرے و نیز اس لئے بھی ضروری سمجھا جاتا ہے۔ کہ غم والم کے اثرات انسانی قلوب پر نقش برآب نہیں بلکہ نقش فی الحجر ہوتے ہیں۔

دوسرا گروہ کہتا ہے کہ انسان کو زندگی میں غم اور خوشی ہر دو سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ہم اس لئے نہیں پیدا ہوئے کہ شاخ زندگی پر بیٹھ کر اڑ جائیں بلکہ اس لئے کہ خوشنوائی کریں سمندر زیست میں شناوری کرنا اور ساحل سے بے نیاز رہنا ہمارا مقصد حیات ہونا چاہئے۔ چنانچہ علامہ اقبال نے قنوطیوں کے مقابل میں ببانگ دہل یہ اعلان کیا ہے کہ ——

تو نہ شناسی ہنوز شوق پیمردز وصل چیست حیات دوام؟ سوختن ناتمام

(دیگر)

موج ساحل کہ در آغوش ساحل تپید یک دم و مرگ دوام است

انسان فطرتاً غم اور خوشی سے متاثر ہونے کا عادی ہے اور جبکہ خود اس کی زندگی میں ان دونوں کا وجود ہے (خواہ کسی کی بھی مقدار زیادہ ہو) تو کیا وجہ ہے کہ ہم قنوطیت کا ہی راگ الاپیں۔ دوسری دلیل یہ کہ جب انسان تھکا ماندہ تفریح کی تلاش کرتا ہے تو ایسے موقعوں پر حزنیہ سے زیادہ طربیہ ڈرامے مفید ہیں۔

ہمارے نزدیک ان دونوں کا اشتراک و ارتباط نہایت ضروری ہے۔ چونکہ زندگی ان میں سے کسی ایک سے یکسر خالی نہیں ہندوستان کے مشہور ڈرامہ نگار "کالیداس" اور مغرب کے ڈرامہ نگار شکسپیر دونوں کے ڈراموں کی یہ خصوصیت نمایاں ہے۔

وہی ڈرامہ نگار کامیاب ہوسکتا ہے جو کہ ڈرامے کو زندگی کے مرقع کی صورت میں پیش کرے ڈرامے کی دلچسپی پلاٹ یا قصہ اور مکالمہ پر منحصر ہے۔ بعض ڈراموں کی کامیابی کا دارومدار اگر اچھوتے پلاٹ پر ہوتا ہے۔ تو بعض کی مقبولیت مکالموں کی رہین منت ہوتی ہے اور جو ڈرامہ ان دونوں خصوصیتوں کا حامل ہو اس کا کہنا ہی کیا۔

ڈرامہ ناظرین کو اپنی دنیا میں گم کرلے۔ اور دعوت فکر بھی دے۔ بعض ڈرامہ نگار فطرتاً ابتدا میں عقدہائے حل شدنی پیش کرکے ناظرین کے لئے غور و فکر کا سامان مہیا کرتے ہیں اور خود اس کا حل بعد میں پیش کرتے ہیں اس سے ناظرین اپنے اخذ کئے ہوئے نتیجے اور پیش کئے ہوئے حل کے مقابلہ سے دماغی تفریح محسوس کرتے ہیں و نیز اس کے اثرات بھی بہت دیرپا ہوتے ہیں۔

مکالمہ، ڈرامے کے اہم ترین عناصر میں شمار کیا جاتا ہے۔ مکالمہ کی خصوصیت یہ ہونی چاہئے کہ وہ کردار کے حسب حال ہو۔ یہ ایسی کٹھن منزل ہے جہاں کہنہ مشق ڈرامہ نگاروں کے قدم بھی لڑکھڑاتے ہیں۔ صرف مکالمے ہی کے ذریعے کردار کا تعارف کرایا جاتا ہے۔ اب یہ وہ زمانہ نہیں رہا کہ کردار کی آمد سے پہلے اس کے تعارف کے لئے "آمد" ۔ اس کے ساتھ ہی اداکار اور اسٹیج کو بھی ملحوظ رکھنا نہایت ضروری ہے تاکہ اس کے ادا کرنے میں نہ تو اداکار ہی کو تکلف ہو اور نہ اسٹیج پر مکالمہ مضحکہ خیز ثابت ہو۔ کسی ڈرامے کے مصنف نے اسٹیج کو نظر انداز کرکے ایسے موقع پر بہار یہ گفتگو پیش کی تھی۔ جب کہ اسٹیج پر خزاں کے آثار ہویدا تھے۔ جب پھولوں کا ذکر کرتے ہوئے اسٹیج کی طرف اداکار نے اشارہ کیا تو قہقہوں سے سارا اسٹیج گونج اٹھا۔

ایک تعلیمیافتہ شخص کی گفتگو اور انداز بیان غیر تعلیمیافتہ سے مختلف ہوتا ہے اور بوڑھے نوجوان سے جداگانہ پیرایہ بیان اختیار کئے ہوتے ہیں۔ عورتیں اپنے مخصوص محاورے استعمال کرنے کی

عادی ہوتیں ہیں ۔ ونیز ان کے انداز کا اظہار اور اداکار کی مشکلیں دونوں ڈرامہ نگار کے پیش نظر ہونی چاہیئے ۔ ایک اجنبی کبھی بھی غیر ملک میں بھلا گھلا نہیں پھرتا ۔ اس کے حرکات وسکنات سے اجنبیت ظاہر ہوتی ہے ۔ اور گفتگو میں تکلف روا رکھا جاتا ہے ۔ تجارت پیشہ اور کاروباری لوگوں کی گفتگو کا انداز مخصوص ہوتا ہے ۔ ایک کالج کا پروفیسر جب گفتگو کرتا ہے تو اس کے ہر لفظ سے علمیت کی شان ظاہر ہوتی ہے ۔ یہ تمام مشکلیں صرف اس صورت میں آسان ہوسکتی ہیں ۔ کہ خود ڈرامہ نگار ان کا قریب سے مطالعہ کرے ہر حصہ ملک کی زبان میں کچھ نہ کچھ ضروری اختلافات پائے جاتے ہیں ۔ خواہ وہ تذکیر وتانیث کے لحاظ سے ہوں یا تلفظ کے اعتبار سے ۔ اگر ڈرامہ نگار چاہے تو ایسے مقام پر اپنی شخصیت کا اظہار کرسکتا ہے ۔ مثلاً اگر ڈرامہ نگار حیدرآباد کا باشندہ ہے ۔ اور کردار دہلی کا تو ایسے وقت یہ ممکن ہے کہ حیدرآبادی ڈرامہ نگار اپنی زبان ہی پیش کرے لیکن بہتر تو یہی ہے کہ زبان بھی کردار کے ساتھ دہلی ہی کی ہو ۔ اور ڈرامہ نگار اپنی شخصیت کے اثرات مرتسم کرنے سے باز رہے ۔

ڈرامے میں ظرافت مختلف طریقوں سے پیش کی جاسکتی ہے ۔ لیکن سب سے ادنیٰ درجے کی ظرافت وہ ہے جو جسمانی حرکات وسکنات کے ذریعہ پیش کی جائے ۔ اس کی مثال اس ظرافت کی ہے ۔ جو بھانڈ، نقال اور سرکش کے مسخرے پیش کیا کرتے ہیں ۔ پرانے ڈراموں کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کمپنی حصول زر کی خاطر ایسے عامیانہ مذاق کا جز ڈرامے کے ساتھ شریک کردیا کرتی تھی ۔ جن کا ڈرامے سے کوئی تعلق نہ ہوتا تھا ۔ چنانچہ راقم الحروف نے ایسے متعدد ڈرامہ دیکھے ہیں ۔ مارآستین میں ایک ایسا جز شریک کردیا گیا ہے ۔ اور وہ عوام کے مذاق کے اتنا حسب حال ہے کہ لوگ اسے جمیلہ کی ناٹک کے نام سے موسوم کیا کرتے ہیں ۔ آغا حشر ہندوستان کے شکسپیر کے نام سے ملقب ہوئے اس میں کوئی شک نہیں کہ انھوں نے ڈرامے کی بڑی حد تک خدمت انجام دی لیکن ان کے بہت کم ڈرامے ایسے تھے جو بغیر کسی تبدیلی کے منظر عام پر پیش کئے گئے ہوں ۔ چونکہ کمپنیاں حصول معاش کی خاطر ایسا کرنے پر مجبور تھیں چنانچہ آغا حشر کو خود اس امر کا اعتراف ہے ۔ انھوں نے اس سوال پر کہ ان کے ڈراموں میں عامیانہ مذاق کیوں جھلکیاں دکھاتا ہے ۔ جواب دیا تھا ۔ کہ اگر انھیں

کسب معاش کی فکر نہ ہوتی تو اس کمزوری کو دور کرنا ممکن تھا۔ سنجیدہ مذاق الفاظ موقع و مقام کی وجہ سے ہی پیدا کیا جا سکتا ہے۔ جب مختلف طبیعتوں کا تصادم ہو جاتا ہے تو مذاق میں بلندی پیدا ہو جاتی ہے۔

اسٹیج اور ڈرامے میں جسم اور روح کا سا تعلق ہے۔ جس طرح انسان کی کامیابی اس کے جسم اور روح کی ہم آہنگی کی رہین منت ہوتی ہے۔ اس طرح اسٹیج اور ڈرامے کے ارتباط پر ڈرامے کی کامیابی کا انحصار ہے۔ ہندوستان میں پہلے مختلف رنگ کے پردے تان کر ڈرامے اسٹیج کئے جاتے تھے۔ اندر سبھا کے مصنف نے اس کی پوری تفصیلات لکھی ہیں۔ یہ اسٹیج سارے تکلفات سے مبرا تھا۔ لیکن اس کے بعد ایک وہ دور آیا جس میں اسٹیج کی تیاری پر غیر معمولی عرق ریزی کرنی پڑتی تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اسٹیج پر ایسی ہستیوں کو بھی لایا جاتا تھا۔ جن کے وجود کا تعلق اس دنیائے آب و گل سے نہ ہوتا تھا۔ اور یہ دیوی دیوتاؤں کو آسمان پر سے اترتے اور برگزیدہ ہستیوں کو دامن عافیت میں لیتے ہوئے پیش کیا جاتا تھا۔ پرانے ڈراموں کے مطالعہ سے یہ ساری حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ اسٹیج پر دوسری منزل کا بھی انتظام کیا جاتا تھا۔ اور جھولوں وغیرہ کے ذریعہ دیوں اور دیوتاؤں کو اتارا کرتے تھے۔

موجودہ دور میں ایسی دشواریاں تو نہیں ہیں لیکن بعد از تقائی دور ہے اس لئے اسٹیج کی تیاری میں بہت سی باریکیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ ان مشکلات کا وہی حضرات اچھی طرح اندازہ لگا سکتے ہیں۔ جنھیں آئے دن ان سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ پھر اداکار اسٹیج میں ہم آہنگی بھی ڈرامے کی کامیابی کے لئے لازمی شرط ہے۔ بعض مغربی ماہران فن کا خیال ہے کہ اسٹیج کئی منزلہ ہو اور ناظرین کی نشستوں کا انتظام اس کے ہر سہ جانب کیا جائے۔ غرض جوں جوں زمانہ ترقی کرتا جائے گا۔ اس کے ساتھ فن ڈرامہ میں بھی ترقی ہوتی رہے گی اردو ڈرامہ ابھی بہت پیچھے ہے فقط

"عجیب اتفاق"

صبح کی حسین دیوی انگڑائیاں لیتی ہوئی بیدار ہو رہی تھی۔ فلک کی لامتناہی وسعتوں میں جگمگانے والے ستارے دنیا اور دنیا والوں پر حسرت بھری نگاہیں ڈالتے ہوئے یکے بعد دیگرے رخصت ہو رہے تھے۔ نسیم سحری کے ہلکے ہلکے خوشگوار جھونکے پھولوں کی خوشبو سے آمیز شام جان کو معطر بنا رہے تھے۔ ایسے فرحت بخش موسم میں جبکہ فطرت اپنے نکھار پر ہو گھر کی چار دیواری میں اکیلے پڑا رہنا کسی دل والے آدمی کا کام نہیں۔

خسرو شاعر تھا۔ بے حد حساس تھا۔ وہ باہر نکل پڑا۔ قدرت کی رنگینیوں اور لطافتوں میں کھو جانے کے لئے ..... دور تک جنگل کا سلسلہ تھا۔ جنگلی درخت والہانہ انداز سے جھوم رہے تھے۔ اور کبھی کبھی جنگل کے حسین پھولوں کے ساتھ سرگوشیاں بھی کرتے جاتے تھے سُبک اور خوش رنگ پرند اونچے اونچے درختوں کی ٹہنیوں پر بیٹھے پرسوز آواز میں چلّا رہے تھے... قریب کی چھوٹی سی ندی اٹکھیلیاں کرتی ہوئی اپنی منزل کی طرف برابر بہی چلی جا رہی تھی۔

خسرو ایک طرف بیٹھ گیا ..... ماہی گیر لکڑی کے تختوں پر سوار دور دور تک اپنے شکار کی تلاش میں چلے جا رہے تھے آبی پرند پانی پر منڈلا رہے تھے۔ بعض چھوٹی چھوٹی کشتیوں کے مانند پانی کی سطح پر تیر رہے تھے۔ دیہاتی لڑکیاں آپس میں چھیڑ چھاڑ کر رہی تھیں۔ ان کے پُرشور قہقہوں سے جنگل کی فضا مرتعش تھی۔ خسرو کو یہ منظر بہت پسند آیا۔ دو سال کی طویل مدت کے بعد وہ اپنے گاؤں کو واپس آیا تھا۔ وہ شہر کے ایک کالج میں الیف۔ اے کی آخری جماعت میں تعلیم پا رہا تھا۔ اس کا باپ گاؤں کا معمولی سا زمیندار تھا۔ شہر کی زندگی کا وہ اس قدر عادی ہو گیا تھا کہ گاؤں کو واپس جانے

کے خیال سے ہی افسردہ خاطر ہو جاتا تھا۔ . . . . . وہ سوچتا۔ گاؤں میں میرے لئے کیا دلچسپی ہے۔ زندگی کی ہماہمی جو شہر میں نظر آتی ہے وہ دیہات میں کہاں نصیب ہو سکتی ہے . . . . . آج اسے پہلی بار اس بات کا احساس ہوا کہ اس کا خیال کس قدر بے بنیاد تھا ـــ اسی خیال میں گم وہ قدرت کی بے پناہ لطافتوں کا جامع مطالعہ کر رہا تھا . . . . . یکایک وہ چونک پڑا۔ اور پھر کچھ سننے کی کوشش کرنے لگا . . . . . کوئی گا رہا تھا۔

" بالم روٹھ گیو کیوں موسے "

راگ ہوا کے دوش پر سوار اس کی سماعت کے پردوں سے ٹکرا رہا تھا۔ آواز میں بلا کا لوچ اور ترنم تھا۔ خسرو بیخود سا ہو گیا اور خود بھی وہی شعر گنگنانے لگا۔

وہ اُٹھا اور آواز کی جانب کھنچتا چلا گیا۔ تھوڑی دور جانے کے بعد وہ رُک گیا۔ اس کا دل زور زور سے حرکت کرنے لگا۔ اس کے قریب ہی ایک حسین دوشیزہ پانی میں پاؤں لٹکائے ایک پتھر پر بیٹھی موجوں کے ساتھ اٹکھیلیاں کر رہی تھی۔ موجیں اُس کے پاؤں کو گدگداتی۔ اس کے گرد تصدق ہوتی ہوئی اور اپنی قسمت پر نازاں چلی جا رہی تھیں۔ ٹھیر ٹھیر کر اس کے لبوں سے کیف اور راگ کے چشمے پھوٹے پڑتے تھے۔ اور جنگل کی لامحدود فضا میں گم ہو جاتے وہ گا رہی تھی لیکن دنیا اور اس کی ہر چیز سے بے نیاز ہو کر اس سے کچھ ہی دور ایک مرد اور ایک عورت . . . . . شاید اس کے ماں باپ . . . . . چہل قدمی کر رہے تھے۔ گاڑی قریب ہی ایک طرف کھڑی تھی۔ گاڑی بان ایک طرف بیٹھا مزے سے چلم کے کش اڑا رہا تھا۔ خسرو اور آگے بڑھا اس کے پاؤں کی آہٹ پا کر اُس دوشیزہ کی نگاہیں تھوڑی دیر کے لئے خسرو کی طرف اٹھیں اور پھر جھک گئیں۔ اب نغمے تھم چکے تھے۔ وہ جلدی سے اُٹھی اور جانے لگی۔ " حسین دوشیزہ " بے ساختہ خسرو کی زبان سے نکلا۔ وہ پلٹی۔ ایک بار پھر اس کی نگاہیں خسرو کی نگاہوں سے ملیں۔ وہ شرماتی ہوئی اُس کے دل کی دنیا کو تباہ و برباد کرتی چلی گئی۔ اور بہت جلد خود بھی اپنے ماں باپ کے ساتھ چہل قدمی کرنے لگی ـــ آہ! کس قدر حسین تھی وہ اور پیار کرنے کے قابل ـــ وہ

بہت دیر تک خیال انگیز محویت میں وہیں بیٹھا رہا۔ جس وقت یہ طلسم ٹوٹا۔ آفتاب نکل چکا تھا اور دنیا کو اپنے نور سے منور کر رہا تھا۔ وہ لوگ جا چکے تھے۔ خسرو بھی اپنے گھر کی طرف چلا گیا۔

خسرو اداس رہنے لگا۔ اکثر راتوں میں وہ سوچتا "وہ لوگ کون تھے۔ کہاں کے رہنے والے تھے۔ یہاں کے باشندے تو معلوم نہیں ہوتے۔ شاید کسی اور شہر سے تفریح کی خاطر یہاں آگئے ہوں۔ کیا وہ لڑکی کے ماں باپ تھے۔ وہ لڑکی۔ وہ ہاں ..... مگر ہے بہت خوبصورت۔ اُس کی آنکھیں کس قدر رسیلی۔ دلوں کو برباد کرنے والی تھیں۔ اس کے مسکرانے میں کتنی قیامتیں تھیں! غرض اس کا دماغ انھیں خیالات کا آماجگاہ بنا رہتا تھا۔ وہ اکثر رات کا بڑا حصہ اسی سوچ بچار میں گزار دیتا۔

وہ متعدد بار ندی پر گیا۔ لیکن نہ تو وہ نازنین ہی نظر آئی اور نہ اُس کا کچھ پتہ ہی معلوم ہو سکا۔

ایک دن شام کے تقریباً ۶ بجے آفتاب غروب ہو رہا تھا اور جب کہ درختوں کے سایے دراز ہو رہے تھے خسرو اپنے ایک دوست سے ملنے جا رہا تھا۔ راستے میں وہ ایک مکان کے سامنے ٹھٹک کر رہ گیا۔ وہی نازنین اپنی تمام رعنائیوں کے ساتھ کھڑکی میں کھڑی ہوئی تھی۔ خسرو سے نگاہیں ملتے ہی وہ مسکرائی اور اندر چلی گئی۔ وہ تھوڑی دیر تک وہیں مبہوت بنا کھڑا رہا ـــــ اور یہ کہتا ہوا "آہ ظالم تجھے تڑپانے میں مزا آتا ہے" اپنے گھر کی طرف چل دیا۔

اب روزانہ کسی نہ کسی وقت دونوں کی ملاقات ہوتی۔ وہ کھڑکی میں بیٹھی ہوتی اور خسرو اُس کے سامنے آجاتا ـــــ کچھ دنوں کے بعد خسرو کو محسوس ہونے لگا کہ اُس کے بغیر اُس کی ہستی میں ایک خلا معلوم ہوتا تھا۔ وہ اس سے ہٹ کر جب اپنی زندگی پر نظر ڈالتا تو اسے تاریکی ہی تاریکی نظر آتی تھی ـــــ خود وہ نازنین بھی اس کی محبت سے متاثر معلوم ہوتی تھی۔ دونوں کے پیام محبت اب تک آنکھوں ہی آنکھوں میں ایک دوسرے کو بھیجے جاتے تھے۔ اظہار کی جرأت دونوں طرف سے کسی کو بھی نہیں ہوئی تھی۔ آخر خسرو نے ارادہ کر لیا کہ وہ اُس سے اپنی محبت کا اظہار کر کے رہے گا۔ اُسے اس بات کا یقین دلا دے گا کہ وہ اُس سے بہت محبت کرتا ہے۔ پھر اس سے التجا کرے گا کہ وہ بھی اس کی محبت کا جواب محبت ہی سے دے ـــــ دوسرے روز وہ صبح اٹھا

اُوس پڑ رہی تھی ۔ ساری دنیا پر ہلکا سا دھندلکا چھایا ہوا تھا ۔ ہوا شور کرتی چل رہی تھی ۔ درختوں کے پتے خوشی سے تالیاں بجا رہے تھے ۔ خسرو ان مناظر سے بے خبر اس غارتگر دل کے خیال میں مست اُس کے مکان پر پہنچا ـــــ اس کا خیال تھا کہ شاید وہ اُس سے نہ مل سکے گی ۔ لیکن تھوڑی سی کوشش کے بعد اُس نے اُسے پالیا ۔ وہ اپنے پائین باغ میں اکیلی بیٹھی ہوئی صبح کے نظارہ میں محو تھی ۔ ہلکے کاسنی رنگ کی ساڑی میں وہ پریوں سے زیادہ حسین معلوم ہو رہی تھی ۔ تھوڑی دیر تک وہ اس کی طرف (للچائی ہوئی نظروں سے) دیکھتا رہا ۔ پھر اسے مخاطب کرنے کے لئے گنگنانے لگا ۔

شعر ۔ اظہار کی جرأت کرتا ہوں میں ہائے محبت کرتا ہوں

اُس نے خسرو کی طرف دیکھا ۔ اور پھر اشارے سے پوچھا "کیا ہے ؟" "کچھ نہیں" کہتا ہوا خسرو باغ کی چھوٹی سی دیوار پھلانگ کر اس تک پہنچ گیا ۔ وہ گھبرائی ہوئی نظروں سے ادھر ادھر دیکھ کر کہنے لگی " جاؤ ـــــ جاؤ ـــــ نہیں تو کوئی دیکھ لے گا "

لیکن خسرو اُسی کے پیروں میں جھک گیا ۔ اس کے جذبات برانگیختہ ہو گئے وہ حالت اضطراری میں کہنے لگا " حسین نازنین .... میں تم سے محبت کرتا ہوں ۔ میں محسوس کرنے لگا ہوں کہ بغیر تمہارے میری زندگی بیکار ہے ... میں اپنی محبت کا جواب محبت سے چاہتا ہوں ۔ صرف اتنا کہدو کہ " مجھے بھی تم سے محبت ہے "

" اب جاؤ " اُس نے خسرو کو اپنے ہاتھوں کے سہارے اُٹھاتے ہوئے کہا ۔ " میں آپ کی محبت کی قدر کرتی ہوں لیکن خدا کے لئے اب جلد چلے جاؤ ۔ اگر کوئی دیکھ لے تو بڑی مصیبت ہو جائے گی ـــــ بڑی بدنامی کی بات ہے ۔ اب کبھی ایسی جرأت نہ کرنا " وہ یہ کہتی ہوئی چلی گئی ۔ خسرو بھی دیوار پھاند کر اپنے گھر کی طرف اپنی خوش قسمتی پر ناز کرتا ہوا چلا گیا ۔ اس کے چہرے سے فتح کی جھلک نمایاں تھی ۔

خسرو کی زندگی کے یہ چند لمحے مزے کے ساتھ گذر رہے تھے ۔ وہ اسی میں خوش تھا کہ ایک خوبصورت لڑکی اس کی محبت کا دم بھر رہی ہے ۔ وہ سب کے ساتھ مہربانی سے

پیش آتا ۔ گھر والے اس کی طبیعت کے انقلاب کی وجہ سمجھ نہ سکے ۔ لیکن بہت جلد یہ طلسم رنگ و بو ٹوٹا ۔ وہ نازنین چلی گئی ۔ خسرو کو فراق کی مسموم فضا میں اکیلا چھوڑ کر ۔ وہ اُس کو یاد کرتا اور تڑپتا ۔ وہ تو چلی گئی تھی لیکن خسرو کے تصورات کی دنیا اب تک اس سے آباد تھی ۔ وہ اکثر یہ شعر گنگناتا ۔

شعر تصور کا کرم ہے میں کبھی خالی نہیں رہتا نہیں آتا اگر کافر تو اُس کی یاد آتی ہے

اس کو ایک عرصہ گذر گیا ۔ بادل اُمڈ اُمڈ کر آتے، برستے اور پھر کھل جاتے تھے ۔ چاند اور سورج اپنے محور کے گرد گھومتے اور پھر اپنے مقام پر چلے جاتے لیکن وہ نہ آنا تھی نہ آئی ۔ لوگ زمانے کے ساتھ ساتھ اپنے اپنے واقعات کو بھولتے گئے ۔ شاید حال نام ہی ہے گذشتہ واقعات کو بھول جانے کا لیکن وہ نازنین اب تک خسرو کے دل میں آباد تھی ۔

اس عرصہ میں خسرو بی ۔ اے کامیاب ہو چکا تھا ۔ اور اسے اچھی ملازمت بھی مل گئی تھی ۔ اس کے ماں باپ غریب تھے ۔ اب ایکبارگی اتنی دولت دیکھی ۔ وہ بے حد خوش تھے اور اپنے لڑکے کی شادی کی تیاریاں کرنے لگے ۔ خسرو نے جب سنا کہ اُس کی تیاریاں ہو رہی ہیں ۔ بات چیت بھی طے پا گئی ہے ۔ تو وہ بہت سٹ پٹایا ۔ آنکھوں میں اندھیرا سا چھا گیا ۔ پھر سوچنے لگا "اب کیا کیا جائے" کس طرح اس مصیبت سے چھٹکارا حاصل کیا جائے ۔ اب اُسے وہ نازنین یاد آ رہی تھی ۔ اس کی تصویر آنکھوں کے سامنے پھرنے لگی ۔ وہ مسکراتی ہوئی معلوم ہوتی تھی ۔ خسرو تڑپ جاتا تھا ـــــ اپنی بے بسی پر آنسو بہا کر خاموش ہو جاتا تھا ۔ اس کی ناراضگی کا کوئی اثر ماں باپ پر نہ ہو سکا ۔ وہ کہتے کہتے تھک گیا کہ " ابھی میں شادی کرنا نہیں چاہتا ۔ آخر آپ لوگوں کو میری شادی کی اتنی جلدی کیوں ہے ۔ لیکن سب ترکیبیں بیکار ثابت ہوئیں ۔

خسرو کو یہ سن کر کہ اس کی ہونے والی بیوی حسین ہے تعلیم یافتہ ہے ۔ یک گونہ خوشی تو ہوئی لیکن جب اس نازنین کا خیال آتا تو شرمندگی سے اُس کا سر جھک جاتا ۔ وہ خیالات کے ہجوم میں گھبرا کر کہتا " آہ میرے دل کی ملکہ ـــــ میں تیرا شرمندہ ہوں ۔ میرا عہد ٹوٹ گیا لیکن میں مجبور ہوں ۔ مجھے معاف کر"

خسرو کی شادی کا دن آگیا ہر طرف سے مبارکبادیاں دی گئیں ۔ ہر شخص خوش خوش تھا ۔ لیکن خسرو کا چہرہ اداس تھا ۔ شاید وہ خوش نہ تھا ۔

برات دھوم دھام سے نکلی ۔ خسرو اپنے مکان پر پہنچا ۔ رات اپنی تمام دلچسپیوں اور ہنگامہ آرائیوں کے ساتھ آئی ۔ لیکن کس قدر بھیانک اور خوفناک تھی وہ خسرو کے لئے ۔ وہ حجلۂ عروسی میں پہنچا ۔ پیشانی عرق آلود تھی ۔ طائر دل قفس سینہ میں پھڑپھڑا رہا تھا ——

وہ بے چین تھا اپنی ہونے والی کو دیکھنے کے لئے —— کانپتے ہوئے ہاتھوں سے اُس نے اپنی بیوی کے منہ پر سے آنچل اٹھایا ۔ خوشی سے اُس کے چیخ نکل گئی ۔ وہی نازنین جو اُس کی تصورات کی دنیا میں آباد تھی ۔ جس کے لئے وہ دن رات تڑپتا تھا ۔ اب ہمیشہ کے لئے اس کی تھی ۔

" عجیب اتفاق " دفعتاً خسرو کے منہ سے نکلا اور اپنی بیوی اور محبوبہ کو اپنی آغوش میں لے لیا ۔"

شیخ امیر الدین حسین سال اوّل

"بت تراش"

بت تراش ؟ ـــــ میں اور بت تراشی ؟ یہ کون کہہ رہا ہے ـــــ یہاں تو کوئی نہیں ۔ خیر میں بتائے دیتا ہوں ـــــ اپنے دل کا راز ۔ میں بت تراش ہوں اور آج بھی ایک ایسا ہی بت تراشوں گا جو میری پرستش کے قابل ہو ۔

ہاں پرستش ! اپنے تراشیدہ بت کی آپ ہی پرستش

میری نگاہیں ۔ میرا تخیل یہی دو چیزیں مجھ میں افضل ہیں انہی میں میرے بت کی شکل ڈھالی جائیگی ۔

اُف یہ پھول کتنا خوبصورت ہے ۔ اے بت تو اس سے بھی زیادہ حسین اور خوبصورت بن جا ـــــ اس سے بھی زیادہ حسین تاکہ مجھے اس کی پرستش نہ کرنی پڑے ۔

تیرا جسم ـــــ اے بت ترا جسم ؟ ایک حسین عورت کے جسم کی طرح ـــــ نہیں نہیں یہ ہرگز نہیں ہوسکتا ۔ مجھے اس گل بدن کی بھی پرستش کرنی پڑے گی ۔ پھر ـــــ پھر تو اس سے بھی زیادہ حسین بن جا تاکہ میں اس کی پرستش نہ کرسکوں ۔

دیکھ ! میرے تخیل میں دیکھ ـــــ تیرا اپنا جسم دیکھ ۔ کتنا حسین ہے تیرا جسم ۔ تیرا حسن و جمال ؟ ادھر دیکھ ۔ قوس قزح کو ـــــ اس کے پورے رنگ لے لے اور اس سے بھی زیادہ خوبصورت بن جا ۔ تاکہ جب کبھی میں اس کو دیکھوں تو تو یاد آجائے ۔

تو ہر حسین شئے سے ـــــ ہاں ہاں ہر حسین شئے سے زیادہ حسین بن جا ۔ دیکھ مجھے کبھی کبھی چاند اور سورج کی بھی پرستش کا خیال ہوتا ہے کیونکہ وہ بہت روشن ہیں ـــــ بہت روشن لیکن تو ـــــ اے میرے پیارے بت تو ان سے بھی زیادہ روشن بن جا ۔

تیری صفات ؟ ـــــ میں تجھے کن صفات کا حامل بناؤں ؟
دیکھ مجھ کو خود پر ناز ہے ۔ ہاں اپنے آپ پر ـــــ تو میری پوری صفات لے لے اور مجھ سے بھی افضل بن جا ۔
سچائی ـــــ لے لے ۔
نیکی ـــــ لے لے ' اور انصاف بھی لے لے یہ بھی تیرے لئے ضروری ہے ۔
لے لیا ـــــ سب کچھ لے لیا ۔ بدی اور جھوٹ بھی ؟ نہیں نہیں یہ نہیں ہوسکتا ۔ بدی اور جھوٹ کا تو خود میرے پاس ہی وجود نہیں ۔ یہ کوئی صفات ہی نہیں ہیں ۔ میں نے نیکی کا غلط استعمال کیا اور یہی میری بدی تھی ۔ میں نے سچ سے انحراف کیا اور یہی میری جھوٹ ـــــ میں نے تجھے نیکی اور سچ دونوں دے دئے پھر بتا کہ اور کیا دوں ـــــ بدی اور جھوٹ تو خود میرے پاس ہی نہیں ہیں پھر میں تجھے کیسے دے سکتا ہوں ۔
اُف آسمان ! ـــــ بلند آسمان ! ۔ بے شک مجھے اس کی پرستش کرنی چاہیے لیکن میں ! ـــــ ہاں میں تو تیری پرستش کرنی چاہتا ہوں ۔ پھر کیا کروں ؟ ہاں ہاں اے میرے پیارے بت تو اس سے بھی زیادہ بلند ہو جا ۔ تاکہ اس کی بلندی مجھے تیری یاد دلاتی رہے اور میں اس کی پرستش کی جانب مائل نہ ہوسکوں ۔
دیکھ تیرے رہنے کے لئے کتنا بلند مقام ہے ۔ لیکن کیا تو مجھ سے دور ہو جائے گا ؟
ـــــ نہیں نہیں یہ ہرگز نہیں ہوسکتا ۔ دیکھ میرے تخیل اور میری نگاہوں میں دیکھ ـــــ تیری اپنی تصویر دیکھ تو ان سے ہرگز نہیں چھپ سکتا ۔
کیا کہا ؟ ـــــ دیکھوں ۔ تیری طرف دیکھوں ؟ تجھ کو دیکھوں ؟ تو کہاں ہے دیکھوں ؟
ـــــ کیوں ۔ کیا میں تجھے نہیں دیکھ سکتا ؟ ـــــ اب نہیں دیکھ سکتا ! کیونکہ تو بہت حسین و جمیل ہوگیا ہے ۔ میری آنکھیں ! کیا میری آنکھیں اس قابل نہیں ؟ ـــــ لیکن میں تجھے ان آنکھوں سے کب دیکھوں گا جن سے کہ میں دنیاوی چیزوں کو دیکھتا ہوں ۔ میں تو تجھے

ان آنکھوں سے یا ان نظروں سے دیکھوں گا جن میں کہ میں نے تجھے بنایا ہے۔

سن ۔ میں ایک پھول کو دیکھتا ہوں ۔ کتنا حسین پھول ہے ۔ لیکن میں نے تجھ کو اس کا حسن چھین لینے کے لئے کہا تھا ۔ پھر تو تو اس سے بھی زیادہ حسین ہوگا ۔ تو نے کہا تھا کہ میں تجھے نہیں دیکھ سکتا ۔ لیکن دیکھ میں نے ایک پھول کو دیکھ کر تیرے حسن کا اندازہ لگا لیا ——— ہاں ایک چھوٹے سے پھول کو دیکھ کر تجھ جیسی زبردست ہستی کا اندازہ اسی طرح سورج تیری روشنی، آسمان تیری بلندی اور چاند تیرے حسن کا پتہ دیرہا ہے ۔ لیکن اس سے بھی زیادہ میں تجھے اپنے تخیل اور نظروں میں دیکھتا ہوں ۔ اس تخیل اور نظروں میں جن میں کہ تیری شکل ڈھالی گئی ہے ۔ میں اندھیرے میں اکیلا بیٹھ کر بھی تیری بزرگی ——— روشنی اور خوبصورتی کو دیکھ سکتا ہوں ۔ تو میرے تخیل اور نظروں سے ——— اس تخیل اور نظروں سے ہرگز نہیں چھپ سکتا جن میں کہ میں نے تجھے بنایا ہے ۔ پھر تو نے یہ کیسے کہا کہ میں تجھے نہیں دیکھ سکتا ؟ ۔

آرزو ! ——— تجھے دیکھنے کی آرزو ! میں نے تجھے دیکھنے کی آرزو کب کی ؟ ——— ہاں ہاں کی تھی ۔ میں نے ایسی آرزو کی تھی ۔ لیکن وہ تو ان آنکھوں سے دیکھنے کی آرزو تھی جن سے کہ میں تیری قدرت کو دیکھتا ہوں ۔ میں نے ان نظروں اور اس تخیل سے دیکھنے کی آرزو کب کی جن میں کہ میں نے تجھے بنایا ہے ؟

بے شک ——— ہاں ہاں بے شک میں گر پڑا ۔ کیونکہ میں نے دنیاوی چیزوں کو دیکھتے ہوئے تجھے دیکھنے کی کوشش کی اور تو ان سب سے زیادہ حسین، جمیل، اور روشن ہے ۔ میری نظریں جب تیری قدرت کو دیکھتے ہوئے تیری طرف اٹھیں تو وہ تیری روشنی اور چمک کی تاب نہ لا سکیں ۔ اگر میں اس وقت آنکھیں بن کر لیتا تو یقیناً تجھے دیکھ سکتا ۔ کیونکہ میں اس وقت ان نظروں کا مالک ہوتا جن میں کہ تو بنا ہے ۔

کیا میں تجھے اب نہیں دیکھ رہا ہوں ؟ ——— اب بھی تو میں تجھ ہی کو دیکھ رہا ہوں ۔ پھر کیوں میں غش نہیں کھاتا ؟

تو میرا خدا ہے ——— یعنی تو نے مجھے بنایا ہے ۔ پھر میں بھی تو تیرا خدا ہوں کیونکہ میں نے بھی تجھے بنایا ہے ۔ دیکھ میرے تخیل اور میری نظروں کو دیکھ یہ اب بھی تجھ میں رنگ آمیزی کر رہے ہیں ۔

سید نعیم الدین احمد متعلم سال اوّل (عثمانیہ)

ابھاگن ۔؟

کشور گاؤں کے زمیندار کا اکلوتا لڑکا، شہر کی مسموم فضاؤں میں پل کر، اور بی۔ اے کی ڈگری لیکر آیا تو اچھا خاصہ نوجوان تھا۔ اُس کے مضبوط بازو اور چوڑے چکلے سینہ میں ایک خاص کشش تھی۔ یہی وجہ تھی کہ دیہاتی اُبلائیں اُس کو پرشوق نظروں سے دیکھا کرتیں اور اپنی سہیلوں سے چپکے چپکے کہتیں "دیکھا کشور بابو کو شہر سے انگریزی پڑھ کر آئے ہیں۔ بڑا نام پیدا کیا ہے"

ان میں سے ایک لاجونتی[1] زمیندار کے منشی کی لڑکی تھی جس کی ماں مرچکی تھی اور باپ بھی قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا تھا۔ ان دیہاتوں سے الگ، وہ کچھ پڑھی لکھی بھی تھی اور کشور کی دل سے معتقد بھی۔ وہ دور ہی سے کشور کو دیکھ کر مسکراتی اور مَن ہی مَن میں اُس کی پوجا کیا کرتی۔

کشور نے جب گاؤں کی الھڑ اور صاف دل حسینوں کا میلان اپنی طرف دیکھا تو کسی سے محبت کے وعدے کئے اور کسی کو یہ وچن دیا کہ وہ اُس کو جلد ہی سماجی بندھن میں اپنے ساتھ جکڑ لے گا۔ اسی طرح سبز باغ دکھاتے ہوئے اُس نے وہ سب کچھ کرنا شروع کیا جو اعلیٰ تعلیم کے اخلاقی مقاصد کے بالکل منافی تھا۔ اُس کی ہوس اُن کے بھولے پن سے کھیلنے لگی، کئی عورتیں اُس کی حیوانیت کی بھینٹ چڑھ چکی تھیں، کئی گھر تباہ و برباد ہو چکے تھے۔ لوگ دیکھتے اور خاموش ہو جاتے۔ بیچارے کر بھی کیا سکتے تھے۔ زمینداری کی دھاک بُری ہوتی ہے۔ کہاں رائی اور کہاں پربت؟ کہیں بلبل بھی عقاب پر فتح پا سکی ہے ـــــ؟

---

[1] لاجونتی کا باپ بیمار پڑا۔ بوڑھا آدمی تھا، سردی لگ گئی۔ لیکن زمیندار کا حکم تھا

"کل ذرا سویرے آنا" ـــــ گھر آنے تک بخار زیادہ ہوگیا تھا۔ بڑھا ایسی حالت میں کیا کرسکتا۔ پریشان ہوگیا اور لاجو کو زمیندار کے پاس بھیجا تاکہ وہ زمیندار سے معافی چاہے۔ لاجو واپس ہونے لگی تو اُس نے کشور کو اور کشور نے اُس کو دیکھا' آنکھوں آنکھوں ہی میں کچھ عہد و پیمان ہوئے۔ کشور نے دیکھا کہ تیر ٹھیک نشانہ پر لگا ہے' اُس نے لاجو کو آنے کا اشارہ کیا۔ وہ محبت کی بھوکی تو تھی ہی دونوں کمرہ میں داخل ہوئے۔ صرف ان دونوں کی تیز سانسوں اور دھڑکتے دلوں کی آواز ہی کمرہ کے سکوت کو توڑ رہی تھی۔ تھوڑی ہی دیر بعد کمرہ سے ایک ہلکے سے نقرئی قہقہہ کی آواز بلند ہوئی ـــــ باہر کوئی خوش فکرا "کسی کی خاک میں ملتی جوانی دیکھتے جاؤ" گاتا ہوا چلا جارہا تھا۔

جب تک پھول میں تازگی اور رس رہتا ہے بھونرے منڈلاتے رہتے ہیں تازگی غائب اور رس ختم ہوجائے تو مکھیاں بھی نہیں بھنبھناتیں ـــــ !

یہی حال لاجو کا بھی ہوا' وہ ایک کھلونا تھی مٹی کا' اور ایک ٹکڑا تھی برف کا' جوں ہی دل سیر ہوا کھلونا ٹوٹا' اور جیسے ہی پانی بھی برف کی لذت تلخی سے بدل گئی۔

لاجو اب پہلی سی لاجو نہ تھی بلکہ ایک بچہ کی ماں بننے والی تھی۔ لاجو اور کشور کے تعلقات کا چرچہ عام ہوچکا تھا اور شدہ شدہ اُس کے باپ کے کانوں تک بھی پہنچ گیا۔ بوڑھا پہلے سے نیم مردہ تھا یہ سنتے ہی اُس کی غیرت نے آخری سانس لے کر اپنے آپ کو بے شرم کہلوانے سے محفوظ کرلیا۔ اب لاجو دنیا میں اکیلی تھی وہ جس طرف بھی جاتی لوگ اُس پر آوازیں اور فقرے کستے۔

یعقوب کو اس بارے میں یقین نہ آتا تھا کہ سریش کی شادی ہوچکی ہے لیکن سریش یہ کہتا ہوا آگے بڑھا "تمھیں معلوم ہے یعقوب میں بی۔ اے پاس کرنے کے بعد کالج کی صوفیانہ زندگی سے گھبرا گیا تھا اور گاؤں محض اس لئے چلا گیا تھا کہ وہاں کی آزاد اور دیہاتی فضا میں رہ کر اپنی زندگی گذار دوں ـــــ ہاں تو ایک مرتبہ میں حسب معمول سیر کرتا ہوا جنگل میں چل نکلا اور اُس کے گھنے حصہ کو

پار کیا ہی چاہتا تھا کہ مجھے ایک عورت کے کراہنے کی آواز آئی۔ متعجب ہوا کہ ایسے سنسان جنگل میں یہ آواز کیسی۔ آواز کے رخ چلا' مجھے ڈھونڈھنے کی زیادہ زحمت بھی نہ پڑی' میں نے دیکھا کہ ایک درخت کے نیچے کوئی گٹھری سی پڑی ہوئی ہے۔ میں قریب گیا' خط و خال جو اب کچھ دھندلے ہو رہے تھے' کافی دل کش اور حسین تھے' ـــــ وہ عورت تھی' ٹھیٹ عورت' لیکن زمانہ کے ہاتھوں ستائی ہوئی' بے ہوش۔ اُس کی آغوش میں ایک نوزائیدہ بچہ پڑا بلک رہا تھا میں نے بچہ کو اٹھا لیا اور عورت کو ہوش میں لانے کی ترکیبیں کرنے لگا۔ شکر ہے کہ میری کوششیں رائیگاں نہیں گئیں۔ وہ فوراً ہوش میں آئی اور مجھے خوفزدہ نظروں سے گھور گھور کے دیکھنے لگی۔ گویا کہ وہ مرد سے نہ صرف ڈرتی بلکہ اُس کے سایہ سے بھی نفرت کرتی ہے۔ اس لئے میں نے کوشش کی کہ اس کے اس جذبہ کو دور کروں اور شاید اُس کو بھی یقین آگیا کہ میں ان لوگوں سے مختلف ہوں' جیسے وہ سمجھتی ہے۔ میں نے بچہ اُس کو دے دیا اور واپس لوٹا۔ میں نے دیکھا کہ اس کی نگاہوں میں میرے لئے کچھ ترحم بھی ہے۔

میں ہر روز وہاں جاتا اور کچھ نہ کچھ کھانے کی چیزیں اُسے دے آتا۔ وہ شکریہ کے ساتھ قبول کر لیتی۔ اس طرح ایک مہینہ گذر گیا۔ اور اب میں اُسے اُس کی جھونپڑی سے اپنے گھر لایا اور اُس کی کافی دل جوئی کرنے لگا۔

ایک سوال ہو سکتا ہے کہ یہ سب میں کیوں کر رہا تھا' یہ ایک فطری اور معقول سوال ہے لیکن اس کا جواب خود میری سمجھ میں کبھی نہیں آیا اور نہ شاید آجو کی سمجھ میں آیا ہو۔ ہم دونوں ایک دوسرے کو پہلے تو صرف دیکھتے رہے' پھر شاید مانوس بھی ہونے لگے۔ اس اثنا میں میں اُس سے کافی بے تکلف ہو چکا تھا اور وہ بھی میری کافی ہمدرد۔ چنانچہ میری خواہش پر اُس نے اپنا سارا حال بیان کیا اور رونے لگی۔

بجائے اس کے کہ مجھے اُس سے کچھ بے تعلقی سی ہوتی' ان حالات سے میلان اور

بڑھنے لگا ۔ اور شاید یہ ایسا جذبہ تھا، جو کسی لوث پر مبنی نہ تھا، اس لئے لاجو کے دل پر بھی اس کا کافی اثر تھا ۔ لیکن چونکہ وہ مردوں سے نفرت کرنے لگی تھی اُس نے اس کو کوئی اہمیت نہ دی البتہ جب میں نے اپنی صداقت کا کافی یقین دلایا، اور غالباً اُس نے مردوں کی فطرت اور اپنی توقع کے خلاف میری زبان سے شادی کا لفظ سُنا تو وہ پہلے یک دم مبہوت سی ہوگئی، لیکن جب اس نے میری آنکھوں میں نظریں گاڑ کر دیکھا تو اُس کی آنکھوں میں آنسو اور لبوں پر ایک ہلکی سی مسکراہٹ آئی، اور خود بخود اُس کی گردن جھک گئی ـــــ ہاں یعقوب ہم خوش بھی ہیں ـــــ !"

" ہماری اعلیٰ تعلیم کے مقاصد کی موت بالعموم کشور جیسے ہی زردار نوجوانوں کے ہاتھوں ہوتی ہے ۔ جو تعلیم کو اپنی جہالت پر پردہ ڈال کر رنگین بنانے کی ضامن سمجھ کر حاصل کرتے ہیں ـــــ ہمارے ملک کو معاشی مساوات کس دن نصیب ہوگی ـــــ کاش !! ـــــ یعقوب نے سُریش کو مخاطب کر کے کہا ۔

خاموشی چھا گئی ۔ دور سے کسی فقیر کی صدا آ رہی تھی ۔

" عجب زندگی ہے، عجب زندگی ہے "۔

ایس ۔ وائی ۔ نسیم (عثمانیہ) متعلم سال اوّل

خطبۂ صدارت

عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر معین امیر جامعہ کی صدارت میں کرسی نشینی بزم قانون کے موقع پر منتخب صدر بزم قانون ابوالمکارم محمد فہیم الدین صاحب بی بس سی متعلم ال ال بی آخری نے پڑھا۔

اس میں قانون کے طلبا کو دوران تعلیم اور بعد ختم تعلیم جو مشکلات پیش آتے ہیں ان پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے۔

"ادارہ"

عالی جناب نواب معین امیر جامعہ پروفیسر حضرات و عزیز بھائیو۔

طلبائے قانون نے مجھ ناچیز کو اپنی انجمن کا صدر منتخب کر کے جو عزت افزائی فرمائی میں اس کا تہ دل سے شکر گذار ہوں۔ میرا یہ شکریہ محض رسمی نہیں بلکہ حقیقی ہے کیونکہ یہی وہ سب سے بڑی عزت ہے جو میرے ساتھی اپنے ایک بھائی کو عطا کر سکتے ہیں۔

صدر محترم۔ خطبہ ہائے صدارت سننے کا مجھے اکثر موقع ملا ہے۔ ایک چیز جو اس قسم کے خطبوں میں سب سے زیادہ نمایاں ہوتی ہے وہ وعدوں کی بہتات ہے میں نے اس عام اصول سے کسی قدر ہٹ کر اپنی راہ نکالی ہے اور بجائے اس کے کہ آپ کو کبھی پورے نہ ہونے والے وعدوں کی ایک طویل فہرست سنا دیتا میں نے یہ مناسب خیال کیا کہ آپ سب حضرات کے لئے سنجیدہ غور و فکر کا کچھ سامان پیدا کر دوں۔

آج کل تعلیم یافتہ بیروزگاری کا مسئلہ بہت پیچیدہ ہو چکا ہے۔ تعلیم سے فراغت حاصل کرنے کے بعد سب سے نازک اور پریشان کن مسئلہ اپنی روٹی خود کمانے کا ہے۔ ملک کے عام حالات

ایسے ہیں کہ تقریباً تمام کے تمام فارغ التحصیل اشخاص ملازمتوں کی طرف جھکنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اس سلسلے میں ادبی ڈگریاں رکھنے والے بھی اتنے لاچار ہیں جتنے کہ فنی ڈگری رکھنے والے صرف ال ال بی کی تعلیم حاصل کرنے والے ہی ایسے ہو سکتے ہیں جو حکومت کو ملازمت کے لئے پریشان نہ کریں لیکن عام کساد بازاری اکثر سینیر وکلا کی سرد مہری اور حیدرآباد کے بعض مخصوص حالات ان چند کو بھی اتنا پریشان کر دیتے ہیں کہ ہمت نہ ہارنا واقعی بڑے دل گردہ کا کام ہے۔

حضرات ۔ ایک زمانہ تھا جب ہماری جامعہ تجربہ کے دور سے گذر رہی تھی ۔عرصہ ہوا وہ زمانہ ختم ہو گیا اب ہم دوسروں کے لئے ایک مثال ہیں لیکن وہ لوگ جو ذہنی غلامی میں اب بھی مبتلا ہیں ہماری ڈگریوں کو مسلمہ ڈگریاں قرار نہیں دیتے باوجودیکہ ہر سال بیرونی ممتحن صاحبان عمدہ سے عمدہ رائے ظاہر کرتے ہیں بدقسمتی سے ہماری ال ۔ ال بی کی ڈگری بیرون حیدرآباد مسلمہ نہیں ہے ۔ باوجود ایسی صورت میں ہمارے ال ال بی کے لئے بجز اس کے کہ صرف حیدرآباد میں وکالت کرلے کوئی اور وسیع تر میدان باقی نہیں رہتا اور جو کچھ میدان میسر ہو سکتا ہے اس کی حالت یہ ہے کہ چاروں طرف سے اس پر یورش ہے کسی کے لئے کوئی روک نہیں ۔ غیر کے پاس تو ہم دھنکارے جائیں اور اپنوں کے پاس اتنا ہمارا خیال ہو جتنا کہ کوئی ٹمبکٹو کے پاس شدہ شخص کا نہ صرف ہماری کوئی ہمت افزائی نہیں کی جاتی ہمارے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں برتا جاتا ہمارے لئے کوئی مراعات نہیں بلکہ آپ کو سن کر شائد افسوس اور تعجب ہوگا کہ ہمارا ملک بھی ہماری بے عزتی کرتا ہے ۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ جس طرح ہمیں بیرون حیدرآباد وکالت کا حق حاصل نہیں اس طرح دوسروں کو حیدرآباد میں وکالت کرنے کا حق حاصل نہ ہوتا یہ تو بڑی دور کی بات ہے ہمارے ہی ملک میں ہماری توہین یوں کی جاتی ہے کہ عدالت العالیہ میں غیر عثمانی کے لئے اجازت نامہ وکالت کی فیس ۵۰ ہو تو ایک عثمانی کے لئے ۵۰ قرار پاتی ہے گویا یہ تاوان ہے جامعہ عثمانیہ میں تعلیم پانے کا جو ہم ادا کرتے ہیں ۔ اس سے بھی زیادہ مضحکہ خیز جامعہ عثمانیہ کے فارغ التحصیل کے لئے عدالت میں اردو دانی کا صداقت نامہ پیش کرنا لازم ہے اس ستم ظریفی پر ہم صرف مسکرا دینے پر اکتفا کرتے ہیں

یہ تو ال ال بی کی تعلیم سے فراغت کے بعد کا ذکر ہے اب ذرا قبل فراغت کی حالت سن لیجئے یہاں بھی ہم اچھوت ہیں اور قانون کی تعلیم حاصل کرنے میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی بڑا جرم کر رہے ہیں ہماری فیس معاف نہیں ہوسکتی ہمیں وظائف نہیں مل سکتے دوسرے فنی امتحانات مثلاً انجینرنگ اور ڈاکٹری میں کامیاب ہونے پر ملازمتیں مل جاتی ہیں یہاں سب کچھ تو کجا امتیازات سے کامیاب ہونے والوں کو بھی کوئی پلیٹ کرد یکھتے نہیں خطا صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ قانون کے طالب علم ہیں۔ صدر محترم مجھے یقین ہے کہ بہ حیثیت معین امیر جامعہ جناب والا ان امور پر ہمدردانہ غور فرمائیں گے سنا ہے کہ اب سے بہت قبل ان امور پر غور ہو کر ہمارے موافق فیصلہ ہو چکا ہے لیکن عمل درآمد کیوں نہیں ہوتا اور یہ منظوری کہاں دب کر رہ گئی یہ گویا ایک راز ہے میں ایک مرتبہ اور شدت سے جناب والا کی توجہ ان امور پر منعطف کرانے کی جرأت کرتا ہوں۔

صدر محترم اس سلسلے میں درسوں کے اوقات کا مسئلہ بھی بہت اہم ہے۔ ایک طرف تو جامعہ میں ہمیں کوئی سہولت اور مراعات حاصل نہیں۔ اور دوسری طرف دس تا ایک کی حاضری ہم پر لازم ہے اس طرح ہمیں اس قابل بھی نہیں رکھا جاتا کہ ہم کوئی دوسرے ذرائع سے اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کی کوشش کرسکیں چند سال قبل تک قانون کی جماعتوں کے اوقات ساڑھے سات سات صبح تا دس ساعت صبح تھے۔ دس کے بعد طالب علموں کو فرصت رہتی اور وہ یا تو عدالتوں میں اس نظری تعلیم کو عملی طور پر صورت گیر ہوتا دیکھ سکتے یا کسی اور طور پر مشغول رہتے چند نامعلوم اسباب کی بنا پر دس تا ایک کی حاضری کو لازم کردیا گیا۔ یقیناً یہ اچھا سمجھ کر کیا گیا ہوگا شائد یہ تصور کیا گیا ہوگا کہ طالب علموں کو علمی ماحول نصیب ہونا چاہئے لیکن ہمارے بزرگ ارباب جامعہ نے ایک نہایت ہی اہم نقطہ بھلا دیا اور وہ یہ کہ فنی تعلیم حاصل کرنے والوں کو علمی سے زیادہ عملی ماحول کی ضرورت ہے ال ال بی کے طالب علم کتب خانوں میں ضخیم سے ضخیم کتابیں پڑھ کر اتنا ہرگز حاصل نہیں کرسکتے جتنا کہ وہ اس علم کو عدالتوں میں عملی طور پر استعمال ہوتا دیکھ کر حاصل کرسکتے ہیں۔

صدر محترم آپ سے یہ امر بھی پوشیدہ نہیں کہ ہندوستان کی اکثر جامعات میں ایم۔ اے اور

ال ال بی کی تعلیم ساتھ ساتھ حاصل کی جاسکتی ہے سنا ہے کہ یہ طریقہ یہاں بھی رائج تھا لیکن بعد میں چند نامعلوم اسباب کی بنا پر اس سہولت کو بھی ختم کر دیا گیا۔ کیا غضب ہے بجلی گرتی ہے تو بیچارے ہم قانون کے طالب علموں پر ضرورت تو اس بات کی ہے کہ قانون کی تعلیم کو زیادہ سے زیادہ عام کیا جائے اور کوئی شہری بھی اس سے محروم نہ رہے یہاں معاملہ ذرا برعکس نظر آتا ہے۔ معافی فیس اور وظائف کی عدم اجرائی اوقات درس کی غیر مناسبت۔ ایم۔ اے اور ال ال بی کی تعلیم کا ساتھ نہ ہونا اس تعلیم پر ایک زبردست تحدید عائد کر دیتا ہے جو محسوس تو ہوتی ہے لیکن ظاہر نہیں ہو سکتی۔


حضرات۔ حال میں یونیورسٹی سینٹ میں ایک تحریک پیش ہوئی تھی کہ قانون کی تعلیم ڈگری کلاس کے بعد شروع ہونے کے بجائے انٹرمیڈیٹ کے بعد سے شروع ہو جائے اور کورس بجائے دو سال کے سہ سالہ ہو تحریک کئی طرح سے بہت موزوں ہے۔

اکثر فنی تعلیم انٹرمیڈیٹ کے بعد شروع ہو جاتی ہے اور موجودہ ال ال بی کی جماعتوں میں بہت بڑا نقص یہ ہے کہ طالب علموں کو عملی تجربہ حاصل نہیں ہو سکتا یوں بھی اگر طالب علم قانون دو سال کے بجائے تین سال پڑھتے تو ان کو اپنے فن کے متعلق زیادہ معلومات حاصل ہوتیں یہ تحریک اس قابل ہے کہ اس کو دوبارہ پیش کیا جائے۔


حضرات۔ آخر میں مجھے اس بات کا اعتراف کرنا چاہیئے کہ شعبۂ قانون کے تمام اساتذہ اور بالخصوص شفیق صدر شعبہ طلبا رکے ہمدرد اور ان سے اس قدر نزدیک ہیں کہ آپس میں کسی قسم کا اختلاف نہیں اور سب ایک ہی خاندان کے مسرور اراکین معلوم ہوتے ہیں ہمارے دلوں میں انکی شفقتوں کا احساس ہے کسی قسم کا شکریہ ادا کرنا یقیناً ان کے خلوص کی توہین ہوگی اس لئے بہتر ہے کہ زبان شکر خاموش ہی رہے۔

حضرات۔ میں اپنے تمام ساتھیوں کی طرف سے یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہمارا واحد مطمح نظر ملک کی بے غرض خدمت تعمیری کام کیلئے پیہم کوشش ہے انشاء اللہ ہم اپنے کو اس کامل اعتماد کا مستحق ثابت کر دکھائیں گے جو عثمانیہ کے نام کے ساتھ وابستہ ہے۔

حضرات۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہم ایسے بیدار مغز رعایا پرور روشن تدبیر بادشاہ ذیجاہ کے سایہ عاطفت میں ہیں جنکی حکمت اور سیاست اور علم و فضل ضرب المثل ہے دعا ہیکہ خداوند قدوس جلالت الملک اعلیحضرت سلطان العلوم اور خانوادۂ آصفیہ کا سایہ ہمارے سروں پر تا دیر قائم رکھے۔ آمین یا رب



Mr. SYED ABDUR RAZZAQ QADRI
B. A. (Osmania)
Vice President, Students Union.
President Theology Association.



Mr. FAHEEMUDDIN, B. Sc. (OSMANIA)
President, Law Union.
Last year had a unique honour of being awarded a gold watch by H. H. the Prince of Berar, for his managing capacity.

AZAM STEAM PRESS.

خطبۂ صدارت

کرسی نشینی بزم دینیات کے موقع پر عالیجناب آنریبل سید عبدالعزیز صدر المہام بہادر عدالت و امور مذہبی کی صدارت میں بزم دینیات کے منتخب صدر مولوی سید عبدالرزاق صاحب قادری جعفری۔ اے متعلم ام۔ اے (آخری) نے پڑھا جس میں علاوہ دیگر امور کے شعبۂ دینیات جامعہ عثمانیہ کی اہمیت پر بطور خاص روشنی ڈالی گئی ہے۔ (ادارہ)

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین۔

صدر والاقدر عالی جناب صدر المہام بہادر عدالت و مذہبی، جناب نائب معین امیر جامعہ، مغز مہمان، حضرات اساتذہ کرام و برادران جامعہ!

قبل اس کے کہ اپنے خطبہ کو شروع کروں میں اپنا اخلاقی فرض سمجھتا ہوں کہ جمیع برادران شعبہ کا بصمیم قلب شکریہ ادا کروں جنھوں نے گذشتہ سنین میں مجھ کو بحیثیت معتمد، و نائب صدر، بزم کی خدمت کرنے کا موقع دیا اور سال حال بالاتفاق صدارت کی عظیم ترین ذمہ داری مجھ پر عائد کرکے بزم کی خدمت کا ایک اور موقع عطا فرمایا۔

حضرات! عموماً ہر صدر اپنے خطبۂ صدارت میں اپنے آئندہ لائحہ عمل کو بڑے شد و مد سے پیش کرتا ہے اور ایک طویل فہرست اپنے پروگرام کی بھی سنا دیتا ہے تاکہ اس موقع پر سب حضرات اس کے نیک اور بلند عزائم سے مطلع ہو جائیں لیکن آپ معاف فرمائیں میں اس سال اس روایت کی عمداً خلاف ورزی کرنا چاہتا ہوں۔ بجائے اس کے کہ میں یہ کروں گا وہ کروں گا اس قسم کے بلند و بالا دعوی کرکے آپ کا عزیز وقت ضائع کروں اگر خدا توفیق اور موقعہ عطا فرمائے تو انشاء اللہ آئندہ سال یہ کہنے کے قابل ہوں گا کہ حق تعالیٰ کی تائید اور اپنے رفقاء کار کی معاونت سے میں نے یہ یہ امور انجام دئے۔

حضرات! مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس موقعہ پر شعبۂ دینیات کی اہمیت اور طلبہ شعبہ دینیات کی

ہمہ جہتی مناسبتوں وقابلیتوں کے متعلق کچھ عرض کیا جائے۔

جامعہ عثمانیہ میں طلبۂ دینیات کی یہ مختصر جماعت ان طلبہ کے مقابلہ میں ہے جو دوسرے علوم وفنون کی تعلیم حاصل کرتے ہیں لیکن یہ حقیقت اب قابل اظہار نہیں رہی ہے کہ قلت اور کثرت کے سوال کو اسلام نے قطعی طور پر ناقابل لحاظ قرار دیا ہے بلکہ بعض اوقات کثرت کو مضر بتلایا ہے چنانچہ جنگ حنین کی شکست کو قرآن مجید میں اذ اعجبتکم کثرتکم کے الفاظ میں اسی کثرت کے ناز کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے۔ یوں بھی بفضلہ شعبۂ فنون کے بعض شعبہ جات کے طلبہ سے ہماری تعداد کسی طرح کم نہیں ہے اور گذشتہ چند سالوں سے تو مسلسل اضافہ ہو رہا ہے البتہ سال حال اقامت خانہ کے لزوم کی وجہ سے مالی مشکلات کی مجبوریوں نے جونیر انٹرمیڈیٹ میں کافی طلبہ کے شریک ہونے سے گونہ محروم رکھا۔

بزم دینیات کے متعلق صرف اس قدر کہدینا کافی ہے کہ بجز انجمن اتحاد کے بزم دینیات جامعہ کی سب سے قدیم انجمن ہے اور اس شعبہ کے طلبہ متعدد مواقع پر اپنی بے نظیر قابلیتوں کا ثبوت دنیا کے سامنے پیش کرتے چلے آرہے ہیں مثلاً ڈاکٹر حمید اللہ صاحب جو ہمارے شعبہ کے ایک مایۂ ناز فرزند ہیں اس وقت جامعہ کے ممتاز اساتذہ میں شمار کئے جاتے ہیں۔ حال ہی میں آپ کو کیمبرج اور پیرس کی جامعات نے توسیعی لکچر دینے کے لئے مدعو کیا تھا اور آپ نے ان جامعات کی دعوت پر یورپ تشریف لے جاکر اُن کو اپنے زرین خیالات سے مستفید فرمایا۔ جناب فاری قطب الدین صاحب جو اس وقت ہماری جامعہ کے ریڈر ہیں شعبہ دینیات ہی کے طالب علم تھے آپ نے نہ صرف اس جامعہ ہی میں ممتاز کامیابیاں حاصل کی بلکہ جامعہ مصر میں بھی اول رہے۔

مولوی عبدالقادر صاحب ام۔ اے اس وقت علم کلام کے لکچرار ہیں جن کا علمی شغف اور علوم اسلامیہ سے دلچسپی محتاج ذکر نہیں ہے یہ ہستیاں شعبۂ دینیات کے لئے باعث فخر ہیں۔

اس شعبہ کے طلبہ نہ صرف اعلیٰ قابلیت کے اساتذہ ثابت ہوئے بلکہ زندگی کے دوسرے شعبوں میں بھی کامیاب رہے چنانچہ یحییٰ صاحب چند سال قبل حیدرآباد سیول سروس کے لئے منتخب کئے گئے۔ بعض عدالت کی ذمہ دار خدمت منصفی پر کارگزار ہیں۔ بعض نہایت کامیابی کے ساتھ پیشہ وکالت

انجام دے رہے ہیں۔

اب میں بطور خاص برادران شعبہ دینیات کی خدمت میں چند جملے عرض کرنا چاہتا ہوں۔

برادران عزیز! اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جس نے اپنی بنیاد "اقراء باسم ربك الذی خلق" پر رکھی اقرار (پڑھو) کی آواز سے اسلام کا آغاز ہوتا ہے اور اس کے بعد درس و تدریس کا جو سلسلہ شروع ہوا وہ بحمداللہ اب تک باقی ہے اسلام سے قبل ہر ملک و قوم میں ایک مخصوص طبقہ ہوتا تو تھا جو تعلیم حاصل کرتا تھا۔ جس مذہب نے اپنی بنیاد قرأت ہی پر رکھی ہو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس میں تعلیم کی کس قدر اہمیت ہے اس اہمیت کی ایک مثال یہ ہے کہ جنگ بدر میں جو ۲ھ میں ہوئی قریش کے جنگی قیدی جب حضور کی خدمت میں پیش کئے گئے تو ان قیدیوں کو جہاں دوسری چیزوں کا فدیہ لے کر رہا کیا گیا تھا ان میں فدیہ کی غالباً جنگ کی تاریخ میں یہ پہلی نظیر تھی کہ حضور نے حکم صادر فرمایا کہ ان میں کا ہر شخص دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دے حضرت زید بن ثابت جو کاتب وحی تھے اسی طرح تعلیم حاصل کئے۔ اس وقت قرآن کے ہزار ہا جو نسخے دنیا میں پائے جاتے ہیں ان ہی کے قلم کے رہین منت ہیں کہ عہد صدیقی میں حکومت کے حکم سے انہوں نے قرآن کا کامل نسخہ تیار کیا اور عہد عثمانی میں اشاعت قرآن کا وہ سررشتہ ان ہی کی نگرانی میں قائم ہوا تھا جس کے تمام صوبوں میں قرآن کے نسخے تقسیم کئے گئے۔

اب ہم کو دیکھنا یہ ہے کہ وہ کونسی تعلیم ہے جو انسان کو انسانیت کے بلند مراتب تک پہنچا دے اور اُس کی زندگی کے ہر شعبہ میں مشعل راہ ثابت ہو۔ اگر غور کیا جائے تو یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ ان علوم و فنون کے مقابلہ میں جو خود انسان سے نہیں بلکہ انسانوں کی ضرورتوں سے بحث کرتے ہیں ان کے مقابلہ میں جس علم نے اپنا براہ راست موضوع خود انسان کو بنایا ہے، اور انسانیت کی بلندی و پستی سے بحث کرتا ہے وہ صرف دین ہی کا علم ہے اسی لئے اس کا حصول انسانیت کی تکمیل کے لئے ناگزیر ہے مثال کے طور پر اگر آپ غور کریں کہ (۱) مالک حقیقی یعنی خدا تعالیٰ کے نشار کی تکمیل کے لئے کونسی تعلیم کی ضرورت ہے (۲) مالک مجازی یعنی بادشاہ اسلام اور ان کی رعایا کے درمیان وفاداری خیر سگالی کے صادق جذبات جو کسی یقین کی بنا پر قائم ہوں کون پیدا کر سکتا ہے۔

(۳) کون ملک کی زیادہ خدمت کر سکتا ہے (۴) کون علم انسانیت کی خدمت کر سکتا ہے فانی ہونے سے بچا کر ان کی بقا دوام کی صورتیں نکالتا ہے ظاہر ہے کہ مذہب اور مذہبی علوم کے سوا اس کا جواب اور کیا دیا جا سکتا ہے علاوہ اس کے چونکہ تمام اسلامی ائمہ و مفکرین کے نظریات و افکار کی تعلیم آپ عربی زبان میں حاصل کرتے ہیں اور اس کے ساتھ بی۔ اے تک عربی ادب کی تعلیم بھی شعبۂ فنون کے عربی کے طلبہ کے ساتھ آپ کو دی جاتی ہے اس لئے مشرقی علوم کا دروازہ آپ کے لئے کھل جاتا ہے۔ اور ہزار بارہ سو سال کا وہ علمی اندوختہ جو بغداد، دمشق، کوفہ، بصرہ، غرناطہ، قرطبہ، قاہرہ، ایشیا اور افریقہ بلکہ یورپ کے مختلف شہروں میں بے شمار دماغوں کے غور و فکر نے بطور متروکہ کے آپ کے لئے چھوڑا ہے۔ ان سب پر آپ کا قبضہ ہو جاتا ہے۔ پھر یوں ہی بی۔ اے تک چونکہ انگریزی بھی شعبۂ فنون کے طلبہ کے ساتھ ہی ان ماہر اساتذہ سے پڑھتے ہیں جن کا میسر آنا ہر تعلیم گاہ میں ممکن نہیں اس لئے مغربی علوم و فنون کے مطالعہ کی راہیں آپ پر وا ہو جاتی ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس حیرت انگیز عدیم النظیر جامعیت کی بنیادوں پر علم کی جو خدمت آپ انجام دے سکتے ہیں اس کا کون اندازہ کر سکتا ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ عالم اسلام اور اپنے وطن کی سیاسی خدمت گذاریوں کے مواقع مختلف وجوہ کی بنا پر آپ کو حاصل ہیں دوسروں سے اس کی توقع بآسانی نہیں کی جا سکتی۔ ملک کے عام باشندوں کا جتنا اعتماد آپ حاصل کر سکتے ہیں خود ہی اندازہ کیجئے کہ اس قسم کے امکانات دوسروں کے لئے کیا ممکن ہیں۔ اس شعبہ کے طلبہ میں بہ ظاہر احساس کمتری کے جذبات کی جو شکایت کی جاتی ہے اُس کی وجہ میں جہاں تک سمجھ سکا ہوں یہ ہے کہ اُن کو خود اُن کی حقیقی قدر و قیمت سے واقف نہیں کیا گیا ہے۔ عام طور پر کچھ ایسی غلط فہمی پھیلی ہوئی ہے کہ اس شعبہ کے طلبہ بھی گویا اُن عام عربی مدارس کے طلبہ کی طرح ہیں جن کو پرانے طریقہ سے پرانی فضا میں بغیر انگریزی زبان کے اسلامی علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔ آپ خود اپنی قدر و قیمت کو نہیں جانتے اپنے مقام کو نہیں پہچانتے آپ کو اپنے نصب العین کو درست کرنا چاہئے۔ علم و عمل کے کھلے میدان آپ کے سامنے ہیں۔ جس تعلیم کا سنگم آپ کے لئے حضرت اقدس اعلیٰ کی علم پروری کی وجہ جامعہ عثمانیہ میں قائم کیا گیا ہے دنیا اس کی نظیر مشکل ہی سے پیش کر سکتی ہے۔ صرف ہندوستان نہیں بلکہ

دوسرے اسلامی ممالک افغانستان، ایران، ترکی حتیٰ کے مصر تک میں بھی اتنی اعلیٰ انگریزی کے ساتھ اسلامی علوم کی تعلیم کا کہیں نظم نہیں پایا جاتا۔ آپ کو اپنی قلت سے کم حوصلہ نہ ہونا چاہئے کیونکہ سب سے الگ ساری دنیا سے جدا ہو کر آپ کے بادشاہ معارف پناہ خلد اللہ ملکہٗ نے آپ کو ایک ایسے راستہ پر چلنے کا حکم دیا ہے جس پر اب تک نہ کوئی چلا ہے اور نہ ہر ہوسناک اس پر چلنے کی ہمت کر سکتا ہے آخر آپ کو خود سوچنا چاہئے کہ ع

ع وَمَنِ الرَّدِیفُ اذا رکبتُ غضنفلاً (میرا ساتھی کون ہو سکتا ہے جب میں شیر پر سوار ہو گیا ہوں)

ہمارا فرض ہے کہ وفاداری اور قلب و دماغ کے پورے اطمینان کے ساتھ اپنے تعلیمی نصب العین کو پوری روشنی میں اپنے سامنے رکھتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جائیں اور رفقار سفر کی قلت تعداد سے نہ گھبرائیں کیونکہ ہمیں انھیں کی ضرورت ہے جو استقامت پر قائم ہیں۔

وَكَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللهِ وَاللهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ٥

آجکل جو یہ کہا جاتا ہے کہ اہل یورپ نے جب سے مذہب کو چھوڑ دیا ترقی کے منازل طے کرنے لگے لیکن غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اس سے گویا ایک طرح سے مشرق کو بھی مشورہ دیا جاتا ہے کہ ہم بھی یہی سلوک اپنے مذہب سے کریں یہ ایک صریحی مغالطہ ہے۔ اس لئے کہ اہل یورپ اگر مذہب کو نہ چھوڑتے تو اور کیا کرتے۔ اُن کے پاس مذہب تھا کب؟ اُن کے پاس ایک کتاب تھی جو دراصل کتاب الٰہی نہ تھی بلکہ صرف کتاب الٰہی کی ہمنام تھی۔ اُن کے پاس ایک تعلیم تھی جسے تعلیم الٰہی باور کرایا گیا تھا لیکن وہ الٰہی تعلیم ہی نہ تھی خود ان ہی کی تحقیقات سے معلوم ہوتا ہے کہ نہ وہ کتاب خدا کی ہے نہ اس کی تعلیم وہ ہے جو کسی رسول نے دی ہو۔ وہ مطلق مذہب سے بیزار نہیں بلکہ وہ اُس مذہب سے بیزار ہیں جو اُن کے آباؤ اجداد اُن کے لئے چھوڑ گئے ہیں علاوہ اس کے آپ میں سے جن لوگوں نے کلیسا کی تاریخ کا مطالعہ کیا ہے اور رومن کیتھولک و پروٹسٹنٹ فرقوں کی ہولناک خانہ جنگیوں کے حالات پڑھے ہیں وہ سمجھ سکتے ہیں جس ملک میں مذہب کے نام سے معصوم انسانوں کا خون لاکھوں کی تعداد میں بہایا گیا ہو بے گناہوں کو زندہ جلایا

گیا ہو وہ جان سکتے ہیں کہ اگر کسی ایسے ملک میں سرے سے مذہب ہی سے لوگوں میں نفرت پیدا ہو گئی تو اس کے سوا اور ہونا کیا ۔ چونکہ یورپ میں مذہب اپنا وقار کھو چکا ہے جیسا کہ اُس کو کھونا چاہئے تھا اُسی پر قیاس کر کے سمجھا جاتا ہے کہ وہی حال اس مذہب کا بھی ہوگا جس کا تعلق ہمارے شعبہ سے ہے حالانکہ جیسا کہ میں نے عرض کیا یورپ میں مذہب موجود ہی نہ تھا اور خیر یہ تو ایک حد تک مذہبی بحث سمجھی جا سکتی ہے لیکن اس کے سوا ایک اور دوسرے امر کا بھی تذکرہ کرنا چاہتا ہوں میرا مطلب یہ ہے کہ ہمیں انگریزی ادب اور عربی ادب کی اعلیٰ تعلیم کے ساتھ جن علوم کی تعلیم دی جاتی ہے ان کا تعلق مذہب اسلام سے ہے' لیکن ان مذہبی علوم کی تعلیم کا ایک مقصد وہ ہے جو عام عربی مدارس کی تعلیم کا مقصد ہے' لیکن ان اسلامی علوم و فنون کو ہم جو جامعہ میں پڑھ رہے ہیں' میں صاف صاف کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے سامنے ان علوم کی تعلیم کا بڑا اہم نصب العین وہ ہے جس کی طرف پہلے ہی اشارہ کر چکا ہوں' آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہمارے ہاں وہ کتاب پڑھائی جاتی ہے جس پر آج دنیا کے چالیس کروڑ انسانوں کی دستوری و امنی حیات وابستہ ہے ۔ وہ ایک ایسے اصول قانون کا مطالعہ ہے جس نے صدیوں بڑے بڑے امپائرز کے آرڈر کو قائم رکھا ہے ۔ ہمارے ہاں تاریخ بھی پڑھائی جاتی ہے لیکن کس کی اور دنیا کے کس عہد کی ؟ جدید دنیا کو قدیم دنیا سے تاریخ کی جو سنہری کڑی ملاتی ہے ۔ آپ جانتے ہیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ حیرت انگیز انقلابی وجود اقدس ہے جس کا اثر موجودہ دنیا کے ہر شعبہ پر پڑا ہے اور پڑتا جا رہا ہے ۔ اس فن کا اصطلاحی نام علم حدیث ہے ۔ مسلمانوں نے ہزارہا مشکلات کا سامنا کر کے اس فن کی حفاظت کی ہے اور اس کے رواۃ کی تنقیح کے سلسلہ میں ایک اور فن پیدا ہو گیا جس کو رجال کا فن کہا جاتا ہے ۔ اس کی اہمیت کا اندازہ جرمنی کے مشہور عربی دان فاضل ڈاکٹر اسپرنگر کے اس قول سے ہوتا ہے جو انھوں نے اصابہ کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ " نہ کوئی قوم دنیا میں ایسی گذری نہ آج موجود ہے جس نے مسلمانوں کی طرح اسماء الرجال کا سا عظیم الشان فن ایجاد کیا ہو جس کی بدولت آج پانچ لاکھ شخصوں کا حال معلوم ہو سکتا ہے " اس کی روشنی میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلوت اور جلوت کے حالات پڑھائے جاتے ہیں ۔ قرآن اور حدیث کے

باہم ملنے سے چند کلیات پیدا ہوئے جو قیامت تک آنے والوں کے جملہ شعبہ جات حیات پر حاوی ہیں۔ اُن کلیات سے پھر قوانین پیدا ہوئے یہ بھی مسلمانوں کا خاص فن ہے جس کو قانون اسلام یا فقہ اسلامی کہا جاتا ہے۔ دنیا کے بہترین دماغوں نے مثلاً امام ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ، امام مالکؒ، امام حنبلؒ وغیرہم اور ان کے بعد ہزارہا ارباب فکر و نظر نے اس پر مسلسل کام کیا ہے ان کے علاوہ ہمارے ہاں ایک اور فن کی بھی تعلیم ہوتی ہے جس کے ذریعہ دلائل عقلیہ کی سپر سے اعدا دین و مذہب کے وار کو روکا جاتا ہے اور براہین قاطعہ کی شمشیر سے دشمنان خدا و رسول کے شبہات و شکوک کا خاتمہ کیا جاتا ہے اس فن کا اصطلاحی نام علم کلام ہے اور یہ مسلمانوں کا فلسفہ ہے اس سے بھی زیادہ نظام کائنات کی جو توجیہہ ہمارے صوفیائے کرام مثلاً شیخ غزالی شیخ ابن عربی ان جیسے بزرگوں نے فرمائی ہے ان کے علوم کا قیمتی ذخیرہ جسے اصطلاحاً تصوف کہتے ہیں اسی شعبہ کے ساتھ وابستہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اسلام ابتداءً عرب کی سرزمین سے طلوع ہوا۔ گو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ملک عرب میں ہوا لیکن آپ کا نشانہ تمام دنیا کی طرف تھا۔ جب کسی تمدن میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے تو اس کے مقابلہ کے لئے پیغمبر کی بعثت ہوتی ہے۔ اسلام سے پہلے عرب کی خصوصاً اور تمام عالم کی عموماً جو حالت تھی وہ کسی بیان کی محتاج نہیں۔ ایسے تاریک زمانہ میں حضورؐ کی بعثت اور (۲۳) سال کے قلیل زمانہ نبوت میں تین براعظموں میں جو انقلاب عظیم برپا ہو گیا بذات خود ایک معجزہ ہے۔

بقول مولانا سلیمان ندوی کے جو انہوں نے اسلامی انجمن مدراس کے ایک جلسہ میں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ "دنیا کے اسٹیج پر بڑے بڑے بادشاہ اور حکمراں پیدا ہوئے جنھوں نے کبھی کبھی چار دانگ عالم پر حکومت کی قوموں کی جان و مال پر فرمانروائی کی ایک ملک کو اُجاڑ دوسرے کو بسایا ایک سے چھینا اور دوسرے کو دیا مگر اُن کا نقشہ وہی رہا جس کو قرآن نے ایک آیت میں ملکہ سبا کی زبان سے ادا کیا ہے کہ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْا اَعِزَّةَ اَهْلِهَا اَذِلَّةً۔ ان کی تلواروں کی دھاک نے آبادیوں اور مجمعوں کے مجرموں کو روپوش کر دیا لیکن تنہائیوں اور خلوت خانوں کے روپوش مجرموں کو وہ روک نہ سکی۔ انہوں نے بازاروں اور راستوں میں امن و امان پیدا کیا لیکن دلوں کی

بستی میں وہ امن وامان پیدا نہ کرسکے ۔ اُنھوں نے ملک کا نظم ونسق کیا لیکن روحوں کی مملکت میں اُن سے نظم ونسق نہ ہوسکا بلکہ ہر قسم کی روحانی بربادی اُنھیں کے درباروں سے نکل کر ہر جگہ پھیلتی رہتی ہے ۔ کیا سکندر اور سیزر جیسے ملوک اعظم ہی ہمارے لئے کچھ چھوڑ گئے ۔ مکہ کے ابوجہل ایران کے کسریٰ اور روم کے قیصر کی حکومتیں مٹ گئیں مگر شہنشاہ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمان روائی بدستور جاری ہے ۔"

مذہبی خوش اعتقادی کی بنا پر نہیں بلکہ تاریخی واقعات کی روشنی میں عرض کرتا ہوں کہ کیا کوئی انکار کرسکتا ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات اقدس کا ایک ایک واقعہ بچپن کا ہو یا جوانی کا جلوت کا ہو یا خلوت کا جنگ کا ہو یا امن کا علم ویقین کے ان تمام ذرائع کے ساتھ کیا بنی آدم کے ہاتھ میں موجود نہیں ہے جن کے ذریعہ سے ہم کسی تاریخی واقعہ کا علم حاصل کرتے ہیں ۔ یہی چیز تھی جس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بعض صحابہؓ نے ایک یہودی کے سوال پر فرمایا تھا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں سب کچھ سکھاتے ہیں حتیٰ کہ استنجا کرنے کا طریقہ بھی اور یہی میرا مقصد ہے کہ ایک زندہ نبی کی زندہ کتاب، زندہ تعلیمات اور ان سے پیدا کئے ہوئے زندہ افکار ونظریات، آئین وقوانین کی تعلیم بہترین اساتذہ اور ماہرین کے ذریعہ سے ہمارے شعبہ میں دی جاتی ہے اور اس لئے دی جاتی ہے کہ ہم پہلے اس کو اچھی طرح سمجھ لیں اُس میں تبحر وکمال پیدا کریں اور پھر انگریزی ادب جس کی اعلیٰ تعلیم سے بہرہ یاب ہونے کا موقعہ بھی جامعہ عثمانیہ میں حضرت ظل اللہ خلد اللہ ملکہ کے مراحم خسروانہ سے مل گیا ہے ۔ خام مواد کے اس ذخیرہ کو عصری تعبیروں میں دنیا کے آگے پیش کریں اگر اس کو بیجا فخر نہ سمجھا جائے تو میں شعبۂ فنون وسائنس میں تعلیم پانے والے بھائیوں سے معافی چاہتے ہوئے اس کا اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کو تو انگریزی اس لئے سکھائی جاتی ہے کہ آپ یورپ کے اچھے رشید سعید شاگرد بن سکیں اور اگر آپ نے یہ کرلیا تو آپ کا مقصد پورا ہوجاتا ہے لیکن کیا کیجئے کہ ہم جس نصب العین کو پیش نظر رکھ کر جامعہ میں تعلیم حاصل کرتے اور انگریزی ادب سیکھتے ہیں اس کے ذریعہ سے شاگرد بننے کا نہیں بلکہ ہمارے ذمہ یورپ کے استاد اور معلم ہونے کا فریضہ سپرد کیا گیا ہے یعنی اسلامی علوم وفنون کو یورپ کی جدید تعبیروں میں ان تک پہونچا کر اپنے اسلاف کے ان بہترین

علمی سرمایوں کا وہی وقار دنیا کی علمی صفوں میں قائم کردیں جن کے وہ واقعی طور پر مستحق ہیں۔ اور یہی ہمارے شعبہ کا اہم ترین نصب العین ہے۔

حضرات! آپ ہمارے محترم صدر شعبہ، امیر شعبہ، اور صدر جلسہ نواب صدر المہام بہادر عدالت و مذہبی کی تقریروں کے سننے کے مشتاق ہوں گے اس لئے میں آپ برادران شعبہ و بینیات سے صرف تعاون عمل کی درخواست کرتا ہوں اگر آپ پوری دل دہی کے ساتھ تعاون عمل کریں تو ہم انشاء اللہ مشکل سے مشکل کام کو آسان کر دکھائیں گے۔

مشکلے نیست کہ آسان نہ شود مرد باید کہ ہراساں نہ شود

حقیقت تو یہ ہے کہ ہم کیا اور ہمارا کام کیا۔ میرا یہ کامل ایقان ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم جس طرح اب تک شامل حال رہا ہے اگر اسی طرح آئندہ بھی شامل حال رہے تو انشاء اللہ جملہ امور بہتر سے بہتر طریقہ پر انجام پاتے چلے جائیں گے کسی نے خوب کہا ہے ؎

کیا فائدہ فکر بیش و کم سے ہوگا ہم کیا ہیں جو کوئی کام ہم سے ہوگا
جو کچھ کہ ہوا ہوا کرم سے تیرے جو کچھ ہوگا تیرے کرم سے ہوگا

میں اپنے اس خطبہ صدارت کو اعلیحضرت سلطان العلوم شمس الملۃ والدین شہزادگان والاشان و شاہزادیان فرخندہ فال کی سلامتی اور ترقی عمر و اقبال کی دعا پر ختم کرتا ہوں ؎

زندہ کردی چوں مسیحا علم و فن را در دکن زندہ باد اے حضرت عثمان علیخان زندہ باد

آمین

کلیسا

آ رہی ہے دور سے گرجا کے گھنٹوں کی صدا
ٹھہر جا اے ہم نفس اس رہگذر پر ٹھہر جا

آہ یہ قاتل ترنم آہ یہ کافر سرود
ہر نفس محو عبادت ہر نظر صرف سجود

مرکز تثلیث پر حسن و جوانی جلوہ تاب
ایک ہی طوفان میں بہتا ہوا ہر شیخ و شاب

سینکڑوں دل اک ہجوم شوق میں کھوئے ہوئے
سینکڑوں طوفاں کنار بحر میں سوئے ہوئے

سینکڑوں معصوم بچے سینکڑوں پیر و جواں
صف بہ صف پہلو بہ پہلو کاروان در کاروان

نازنینوں کی دعائیں مہ جبینوں کے نیاز
ایک آہنگ مقدس میں بلا کا سوز و ساز

ایک جا سمٹا ہوا سا ایک جہان رنگ و بو
اک جگہ ٹھہرا ہوا سا کاروان رنگ و بو

ہاتھ میں انجیل سینوں میں مسلسل اضطراب
بہکی بہکی سی نگاہیں کھویا کھویا سا شباب

ایک ہی جا سینکڑوں دوشیزگان نازنیں
ایک مرکز پر ہزاروں سیم تن زہرہ جبیں

ایک کلیسا میں ہزاروں آتشیں رخ بے نقاب
ایک آغوش تجلی میں ہزاروں آفتاب

سینکڑوں دوشیزہ سینوں پر صلیبوں کے نشان
ایک فضائے نور میں لاکھوں فرشتے پرفشاں

چار سو دہکا ہوا سا نور کا آتشکدہ
دامنِ عصمت پہ دھبہ کا شہپرِ جبریل کا

انتہائے قدس میں ڈوبی ہوئی سی ہر نظر
دامنِ مریم کا سایہ ہر سرِ معصوم پر

اک حریمِ قدس میں ہر بنتِ مریم سرنگوں
لب پہ آیاتِ مقدس آنکھ میں رنگِ فسوں

آہ یہ معصوم منظر اُف یہ لاہوتی فضا
یہ تکلم یہ ترنم یہ تقدس یہ دعا!

اے کلیسا پاکیٔ دامانِ مریم کی قسم
ڈگمگاتے ہیں ترے جادہ پہ طاعت کے قدم

روح تھراتی ہے تیرے ہر مقدس راگ سے
دل بھڑک اُٹھتا ہے اِن نغموں کی دھیمی آگ سے

جی میں آتا ہے کہ تیرا ہمنوا ہو جاؤں میں
دل یہ کہتا ہے یہیں صرفِ دعا ہو جاؤں میں

شوق کہتا ہے کہ تیرا ساز تجھ سے چھین لوں
درد کہتا ہے تری آواز تجھ سے چھین لوں

برکنارِ دیر ہوں کعبہ سے میں بیگانہ ہوں
لٹ چکا اِن سجدگاہوں میں مرے دل کا سکوں

اِہرمن آباد ہیں تیرے ملائک زار میں
معصیت بکتی ہے تیرے قدس کے بازار میں

درس دے انسانیت کا آدمِ بے درد کو
یوں وقار بندگی رسمِ عبادت میں نہ کھو

جادۂ عشرت سے ہٹ کر حالتِ انسان بھی دیکھ
آہ! اے ساحل نشیں خمیازۂ طوفاں بھی دیکھ!

بسترِ رہبانیت سے راہبوں کو اب جگا
سن پسِ دیوارِ ہستی دردِ پیہم کی صدا

اس خراباتِ کہن کے جام و مینا توڑ دے
چھوڑ دے للّٰہ یہ بے حس عبادت چھوڑ دے!

داغدارِ سجدہ ہے صدیوں سے آدم کی جبیں
زاہدانِ دہر کے سینوں میں لیکن دل نہیں

یاں کوئی دن ایک ایسا انقلاب آنیکو ہے
قصرِ خود کامی کی ہر دیوار گر جانیکو ہے

منظور حسین شورؔ ایم اے۔ ال ال بی
پروفیسر مارس کالج ناگپور

ہندوستانی مصنوعات پر جنگ کے اثرات

موجودہ زمانہ میں جب کہ میکانی ایجادات نے زمین کی طنابیں کھینچ کر مختلف ممالک کو ایک دوسرے سے قریب کردیا ہے، ایک مقام کے حالات و واقعات کا دوسرے مقام یا ملک پر اثر پڑنا لازمی ہے۔ یوں تو امن کے زمانہ میں بھی ایک ملک کے معاشی حالات کا تعلق دوسرے ممالک سے رہا ہی کرتا ہے لیکن جنگ کے زمانہ میں ان تعلقات کی نوعیت پیچیدہ ہوجاتی ہے۔ متحارب ممالک کا جنگ اور اس کے معاشی اثرات سے متاثر ہونا ظاہر ہے لیکن موجودہ زمانہ میں جنگوں کی ایک خاص نوعیت یہ ہے کہ اس سے غیر جانبدار ممالک بھی متاثر ہوتے ہیں۔ اس وقت برطانیہ عظمیٰ اپنے حریف جرمنی سے موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہے اور اس جنگ کے نہایت ہی گہرے اور دور رس اثرات ان دونوں ممالک کی معاشی حالات پر پڑ رہے ہیں برطانیہ کی پشت پر اس کی عظیم دولت عامہ موجود ہے اور ظاہر ہے کہ یہ بھی اس جنگ کے اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتی۔ ہندوستان کا بھی ان تمام حالات و واقعات سے متاثر ہونا لازمی ہے۔ اگر ہندوستان کا برطانیہ عظمیٰ سے تعلق نہ ہوتا تو بھی شاید وہ اس جنگ سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ لیکن برطانیہ سے اس کے قریبی تعلق کے مدنظر ان اثرات کی خاصی اہمیت ہے۔

موجودہ جنگ سے ہندوستان کی معاشی زندگی کے تقریباً تمام پہلو متاثر ہوئے ہیں۔ لیکن ہمارے لئے سب سے زیادہ دلچسپ وہ اثرات ہیں جو ہمارے ملک کی صنعتی حالت کو متاثر کر رہے ہیں۔ یہ ایک امر واقعہ ہے کہ وہ ممالک جو امن کے زمانہ میں صنعتی ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہتے ہیں، جنگ ان کے لئے پیام مسرت لاتی ہے۔ غیر ممالک کی مصنوعات سے مقابلہ کا

اندیشہ جاتا رہتا ہے، اندرون ملک اور بیرونی ممالک میں بڑا بازار مہیا ہو جاتا ہے جہاں مصنوعات کی نکاسی بے کھٹکے کی جاسکتی ہے۔ خام مال جو اب تک بیرونی صنعتی ممالک کو درآمد کیا جاتا تھا اب اندرون ملک مصنوعات سازی کے کام آنے لگتا ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ خود متحارب ممالک کو جو اب تک اپنی مصنوعات ان غیر ترقی یافتہ ممالک کو برآمد کیا کرتے تھے، ان ممالک سے فوجی مصنوعات خریدنے کی ضرورت لاحق ہوتی ہے اور اسی لئے ان ممالک کی مصنوعات سازی کی راہ میں روڑے نہیں اٹکاتے۔ ان ہی حقائق کے پیش نظر گذشتہ جنگ عظیم میں جاپان نے عظیم الشان صنعتی ترقی کی۔ اس مضمون میں ہم یہ دیکھیں گے کہ جنگ نے ہماری صنعتی ترقی کے لئے کس حد تک سازگار ماحول پیدا کیا ہے۔

جنگ کے چھڑ جانے کے بعد عام طور پر یہ توقع کی جارہی تھی کہ ہندوستانی مصنوعات میں خاطر خواہ ترقی ہوگی۔ چنانچہ ہماری مصنوعات نے ترقی کی طرف قدم تو اُٹھایا لیکن توقع کے خلاف ان کی رفتار سست رہی۔ ۱۹۴۰ء میں بمقابل سال گذشتہ تمام بڑی صنعتوں میں سوائے کپڑے کی صنعت کے ترقی ہوئی۔ صنعت پارچہ بافی کی پیداوار میں اگرچہ اضافہ نہیں ہوا لیکن حالات پھر بھی امید افزا ہیں۔ جنگ سے قبل اس صنعت کی حالت خراب تھی اور پیداوار میں تخفیف کرنے کا مسئلہ درپیش تھا لیکن جنگ کی وجہ سے حالات میں تبدیلی ہوگئی۔ گرنیوں میں زائد از اوقات معینہ کام ہونے لگا اور جنگی ضروریات کی سربراہی کی جانے لگی ہے۔ قیمتیں بھی اچھی مل رہی ہیں۔

چھوٹی صنعتیں | چھوٹی مصنوعات میں خاصی ترقی ہوئی اور پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ خصوصاً گھریلو مصنوعات کی پیداوار میں بڑا اضافہ ہوا۔ اُون کی گرنیوں میں تیزی کے ساتھ کام ہونے لگا۔ جنگ سے قبل صنعت کاغذ سازی کی حالت خراب تھی۔ خیال کیا جاتا تھا کہ اس صنعت میں افراطی پیدائش ہو رہی ہے اس لئے کہ اس کے بہت سے کارخانے کھل گئے تھے اور ملک کی طلب سے بھی زیادہ کاغذ پیدا کیا جانے لگا تھا۔ لیکن جنگ کے باعث حالات میں تبدیلی ہوگئی۔ نہ صرف کاغذ زیادہ بنایا جانے لگا بلکہ ایسی طلب کی سربراہی بھی ہونے لگی جس کو درآمد سے پورا کیا جاتا تھا۔

چھوٹی مصنوعات کی ترقی کے سلسلہ میں کیمیائی صنعت کا تیسرا درجہ ہے سلفیورک ترشہ اور سلفیٹ آف امونیا کی پیداوار میں بھی اضافہ ہوا۔

ذیل کے جدول سے جنگ سے قبل اور جنگ کے بعد چھوٹی اور بڑی مصنوعات کی پیداوار کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

مصنوعات	پیمایش کی اکائی	ستمبر تا اگست	
		ماقبل جنگ سال	جنگ کا پہلا سال
بڑی مصنوعات			
۱ - روئی	ملین گز	۴۱۷۲ ؍ ۳	۳۹۶۸ ؍ ۱
۲ - جوٹ	سو ٹن	۱۱۲۱ ؍ ۳	۱۳۶۱ ؍ ۸
۳ - لوہا	سو ٹن	۱۶۸۷ ؍ ۲	۱۹۱۹ ؍ ۰
۴ - فولاد	سو ٹن	۹۹۹ ؍ ۵	۱۱۷۲ ؍ ۵
۵ - پختہ فولاد	سو ٹن	۹۸۸ ؍ ۱	۱۱۴۲ ؍ ۷
۶ - شکر	سو ٹن	۶۵۰ ؍ ۸	۱۲۴۱ ؍ ۷
۷ - کوئلہ	سو ٹن	۲۴۵۷ ؍ ۷	۲۵۵۳۶
۸ - چاء (شمالی ہند)	ملین پونڈ	۳۶۱ ؍ ۳۰	۴۰۸ ؍ ۸۴
۹ - برقی	سو یونٹ	۲۰۰۴۴۱۸	۲۱۱۶۸۹۶
چھوٹی مصنوعات			
۱ - سلفیورک ترشہ	سو ہنڈرویٹ	۵۵۴ ؍ ۱۴	۶۶۵ ؍ ۳۲
۲ - سلفیٹ آف امونیا	ٹن	۱۷۱۶۰	۲۳۱۰۶
۳ - کاغذ	سو ہنڈرویٹ	۱۱۹۹ ؍ ۶۲	۱۵۴۴ ؍ ۰۴
۴ - آٹا (گیہوں)	سو من	۱۶۱۷ ؍ ۶۴	۱۶۰۳۲ ؍ ۹۷
۵ - دیا سلائی	ملین گراس	۲۱ ؍ ۹۹	۲۲ ؍ ۳۵
۶ - پٹرول	ملین گیلن	۱۷ ؍ ۳۵	۲۴ ؍ ۱۳
۷ - مٹی کا تیل	ملین گیلن	۳۰ ؍ ۸۱	۳۶ ؍ ۴۲

جنگی فرمایشات کا اثر حالیہ اعلان کے بموجب جنگ کے ابتدائی چودہ مہینوں میں محکمہ سربراہی (سپلائی ڈیپارٹمنٹ) نے ۵۶ ½ کروڑ روپیہ کے آرڈر ہندوستان کو دئے۔ یہ فرمایشات مختلف قسم کی اشیاء کے لئے تھے مثلاً برقی اور لاشعاعی آلات، ہسپتال کا فرنیچر، بوٹ، جوتے، شہتیر، اشیائے خوردنی، بیاٹری Lubricating Oil، ترشے، سگریٹ اور تمباکو، ربر اور انجینیرنگ کا سامان۔

جوٹ، کپڑا اور انجینیرنگ کی مصنوعات کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچا۔ جوٹ کے لئے ۹/۵۹ کروڑ کے آرڈر اور ۱۷ لاکھ ریتی کے تھیلے مہیا کئے گئے۔

کپڑے کی صنعت کے لئے ۵۹ ؍ ۱۷ کروڑ روپیہ کے آرڈر مہیا کئے گئے جس میں سے اہم ۲۳۰۸۰۴۰۰ گز ڈرل ۲۷۸۳۱۴۵۰ گز ٹیپ (Tape) اور جالے (Webbing) اور ۱۰۱۷۳۰۰۰ گز Mackino تھا۔ ۳ ؍ ۷۰ کروڑ روپیہ کے خیمے ۳۷ لاکھ روپیہ کے Comouflago nets اور Components ۲ ملین بلانکٹ، ۹۰ ملین گز قمیص کا کپڑا ۹ ملین گز روئی کا دھاگہ اور ۴ ملین سے زائد روئی وسن کا کیانوس، ان اشیاء کی سربراہی کی گئی۔

انجینیرنگ کی فرمائشات میں ٹیلیفون، تعمیراتی سامان، پانی کی ٹنکیاں، بجلی کے بلب اور پنکھے شامل ہیں۔ ۵۶ ؍ ۵۴ لاکھ روپیہ کی Hutting ۴۰ ؍ ۲۷ لاکھ روپیہ M. S. Plates اور چادریں (Sheets) ۱۶ ؍ ۲۵ لاکھ روپیہ کا فولاد شامل ہے۔

فوجی مصنوعات ان مصنوعات میں کافی ترقی ہوئی۔ جنگ کے پہلے سال میں دس کروڑ Round چھوٹے آلات حرب (Amunition) ۴ لاکھ رونڈ بندوق کا Amunition بڑی مقداریں بارود سمندر پار بھیجی گئی۔ ہندوستانی فوج میں موٹروں کی مقداریں ۵ ہزار سے ۳۰ ہزار کا اضافہ ہوا۔ اس طرح ہندوستانی موٹر سازی کی صنعت کو کافی پھیلنے کا موقع ہے۔ موجودہ جنگ کے لئے ۴۰ ہزار ساز وسامان Automobiles ضروری ہے۔ جس کے منجملہ ۲۰ ہزار ہندوستان تیار کر رہا ہے۔ اس کی تیاری میں حکومت کی امداد اور مشورے شامل رہے ہیں۔ مشین گن، بندوق وغیرہ بھی

تیار ہو رہے ہیں۔ حال میں ۳۹ لاکھ روپیہ کے چھوٹے جہازوں کی فرمایش کی گئی ہے۔ ڈسمبر ۱۹۴۰ء تک ۱۳ لاکھ جوڑے جوتے، ۱۵ لاکھ بلانکٹ ایک کروڑ گز ڈرل ۱۲ لاکھ سوتی قمیص ۲۵ لاکھ جوڑے پاتابہ بھیجے جا چکے ہیں۔

میسور و ٹراونکور جلے ہوئے ناریل کے شل تیار کر رہے ہیں تاکہ مخالف گیس کے لئے استعمال کئے جائیں۔ اس سلسلے میں میسور کو ۳۸ ہزار ۷ سو ۵۰ روپیہ اور ٹراونکور کو ۱۵ لاکھ ۱۶ ہزار کے آرڈر حکومت ہند نے دئے ہیں۔ کئی اشیاء مثلاً بیاڑی، برش، تیزاب، صابن، کوئلہ، سمنٹ، چار، شکر، روئی اور اونی کپڑوں کے لئے فرمایشیں دی گئی ہیں۔

Canning کی صنعت کا عنقریب افتتاح ہوگا۔ اس میں صرف دودھ، سیب، مچھلی، محفوظ رکھی جائے گی۔ المونیم کی تیاری کے لئے ایک گرنی قائم ہو رہی ہے۔ ۳۴ لاکھ گز Water Proof Packing Paper مدراس، بمبئی، کلکتہ میں بن رہا ہے۔ برقی اشیاء کی تیاری میں گذشتہ سال نمایاں ترقی ہوئی۔ بیاڑی، Dry cells لیمپ، پنکھے، گرم پانی کی بوتلیں، ٹائپ رائٹر، سینے کی مشین وغیرہ تیار کی جا رہی ہیں۔ اسی طرح مختلف فوجی ضروریات تیار ہو رہی ہیں۔

۱۹۴۲ء میں سمنٹ کم تیار ہوتی تھی اور اب دس لاکھ ٹن تیار ہوتی ہے، روئی کے کارخانے یونیفارم اور بلانکٹ تیار کر رہے ہیں۔ ہندوستان میں روغنی تخم زیادہ ہوتے ہیں جن سے تیل اور چربی نکالی جا رہی ہے اور ان کو فوجی ضروریات کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ لکڑی کے لئے بہت سی فرمایشیں وصول ہوئی ہیں۔ اسی لئے لکڑی کے کارخانے مصروف ہیں۔ پینٹ اور وارنش وغیرہ کی تیاری ہو رہی ہے۔

بعض اہم مصنوعات پر اثرات۔ (کپڑے کی مصنوعات)

جنگ سے قبل ۱۹۳۹ء میں ان مصنوعات کی حالت خراب تھی ۱۹۳۹ء میں کاروباری دنیا امید و بیم کی حالت میں ہچکولے لے رہی تھی۔ یورپی بازارات میں ایک غیر یقینی حالت پیدا ہو گئی تھی۔ نتیجہ یہ تھا کہ قیمتیں گر گئی تھیں اس کا اثر ہندوستان پر بھی پڑا۔ علاوہ ازیں جاپان نے ہندوستانی بازاروں میں بھرمار کی پالیسی جاری رکھی تھی پھر دوسری طرف

خود ہندوستانی آئندہ منفعت کی خاطر ذخیرہ کرنے لگے تھے۔ ان تمام حالات کا اثر قیمتوں کی تخفیف کی صورت میں ظاہر ہونے لگا تھا۔ جنگ کے چھڑ جانے کے بعد حالات نے پلٹا کھایا ۱۹۴۰ء بحیثیت مجموعی ان مصنوعات کے لئے غیر اُمید افزا نہ تھا۔ ذیل میں کپڑے کی بعض اہم صنعتوں کی حالت کا مطالعہ کریں گے۔

۱۔ روئی کی صنعت :-

جنگ کے چھڑتے ہی اس صنعت میں جان پڑ گئی۔ لیکن یہ حالت تھوڑے عرصہ کے لئے باقی رہی یعنی ستمبر ۱۹۳۹ء سے ڈسمبر تک۔ آغاز جنگ کے ساتھ ہی کاروباری حالت میں رجائیت پیدا ہو گئی۔ قیمتوں میں اضافہ ہونے لگا۔ مخمنون اور تاجروں کی بن آئی۔ نومبر میں تخمین کی ایک رو چلی جو کلکتہ سے شروع ہو کر تمام ملک میں پھیل گئی۔ اور ڈسمبر تک جاری رہی۔ لیکن اس کے بعد حالات میں تبدیلی پیدا ہونے لگی۔ ضروریات زندگی گراں ہو گئے۔ اب مزدوروں کی جانب سے اضافۂ اُجرت کا مطالبہ پیش کیا جانے لگا۔ ہڑتالوں کا سلسلہ شروع ہو گیا اور اپریل تک جاری رہا ان سب پر طرفہ یہ کہ ریل کے کرایوں میں اضافہ ہوا۔ اپریل اور مئی کے درمیان اس صنعت میں ترقی ہوئی۔ لیکن پھر تنزل شروع ہوا۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ جہاز رانی کی دقتوں کے باعث برآمد میں کمی ہوئی۔ اس کا اظہار ماہانہ پیداوار کے اعداد سے بخوبی ہو سکتا ہے۔ ڈسمبر ۱۹۳۹ء میں ۹ ر ۳۹۲ ملین گز پیداوار اور مارچ ۱۹۴۰ء میں ۲ ر ۲۵۰ ملین گز لیکن اس کے بعد پیداوار میں پھر اضافہ ہوا یہاں تک کہ مئی میں ۲ ر ۳۷۵ ملین گز پیداوار اور جولائی میں ۳ ر ۳۱۲ ملین گز۔ اگسٹ میں اضافہ ہوا کیونکہ موسمی طلب میں زیادتی ہوئی۔ پیداوار پر بحیثیت مجموعی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جنگ کے پہلے سال میں یعنی ستمبر تا اگسٹ ۱۹۴۰ء میں دوسرے سالوں کی بہ نسبت پیداوار زیادہ نہیں رہی۔ اس سال یعنی ۱۹۴۰ء میں کل پیداوار ۱ ر ۳۹۶۸ ملین گز اور ۱۹۳۸-۳۹ء میں ۳ ر ۴۱۷۲ ملین گز رہی۔ جنوری ۱۹۴۰ء میں ۱۵۰۰۰۰ مزدور کپڑے کی صنعت میں مشغول تھے اور جولائی کے آواخر میں ۱۴۰۰۰۰ مزدور رہ گئے۔

درآمد میں تخفیف پیداوار میں اس تخفیف سے جاپان اور لنکاشائر اچھی طرح فائدہ اُٹھا سکتے تھے۔ لیکن دونوں ممالک جنگ میں مصروف تھے۔ ۱۹۴۰ء کے کسی مہینہ میں بھی درآمد ۱۹۳۹ء کے کسی مہینہ سے زیادہ نہ رہی۔ جملہ درآمد جنگ کے پہلے سال میں یعنی ۱۹۳۹ء۔ ۱۹۴۰ء میں ۴۶۶٫۰ ملین گز تھی حالانکہ ۱۹۳۸-۳۹ء کے ان ہی بارہ مہینوں میں جملہ درآمد ۶۶۵٫۵ ملین گز رہی۔

برآمد میں اضافہ اگرچہ پیداوار میں تخفیف ہوئی اور درآمد بھی کم رہی لیکن برطانوی ہند سے برآمد میں اضافہ ہوا۔ ۱۹۳۹-۴۰ء کے مالی سال میں جملہ برآمد ۲۲۱٫۲ ملین گز تھی اور اس کے بمقابل ۱۹۳۸-۳۹ء میں ۱۷۷ ملین گز رہی۔ سوت اور دھاگہ کی برآمد میں بھی اضافہ ہوا۔ ۱۹۳۷-۳۸ء میں ۱۲۴۳۵۵۴۰ پونڈ اور ۱۹۳۹-۴۰ء میں ۳۶۹۴۲۷۸۳ پونڈ سوت اور دھاگہ برآمد کیا گیا۔ ۱۹۴۰-۴۱ء کے پہلے چار مہینوں میں سوت کی برآمد ۱۹۰۱۰۴۸۹ پونڈ تھی۔

درآمد اور پیداوار میں تخفیف اور برآمد میں اضافہ کا اصلی سبب جنگ تھا۔ جنگ کے باعث ہندوستانی کارخانوں نے جو اپنی پیداوار اور مصارف پیدائش میں تخفیف کرنا چاہتے تھے، اپنا خیال بدل دیا۔ جنگ کے آغاز پر احمد آباد و بمبئی کی گرنیوں نے حکومت سے درخواست کی کہ "مزدور تحقیقاتی کمیٹی" (Labour inquiry Committee) نے جو مزدوریوں میں عارضی اضافہ کی سفارش کی ہے اس کو نافذ نہ کیا جائے۔ کیونکہ اضافہ اجرت سے صنعت پر زیادہ بار پڑے گا اس کے علاوہ یہ خیال کیا جاتا تھا کہ ذخیرہ کی وجہ سے بھی صنعت زیر بار ہوگی کیونکہ اس کی نکاسی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی۔ اور یہ خیال کیا جاتا تھا کہ صنعت افراطی پیدائش کی حد تک پہنچ گئی ہے۔ اسی لئے تخفیف پیدائش کی اسکیم پیش نظر تھی۔ لیکن جون ہی جنگ چھڑی خیالات میں تبدیلی ہوگئی اور تخفیف پیدائش کا مسئلہ ہی باقی نہ رہا۔ حالات و مواقع سے فائدہ اٹھایا گیا۔ اور ہندوستان فوجی فرمائشات کی سربراہی کرنے لگا۔ بلکہ نوبت یہاں تک پہنچی کہ ان مشرقی منڈیوں میں بھی ہندوستانی مال جانے لگا جہاں لنکاشائر اپنا مال روانہ نہیں کرسکتا تھا۔ یہ ہوسکتا تھا کہ لنکاشائر کی عدم مسابقت سے جاپان فائدہ اُٹھائے لیکن وہ خود چین سے برسرِ جنگ ہے۔ ہندوستان کو جاپان کی اس مصروفیت سے

فائدہ اُٹھانے کا موقع ملا۔

برآمد میں اس اضافہ کے سلسلہ میں روئی کی تنظیمات Cotton organisation کو بھی دخل ہے۔ یوروپی بازارات کے بند ہونے کے خوف سے ہندوستانی مرکزی روئی کی کمیٹی Indian Central Cotton Committae نے ہندوستان میں ہندوستانی کپڑے اور قریب کے ممالک میں برآمد کرنے کے لئے وسیع پروپگنڈا کرنے کی تجاویز پیش کیں جن کو روبہ عمل لایا گیا۔

مخالف اثرات | بعض ایسی اشیاء جن کی اس صنعت کو ضرورت تھی مثلاً رنگ، رنگ کٹ سفوف وغیرہ گران ہوگئے۔ اشیاء رامحتیاج کی گرانی کے باعث اضافۂ اُجرت کا مطالبہ ہونے لگا۔ نتیجتاً ہڑتالیں ہونے لگیں۔ مارچ ۱۹۴۰ء تا اپریل ۱۹۴۰ء ان ہڑتالوں کا سلسلہ جاری رہا۔ یہ تو وہ مخالف اثرات تھے جو بالراست ظاہر ہوئے۔ جنگ کے بعض بالواسطہ بُرے اثرات بھی نمودار ہوئے مثلاً ریلوں کے کرایہ میں ۱۲½ فی صد کا اضافہ، سلطنت برطانیہ کے کپڑے پر محصول درآمد میں ہندوستانی برطانوی تجارتی راضی نامہ کی موجب ۲½ فی صد کی کمی۔

روئی | اسی سلسلہ میں روئی کی حالت پر بھی غور کرنا ضروری ہے۔ ۱۹۳۹-۴۰ء میں ۱۹۳۸-۳۹ء کی بہ نسبت زیادہ آمدنی ہوئی لیکن ۱۹۴۰-۴۱ء میں اتنی آمدنی کی اُمید نہیں ہے۔ جنوری ۱۹۴۰ء میں خام روئی کی قیمت ۳۴۱ روپیہ تھی لیکن اس کے بعد سے تنزل شروع ہوا۔ ۲ر جولائی کو ۱۴۷½ روپیہ قیمت تھی اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ مزدوروں نے اسی زمانہ میں ہڑتالیں کیں اور نتیجتاً ہندوستانیوں میں روئی کا استعمال کم ہونے لگا۔

صنعت اون | جنگ کی وجہ سے اس صنعت کو بحیثیت مجموعی فائدہ پہنچا۔ اُون کی درآمد میں اضافہ ہوا اور برآمد میں کمی ہوئی۔ قیمتوں میں ۳۲ روپیہ فی من (۱۹۳۹ء میں) سے ۴۸ روپیہ (جنوری ۱۹۴۰ء میں) تک اضافہ ہوا۔ جنگ کے پہلے سال میں خام اُون کی درآمد ۱۸۴۵۰۵۱۳ روپیہ تھی اس کے بمقابل ۱۹۳۸-۳۹ء میں ۶۵۵۶۸۰۲۱ روپیہ تھی۔ لیکن برآمد میں ۳۴۵۴۷۰۶۰ روپیہ (۱۹۳۸-۳۹ء) سے ۲۶۰۹۰۶۶۱ روپیہ (۱۹۳۹-۴۰ء) کی کمی ہوئی۔ یہ تو خام اُون کی حالت تھی۔ اونی مصنوعات

کی درآمد و برآمد میں بھی کمی ہوئی۔ لیکن اس کے باوجود صنعت برابر ترقی کرتی رہی۔ تمام گرنیاں حکومت کے فرمائشات کی سربراہی کر رہی ہیں۔ حکومت نے یہ معاہدہ کیا ہے کہ تمام پیداوار وہ خریدے گی۔ اور اس صنعت کی جانب سے یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ کم سے کم منافع لے گی اور زیادہ سے زیادہ وقت کام کرے گی۔ لیکن اُون کی گرنیاں حکومت کی تمام فرمائشات کی تکمیل نہیں کر سکیں اس لئے دستی صناعوں سے Spinner's Association کے ذریعہ کام لیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں دہلی میں ایک کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس میں اس امر پر غور کیا گیا کہ دستی صناعوں کو کس طرح مدد کی جائے۔ اس غرض سے ایک کمیٹی کا تقرر کیا گیا ہے۔

ریشم کی صنعت | جاپان و چین کی جنگ کی وجہ سے ہندوستان میں اس صنعت کی ترقی کے امکانات پائے جاتے ہیں۔ ستمبر ۱۹۳۹ء تا اگسٹ ۱۹۴۰ء میں ۴۴۴۳۵۰ روپیہ کا ریشم برآمد کیا گیا۔ اور ۱۹۳۸-۳۹ء میں ۲۱۷۲۳۸ روپیہ کی برآمد ہوئی تھی۔ ۱۹۳۸-۳۹ء میں ۲۶۰۴۶۲ روپیہ کی ریشمی مصنوعات برآمد کی گئی تھیں اور ۱۹۳۹-۴۰ء میں ۲۹۸۴۳۲ روپیہ کی۔ گویا خام ریشم اور ریشمی مصنوعات کی برآمد میں اضافہ ہوا۔

شکر کی صنعت | شکر کی صنعت کو جنگ سے کوئی فائدہ نہیں پہنچا۔ اس کی پسماندگی کی وجہ یا تو اس کے اپنے نقائص ہیں یا دو صوبہ جات میں کانگریسی حکومت کی غلط حکمت عملی۔

اس صنعت کی بے بسی کا اندازہ بعض اعداد و شمار سے ہو سکتا ہے۔ ۱۹۳۹-۴۰ء میں ۱۲۴۱۷۰۰ ٹن شکر پیدا ہوئی اور ۱۹۳۸-۳۹ء میں ۶۵۴۸۰۰ ٹن شکر پیدا کی گئی تھی۔ اگر اس میں گڑ سے بننے والی شکر ۳۱۷۰۰ ٹن کا اضافہ کر دیا جائے جو سال گذشتہ کے مقابل میں بھی زائد تھی (سال گذشتہ گڑ سے بننے والی شکر ۱۴۲۰۰ ٹن تھی) تو اتنی کثیر مقدار کی نکاسی ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لئے کئی تدابیر مثلاً برآمدی بازارات (Export markets) کی فراہمی، شکر کے صرف میں اندرون ملک اضافہ کرنا، شکر کی پیداوار میں کمی اور نیشکر کو گڑ میں تبدیل کرنا، یہ سب پیش نظر ہیں۔ اس کے علاوہ نیشکر کے زیر کاشت رقبہ میں تخفیف بھی زیر غور ہے۔ لیکن اس پر صرف ۱۹۴۱-۴۲ء کے موسم میں ہی

عمل کیا جاسکتا ہے۔ موجودہ رقبہ زیادہ ہے اور اگر یو۔پی اور بہار کی حکومتیں صرف ۲ / ۷ لاکھ ٹن خریدے تو بقیہ پیداوار کا مسئلہ حل طلب ہی رہ جاتا ہے۔

نیشکر کی قیمتیں چڑھی رہیں۔ محصول چنگی میں ۲ روپیہ سے ۳ روپیہ فی ہنڈرویٹ اضافہ ہوا۔ سلطنت متحدہ کو برآمد نہیں ہوئی اور برما کو برآمد کی ممانعت کردائی گئی یہ فریدفتیں ہیں۔ ان کے ارتفاع کی تدابیر ہو رہی ہیں۔

بیرونی شکر کی درآمد بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ جاوا میں شکر کی پیداوار میں اضافہ ہو رہا ہے اور اس کے بعض بیرونی بازارات ہاتھ سے نکل گئے ہیں اس لئے اندیشہ ہے کہ ہندوستان میں کہیں بھر مار شروع نہ ہو جائے ان حالات میں حکومت کا یہ اعلان ہمارے لئے باعث طمانیت ہے کہ سنہ ۱۹۴۰-۴۱ء میں جاوا کی شکر صرف ۳۵۰۰۰ ٹن درآمد کی جائے گی۔

معمولی حالات میں محاصل برآمد کے متعلق تحقیق کی جاتی ہے لیکن جنگ کی وجہ سے اس کو ملتوی کر دیا گیا ہے اور اسی لئے سابقہ تامینی محاصل برقرار ہیں۔ سنہ ۱۹۳۹-۴۰ء میں چنگی سے حکومت ۲۴۸۵۰۰۰ روپیہ منافع ہوا اور تامینی محصول درآمد سے ۳۹۶۰۸۰۰۰ روپیہ کی آمدنی ہوئی۔

کوئلہ کوئلہ کی پیداوار میں اضافہ ہوا۔ جنگ کی وجہ سے برآمد میں بھی اضافہ ہوا کیونکہ مصر، فلسطین اور یونان کے فرمایشات کی تکمیل کی گئی۔ نئے بازارات کی فراہمی کے سلسلہ میں حکومت نے بھی مدد کی۔ جنگ کے باعث نہ صرف برآمد میں اضافہ ہوا بلکہ ہندوستانی صنعتوں کے لئے بھی کوئلہ کی طلب بڑھ گئی۔

سنہ ۱۹۴۰-۴۱ء میں ریلوے کے لئے ۲۸۰۰۰۰۰ ٹن کوئلہ خریدا گیا جو گذشتہ سال کی خریدی سے ۴۰۰۰۰۰ ٹن زائد ہے۔

کوئلہ کی قیمتوں میں گذشتہ اپریل سنہ ۱۹۴۰ء سے کوئی تغیر نہیں ہوا۔ یہ سطح دسمبر سنہ ۳۹ء اور جنوری سنہ ۴۰ء کی قیمتوں کی اعلیٰ سطح سے کم تھی۔ دیگر ممالک کے مقابلہ میں ہندوستانی کوئلہ کی قیمتیں کم ہی رہیں۔ مسٹر۔ ایچ۔ کے۔ ناگ نے Geological Mining and Metallurgical society of India.

کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ "یقیناً ہندوستانی کوئلہ کی قیمت تمام دنیا میں سب سے کم ہے"۔ ریلوے کو البتہ زیادہ قیمت پر کوئلہ دیا گیا۔ لیکن اس کی تلافی اضافۂ اجرت، محصول منافع زائد اور سے ہو گئی۔

جنگ کی وجہ سے کوئلہ کی کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کے مسائل بھی پیچیدہ ہو گئے ہیں۔ بہار مزدور تحقیقاتی کمیٹی۔ Bihar labour Inquiry committee کی رپورٹ شائع ہو گئی ہے۔ اور حکومت اس پر غور کر رہی ہے۔ ایک اور کمیٹی اس صنعت کی تنظیم جدید کے لئے Coal Industry Reorganisation committee قائم کی گئی ہے۔ مزدوروں کا مطالبہ ہے کہ انہیں مہنگائی الاؤنس دیا جائے لیکن اس کو صنعت کے مفاد کے خلاف تصور کیا جا رہا ہے۔

سن | سن کی پیداوار میں ۱۹۴۰ء میں کمی ہوئی۔ نومبر سے گیارہ ماہ میں ۹۵۸۴۰۰ ٹن اور ۱۹۳۹ء میں ۱۰۰۳۷۰۰ ٹن اور ۱۹۳۸ء میں ۱۱۷۵۳۰۰ ٹن سن پیدا ہوا۔

۱۹۳۹ء میں سن کی قیمتیں زیادہ تھیں، اپریل کے بعد سے جنگ کے آغاز تک کمی کی طرف رجحان رہا۔ ۱۹۴۰ء میں فبروری سے ستمبر تک (اس مدت کے اشاریہ نمبر معلوم ہو سکے) متواتر کمی ہوتی رہی۔ سن کی مصنوعات کی قیمت میں ۱۹۳۱ء میں اضافہ ہوا اور ۱۹۴۰ء کے پہلے حصہ میں بھی اضافہ تھا لیکن دونوں سالوں کے دوسرے حصہ میں قیمتوں کا رجحان یکساں تھا۔ وجہ یہ تھی کہ کارخانوں نے اپنے پروگرام میں تخفیف کر دی تھی۔ لیکن اس زمانہ کی قیمتوں میں بھی تھوڑا بہت اختلاف ہے۔ ۱۹۳۹ء کے نصف آخر میں سن کی مصنوعات کی قیمت میں اضافہ ہوا حالانکہ اسی زمانہ میں ۱۹۴۰ء میں قیمتیں مستقل رہیں۔

برآمد | برآمد کے سلسلہ میں صرف اگسٹ ۱۹۴۰ء تک کے اعداد و شمار دستیاب ہو سکے ہیں۔ جنگ کے پہلے سال میں جوٹ کی مصنوعات کی برآمد متاثر نہیں ہوئی لیکن ۱۹۳۹ء میں برآمد کی جو حالت تھی اس کی توقع ۱۹۴۰ء میں نہیں ہے۔ خام سن پر گہرے اثرات ہوئے ہیں۔ قیمتیں بڑھ گئی ہیں اور براعظمی بازارات بند ہو گئے ہیں۔ فبروری ۱۹۴۰ء میں خام جوٹ کی برآمد تقریباً مستحکم رہی لیکن بعد ازاں

اس میں تخفیف ہونے لگی یہاں تک کہ جولائی میں صرف ۸۱۰۰ ٹن کی برطانوی ہند سے برآمد ہوئی۔ آگسٹ ۱۹۴۰ء میں تھوڑا سا اضافہ ہوا ہے بہرحال جنگ کے زمانہ میں خام سن کا مستقبل تاریک نظر آتا ہے۔

سن کی مصنوعات کی جملہ برآمد ستمبر ۱۹۳۹ء تا آگسٹ ۱۹۴۰ء ۱۱۲۲۵۸۰ ٹن تھی اور ۱۹۳۸-۳۹ء کے اسی زمانہ میں ۹۶۳۷۳۸ ٹن۔ جنگ کے دوران میں حالیہ اندازہ کے بموجب اب تک کل ۹۷۲۰۰۰۰۰ تھیلے ریتی کے تیار کئے گئے۔ ان کی فرمایشیں ایسے وقت وصول ہوئی ہیں جب کہ ان کی کم توقع تھی اور اسی وجہ سے قیمتوں میں فریب کمی نہیں ہوئی۔

چاء | بحیثیت مجموعی ہم کہہ سکتے ہیں کہ جنگ چاء کی صنعت کے لئے رحمت ثابت ہوئی۔ جنگ کی وجہ سے نئے حالات پیدا ہو گئے تھے۔ سلطنت متحدہ "ہندوستانی چاء" کی بڑی منڈی ہے۔ اس پر حکومت کی نگرانی ہونے لگی۔ وزارتِ غذا نے ہندوستان سے ایک قلیل المدت معاہدہ کیا۔ ہندوستان میں بھی چاء کی حیثیت ایک نیم سرکاری صنعت کی ہو گئی۔ ایک نگرانکا Tea controller. کا تقرر کیا گیا ۲۶ ستمبر سے ۶ اکتوبر ۱۹۳۹ء تک برآمد بند کر دی گئی تاکہ جنگ کے اثرات معلوم کئے جائیں۔

پہلی جولائی ۱۹۴۰ء میں ۳۱۴۹۴۵۶۸۳ پونڈ چاء قابل برآمد تھی حالانکہ جولائی ۱۹۳۹ء میں ۳۲۹۵۹۸۵۹۸ پونڈ۔ ۱۹۴۰ء میں سلطنت متحدہ سے طویل المدت معاہدہ ہوا۔

قیمتیں | آغاز جنگ سے اختتام نومبر تک تھوڑا بہت اضافہ ہوا اس کے بعد اس میں تخفیف ہوئی یہاں تک کہ ۱۹۳۹ء کے اختتام تک قیمتیں قبل جنگ کی سطح پر آگئیں اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ برآمدی بازارات میں اس کی طلب کم ہو گئی اس کمی کا سلسلہ مئی تک جاری رہا اس کے بعد سے برآمد میں پھر اضافہ ہوا۔

انجنیرنگ کی مصنوعات | یہ مصنوعات ہماری صنعتی ترقی کے لئے نہایت اہم ہیں لیکن ان کی جملہ درآمد میں تخفیف ہوئی۔ خصوصاً برقی مشنری اور روئی کی مشینوں کی درآمد میں نمایاں کمی ہوئی۔

ہندوستان پانچ ممالک سے مشینیں درآمد کرتا ہے سلطنت برطانیہ، جرمنی، بلجیم، جاپان اور امریکہ سے۔ جنگ کے آغاز کے ساتھ ہی جرمنی سے مشینوں کی درآمد بند ہوگئی، بلجیم کی فتح کے بعد سے ہندوستان نے اس ملک سے بھی مشینیں منگانی چھوڑ دیں۔ البتہ بقیہ تین ممالک سے درآمد جاری رہی۔ ستمبر ۱۹۳۹ء یا جنوری ۱۹۴۰ء میں جاپان سے ۳۷۷۵۶ روپیہ کی مشنری درآمد کی گئی اور ۱۹۳۸-۳۹ء کے اسی زمانہ میں ۱۰۱۷۷۸۹ روپیہ کی۔ برطانیہ سے ۱۹۳۸-۳۹ء میں ۷۲۸۲۵۵۴ روپیہ کی مشینیں منگوائی گئیں لیکن ۱۹۳۹-۴۰ء میں ۳۱۱۶۰۸۷۶ روپیہ کی مشینیں طلب کی گئیں برطانیہ و جاپان سے درآمد میں گویا تخفیف ہوئی اور جرمنی و بلجیم سے درآمد بند ہوگئی۔ اس کی تلافی امریکہ کی درآمد سے ہوئی۔ ان ہی پانچ مہینوں میں ۱۹۳۸-۳۹ء میں ۱۰۵۴۸۸۱۸ روپیہ کی اور ۱۹۳۹-۴۰ء میں ۱۲۷۴۰۶۲۱ روپیہ کی مشنری امریکہ سے درآمد کی گئی۔ جنگ کے بعد سے امریکہ کی یہ متواتر کوشش رہی کہ اپنی برآمد بڑھائے۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں کامرس رپورٹ میں ایک مضمون

India's Wartime demands for American Products.

بھی شائع کیا گیا۔

صنعتی ترقی کی نوعیت سوال یہ ہے کہ ہماری صنعتی ترقی کی نوعیت کیا ہے اور یہ کہ ہم کس سمت میں قدم اٹھا رہے ہیں۔ اگرچہ ابھی تک بڑے پیمانہ پر جدید مصنوعات کا آغاز نہیں ہوا ہے لیکن اُمید ہے کہ اس سال ہوائی جہاز اور "خودکار مشینیں" تیار ہونے لگیں گی۔ حکومت نے ہوائی جہاز کے کارخانوں کی اسکیم سے اتفاق کرلیا ہے اور ضروری مشنری امریکہ میں خرید لی گئی ہے۔ دو صنعتی ادارے اس اسکیم سے دلچسپی لے رہے ہیں۔ بمبئی کے مشہور صنائع مسٹر وال چند ہیراچند نے ۵ کروڑ کے سرمایہ سے ایک مشترکہ سرمایہ دار کمپنی کھول دی گئی۔ حکومتِ میسور نے بھی اس میں مدد دی ہے تجویز ہے کہ بنگلور میں ہر قسم کے ہوائی جہاز بنائے جائیں۔ کارخانے کے لئے بنگلور میں مقام کا انتخاب بھی ہوچکا ہے۔ امریکہ کے ماہرین کی نگرانی میں طیارہ سازی کا کام شروع ہوگا۔ موٹر سازی کے کارخانے کے قیام کی بھی ایک تجویز مسٹر وال چند ہیراچند نے پیش کی تھی لیکن

حکومت میسور نے اس تجویز سے اتفاق نہیں کیا۔ اس لئے یہ اسکیم فی الحال ملتوی ہے۔

۱۹۳۹-۴۰ء میں رجسٹر شدہ کمپنیوں کے ادا شدہ سرمایہ میں ۳ کروڑ کا اضافہ ہوا ہے۔ یہ اضافہ غیر معمولی نہیں ہے۔ اس لئے کہ امن کے زمانہ میں بھی تقریباً اتنا ہی اضافہ ہوتا تھا۔

مشترکہ سرمایہ دار کمپنیوں کا ادا شدہ سرمایہ ۳۱ مارچ ۱۹۴۰ء میں ۶۷ء۳۰۳ کروڑ روپیہ تھا۔ حالانکہ ۱۹۳۷ء (بزمانہ امن) میں ۴۲ء۳۱۱ کروڑ روپیہ تھا۔ گویا تقریباً ۸ کروڑ روپیہ کی کمی ہوئی۔

اگر نئی مصنوعات بڑے پیمانہ پر جاری ہوتیں یا موجودہ مصنوعات میں ترقی ہوتی اور اس طرح زیادہ اصل قائم اور مشین کا استعمال ہوتا تو اس کا اظہار درآمد شدہ مشنری کے اضافہ سے ہوتا۔ لیکن حالت اس کے برعکس ہے۔ جنگ کے پہلے سال میں درآمد شدہ مشنری کی قیمت ۱۹۳۸-۳۹ء کی بہ نسبت تقریباً ۶ کروڑ کم تھی۔

ان حالات و واقعات سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ دورانِ جنگ میں جدید مصنوعات کا قیام عمل میں نہیں آیا اور نہ ہی اصل میں اضافہ ہوا بلکہ موجودہ کارخانوں اور مشینوں سے ان کی پوری قوت پیداآوری کی حد تک کام لیا گیا۔ البتہ برقی صنعت میں کچھ اضافہ ضرور ہوا۔

حکومت کی امداد اس پس منظر میں چھوٹی اور بڑی صنعتوں کی ترقی کے امکانات پر غور کرنے سے قبل مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حکومت کی ان مساعی کا جائزہ لیا جائے جو اس نے ہماری صنعتی پیش رفت میں امداد کرنے کی غرض سے جاری رکھی ہیں۔ سر رامامسوامی مدلیار وزیر تجارت حکومت ہند نے اعلان کیا ہے کہ حکومت ان مصنوعات کو تامین عطا کرے گی جس سے ہندوستان کی جنگی مساعی میں فی الوقت امداد مل رہی ہے۔ اس قسم کی تامین فولاد کے پائپ اور المونیم کی صنعتوں کو دی گئی ہے۔ حکومت بعض ان شرائط کو بھی نظر انداز کرنے کے لئے تیار ہے جو مالیاتی کمیشن کی جانب سے تامین کے لئے مقرر کئے گئے تھے۔ فولادی پائپ کی صنعت کو تامین عطا کر کے حکومت نے ان شرائط کو بڑی حد تک نظر انداز کر دیا ہے۔ کیونکہ اس کی خام پیداوار باہر سے منگائی جاتی ہے۔

حکومت نے اس مالی امداد کے علاوہ "Board of Scientific

سائنٹفک صنعتی تحقیقاتی بورڈ قائم کیا ہے Industrial Research"

جنگ کے باعث بعض درآمدی اشیاء میں تخفیف اور بعض اشیاء کی برآمد میں کمی ہونے لگی علاوہ ازیں بعض جنگی ضروریات کی فراہمی کے لئے جدید صنعتوں کو جاری کرنا پڑا۔ ان تمام مسائل پر غور کرنے کے لئے یکم اپریل ۱۹۴۰ء میں اس بورڈ کا قیام عمل میں آیا۔ مقصد یہ ہے کہ موجودہ صنعتوں کی ہمت افزائی اور جدید مصنوعات کے قیام کی کوشش کی جائے۔ ماہرین سائنس اور صنعت اس بورڈ کے اراکین ہیں۔ اس بورڈ کی نوعیت ایک مشاورتی مجلس کی سی ہے تاکہ جدید مصنوعات کے قیام کے سلسلہ میں حکومت کو صحیح مشورہ دے سکے۔ اس بورڈ کے لئے ۵ لاکھ روپیہ منظور کئے گئے ہیں جس میں سے ایک لاکھ روپیہ بورڈ اپنے انتظامی معاملات پر صرف کرسکتا ہے۔ بورڈ نے دوسو اسکیموں پر غور کیا ہے اور حسب ذیل تحریکات منظور کی ہیں۔

۱۔ نباتیاتی روغن (Vegetable Oil) نباتیاتی روغن کو مصنوعات کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ہندوستان سے روغنی تخم دیگر ممالک کو برآمد کئے جاتے ہیں اور یہ روغنی تخم دیگر اشیاء مثلاً مختلف قسم کے تیل وغیرہ کی شکل میں تبدیل ہوکر پھر ہندوستان میں واپس بھیجے جاتے ہیں۔ کوشش کی جارہی ہے کہ روغنی تخم کو برآمد کرنے کی بجائے دیگر صنعتی اشیاء کی تیاری کے لئے استعمال کیا جائے۔ تجویز یہ ہے کہ روغنی تخم کا پوست دیگر اشیاء کے استعمال میں لایا جائے اور تخم سے تیزاب و ادویات بنائی جائیں۔ یہ کام ماہرین کے تحت انجام پارہا ہے۔ اور اس کے لئے حکومت ہند کی منظوری سے ۲۰ ہزار روپیہ دئے جائیں گے۔

۲۔ مصنوعی ریشم | مصنوعی ریشم کی تیاری کی کوشش کی جارہی ہے اور اس غرض سے مشنری بھی خریدلی گئی ہے۔

Indian Central Cotton Committee نے ۵۰ ہزار روپیہ ادائی کے لئے نئی مشین Pilot Plant کی خریدی کے لئے دئے ہیں۔ اور بورڈ کی تحریک ہے کہ حکومت ۵۰ ہزار روپیہ مشین کی خریدی کے لئے دئے۔ تجویز یہ ہے کہ حکومت کی منظوری سے یہ کارخانہ بمبئی میں

قائم کیا جائے گا۔

۳۔ ادویاتی کمیٹی | جنگ کی وجہ سے ادویات کی قلت اور گرانی کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے ایک ادویاتی کمیٹی مقرر کی گئی ہے۔ مقصد یہ ہے کہ ارزان اور مفید ادویات کی تحقیق کی جائے یہ کام ڈاکٹر رائے اور دیگر ماہرین کی نگرانی میں انجام پا رہا ہے۔ ان کی مدد کے لئے ڈاکٹر صدیقی کا تقرر کیا گیا ہے۔ بورڈ نے اس کمیٹی کے لئے ۲۵ ہزار روپیہ کی منظوری دینے کے لئے حکومت سے سفارش کی ہے۔

سلفر کے لئے کھدائیاں | بعض مقامات پر سلفر حاصل کرنے کے لئے کھدائیاں جاری ہیں۔ اس کام کے لئے دس ہزار روپیہ منظور کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔

راب کمیٹی | راب سے الکحل اور پوٹاسیم نکالنے کے لئے یہ کمیٹی مقرر کی گئی ہے اور اس کے لئے بیس ہزار روپیہ کی منظوری دی گئی ہے۔

فاسفیٹ کی کھاد کی کمی کو پورا کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی گئی ہے اس نے اپنی تحقیقات مکمل کر لی ہے۔

ہندوستان میں اخباری کاغذ کے سوائے تمام کاغذ تامین کے تحت تیار ہوتا ہے اخباری کاغذ کے لئے کشمیر، صوبہ متحدہ اور ہمالیہ کے دامنوں میں خام پیداوار کی تلاش جاری ہے۔ ڈاکٹر بھارگو اس سلسلہ میں تحقیقات کر رہے ہیں۔

نباتیاتی رنگ کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی گئی ہے اور اس کام کے لئے حکومت سے ۱۵۰۰ روپیہ منظور کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔

جنگ کے لئے معدنی اشیاء کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے مدنظر ابرک اور کرومائٹ (Chromite) کی معاشی مساحت کی طرف توجہ کی جا رہی ہے۔ بلوچستان میں کرومائٹ کی ذخائر کی تحقیق کے لئے ایک افسر کا تقرر کیا گیا ہے اور ایک دوسرا افسر بہار میں ابرک کی تحقیق کے لئے مقرر ہوا ہے۔ ابرک ہوائی جہازوں، آبدوزوں، ٹنکیوں اور لاسکی آلات کے لئے نہایت ضروری

اس لئے حکومت اس کو محفوظ کر رہی ہے اور دشمن ممالک کو اس کی برآمد قطعاً ممنوع قرار دی گئی ہے۔

سنہ ۱۹۴۰ء میں قواعد نگرانی ابرک " Mica Control Order " نافذ کیا گیا ہے جس کی رو سے ناجائز طور پر ابرک نکالنا اور فروخت کرنا ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ بہار میں اس قانون پر سختی سے عمل کیا جا رہا ہے۔ ابرک کی برآمد پر نگرانی کرنے کے لئے ایک انسپکٹر کا تقرر کیا گیا ہے۔

عمارتی لکڑی، شہتیر کثیر مقدار میں درآمد کئے جاتے ہیں۔ Indian Forest Research Institute Derham. اس کے مختلف بدل معلوم کرنے میں مصروف ہے۔

اور ریل کے لئے موزوں لکڑی کی تلاش جاری ہے صندوقوں کی موزوں لکڑی کے لئے تجربے ہو رہے ہیں۔ تھری کڑوال میں عمارتی لکڑی سے اخباری کاغذ کے لئے مصنوعی گودا تیار کرنے کے متعلق حکومت کو متوجہ کیا گیا ہے۔

لاک :- London Lak research Laboratory میں لاک کے نئے مصرف مثلاً وارنش پینٹ وغیرہ دریافت کئے گئے ہیں۔ اس کے برقی خواص معلوم کرنے کے لئے ایک معمل Indian Lak Research Institute قائم کیا گیا ہے۔

چھوٹی اور بڑی مصنوعات کی ترقی کے امکانات

گذشتہ مباحث سے یہ واضح ہوتا ہے کہ کئی صنعتوں میں اضافہ اور وسعت کے امکانات موجود ہیں۔ چھوٹی صنعتوں کو خصوصیت کے ساتھ پھولنے پھلنے کا خاص موقع ہے۔ کیونکہ ان مصنوعات کی یورپ سے درآمد تقریباً بند ہوگئی ہے کیمیائی ادویات، نباتی روغن، پینٹ، وارنش، گلاس، الکحل، نباتی رنگ، ان چھوٹی چھوٹی مصنوعات کی ترقی کے لئے وسیع میدان ہے۔

ہندوستان کے صنعتی ارتقار کے لئے ضروری ہے کہ نہ صرف چھوٹی صنعتوں کو ترقی دی جائے بلکہ جدید بڑی صنعتوں کو بھی قائم کیا جائے۔ یہ امر ہمارے لئے باعث طمانیت ہے کہ حکومت جہازسازی اور ہوائی جہازسازی کی امداد کر رہی ہے۔

بحیثیت مجموعی ہم کہہ سکتے ہیں کہ صنعتی ترقی کی رفتار اتنی زیادہ اطمینان بخش نہیں ہے تاہم

ایں ہم غنیمت است ۔ اگر جنگ مزید ایک دو سال جاری رہے تو اُمید ہے کہ ہندوستان کا مستقبل درخشان بن جائے ۔ اور ہندوستانی محبانِ وطن کی ایک دیرینہ آرزو بر آئے ۔

مارچ ۱۹۴۰ء میں کل ہند صنائع کانفرنس سر ہیم وسولیو اائر کے زیر صدارت منعقد ہوئی تھی تاکہ دورانِ جنگ میں صنعتی ترقی کی رفتار کو بڑھانے کے امکانات پر غور کیا جائے اس کانفرنس میں ان صنعتوں پر بھی غور کیا گیا جو بعد جنگ کامیابی کے ساتھ چل سکتی ہیں ۔ ضرورت ہے کہ صنعتی ترقی کی عام مساعی ایک نظم کے تحت ہو، اس سلسلے میں صناعوں، مالی مشیروں اور حکومت کو باہم تعاون کرنا چاہیئے ۔ حکومت نے حوصلہ افزا مالی پالیسی اختیار کی ہے اس کو نہ صرف ان مصنوعات تک محدود رکھنا چاہیئے، جس سے جنگی ضروریات میں مدد ملتی ہے، بلکہ ان مصنوعات کو تامین عطا کی جانی چاہیئے جنھیں زمانہ جنگ میں ترقی دی جاسکتی ہے ۔

احمد خان بی ۔ اے (عثمانیہ)
سابق مدیر

غزل

افتاد پہ افتاد تباہی پہ تباہی
شاید یہی تقدیر محبت ہے الٰہی

ہر سانس میں کانٹا سا کھٹک جاتا ہے اب بھی
اللہ رے ظالم تری دزدیدہ نگاہی

ہنستے ہوئے پھولوں کی طرف دیکھ رہا ہوں
ہر پھول پہ ہنستی نظر آتی ہے تباہی

بیزار ہوں بیزار ہوں جینے سے ہوں بیزار
وہ درس دئے ہیں تری دنیا نے الٰہی

وہ مجھ کو ہر ایک بات پہ دیتے رہے چرکے
اور مجھ سے ہر اک بات کی پھر داد بھی چاہی

یہ کون نگاہوں سے مری دور ہوا ہے
چھائی نظر آتی ہے ہر اک شئے پہ سیاہی

دنیا سے شکایت نہیں رونا ہے تو یہ ہے
اب وہ بھی مرے حال پہ ہنستے ہیں الٰہی

اب اپنے کئے پر وہ پشیمان ہیں جامی
جو کھیل سمجھتے تھے مرے دل کی تباہی

خورشید احمد جامی

جواب

یہ میری شومئ قسمت کہ تم کو پا نہ سکا
غرورِ عشق امارت کے بُت کو ڈھا نہ سکا

قسم ہے رات کے جاگے ہوئے ستارو نکی
اُداس چاند کی غم آشنا نگاہوں کی

تبسموں میں نہاں سوزِ آتشیں کی قسم
غم و گداز میں ہنستی ہوئی جبین کی قسم

جو پوری ہو نہ سکے ایسے آرزو کی قسم
جبینِ عشق سے بہتے ہوئے لہو کی قسم

مآلِ سوزِ محبت سے سوگوار نہ ہو
کسی کے دل کی تباہی پہ اشکبار نہ ہو

پرائے غم کا کوئی آشنا نہیں ہوتا
شکستہ دل کا کوئی آسرا نہیں ہوتا


وہ حُسن کیا جو محبت میں سر جھکا نہ سکے
وہ عشق کیا جو سرِ دار مسکرا نہ سکے

ہوئی نہ جان شکیبا رہینِ آہ و فغاں
تبسموں میں رہا ہے غمِ حبیب نہاں

وفورِ غم نے بنایا ہے دل کو سوگ پسند
غمِ حبیب سے ہیں نغمہ ہائے عشق بلند

بگڑ جو جائے مقدر بنا نہیں سکتے
نقوشِ غم کو بھی آنسو مٹا نہیں سکتے

جمیل احمد فاروقی۔ بی ایس سی (عثمانیہ)



Mr. JAMEEL AHMAD FAROOQI, B. Sc. (Osman.)

One of the most prominent figures among the University Students, and an Ex-Secretary of the Union who played the silent role of a moving spirit in the life of the University. He has also recently made his mark as a dynamic poet.

AZAM STEAM PRESS.

"عہدِ نبوتؐ میں دنیا کی اخلاقی اور مذہبی حالت"

مضامین مقابلہ میلاد شریف اقامت خانجات میں میلاد کمیٹی نے اس مضمون کو مستحق انعام اول قرار دیا۔ "ادارہ"

مذہب کی تاریخ انسان کے ساتھ ساتھ شروع ہوئی ہے اور اس کا قیام بھی بنی آدم کے قیام کے ساتھ ساتھ وابستہ ہے، انسان اور مذہب دونوں میں جسم اور روح کا تعلق ہے چنانچہ حیاتِ انسانی پر کوئی ایسا دور نہیں گذرا جب مذہب اور انسان کا تعلق ٹوٹ گیا ہو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا دورِ مبارک وہ دور ہے جب کہ ایک طرف تو مکہ سے آفتابِ اسلام آہستہ آہستہ اُٹھ رہا تھا اور معلوم ہوتا تھا کہ دنیا بہت جلد مکہ معظمہ سے ضیا بار ہونے والی توحید کی شعاعوں سے جگمگا اُٹھے گی اور دوسری طرف دنیا کے سارے الہامی مذاہب اپنی حقیقتیں اور صداقتیں گم کر چکے تھے جس کی وجہ غیر الہامی مذاہب نے حق و صداقت کا نام لے کر کائنات انسانی کو گمراہی و ضلالت میں گرا رکھا تھا اور سچ پوچھئے تو صحیح معنوں میں دنیا میں مذہب کا وجود ہی نہ تھا، صرف انسانی خیالات و اوہام کا نام مذہب قرار پا گیا تھا جو دنیوی زندگی کے ساتھ ایک ضمیمہ کی حیثیت رکھتا تھا تاکہ بعد کی زندگی میں نجات کے لئے سند کے طور پر کام آئے اور محض نجات کے طالب اور دنیوی معاملات میں برکت کی خواہش کرنے والوں کے لئے صرف اتنا کافی تھا کہ وہ اپنی دنیوی زندگی کے ساتھ اس ضمیمہ کو بھی لگائے رکھیں۔ دنیا کے سارے کام اپنے ڈھنگ پر جاری رہیں اور ان کے ساتھ ساتھ گنتی کی مذہبی رسوم کو ادا کر کے معبود کو بھی خوش کر لیا جائے لیکن جس شخص کو نجات کے بلند مرتبے حاصل کرنے ہوں اس کے لئے ضروری تھا کہ زندگی کے تمام شعبوں سے بے تعلق ہو کر صرف اسی ایک شعبہ کا ہو جائے۔ یہی وجہ تھی کہ "جب مذہب نے تہذیب و تمدن پر

اثر ڈالا تو اس میں رہبانیت، مادی علائق سے نفرت، تنافر، تعصب اور اسی قسم کے عناصر شامل کردئے اور اگر تہذیب و تمدن نے جس کی بنیاد مادیت اور خواہشات نفس کی اتباع پر تھی، مذہب پر اثر ڈالا تو اس میں نفس پرستی کی نجاستیں داخل کرکے گندہ کردیا، یہی وجہ ہے کہ بعض مذاہب کی عبادتوں میں بے حیائی اور لذت پرستی کے ایسے نمونے ملتے ہیں جن کو مذہبی دائرے کے باہر خود ان کے پیرو بداخلاقی سے تعبیر کرتے ہیں[1]"۔ مذہبی لوگ نجات کے اعلیٰ وارفع درجے حاصل کرنے کے لئے دنیا سے الگ رہے اور دنیا والوں نے ہر قسم کے سیاسی ظلم وستم، ہر قسم کی معاشی بے انصافی، ہر قسم کی معاشرتی بے اعتدالی اور ہر قسم کی تمدنی کج راہی کے ساتھ اپنی زندگی کے اس ضمیمہ کو منسلک کردیا اور بقول مولوی ابوالاعلیٰ مودودی " مذہب نے ٹھگی اور قزاقی کا بھی ساتھ دیا، جہاں سوزی اور غارتگری کا بھی، سود خواری اور قارونیت کا بھی، فحش کاری اور قحبہ گری کا بھی[2]"، بہرحال اس کی وجہ پیدا ہونے والے فتنوں نے خونریزیوں، سفاکیوں اور مصیبتوں کے جہنم سلگا کر رکھ دئے اور دینی و دنیوی اقتدار رکھنے والوں نے دنیا میں دو متضاد نظام اخلاق قائم کردیئے تھے " ایک نظام اخلاق تو روم اور ایران کے شاہنشاہوں، رئیسوں، امیروں اور دولت مندوں کا تھا جو ہر قسم کی دنیوی شان و شوکت، دنیوی جاہ وجلال اور دنیوی آرایش و نمایش کے اظہار کا ذریعہ تھا، دوسرا نظام اخلاق یہودیوں، عیسائیوں اور ہندوؤں کے مذہبی پیشواؤں کا تھا جس میں انتہا درجہ کی بوسیدگی، انتہا درجہ شکستگی، انتہا درجہ کی خشکی اور انتہا درجہ کی ترشروئی پائی جاتی تھی[3]" اور بقول ڈاکٹر گستاولی بان " اگر اقوام روم ویونان وایشیا کی اُس حالت کو جو بعثت کے وقت تھی ایک لفظ میں بیان کرنا چاہیں تو کہہ سکتے ہیں کہ اُن کا متخیلہ ایک مدت سے سوچکا تھا،

---

[1] " مسلمان اور موجودہ سیاسی کشمکش " ابوالاعلیٰ مودودی ص ۸۵ ۔ [2] " مسلمان اور موجودہ سیاسی کشمکش " ص ۸۶ ۔ [3] " رہبانیت اور اسلام " عبدالسلام ندوی ۔

اُن کے دلوں پر تخیل حب الوطنی کا اور نہ پرانے قومی دیوتاؤں کی پرستش کا کوئی اثر باقی رہا تھا، ایک خاص اور محض نفسی خود غرضی رہ گئی تھی"[1]

اس دورِ مشترکانہ کی خصوصیات میں غلامی، عورت آزادی، دختر کشی، شراب خواری اور قمار بازی کے ساتھ ساتھ طرح طرح کے فحش اور ناگفتہ بہ حالات بھی شامل ہیں۔ ہر ایک ملک میں ایسے مندر تھے جہاں حیا سوز واقعات ہوتے اور اُن میں مرلیاں چڑھاوے کے طور پر چڑھائی جاتی تھیں۔ کسی قوم میں وحدت کا تخیل موجود نہ تھا۔ ہندوؤں میں برہما، شو اور وشنو کی تثلیث اور دیگر ہزارہا دیوی دیوتا، بدھ مت والوں میں بدھ، دھرما اور سنگھا کی تثلیث، مصر میں اوسی رس ایمن اور تہاہ کی تثلیث، یونان میں منروا، جوپیٹر اور نپچون کی تثلیث، عیسائیوں میں باپ، بیٹا اور روح القدس کی تثلیث اور یہودیوں میں تجسیم کا رواج تھا۔ اور اس حقیقت سے کوئی واقف نہ تھا کہ

"حقیقت میں خدا ایک ہی ہے، اگر زمین، آسمان میں اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبود ہوتے تو بڑا فساد مچ گیا ہوتا"[2]

عرب | دنیا پر ایک طائرانہ نظر ڈال لینے کے بعد جب ہم اُس قوم کی طرف پلٹتے ہیں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہ قوم جہالت، بیہودگی اور توہم پرستی کے گڑھے میں گری پڑی ہے۔ عرب اپنی تمام صفات شجاعت و دلیری کے باوجود بے آئین، بیرحم اور وحشی ہیں۔ یہ بہادر ہیں، بے خوف ہیں، فیاض ہیں، عہد کے پابند ہیں، آزاد خیال اور آزادی کو پسند کرنے والے ہیں، اپنی عزت پر جان دیدینا اُن کے نزدیک کوئی حقیقت نہیں رکھتا، سادہ زندگی بسر کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ ان کے ہاں آئے دن خونریز لڑائیاں ہوتی رہتی ہیں، جنگ و جدال اور حرب و قتال نے تمام ملک کو میدانِ کارزار بنا رکھا ہے، جس کا جس پر بس چلتا ہے اُسے مار ڈالتا اور اس کے مال پر قبضہ کرلیتا ہے اور دوسرے کی عزت و مال کو اپنے لئے بہترین مصرف قرار دیتا ہے، آدمی کی جان کی ان کے نزدیک کوئی قیمت نہیں، اخلاق اور تہذیب سے عاری ہیں، بدکاری، شراب خواری اور جوئے بازی میں طاق ہیں۔ ایک دوسرے کے سامنے

---

[1] "تمدن عرب" ڈاکٹر گستاولی باں۔ [2] قرآن کریم۔

بے تکلف برہنہ ہو جاتے ہیں، عورتیں تک برہنہ ہو کر خانہ کعبہ کا طواف کرتی ہیں۔ آزادی کا یہ عالم ہے کہ کوئی شخص کسی قاعدہ، قانون یا اخلاقی ضابطہ کی پابندی پر آمادہ نہیں، اس پر جہالت کا یہ عالم کہ ساری قوم پتھر کے بتوں کو پوجتی ہے، راستہ چلتے کوئی اچھا سا چکنا پتھر مل جاتا ہے تو اسی کو سامنے رکھ کر پرستش کر لیتے ہیں

"حضرت ابراہیم و حضرت اسمٰعیل علیہما السّلام کے تعمیر کئے ہوئے کعبہ میں خدا کی بجائے تین سو ساٹھ بتوں کی پرستش کی جاتی ہے، دوسرے بت لوگوں کے گھروں پر تسلط جمائے ہوئے ہیں، بعض لوگ فرشتوں یعنی "بنات اللہ" کی پرستش کرتے ہیں جو اپنے باپ کے فیصلوں پر اثر انداز ہو سکتی ہیں، بعض سورج اور چاند کی عبادت کرتے ہیں اور عملی طور پر ہر شخص ستاروں کے اقتدار کا قائل ہے"۔[1]

اساف، نائلہ، لات، منات، ھُبل وغیرہ بعض بت بڑے باعظمت خیال کئے جاتے اور جو گردنیں کسی کے سامنے نہ جھکتیں وہ پتھروں کے سامنے جھک جاتیں اور سمجھا جاتا کہ یہ پتھر ان کی حاجت روائی کریں گے۔ کوئی سرے سے برا فعل بھی ایسا نہ تھا جس سے کوئی شرمائے، فحش باتوں سے پرہیز تو درکنار ان پر فخر کیا جاتا تھا۔ دوشیزہ لڑکیوں کے نام اشعار لکھ کر بازار میں گائے جاتے اور کوئی ولولہ ایسا نہ تھا جو چھپا کر رکھا جاتا ہو۔ روپیہ کمانے کے لئے بُرے سے بُرا فعل بھی جائز تھا، سود خواری ایک معزز پیشہ سمجھا جاتا، ڈاکہ زنی اور رہزنی سے دولت جمع کرنا کوئی فعل قبیح نہ تھا۔ حتیٰ کہ لونڈیوں کو ناچنا گانا سکھا کر بازار میں بٹھایا جاتا اور اس سے جو آمدنی ہوتی وہ مالک کا حق ہوتا۔ سوتیلی ماں سے نکاح جائز تھا، لڑکیاں موجب شرم سمجھی جاتیں اور اکثر لڑکیوں کو پیدا ہوتے ہی زندہ درگور کر دیا جاتا، بعض گروہ خداؤں اور دیویوں کو خوش کرنے کے لئے انسانی قربانی کرتے تھے اور دیویاں عیسائیوں کی قربانیوں کو ترجیح دیتی تھیں۔ رومی مورخین لکھتے ہیں کہ

"عربوں کو تمام متمدن دنیا میں ناقابل اعتماد دوست اور غیر معتبر دشمن کا ناقابل رشک درجہ

---

[1] "پرافٹ آف دی ڈیزرٹ" علامہ شیخ خالد لطیف گاما صفحہ ۲۴

دیا جاتا تھا"۔[1] لیکن ان سب باتوں کے باوجود عہد نبوی میں ہم دیکھتے ہیں کہ

" ایک عام رجحان مذہبی اور ملکی اتحاد کی طرف پیدا ہو چکا تھا اور اس کی علامتیں موجود تھیں ۔ جس طرح سے رومی شہنشاہوں کے وقت میں قدیم دیوتاؤں سے نفرت پیدا ہو چلی تھی اسی طرح عربستان میں بھی اسی قسم کی نفرت ظاہر ہو چلی تھی، پرانے اعتقادات کی حکومت اور پرانے بتوں کی عزت جا چکی تھی ۔ یہ اعتقادات بہت پرانے ہو چکے تھے اور دیوتاؤں میں کچھ دم باقی نہ رہا تھا"۔[2]

یہ وہ زمانہ ہے جب کہ دنیا کی بڑی بڑی سلطنتیں عرب پر دانت لگائے بیٹھی تھیں کیونکہ معاشی حیثیت سے عرب کا ملک کچھ زیادہ مفید نہ سہی لیکن وہ ایک تو یورپ و ہند کی بین الاقوامی تجارت کی گزرگاہ تھا اور دوسرے ملک گیری کے لئے عرب قوم سے زیادہ طاقتور شاید ہی کوئی اور قوم ہو ۔ یہی وجہ تھی کہ ملک عرب میں تقریباً ہر مذہب کے پیرو موجود تھے اور عیسائی خاص طور پر عربوں کو اپنانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگائے ہوئے تھے ۔ ان مختلف "یہودی" مذاہب کے پیرؤں میں یہود قوم بھی نمایاں تھی حالانکہ اس کے مقاصد کو عیسائیوں سے دور کا بھی تعلق نہ تھا ۔ اس وقت دنیا میں شاید یہی ایک قوم تھی جس میں توحید و رسالت کے عقائد کی بو اور دوزخ و جنت، حشر و نشر اور ملائکہ اور انبیاء پر ایمان لانے کی ضرورت کا تھوڑا بہت احساس موجود تھا، توریت کو پڑھتے بھی تھے، یہ اور بات ہے کہ تمام صورتیں ناقص صورت میں موجود تھیں، مگر موجود تھیں بعثت سے پہلے مدینہ کے یہود انصار کو یہ کہہ کر دھمکایا کرتے تھے کہ عنقریب ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لانے والے ہیں ہم اُن کے ساتھ ہو کر تم سے لڑیں گے اور تم پر غالب آجائیں گے لیکن جب حضورؐ نے دعوئ نبوت فرمایا تو یہی آپؐ کے اور آپؐ کے دین کے سب سے بڑے دشمن بن گئے ۔ حضور نبی کریم نے ان سے معاہدات کئے اور ان کو اپنا دوست بنا کر طرح طرح کی مہربانیاں، مراعات اور سلوک کرتے رہے لیکن یہ کبھی اپنی شیطنت اور شرارت سے باز نہ آتے اور ہمیشہ دشمنان اسلام قریش سے ان کی

---

[1] و [2] "تمدن عرب" ڈاکٹر گستاولی بان۔

ریشہ دوانیاں جاری رہتیں۔ چنانچہ قبیلۂ بنو قریظہ نے انتہائی مراعات و کرم اور دوستانہ معاہدہ کے باوجود حیی بن اخطب کے جوش دلانے پر انتہائی نازک وقت میں دھوکہ بازی کی اور جب بعد میں بازپرس ہوئی تو صاف مکر گئے کہ ہم جانتے ہی نہیں کہ محمدؐ کون ہے؟ اور معاہدہ کیسا ہے؟۔ یہ اور اسی قسم کے سینکڑوں واقعات ہیں جن کی وجہ ان کی اخلاقی کمزوری خود غرضی اور نفس پرستی کو چھپا کر نہیں رکھا جا سکتا اور بقول ڈاکٹر گستاولی بان "یہودیوں کی تاریخ جھوٹ، ناشکری، ذلیل قسم کی بزدلی، متکبرانہ خود غرضی خونریزی بے رحمی اور شدید قسم کی ضعیف الاعتقادی سے بھری پڑی ہے[1]"

لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی صدہزار قربانیوں کے باوجود بھی ان کو اپنی رحمتوں کے لئے خاص کر لیا تھا اور اس قوم پر یہ کرم خاص تھا کہ ان کے اندر ہر زمانہ میں ان کی ہدایت و تربیت روحانی کے لئے ایک نبی موجود رہا لیکن انہوں نے کبھی ان کی قدر کی نہ ان کی عظمت پہچانی، اُلٹا نبیوں کو طرح طرح سے ستایا اور ان کی نافرمانیاں کیں حضرت زکریا علیہ السّلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کو علانیہ قتل کیا اور اپنے نبیؐ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو بھی انھوں نے سولی پر لٹکا ہی دیا اور آخر میں جس زمانہ کا ہم ذکر کر رہے ہیں اس میں حضورؐ کے قتل کی سازشوں میں شریک رہے اور چراغ مصطفوی کو بھی بجھانے کی اور ہر ممکن سعی کی اور کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا۔ عرب سے باہر کسی قوم میں یہودیوں کی کوئی حیثیت نہ تھی لیکن عرب میں یہ بہت بڑے اقتدار کے مالک و حامل تھے، ان کے پاس مضبوط قلعے، بڑھیا آلات حرب اور کثیر دولت تھی جس کی وجہ ان کا وہ سودی کاروبار تھا جسے وہ کثرت سے کرتے حتیٰ کہ اس کے مقابلے میں دوسری تجارتوں کو چھوڑ بیٹھتے تھے۔ حرص و طمع کی وجہ ان میں ہر قسم کی لالچ اور اخلاقی کمزوریاں پیدا ہو گئی تھیں اور عربوں سے قدیم لین دین اور تجارتی تعلقات کے باوجود ان کا عقیدہ تھا کہ عربوں کے ساتھ جس قدر بھی بد دیانتی کی جائے جائز ہے"۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کو زیورات کی لالچ میں پکڑ کر جنگلوں میں بے رحمی سے ذبح کر دیتے اور زیور اُتار کر اُن کی نعش کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے چوری ان کے لئے معمولی بات تھی۔ راتوں کو آبادیوں میں پھرتے اور لوگوں کو لوٹ گھسوٹ لے جاتے

---

[1] "تمدن عرب" ڈاکٹر گستاولی بان۔

عیش و آرام اور اس کے ساتھ شراب اور اس کے لوازمات سے کسی قسم کا پرہیز نہ کرتے اور کہتے کہ ہم اللہ کے بیٹے اور پیارے ہیں ہمیں دوزخ کی آگ نہ چھوئے گی اور اگر چھوئے گی بھی تو چند روزہ ان کا دعویٰ تھا کہ جنت کی نعمتیں صرف ان کے لئے ہیں اور نبوت اور رسالت صرف ان کے لئے مخصوص ہے اور کسی دوسرے کا اس پر حق نہیں۔ ان کا خیال تھا کہ ہم خدا کے محبوب ہیں۔ اس لئے ہم جو کچھ بھی کریں قیامت میں اس کا مواخذہ نہ ہوگا۔ ان کے پیشوا اور عالم خدا کے احکام کو اپنی باطل تاویلوں سے بدلتے رہتے اور اپنے قیاسات و اجتہادات کو کتاب الٰہی کا درجہ دیتے اور بے چارے ان پڑھ جاہل ان کے گڑھے گڑھائے اور سنے سنائے قصوں پر یقین و ایمان رکھتے احکام الٰہی میں سے جو حکم آسان اور ضرورت کے موافق ہوتا اُسے پورا کرتے اور دوسرے احکام کو پس پشت ڈال دیتے۔ ہر روز ایک مذہبی فتنہ پیدا ہوتا جس میں کشت و خون کی نوبت آجاتی۔

"طاقتور کمزور کو، بڑا چھوٹے کو، چلتے پھرتے، کھاتے پیتے نہیں دیکھ سکتا تھا اور یہ موسوی بھیڑیں درندوں کا گلہ بن کر رہ گئی تھیں[1]"

ان کے عقائد و اعمال میں اس ابتری کی بڑی وجہ صحیح تعلیم کا ناپید ہو جانا اور توریت کا اصلی صورت اور اصل زبان میں باقی نہ رہنا تھی۔

عرب سے باہر نکلتے وقت ہم دیکھتے ہیں کہ اطراف عرب، یمن، یمامہ، غسان، حیرہ، بحرین اور عمان میں روم و فارس کے ماتحت جو ریاستیں ہیں وہ تو سرتاپا روم و ایران کے رنگ میں رنگی ہوئی ہیں۔ عرب کے شمال میں روم کی وسیع سلطنت ہے جو مغربی سمندر کی پہنائیوں سے پار تک پھیلی ہوئی ہے۔

"روم" اس وسیع اور عظیم الشان سلطنت پر شہنشاہ ہرقل قیصر کی حکمرانی تھی لیکن چھٹی صدی عیسوی کے اواخر میں ہی روم کی سلطنت زوال کی طرف مائل ہو چکی تھی۔ عام تمدنی و اخلاقی ابتری کے ساتھ مذہبی حالت اس سے بھی زیادہ مایوس کن تھی۔ بت پرستی و کواکب پرستی بھی ہو رہی تھی اور باپ، بیٹا

[1] "مولانا سید فضل اللہ شاہ"

اور روح القدس کی خدائی پر بھی ایمان ڈوانڈول تھا۔ ان تمام ملکوں میں جہاں رومی اثر کے تحت عیسوی مذہب پھیلا تھا پادریوں اور راہبوں نے آپس میں اچھی خاصی جنگ ٹھان رکھی تھی اور مذہبی اختلافات اور مناصب کے حصوں کے لئے کشت وخون معمولی بات تھی۔ ایک مرتبہ ایک اعلیٰ مذہبی عہدہ کے لئے دو پادریوں کے درمیان مقابلہ ہوا تو صرف ایک مرتبہ میں ایک سو ستائیس آدمی کام آئے۔ اس سفاکانہ جدوجہد کا باعث صرف یہ تھا کہ اس زمانہ کے مذہبی عقیدتمند حصول زر کے لئے اپنی جان دینا فخر سمجھتے تھے جس سے یہ حقیقت پوشیدہ نہ رہی تھی کہ ان جنگ جوؤں کے ہاتھوں مذہب تباہ وبرباد ہونے سے بچ نہیں سکتا۔ ساتویں صدی کے آخر تک مسیحیت کی جو حالت رہی وہ اس کے لئے باعث ننگ ہے۔

"عیسائی مذہب میں بے انتہا اختلافات اور آسمانی بادشاہت میں شیطنت حکمراں تھی شیطان خوش آئند حفاظت کے ساتھ زمین پر اکڑ کر چل پھر رہا تھا۔ تثلیث میں توحید اور توحید کی رنگا رنگی کے متعلق جو اختلافات تھے ان سے دوسرے درجہ پر وہ اختلافات تھے جو مسیحؑ کے خطبات نے پیدا کر دئے تھے' یسوع مسیحؑ نے صرف بیٹا بننے پر قناعت کی تھی لیکن اُن کے پیرو "باپ" اور "مائیں" بن گئے علاوہ ازیں بہنوں" کے وسیع قبائل بھی تھے اور معلوم ہوتا تھا کہ اس ملک کی عیسائیت دنیا کی آبادی کو راہبات بہم پہنچانے کے لئے ہے"[1]

عیسوی مذہب میں بت پرستانہ عقیدوں کو جگہ دی جا رہی تھی' روح القدس' حوارئین اور دیگر مسیحی سلاطین کے مجسموں کو اس کثرت سے پوجا جانے لگا تھا کہ اس کی نظیر بعد کے رومن کیتھولک فرقہ کی بت پرستی میں بھی نہیں ملتی اسی زمانہ میں ایک گروہ "مریمی" پیدا ہوا جو حضرت مریم کو بھی شریک الوہیت کرنے لگا اسی کے ساتھ اور بہت سے معتقدات رومی بت پرستوں سے لیکر رفتہ رفتہ عیسائیت میں داخل کئے گئے اور کلیسا نے انھیں بخوشی شرف قبولیت بخشا چنانچہ "دس احکام" کی موجودگی میں دوسری اقوام کو

[1] "پرافٹ آف دی ڈیزرٹ" صـ۲

اپنی طرف مائل کرنے کے لئے خوش قسمتی سے ان پر ایک گیارہواں اور اہم حکم غالب تھا "اگر تو نے گناہ کیا تو اس کو ظاہر نہ ہونے دے تاکہ تو گناہ کے ثمرات سے لطف اٹھانے کے لئے زیادہ دیر تک زندہ رہ سکے"۔ پادری عموماً مالدار ہوا کرتے تھے اور جتنی نفیس غذائیں ایک پادری کے دسترخوان پر ہوتیں اتنی ایک بادشاہ کو بھی نصیب نہ تھیں۔ ان پیشواؤں اور بادشاہوں کا اثر عام رعایا کے اختلاف اور کردار پر پڑا جس کے نتیجہ کے طور پر اخلاقی ہوس پرستی اور اسراف مسیحی دنیا میں سرایت کر گیا۔ لوگ ہر جائز و ناجائز طریقہ سے دولت حاصل کرتے اور لہو لعب اور عیاشی میں اڑا دیتے۔ رشوت ستانی کا بازار گرم تھا جو شخص کسی دنیاوی عہدہ دار کے پاس جتنا سرخ حاصل کرتا اسے اتنا ہی بلند درجہ مل جاتا تجرد اور رہبانیت دینداری کا سب سے اہم جزو تھے اور طرح طرح کی مضحکہ خیز حرکتوں کو عبادات کا درجہ دیا جاتا۔ کوئی تمام عمر غسل نہ کرنے کی قسم کھا لیتا، کوئی اپنے کو دلدل میں ڈال دیتا۔ کوئی سایے میں بیٹھنے کو حرام قرار دے لیتا۔ ماں، باپ، عزیز و اقارب، اہل و عیال سے نفرت اور پرہیز کمال تقویٰ سمجھتے اور اس پر فخر کرتے تھے۔ اسی قسم کے خیالات و عقائد کو عیسائیت کے نام سے دنیا میں پھیلانے میں روم کا سب سے بڑا حصہ ہے چنانچہ عرب میں بھی قانون اور معین اصول اخلاق کے نہ ہونے کے باعث انھوں نے عرب ذہنیت میں ایک خاص دلچسپی لی لیکن انھیں دوسری جگہوں کی طرح یہاں کامیابی نہ ہوئی۔

"ایران" ایران میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے کچھ پہلے زردشت کے ساتھ ساتھ تثلیث کا تخم بو دیا گیا تھا اور اس کا پودا ملک میں آہستہ آہستہ نشو و نما پاتا رہا ۳۱ء سے لے کر ۵۷۹ء یعنی بعثت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تک ایران اسی زردشتی اور تثلیثی فتنہ میں مبتلا رہا اور اسی کشمکش میں ۵۷۹ء میں نوشیروان نے وفات پائی اور اس کے بعد ہرمز چہارم نے تخت سلطنت پر جلوس کیا لیکن بغاوت کے سلسلوں اور اغیار کی دست اندازیوں کے ساتھ ساتھ اندرونی بدنظمیوں اور باہمی خانہ جنگیوں کے خیز مختتم سلسلے نے ہرمز کو پنپنے نہ دیا امرا کی عیش پرستی اور عوام کی بداخلاقی میں روز روز ترقی ہوتی گئی اور ان کا سیاسی انحطاط بڑھتا گیا اور وہ سرزمین جو کسی زمانہ میں فارسی علم و ادب کا گہوارہ تھی

اور جس کی آب وہوا میں بڑے بڑے شعراء اور ادیب، حکماء اور عقلاء پرورش پاتے تھے حوادثات وانقلابات طبائع سے آپس میں خانہ جنگیوں کے سبب خون سے لالہ زار ہورہی تھی۔ اب فارس کے آتشکدہ میں روحانی زندگی کے لئے کوئی چنگاری بھی نہ تھی جو شعلہ زن ہوا اور ظلمت خیر وشر نیکی و بدی کے فلسفے نے ایران کی عملی طاقت فنا کرکے بیسیوں چھوٹے چھوٹے فرقے پیدا کردئے جن میں سب سے زیادہ اہم "مانوی" فرقہ تھا جو عیسائیت اور مجوسیت سے مرکب تھا۔ آخر میں مزدک فرقہ کی بہیمانہ تعلیم ایران کی اخلاقی روح کو اور بھی کمزور کردیا۔ نوشیروان نے شاہانہ اقتدار اور قوت استبداد سے اس فتنہ کو بہتیرا دبایا لیکن ایران کی اخلاقی زندگی اس کے خون کے چھینٹوں کے بعد بھی تشنہ ہی رہی۔ ان واقعات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ایران کی سرزمین عرصے سے توحید سے گوش آشنا نہ ہوئی تھی اور اخلاق کے بہت سے شعبے ایسے تھے جو تاریکی میں گم تھے۔ گو وہ اپنے آپ کو توحید کی لڑی میں منسلک کرنے کے دعویدار تھے مگر ان کی یہ آرزو اور تلاش کبھی زردشتی دائرے میں داخل ہوکر سر دے پڑجاتی اور کبھی مانی کے آغوش میں گم ہوجاتی اور کبھی صابی دام میں پھنس جاتی کتنے رنگ چڑھے اور اترے، کتنے دور آئے اور گئے، کتنی جنبشیں کی گئیں مگر ان کی ہر حرکت اور سکون صاف گواہ ہے کہ ان کی ہر ایک آرزو باطل تھی اور ان کی ہر اشتہا کاذب تھی۔

زردشتی مذہب جو ایران کی اکثریت کا مذہب تھا پہلے کچھ ہی کیوں نہ رہا ہو لیکن عہد نبویؐ میں یہ محض عقاید کا مجموعہ رہ گیا تھا اور استبداد زمانہ سے شرک کی گھاٹیوں میں پھنس گیا تھا اور ان کی وہ کتاب جسے وہ الہامی بتاتے تھے ان کے علماء کی دستبرد سے معرض تحریف میں آگئی تھی اور انتہا یہ ہے کہ ان میں آگ کی پوجا کا رواج ہوگیا اور آتش پرستی شروع ہوگئی۔ انھوں نے خدائے واحد کو دو خداؤں میں تقسیم کردیا تھا نیکی کے خدا کو یزدان اور بدی کے خدا کو اہرمن کہتے تھے اور اُس وقت بھی جبکہ دنیا ابھی اپنے پیروں پر بھی نہ کھڑی ہوئی تھی اُنھیں قرب قیامت کا ایسا ہی یقین تھا جیسا کہ آج ہے۔

"مصر" مصر میں عیسوی مذہب ایران سے پہلے پہنچا لیکن وہاں اس کی صورت دوسری تھی یعنی

مصر میں عیسوی مذہب جبر و تشدد کے ذریعہ پھیلایا گیا۔ ۳۸۹ء میں شہنشاہ تھیوڈوسیس نے کل قدیم عبادت گاہوں اور دیوتاؤں کی مورتوں کو توڑوایا اور قدیم عبادت کی ساری نشانیاں مٹوادیں۔ عہد نبوی میں مصر کا سارا ملک اسی مذہبی جہالت کی توڑی ہوئی عمارتوں سے بھرا ہوا تھا اور اس کی حالت نہایت ابتر تھی۔ ڈاکٹر گستاؤلی بان لکھتے ہیں کہ

"اس وقت یہ صرف عیسوی مذہب کے اُن مختلف فرقوں کی رزم گاہ بن گیا تھا جو اس زمانہ میں بکثرت پیدا ہو گئے تھے اور ایک دوسرے کو کفر کا فتوی دیا کرتے اور آپس میں جھگڑا کرتے تھے اور مصر مذہبی مناقشوں سے مجروح اور حکام کے مظالم سے تباہ ہو رہا تھا"[1]

عربوں کے آنے سے پہلے مصریوں نے صرف ایک دفعہ اپنا مذہب تبدیل کیا تھا اور وہ اسی زمانہ میں جبکہ قسطنطنیہ کے شہنشاہوں نے ملک میں غارت گری بپا کی اور تمام پرانی یادگاروں کو برباد و منہدم کر دیا تھا اور پرانے مصری معبودوں کی پرستش کو جرم قرار دیا تھا جس کی سزا موت تھی۔ مصریوں نے اس مذہب کو جو اس قدر جبر کے ساتھ شائع کیا جاتا تھا منظور تو کر لیا لیکن قبول نہ کیا تھا اور جس سرعت کے ساتھ انھوں نے عیسائی مذہب کو چھوڑ کر اسلام قبول کیا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس جابرانہ مذہب کا تسلط اُن کے قلوب پر حد درجہ کمزور تھا ــــ مصر سے پرے یعنی ممالک حبش، مراکش اور الجزائر و تونس و طرابلس جہاں اقوام بربری بستی تھیں قرطاجنہ کے دیوتاؤں کی پوجا ہوتی تھی اور یہ اپنے بچوں کو زحل پر بھی چڑھاتے تھے اور آگ کو بھی پوجتے تھے۔ عیسائی تسلط کے وقت ان میں سے بہت سے قبیلوں نے جو عیسائی بستیوں سے قریب تھے عیسائیت قبول کر لی تھی۔

"یورپ" مغربی دنیا کے وہ ممالک جو آج تہذیب و تمدن کا مرکز ہیں اور مادی ترقی کے ساتویں آسمان پر پہنچ چکے ہیں اس وقت بڑی بری حالت میں تھے۔ تہذیب کی انھیں ہوا تک نہ لگی تھی اور یہ وحشیانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ جنوبی حصہ مشرقی اقوام سے تھوڑا بہت متاثر ہو چلا تھا لیکن شمال میں وحشی اقوام بستی تھیں۔ آہستہ آہستہ رومی اثر سے یہاں بھی عیسائیت پھیل رہی تھی۔

---

[1] "تمدن عرب"

چھٹی صدی کے قریب شمالی وحشی قوموں وینڈال آلن، سوابو وغیرہ نے فرانس کو برباد کرنے کے بعد اندلس پر حملہ کیا لیکن تھوڑے ہی دنوں بعد ان کو دوسرے وحشیوں نے مغلوب کیا اور چھٹی صدی عیسوی میں اندلس پر قبضہ کرلیا۔ یہ وحشی بہت جلد اُن لاطینی اقوام کے ساتھ جو اندلس میں موجود تھیں مل جلکے زبان لاطینی اُن کی زبان ہوگئی اور انھوں نے اپنے دیوتاؤں کو چھوڑ کر عیسائی مذہب اختیار کرلیا۔ لیکن ان یورپی اقوام کی حالت صلیبی جنگوں تک بھی نہایت ابتر تھی اور یہ جہالت کی تاریکی میں پھنسی ہوئی تھیں چنانچہ واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صلیبی مثل وحشیوں کے تھے، دوست دشمن دونوں کو بلا امتیاز لوٹتے اور قتل کرتے تھے چنانچہ انھوں نے قسطنطنیہ کے انمول یونانی اور رومیوں کے صنعتی اور علمی ذخیروں کو برباد کردیا۔ عوام تو عوام امرا تک کی حالت درست نہ تھی چنانچہ موسیو بار تھے سینٹ ہلنسر یورپ کے امرا کی زبوں حالت کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں

"یہ امر نہایت مشکوک ہے کہ اگر بعد میں اسلام اثر انداز نہ ہوتا تو عیسوی مذہب خواہ وہ کتنا ہی نیک کیوں نہ ہو ان میں اچھے اخلاق پیدا کرسکتا۔" ڈاکٹر گستاولی بان لکھتا ہے کہ "نویں اور دسویں صدی تک بھی ہمارے امرا نیم وحشی حالت میں رہتے تھے اور اس پر فخر کرتے تھے کہ ان کو پڑھنا لکھنا نہیں آتا۔ عیسائیوں میں سب سے زیادہ باعلم وہ بیچارے جاہل راہب تھے جو اپنے وقت کو خانقاہوں کے کتب خانوں سے یونان و روم کی پرانی تصانیف کو نکال کر اُن کو چھیلنے اور اُن چرمی اوراق پر اپنی مہمل مذہبی تصانیف لکھنے پر صرف کرتے تھے حتیٰ کہ گیارہویں صدی میں چند روشن خیال اشخاص نے اس جہالت کے کفن کو پھاڑ کر اُس زمانے کے اساتذہ یعنی عربوں کی طرف رجوع کیا۔"[1] اور اس کے بعد عیسائیوں نے اپنی وحشیانہ معاشرت چھوڑی اور بہادرانہ اخلاق اور اس کے کل فرائض یعنی عورتوں، بوڑھوں، بچوں کا پاس، قسم کی پابندی وغیرہ کو عربوں سے اخذ کیا ورنہ عہد نبوی میں یورپی جاہل، ذلیل، درندہ صفت اور بدعہد تھے۔ برطانیہ عظمیٰ میں بت پرستی ہورہی تھی، بعض پادری مسیحی دین کی تبلیغ کی کوشش کررہے تھے لیکن ان کو کوئی خاطر خواہ کامیابی نہ ہورہی تھی۔

[1] "تمدن عرب"

"آرجائل کے اسکاٹ اور اسکاچستان کے باشندے کامل طور پر بت پرستی میں مبتلا تھے اور ۵۶۳ء میں سینٹ کولمبا نے ان کو عیسائی بنانے کی کوشش کی لیکن بڑی حد تک ناکام رہا۔[1]" کیرل رینیم کا دعویٰ ہے کہ چھٹی صدی کے آخر تک جنگلی قبائل، نیارٹن کے باشندے اور آئرستان اور کلائیڈ کی کھاڑی کے جنوب میں جتنے برطانی آباد تھے وہ برائے نام تو ضرور مسیحی ہو گئے تھے۔ لیکن خود مسیحی مذہب کی حالت اُن دنوں نہایت زبوں تھی۔ بہتر ہے کہ عیسائیت اور اُس کی اُس وقت کی حالت علامہ شیخ خالد لطیف گابا کی زبانی بیان کردی جائے۔ "وہ مذہب جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے سکھایا اور جس کی تشریح اُن کے قریبی حواریوں نے کی شرافت انسانی کو بہت قابل تسلیم معلوم ہوتا ہے۔ عیسائیت کا پیغام پامال اقوام کے لئے ضرور قابل اعتماد ہے۔ یہ نوع انسانی میں اخوت اور مساوات پیدا کرنے کا مدعی ہے، بعض سابقہ تصورات سے مقابلہ کیا جائے تو اس کی آسمانی بادشاہت کچھ پردہ راز میں پنہاں نہیں اور اس مذہب میں داخل ہو کر انسان قبل از وقت اپنی جگہ مخصوص کرلیتا ہے۔ ان لوگوں کے لئے جو زمانۂ قدیم کے پر اسرار عقائد سے روگرداں ہو رہے تھے یا بت پرستی کی قباحتوں سے گریز کرتے تھے ابتدائی عہد کی عیسائیت نے تسکین کی صورت پیدا کردی لیکن یسوع مسیحؑ کے مذہبی اقتدار کے قبل از وقت تعطل اور کسی نشو پذیر آئین کے نہ ہونے کے باعث نہ صرف مسیحؑ کی تعلیم بلکہ خود مسیح علیہ السّلام کی شخصیت کے متعلق نئے نئے مباحث کے موضوع پیدا ہو گئے چنانچہ عیسائیت کے مختلف گروہوں نے اُصولی طور پر مختلف عقاید اختیار کرلئے اس طرح صحیح وجدان کے نزدیک باپ اور بیٹے کا تصور اُس انسان کے تصور سے بالکل علٰحدہ ہے جو مسیحؑ کے نام سے موسوم ہے یا یہ کہ مسیحؑ جوہر اعلیٰ کا جزو تھا جو شیطان کو تباہ کرنے

---

[1] "تاریخ انگلستان" کیرل رینیم ص۳۵

کے لئے آیا' یا یہ کہ باپ' بیٹا اور روح القدس میں کوئی فرق موجود نہیں' یا یہ کہ یسوع محض ایک انسان تھا اور صرف ایک طاقت نے جو باپ سے نکل کر اُس انسان یعنی مسیح میں آگئی تھی اُسے خدا کا بیٹا بنا دیا' یا یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام خود روح القدس ہیں' یا یہ کہ آپ وہ روح نہیں ہیں وغیرہ' ۔ یہ امر چنداں حیرت انگیز نہیں کہ ان بے شمار نظریات نے سخت اختلاف پیدا کر دئے (عہد نبوی میں) ہر طرف ایک سچ دین کو حاصل کرنے کے لئے شورش برپا ہے' مسیح علیہ السّلام کی فیاضی' امن پسندی اور خوش اعتمادی' فساد' خون و غیظ و غضب کی صورت میں پیش کی جارہی ہے ۔ تھیوڈورا کی "پاک" سرگرمیوں کے ماتحت انھیں گلیوں میں جہاں وہ کبھی عصمت فروشی کرتی تھی عیسائی خون کی ندیاں بہ رہی ہیں اسکندریہ میں پاکدامن ہائی پٹیا کو عیسائیت کے سرگرم معتقدین نے اغوا کر کے ذبح کر دیا ہے اور اس شیطان سیرت کو جس نے اس وحشیانہ فعل کی ترغیب دی مذہب کا ایک مقدس پیشوا تسلیم کر لیا گیا ہے[1]۔" ظاہر ہے کہ اس مذہبی بنیاد پر جبکہ انجیل کے اکثر حصے کھوئے جا چکے تھے اور جو باقی بچا تھا وہ از بس غلطیوں سے بھرا اور ناقص کیا ہوا تھا کسی عمدہ اخلاقی نظام کی عمارت نہ کھڑی کی جا سکتی تھی اور عیسوی مذہب کے زیر اثر ممالک کسی ایسے نظام کے حامل نہ سکتے ۔

اب دنیا کے صرف وہ قابل ذکر ممالک رہ جاتے ہیں لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہاں ابھی تک دوسرے ملکوں کی طرح عیسائیت نہ پہنچی تھی ۔ ان میں سے ایک چین کا ملک ہے جو اس وقت ایک عظیم الشان سلطنت کی حیثیت رکھتا تھا اور اس پر خوش اخلاق شہنشاہ "ثانی تسنگ" کی حکمرانی تھی اور دوسرا ملک ہندوستان ہے جو اپنی گوناگوں خصوصیات کی وجہ کسی طرح بھی قابل فراموشی نہیں ۔

"چین" چین میں پہلی اور دوسری صدی عیسوی سے بدھ مت' کنفیوشس ازم اور تاؤ ازم ایک دوسرے

---

[1] پرافٹ آف دی ڈیزرٹ ص ۲۱۴

کے ساتھ ساتھ پھلے پھولے اور ان میں کبھی فساد کی نوبت نہ آئی۔ ہر شخص کو اختیار تھا کہ جو مذہب چاہے اختیار کرے بلکہ اگر کوئی چاہے تو ایک ساتھ دو مذاہب بھی اختیار کر سکتا تھا۔ تاؤ ازم عوام کا مذہب تھا اور کنفیوشس ازم کے پیرو زیادہ تر امرا تھے اور بدھ مت دونوں فرقوں میں مساوی مقبول تھا۔ بدھ مت کو حکومتِ چین نے کبھی دبانے کی کوشش کی اور کبھی اسے سرکاری مذہب بنایا۔ لیکن تمام گذشتہ مذاہب کی طرح بدھ مت کی عمدہ اخلاقی تعلیم اور سادہ اصول۔ رسوم اور بے معنی کہانیوں کی تاریکی میں چھپتے گئے اور مذہبی اختلافات نے متعدد فرقے پیدا کر دئے جو حصولِ طلب اصولوں پر ایک دوسرے سے لڑنے بھڑنے لگے۔ ان تنازعوں کے فیصلے کے لئے بدھ مت کے جنم بھوم یعنی سرزمین ہند کی طرف رجوع کیا جاتا۔ خصوصاً پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی میں بدھ پجاری گروہ در گروہ ہندوستان میں معلومات فراہم کرنے کے لئے آتے تھے اور بعض ہندی بدھ مت کے بھکشوں نے بھی چین میں جا کر مہاتما بدھ کی تعلیم کا پرچار کیا لیکن یاد رکھنا چاہیئے کہ ہندوستان میں بھی اس وقت بدھ مت کی حالت چین سے کچھ زیادہ بہتر نہ تھی اور اُس بدھ مت میں جس میں " خدا کا وجود ایسا ہی بے بنیاد تھا جیسا کہ سائے کا وجود اور جس کے پیرو معابد بناتے ہی نہ تھے یہاں تک کہ اُس نا معلوم خدا کا بھی معبد نہیں بناتے تھے[1]" پہلی صدی عیسوی سے ہی بت پرستی رائج ہو گئی تھی چنانچہ " مہاراجہ کنشک کے عہد میں جس فرقہ (یعنی " مہایانی ") نے فروغ پایا اس کے بعض عقائد میں برہمنوں سے اتفاق کر لیا گیا تھا اور بت پرستی غالباً اس سے بھی پہلے ان کے ہاں جائز و رائج ہو چکی تھی[2]" اور خود مہاتما گوتم بدھ کی مورتی پوجی جانے لگی تھی حتیٰ کہ ساتویں صدی تک بدھ مت میں زندہ بھکشو بھی پوجے جانے لگے تھے چنانچہ جب ہیون چیونگ " کوچنگ " پہنچا تو وہاں کے بادشاہ اور ملکہ نے مقدس بھکشو کی خدمت میں سجدۂ عقیدت پیش کیا تھا۔

ہندوستان | ہیون چونگ کے قول کے مطابق جو ہندوستان کے سفر کے لئے فتح مکہ کے سال یعنی ۶۳۰ء میں چین سے نکلا، بدھ مت کے جنم بھوم ہندوستان میں اختلافات کا یہ عالم تھا کہ

---

[1] مذہبی مصنف " میکس ملر " [2] تاریخ ہند برائے انٹرمیڈیٹ سید ہاشمی فرید آبادی۔

"اس مذہب کے اٹھارہ فرقے تھے، جن میں اس گرما گرمی سے مباحثہ ہوا کرتا تھا کہ اس کی آواز سمندر کی موجوں کی طرح دور سے آتی تھی[1]۔" گو بدھ مت اور جین مت کے میلے بڑی دھوم دھام سے ہوتے تھے لیکن اندر ہی اندر ان میں کچھ سکت باقی نہ رہی تھی اور ویدہی اور جینی برہمنوں کے اثر سے مورتی پوجا کرنے لگے تھے اس زمانہ میں اس طرح ہر فرقے میں بت پرستی کے پھیل جانے سے یہ خیال ہوتا ہے کہ ان دنوں ہند کے مختلف مذاہب میں کم سے کم اتحاد کا ایک قوی عنصر پیدا ہو گیا ہوگا اور ان میں ایسا مذہبی اختلاف نہ ہوگا جو شدید عداوت باہمی کی صورت اختیار کرے کیونکہ بت پرستی کا مشرب یقیناً نہایت وسیع ہوتا ہے اور ہیون چونگ نے ہرش کے خاندان یا دربار والوں کی نسبت جو لکھا ہے اس سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ ان میں سے کوئی تو شو کا پرستار تھا اور کوئی بدھ مت کا پیرو ہو گیا تھا، بعض لوگ سورج کی پوجا کرتے تھے، بعض وشنو کی، غرض ہر شخص آزاد تھا کہ جس دیوی دیوتا کو چاہے اپنی پرستش کے لئے مخصوص کرلے اور چاہے تو سب کی پوجا کرے، کوئی تعرض نہ کرتا تھا۔ لیکن اس رواداری کے باوجود ان لوگوں کو جو اب پرانوں کو کتب مقدسہ ماننے لگے ہیں بدھ مت والوں سے شدید نفرت تھی اور اس کا کبھی کبھی اظہار کشت وخوں کی صورت میں ہوتا تھا[2]۔"

"ہرش کے بڑے بھائی کو بنگالہ کے جس راجہ سالنکا نے دغا سے مارا یہ شو کا پرستار اور بدھ مت کا بڑا دشمن تھا اور اُن کی خانقاہیں منہدم کرا کے بھکشوں کو طرح طرح کے آزار پہنچاتا تھا اس نے گیا میں اس بڑ کے درخت کو بھی کھدوا کے آگ میں جلوا دیا تھا جس کے نیچے گوتم کو عرفان حاصل ہوا اور جو بدھ مت والوں کی سب سے مقدس زیارت گاہ بن گیا تھا اور اُس پتھر کو بھی

[1] "ہیون چونگ" [2] "تاریخ ہند" ہاشمی صاحب

"ٹرواڈ الاجس پر گوتم کے پاؤں کے نشانات تھے[1]" خود ہرش نے اپنے آخری عہد میں بدھ مت کا علانیہ طرفدار ہو جانے کی وجہ برہمنوں کا محسود بن کر اپنی ابتدائی عام مذہبی خدمات پر پانی پھیر لیا تھا چنانچہ ولنسنٹ اسمتھ نے اپنی تاریخ ارلی ہسٹری آف انڈیا میں لکھا ہے کہ

"ہرش کے آخری دور میں بدھ مت کے دو بڑے گروہوں میں جو اختلاف تھا وہ تو تھا ہی لیکن بدھ مت پر شاہانہ عنایت کے سبب برہمنی مذہب کے پیرو بدھ مت کے سخت دشمن ہو گئے تھے[2]" حالانکہ ان کے مذہب کی حالت بدھ مت اور جین مت سے بھی گئی گذری ہوئی تھی اور اس مذہب کے راجہ مہاراجہ تعصب سے اندھے ہو کر اپنی مذہبی دوہرمی تعلیم کے مطابق دشمنوں اور غیر ہندوؤں کو ستانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے تھے جس کو کمزور تو چپ چاپ برداشت کر لیتے لیکن طاقتور منہ توڑ جواب دیتے تھے جس سے آپس میں جنگ و جدول جاری رہتی تھی۔ لالہ لاجپت رائے نے اپنی تاریخ ہند میں لکھا ہے کہ ہندوؤں نے بدھ مت اور جین مت والوں پر انتہائی مظالم کئے لیکن جب اقتدار بدھوں اور جینیوں کے ہاتھ میں آیا تو انھوں نے اپنے عہد اقبال میں ہندوؤں سے بری طرح بدلہ لینے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ پانڈیا خاندان کے ایک راجہ کرنا کے ظلم کا ادنیٰ کرشمہ تھا کہ اس نے آٹھ ہزار جینیوں کی کھالیں بیک وقت اتروا کر انھیں انتہائی عذاب کے ساتھ قتل کیا۔ اس وقت کے ہندوستان کے متعلق گو ہیون چوانگ کی عام رائے بری نہیں لیکن جہاں وہ مقامی حالات بیان کرتا ہے اس نے ہندوستانیوں کی اخلاقی حالت پر سخت نکتہ چینی کی ہے کشمیریوں کے متعلق وہ لکھتا ہے کہ "لوگ بے حد خوبصورت ہیں لیکن دغاباز ہیں، لوگوں کو علم حاصل کرنے کا شوق ہے لیکن وہ بڑے وہمی مزاج واقع ہوئے ہیں" اسی طرح جالندھر کے متعلق اس نے لکھا ہے کہ "لوگ بداطوار ہیں، کمینہ پن ان کی فطرت میں ہے بدصورت ہیں لیکن خوشحال ہیں" ہیون چوانگ نے ہندوستان میں ایسی قوموں کو بھی دیکھا جو دیوتاؤں پر انسانی قربانی کی بھینٹ چڑھایا کرتی تھیں چنانچہ الہ آباد (پریاگ) کے راستے میں اسے چند وحشی

[1] "ارلی ہسٹری آف انڈیا" ولنسنٹ اسمتھ صفحہ ۳۲۰ و ۳۱۹ ۔ [2] ارلی ہسٹری آف انڈیا ولنسنٹ اسمتھ صفحہ ۳۲۹

